UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188908
UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵۷۳ Accession No. ۳۸۲۲

Author ت - ع

Title جھوٹے بہادر

This book should be returned on or before the date last marked below.

روسی
کلاسیکی ادب
کا
سلسلہ



Тургенев

И. С. ТУРГЕНЕВ

Три повести

АСЯ * ПЕРВАЯ ЛЮБОВЬ *
ВЕШНИЕ ВОДЫ *

ИЗДАТЕЛЬСТВО ЛИТЕРАТУРЫ НА ИНОСТРАННЫХ ЯЗЫКАХ

МОСКВА

ترگنیف

جھونکے بہار کے

آسیہ * پہلی محبت
جھونکے بہار کے

بدیسی زبانوں کا اشاعت گھر
ماسکو

فہرست

آسیہ ۹
پہلی محبت ۱۰۱
جھونکے بہار کے ۲۲۵
تشریحی نوٹ ٤٧٤

آسیه

۱

ن — ن — نے کہنا شروع کیا : میں اس وقت پچیس برس کا تھا (اب تو خیر یہ ایک قصہ پارینہ ہے) — مجھے ابھی ابھی سرپرستی سے نجات حاصل ہوئی تھی اور میں اپنے دیس سے باہر جا رہا تھا — یہ سفر «تعلیم مکمل کرنے کے لئے» نہیں تھا جیسا کہ ان دنوں لوگ کہا کرتے تھے — بلکہ اس سفر کی وجہ یہ تھی کہ میں اس پھیلی ہوئی وسیع دنیا کا نظارہ کرنا چاہتا تھا — میں تندرست و توانا، جوان اور پرحوصلہ تھا، میرے پاس روپیے کی افراط تھی — میں نے اب تک ذمہ داریاں اپنے سر نہیں لی تھیں —— اور میں ایک ایک لمحۂ حیات کا پور پورا لطف اٹھا رہا تھا، مختصر یہ کہ جو جی میں آتا کرتا — یہ میری زندگی کی بہار کا زمانہ تھا — اس وقت مجھ پر یہ راز نہیں کھلا تھا کہ آدمی پودا نہیں ہے — آدمی پر بہار صرف ایک بار آتی ہے اور وہ بھی دم بھر کو — جوانی میں آدمی دودھ شہد کھاتا ہے اور اسی میں مگن رہتا ہے — لیکن ایک وقت ایسا آتا ہے جب اسے روکھی روٹی کھانا پڑتی ہے اور وہ روکھی سوکھی کھا کر بھی خوش ہو لیتا ہے — لیکن اس کا ذکر بیکار ہے —

میں بغیر کسی مقصد اور غرض کے سفر کر رہا تھا — جہاں جی چاہتا اور جیسے ہی نئے چہروں کی خواہش ہوتی پھر اپنے سفر پر روانہ ہو جاتا — چہرے ہی میری کمزوری تھے — واحد چیز جس سے مجھے دلچسپی تھی، انسانی چہرے تھے، دلچسپ تاریخی یادگاروں اور شاندار یادگار ذخیروں سے مجھے نفرت تھی — گائڈ پر نظر پڑتے ہی میرے دل میں بیزاری اور اکتاہٹ کے جذبات پیدا ہو جاتے — ڈریسڈن «گریونے گیویلبے» (۱) میں مارے بوریت کے میری جان پر بن آئی تھی — قدرتی مناظر کا مجھ پر بڑا شدید اثر ہوتا تھا — لیکن نام نہاد قدرتی حسن، پرشکوہ چوٹیوں، ڈھلواں چٹانوں یا آبشاروں کے لئے میرے دل میں جگہ نہ تھی — مجھے یہ بات بالکل نہ بھاتی کہ قدرت زبردستی میری نگاہوں میں چھا جائے، میں اس کی دخل اندازی برداشت نہیں کر سکتا تھا — لیکن چہرے، جیتے جاگتے چہرے، انسانی آواز، انسانی حرکات و سکنات اور قہقہے — یہ وہ چیزیں تھیں جن کے بغیر میں زندہ نہیں رہ سکتا تھا — بھیڑ بھڑ کوں میں مجھے کچھ عجیب خوشی اور اطمینان ہوتا — مجھے یہ اچھا لگتا تھا کہ دوسرے جدھر جائیں میں بھی ان کے ساتھ مڑ جاؤں، جب دوسرے شور مچائیں تو میں بھی شور مچاؤں اور ساتھ ہی مجھے اس کا شوق بھی تھا کہ ذرا دیکھوں تو سہی یہ لوگ کس طرح شور مچاتے ہیں — انسان کا مشاہدہ، میری سب سے بڑی تفریح کا مشغلہ تھا . . . اور میں ان کا صرف مشاہدہ نہیں کرتا تھا — میں ایک مسرت انگیز اور تجسس کی کبھی نہ بجھنے والی پیاس کے ساتھ ان کا مطالعہ کرتا تھا — لیجئے ایک بار پھر میں اپنی داستان سے بھٹک گیا —

ہاں تو، بیس برس پہلے میں دریائے رھائن کے بائیں کنارے پر چھوٹے سے جرمن شہر «ز» میں مقیم تھا — حال ھی میں، ایک نوجوان بیوہ کے عشوہ و ناز کا گھائل ھونے کے بعد میں تنہائی کی تلاش میں تھا — اس حسینہ سے میری ملاقات صحت گاہ میں ھوئی تھی — وہ حد درجہ حسین اور چالاک تھی — وہ ھر کس و ناکس سے آنکھیں لڑاتی، اور سب کو رجھاتی جن میں یہ ناچیز بھی شامل تھا — پہلے تو میری خوب حوصلہ افزائی کی اور نہائت بے رحمی سے گھائل کرنے کے بعد وہ مجھے چھوڑ کر گلاب جیسے سرخ سرخ گالوں والے ایک بویرین لفٹیننٹ کی آغوش میں چلی گئی — یہ مانتا ھوں کہ میرے دل پر جو گھاؤ لگا تھا اتنا زیادہ گہرا تو نہیں تھا لیکن میں نے یہ ضروری سمجھ لیا کہ کچھ دنوں کے لئے میں خود کو غم و الم اور تنہائی کے سپرد کر دوں —— جوانی اپنی تسلی کے پہلو ڈھونڈ لیتی ھے —— اور میں نے شہر «ز» میں سکونت اختیار کرلی —

اونچی پہاڑیوں کے دامن میں چھپا ھوا یہ شہر اپنے محل وقوع کی وجہ سے میرے دل میں کھب کے رہ گیا — وہ اس کی ڈھیتی ھوئی دیواریں اور مینار، اس کے لائم کے سدا بہار درخت، پارے کی طرح چمکتے ھوئے رھائن کے معاون دریا پر اونچا پل، اور سب سے بڑھ کر اس کی لاجواب شراب — سورج کے ڈوبتے ھی، (یہ جون کا مہینہ تھا) ھر شام، حسین ترین جرمن دوشیزائیں تنگ سڑکوں پر چہل قدمی شروع کر دیتیں اور بدیسیوں کو بڑی دل نواز ادا کے ساتھہ سلام کرتیں «Guten Abend!» — ان میں سے بعض تو اس وقت بھی اپنے گھروں کے اندر نہ جاتیں جب پرانے مکانوں کی ڈھلواں

چھتوں کے پیچھے چاند نکل آتا اور اس کی خاموش کرنوں میں سڑک پر چھوٹے چھوٹے سنگریزے صاف نظر آنے لگتے — یہی وہ وقت ہوتا جب اس چھوٹے سے شہر کی سڑکوں پر آوارہ پھرنے میں مجھے سب سے زیادہ لطف آتا — اس وقت معلوم ہوتا کہ چاند دھلے ہوئے آکاش سے نیچے اس شہر کو بنا پلک جھپکائے گھورے جا رہا ہے اور شہر اس کی گھورتی ہوئی نگاہ کو محسوس کر رہا ہے اور چاندنی میں نہایا ہوا خاموش لیٹا اسے تک رہا ہے — اس پرسکون روشنی میں، جو اپنی نرمی کے باوجود، ہلکا ہلکا ہیجان پیدا کرتی — گوتھک گرجا کے مینار پر ہوا کی خبر دینے والا مرغا پیلے سونے کی طرح چمکتا اور وہی سونا دریا کی سیاہ چمکتی ہوئی سطح پر جھلملانے لگتا — سلیٹی چھتوں کے زیر سایہ چھوٹی چھوٹی کھڑکیوں میں پتلی پتلی موم بتیوں،(جرمن قوم ایک کفائت شعار قوم ہے!) کی مدھم مدھم لویں پھڑ پھڑاتیں — پتھر کی دیواروں کے پیچھے سے انگور کی بیلوں کے بیچ در بیچ سوتے پراسرار انداز سے جھانکتے — مثلث نما چوک کے درمیان پرانے کنویں کے سائے میں کوئی چیز تڑپ کر نکل جاتی، رات کے پہریدار کی اونگھتی ہوئی سیٹی یکایک خاموشی کا دل چھلنی کر دیتی، کوئی صلح پسند کتا آہستہ سے غراتا — اور ہوا چہرے کو یوں چومتی اور لائم کے پیڑ کچھ اس طرح مہکتے کہ آدمی زیادہ سے زیادہ گہری سانس لیتا اور لفظ «گریتھن» ہونٹوں پر کچھ اس طرح آ جاتا کہ اس میں حیرانی بھی سمٹ آتی اور سوال بھی —

شہر «ز» رھائن کے ساحل سے دو ایک میل کی دوری پر ہے — میں اکثر اس عظیم الشان دریا کا نظارہ کرنے کے لئے جاتا اور گھنٹوں

آیش کے ایک تنہا پیڑ تلے پتھر کی بنچ پر بیٹھا، زبردستی اس متلون مزاج بیوہ کے بارے میں سوچنے کی کوشش کرتا — اس پیڑ کے پتوں میں سے میڈونا کا چھوٹا سا مجسمہ جھانکتا رہتا جس کا منہ بچوں جیسا تھا اور چھاتی پر سرخ دل آرپار تلواروں سے چھلنی — دوسرے کنارے پر شہر «ل» تھا جو اس شہر سے بڑا تھا جہاں میں مقیم تھا — ایک دن میں اپنی محبوب بنچ پر بیٹھا، باری باری سے دریا، آسمان اور انگوروں کے چمن کو گھور رہا تھا — بھورے بھورے بالوں والے چھوکرے اس کشتی کے کنارے جھرمٹ بنائے کھڑے تھے جو کھینچ کر کنارے پر لائی گئی تھی— کشتی اوندھی پڑی تھی اور اس کی کولتار سے لتھڑی ہوئی پیٹھ نمایاں تھی — جہاز آہستہ آہستہ دریا کے رخ پر تیر رہے تھے جن کے بادبان ڈھیلے ہو گئے تھے — سبزی مائل لہریں آہستہ آہستہ غرغراتی ہوئی بہہ رہی تھیں — یکایک موسیقی کی دھنیں کانوں تک پہنچیں — میں نے اور غور سے سنا — شہر «ل» میں والز کی دھنیں فضا میں گونج رہی تھیں — ساز کی پاٹ دار بھاری آواز زوروں پر گونجی — وائلن سے ایک مبہم سی لے پھوٹ رہی تھی اور بانسری کی سریلی تان لہرا رہی تھی —

«کیا ہے یہ؟» میں نے ایک بوڑھے آدمی سے پوچھا جو ٹھیک اس وقت میرے قریب سے گزرا — وہ مخمل کا ویسٹ کوٹ پہنے ہوئے تھا — اس کے موزے نیلے تھے اور جوتوں میں بکل لگے ہوئے تھے —

«وہ؟» اپنے منہ کے ایک کونے سے پائپ ہٹاتے ہوئے اس نے دھرایا «یہ سب طلبا ہیں جو یہاں شہر «ب» سے «کومرس» منانے آئے ہیں — »

«میں ذرا یہ کومرس دیکھنا چاہتا ہوں» میں نے دل میں سوچا «اور میں کبھی شہر «ل» گیا بھی نہیں ہوں —» میں نے ایک مانجھی کو چنا اور دریا پار کرکے دوسرے کنارے پر پہنچ گیا —

۲

ممکن ہے کہ کچھ لوگوں کو یہ نہ معلوم ہو کہ «کومرس» کیا بلا ہے — ایک قسم کی ضیافت ہے جس میں ایک ہی ضلع یا برادری (Landsmannschaft) کے طلبا شریک ہوتے ہیں — کومرس میں شریک ہونے والے قریب قریب تمام لوگ جرمن طلبا کا روایتی لباس پہنتے ہیں — چھوٹے فوجی کوٹ، اونچے اونچے بوٹ، اور چھوٹی چھوٹی ٹوپیاں جن پر مقررہ رنگ کے فیتے لگے ہوتے ہیں — عام طور پر طلبا کسی سینیر یعنی کسی بزرگ کے زیر اہتمام اس ضیافت میں شریک ہوتے ہیں اور رات گئے تک جشن مناتے ہیں، پیتے پلاتے ہیں، گیت گاتے ہیں — Landesvater, Gaudeamus — تمباکو کے دھوئیں اڑاتے ہیں اور ظاہری ٹپ ٹاپ دکھانے والوں کو گالیاں دیتے ہیں — کبھی کبھی وہ کرائے پر ایک بینڈ کا انتظام بھی کر لیتے ہیں —

اس قسم کا ایک کومرس شہر «ل» کے ایک باغ میں جاری تھا جس کا پھاٹک ایک سدھارن قسم کی سرائے «آفتاب» کے سامنے والی سڑک پر کھلتا تھا — باغ اور سرائے دونوں لہراتے ہوئے جھنڈوں سے سجے ہوئے تھے — طلبا لائم کے ان درختوں کے نیچے بیٹھے تھے جن کی ٹہنیاں تراش دی گئی تھیں — ایک میز کے نیچے ایک تگڑا کتا براجمان تھا — سازندے ذرا پرے، عشق پیچاں کے کنج کے

پاس بیٹھے زور و شور سے چھین جھپٹ میں مصروف تھے، وہ تھوڑی تھوڑی دیر پر بیئر سے اپنا گلا تر کر کے تازہ دم ہو جاتے— باغ کے نیچے گھیروں کے سامنے سڑک پر بہت سے لوگ جمع تھے — «ل» کے بھلے مانس اس پر کمر بستہ تھے کہ اپنے مہمانوں کو دیکھنے کا یہ موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں — میں بھی تماشائیوں کے ہجوم میں شامل ہو گیا — طلبا کے چہروں کو دیکھنے میں بڑا لطف آیا — ان کا ایک دوسرے کو گلے لگانا، حیرت کے کلمے منہ سے نکالنا، نوجوانی کی معصوم حرکتیں، شعلہ بار نگاہیں، بے وجہ قہقہے —— جو کہ بہترین قہقہے ہیں—— یہ تازہ دم اور پر شباب زندگی کا نشاطانگیز طوفان، آگے بڑھتے رہنے کی تڑپ—— اس وقت تک آگے بڑھتے رہنے کی تڑپ جب تک کہ آگے بڑھنا ممکن ہو—— یہ معصومیت بھری بےخودی، ہاں ان ساری باتوں نے مجھ پر اثر کیا اور دل میں ولولہ پیدا کیا — میرا جی چاہا کہ میں بھی ان میں شامل ہو جاؤں...

«کیا تمہارا جی نہیں بھرا آسیہ؟» میرے پیچھے سے ایک مرد کی آواز آئی جو روسی بول رہا تھا —

«آؤ کچھ دیر اور ٹھہر جائیں —» اسی زبان میں ایک نسوانی آواز آئی —

میں تیزی سے مڑا — میری نظر ایک خوش رو نوجوان پر پڑی جو چھجے والی ٹوپی اور ڈھیلی ڈھالی جیکٹ پہنے ہوئے تھا — وہ ایک لڑکی کا بازو پکڑے ہوئے تھا — لڑکی بہت زیادہ لمبی نہیں تھی — اس کے سر پر تنکوں کی ٹوپی تھی جس سے اس کے چہرے کا پورا بالائی حصہ ڈھکا ہوا تھا —

«کیا آپ روسی ہیں؟» یہ الفاظ بے ارادہ میرے منہ سے نکل گئے —

نوجوان ہنسا اور بولا «ہاں» —

«مجھے کبھی اس کی توقع نہیں تھی... اس دور افتادہ جگہ میں...» میں نے شروع کیا —

«اور نہ ہمیں اس کی توقع تھی!» اس نے بیچ سے بات کاٹ کر کہا «لیکن بہرحال یہ ہوا خوب! میں اپنا تعارف کراؤں میرا نام ہے گاگن اور یہ ہے میری...» اس کی زبان ایک لمحے کو لڑکھڑائی «میری بہن — اور کیا میں آپ کا نام پوچھ سکتا ہوں؟»

میں نے اپنا نام بتایا اور بات چیت شروع ہوگئی — مجھے معلوم ہوا کہ گاگن جو میری طرح محض لطف و تفریح کے لئے سفر کر رہا تھا شہر «ل» میں صرف ایک ہفتہ پہلے وارد ہوا تھا اور وہیں مقیم تھا — سچی بات تو یہ ہے کہ پردیس میں مجھے روسیوں سے دوستی کرنے کا زیادہ چاؤ نہ تھا — میں تو ان کو دور ہی سے ان کی چال ڈھال دیکھ کر، ان کے لباس کی کاٹ اور وضع دیکھ کر اور خاص طور پر ان کے چہروں کی کیفیت دیکھ کر پہچان لیتا تھا — چہرے پر ایک آسودہ خاطری، حقارت و نفرت اور بار بار ابھرنے والی تحکمانہ کیفیت — اور یہی تاثر یکایک احتیاط اور تشویش میں بدل جاتا — وہ آدمی چوکنا ہو جاتا اور اس کی نظریں بےچینی سے بھٹکنے لگتیں — «اوہ کہیں میں نے کوئی احمقانہ حرکت نہ کردی ہو! وہ مجھ پر تو نہیں ہنس رہے ہیں، ایں؟» ان کی گھبرائی ہوئی نگاہیں یہی کہتی ہوئی معلوم ہوتیں... ایک لمحہ اور گزرتا اور وہی شان و دبدبہ دوبارہ چہرے پر بحال ہو جاتا — ہاں البتہ

کبھی کبھی ایک کھوکھلی حیرانی کے جذبات جھلکنے لگتے — ہاں، میں روسیوں سے دامن بچاتا تھا لیکن گاگن نے فوراً ہی میرے دل میں گھر کر لیا — ایسے چہرے بھی ہوتے ہیں جن کو ہر شخص دیکھنا چاہتا ہے، ایسے چہرے جو دل کو گرماتے ہیں، ایسے چہرے جو دل پر چھایا رکھتے ہیں اور گاگن کے چہرے میں یہی بات تھی، چہرے سے پھوٹتی ہوئی، نرم دلی، دل میں اتر جانےوالی بڑی بڑی آنکھیں اور ملائم گھنگھریالے بال — اور وہ بولتا تو اس کے چہرے کو دیکھے بغیر اس کی آواز سے ایسا محسوس ہوتا کہ وہ مسکرا رہا ہے —

وہ لڑکی جس کو اس نے اپنی بہن بتایا تھا، اسی آن مجھے بے حد سندر معلوم ہوئی — اس کے گول، زیتون کے رنگ کے چہرے میں ایک خاص انفرادیت تھی، ایک انوکھی بات — چھوٹی سی نازک ناک، بچوں جیسے گال اور چمکدار کالی آنکھیں — اس کے قد و قامت میں بڑی نزاکت اور جاذبیت تھی لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اب تک وہ پکی عمر کو نہیں پہنچی ہے — وہ اپنے بھائی سے بالکل نہ ملتی تھی —

«کیا تم ہمارے ساتھ ہمارے گھر چلوگے؟» گاگن نے دعوت دی — «میرا خیال ہے کہ ہم کافی دیر جرمنوں کو دیکھ چکے — ہمارے طلبا تو اب تک گلاس اور کرسیاں توڑنے کا پروگرام شروع کردیتے — یہ تو انتہائی سدھے ہوئے لڑکے ہیں — آسیہ گھر چلنے کے بارے میں کیا خیال ہے؟»

لڑکی نے سرہلا کر حامی بھری —

«ہم شہر سے باہر رہتے ہیں» گاگن نے اپنی بات کا سلسلہ جاری

رکھا «بہت بلندی پر انگوروں کے چمن کے بیچوں بیچ ایک سنسان سے مکان میں — خوب جگہ ھے یہ — تم ضرور پسند کرو گے — ھماری مالکہ مکان نے کہا تھا کہ ھمارے لئے دھی تیار کرکے رکھیگی — جلدی اندھیرا ھوجائیگا — بہتر ھوگا کہ رھائن پار کرنے سے پہلے چاند کے نکلنے کا انتظار کرلو —»

ھم چل دئے — شہر کے تنگ پھاٹکوں سے گزرکر (یہ شہر کھردرے پتھروں کی پرانی دیوار سے گھرا ھوا تھا جس پر اب تک دندانے دار برج اسی طرح موجود تھے) ھم کھلے ھوئے کھیتوں میں نکل آئے — دیوار کے ساتھہ ساتھہ کوئی سوگز چلنے کے بعد ھم ایک چھوٹے سے پھاٹک کے پاس رک گئے — گاگن نے پھاٹک کھولا اور ھمیں ایک ڈھلواں راستے سے اوپر کی طرف لے گیا — دونوں طرف انگور کی بیلیں مچانوں پر پھیلی ھوئی تھیں — ابھی ابھی سورج ڈوبا تھا اور ایک پگھلی پگھلی سی ارغوانی روشنی، ھری بیلوں، لمبے لمبے زریں پتوں اور سوکھی ھوئی مٹی پر کھیل رھی تھی — یہ روشنی آڑے سیدھے پتھروں کے راستے پر اور ایک چھوٹے سے مکان کی سفید دیواروں پر کھیل رھی تھی جو پہاڑی کے کنارے واقع تھا — اس کے شہتیر کالے اور ترچھے تھے اور چار کھڑکیاں چمک رھی تھیں —

«یہ ھے ھمارا آشیانہ!» جب ھم اس کے قریب پہنچے تو گاگن بولا «اور وہ رھی ھماری مکان والی — وہ ھمارے لئے دودھہ لا رھی ھے — Guten Abend, Madame! ایک منٹ میں ھم کچھہ کھائینگے لیکن پہلے» اس نے کہا «ذرا پیچھے پلٹ کر دیکھنا — کہو کیسا منظر ھے؟»

واقعی منظر حسین تھا — ہمارے نیچے بہت دور رھائن بہتا ہوا، اپنے دونوں سبز کناروں کے درمیان چاندی کی طرح چمک رھاتھا — ایک جگہ اس میں ڈوبتے ہوئے آفتاب کے ارغوانی سونے کی وجہ سے آگ سی لگی ہوئی تھی — اس کے کنارے آباد اس چھوٹے سے شہر کے سارے گھر اور سڑکیں نظر آ رھی تھیں — پہاڑیاں اور کھیت دور دور تک پھیلتے چلے گئے تھے — نیچے کافی دلکش منظر تھا لیکن اوپر تو اس سے کہیں زیادہ خوبصورت تھا — آسمان کی پاکیزگی اور گہرائی اور درخشاں اور صاف شفاف فضا نے مجھ پر بہت اثر کیا — ہوا خنک اور ہلکی تھی — ہوا اس طرح سانس لے رھی تھی اور لہریں مار رھی تھی جیسے اس بلندی پر اسے بھی اپنے آزاد ہونے کا احساس ہو —

«تم نے رھنے کے لئے شاندار جگہ چنی ہے» میں نے کہا —

«یہ آسیہ کی دریافت ہے» گاگن نے جواب دیا — «چلو آسیہ» اس نے آگے کہا «آرڈر دو — ہر چیز باھر لانے کے لئے کہو — ہم اپنا کھانا یہیں کھائینگے — یہاں موسیقی بہتر سنائی دیگی — تم نے محسوس کیا» اس نے مجھ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا «یہ والز جو قریب سے اتنا نا گوار معلوم ہوتا ہے، ھاں یہ بھدی اور مہمل آوازوں کا طوفان بدتمیزی، دور سے سننے سے یکایک بدل جاتا ہے اور دل کے تمام رومانی تاروں کو گدگدانے لگتا ہے —»

آسیہ (اس کا اصلی نام آننا تھا لیکن گاگن اس کو آسیہ پکارتا تھا اور آپ کی اجازت سے میں بھی یہی نام لونگا) گھر کے اندر گئی اور جلد ھی مکان والی کے ساتھہ واپس آگئی — دونوں ایک بڑی سی سینی اٹھائے ہوئے تھیں جس پر دودھہ کا ایک بڑا سا جگ تھا، پلیٹیں،

چمچے، شکر، گوندنیاں اور روٹی رکھی تھی — ہم بیٹھ کر کھانے لگے — آسیہ نے اپنی ٹوپی اتاری — اس کے کالے بال، جو ذرا چھوٹے تھے اور جن پر کسی نوجوان مرد کے بالوں کی طرح بڑی صفائی اور ہمواری سے کنگھا کیا گیا تھا، پھسل کر، بھاری گچھوں کی طرح اس کی گردن اور کانوں پر جھولنے لگے — شروع میں تو وہ مجھ سے شرماتی لجاتی رہی لیکن گاگن نے اس پر اسے ڈانٹ بتائی :

«منہ میں گھنگھنیاں بھرکر نہ بیٹھو آسیہ! وہ تمہیں کھا تو نہیں جائیگا —»

وہ مسکرائی اور تھوڑی دیر کے بعد خود بخود مجھ سے بات چیت کرنے لگی — میں نے اس سے زیادہ بے چین روح آج تک نہیں دیکھی — ایک لمحے کو بھی وہ نچلی نہ بیٹھی — وہ ہمیشہ اٹھتی، بھاگتی ہوئی گھر کے اندر جاتی اور گنگناتی اور باربار قہقہے لگاتی ہوئی واپس آتی، کچھ اس انداز سے، جیسے کسی سنی ہوئی بات پر نہیں بلکہ ان تمام خیالات پر ہنس رہی ہو جو اس کے دماغ میں ابھر رہے تھے — اس کی بڑی بڑی آنکھیں بالکل سیدھے سامنے دیکھتیں، چمکتی ہوئی نڈر آنکھیں — لیکن تھوڑی تھوڑی دیر پر پلکیں سمٹنے لگتیں اور اس کی نگاہوں میں ایک حیرتناک گہرائی اور نرمی پیدا ہوجاتی —

ہم کوئی دو گھنٹے تک باتیں کرتے رہے — دن کب کا ڈھل چکا تھا اور شام ، شروع میں شعلے کی طرح بھڑک اٹھنے کے بعد، رفتہ رفتہ پرسکون ارغوانی چمک میں بدلی اور زرد اور دھندلی ہوتی ہوئی، پگھلتی اور جھلملاتی ہوئی رات میں تحلیل ہو گئی— لیکن ہماری بات چیت کا سلسلہ جاری رہا، ہمارے اردگرد سانس

لیتی ہوئی ہوا کی طرح پرسکون اور پر آہنگ بات چیت — گاگن نے رھائن‌وین شراب کا آرڈر دیا اور ہم اطمینان سے اس پر بات چیت کرتے رہے — موسیقی کی دھنیں اب تک ہمارے کانوں میں اتر رھی تھیں اور اب اس کی آواز زیادہ شیریں اور نرم محسوس ہو رھی تھی — شہر میں اور دریا پر روشنیاں جگمگا اٹھیں — آسیہ کا سر جھک گیا اور لٹیں آنکھوں کے آگے جھولنے لگیں — وہ یکایک خاموش ہو گئی اور ٹھنڈی سانس بھرنے لگی — اس نے ہم سے کہا کہ وہ سونے جا رھی ہے اور گھر کے اندر چلی گئی — لیکن میں اسے دیر تک دیکھتا رہا اس لئے کہ وہ اپنی موم بتی جلائے بغیر بند کھڑکی پر کھڑی رھی — آخر چاند نکلا اور اس کی کرنیں رھائن پر کھیلنے لگیں — ہر چیز بدلی بدلی نظر آنے لگی — کچھہ چیزیں جگمگا اٹھیں اور کچھہ چیزیں اندھیرے میں ڈوب گئیں یہاں تک کہ ہمارے کانچ کے ڈونگوں میں شراب بھی کچھہ پراسرار انداز سے چمکنے لگی — ہوا ہولے ہولے چلنے لگی جیسے اس نے اپنے پر سمیٹ لئے ہوں اور پھر خاموش ہو گئی — زمین سے مہکتی ہوئی رات کی گرمی نکلنے لگی —

«گھر جانے کا وقت ہو گیا!» میں چلدیا «ورنہ پھر دریا پار کرنے کے لئے مجھے کوئی ناؤ نہیں مل سکیگی —»

«گھر جانے کا وقت» گاگن نے دھرایا —

ہم پہاڑی راستے سے نیچے اترے — یکایک ہمارے پیچھے پتھر لڑھکنے لگے —— آسیہ ہمارے پیچھے پیچھے بھاگتی چلی آ رھی تھی —

«میں تو سمجھا کہ تم سو رھی ہو» اس کے بھائی نے کہا لیکن وہ ایک لفظ کہے بنا ہمارے پاس سے دوڑتی ہوئی آگے نکل

گئی — سرائے کے باغ میں طلبا کی جلائی ہوئی آخری مدھم مشعلیں نیچے سے گھنے پتوں کو روشن کر رہی تھیں اور اس طرح درختوں میں ایک طربناک اور پراسرار جگمگاہٹ پیدا ہو رہی تھی — ہم نے دریا پر آسیہ کو ایک مانجھی سے بات کرتے ہوئے پایا — میں ناؤ میں کود گیا اور اپنے نئے دوستوں سے رخصت ہوا — گاگن نے دوسرے دن آکر مجھ سے ملنے کا وعدہ کیا — میں نے اس کا ہاتھ دبایا اور اپنا ہاتھ آسیہ کی طرف بڑھایا لیکن اس نے صرف میری طرف دیکھا اور سر ہلایا — کشتی پانی میں پھسلی اور ڈولنے لگی — ہٹے کٹے بوڑھے مانجھی نے چپو اٹھائے اور زور لگاتے ہوئے پانی میں ڈال دئے —

«ارے تم تو روشنی کے مینار سے جا ٹکرائے، تم نے اسے توڑ دیا!» آسیہ نے پکار کر کہا —

میں نے نیچے دیکھا — کالی موجوں میں ڈولتی ہوئی کشتی کے گاؤدم کناروں کو چومتا ہوا پانی سانس لے رہا تھا —

«شب بخیر!» آسیہ کی آواز ایک بار پھر گونج گئی —

«کل ملینگے!» گاگن پکارا —

ناؤ کنارے پر پہنچ گئی — میں اترا اور مڑکر دیکھا — دوسرے کنارے پر اب توکوئی بھی نظر نہیں آ رہا تھا — چاندنی کا مینار پھر سونے کے پل کی طرح دریا پر پھیل گیا تھا — اب تک میرے کانوں میں دقیانوسی لانر والز کی آوازیں آ رہی تھیں جیسے مجھے الوداع کہہ رہی ہوں — گاگن نے ٹھیک کہا تھا: میری روح کے سارے تار ان معنی خیز دھنوں کی ضرب سے تھرتھرا رہے تھے — میں اندھیرے میں سے ہوتا ہوا، معطر ہوا کو آہستہ آہستہ سانس

میں بساتا ہوا، اپنے کمرے پر پہنچا تو ایک مبہم اور ناتمام انتظار کی میٹھی میٹھی تھکن سے نڈھال ہو رہا تھا — میں خوش تھا... لیکن کس بات پر خوش ہو رہا تھا؟ مجھے کسی چیز کی خواہش نہیں تھی، میں کچھ نہیں سوچ رہا تھا... میں مسرور تھا—

روشنی کی چکا چوند اور خوشگوار احساسات سے قریب قریب ہنستے ہوئے میں بستر میں کود پڑا اور اب میری آنکھ لگنے ہی والی تھی کہ مجھے یکایک خیال آیا کہ آج میں نے پوری شام ایک بار بھی اپنی بے رحم حسینہ کو یاد نہیں کیا تھا... «اس کا مطلب؟» میں نے اپنے آپ سے پوچھا «کیا مجھے محبت نہیں ہے؟» لیکن اس سوال کے ساتھ ہی میں فوراً سو گیا جیسے جھولے میں بچہ —

۳

دوسری صبح (میں جاگ چکا تھا مگر اب تک بستر میں پڑا اینڈ رہا تھا) کھڑکی پر ایک چھڑی کی کھٹ کھٹ سنائی دی اور ساتھ ہی ایک آواز— میں گاگن کی آواز کو فوراً پہچان گیا— وہ گا رہا تھا:

«اور اگر تم سوتے ہو تو میں تمہیں اٹھاؤنگا
اپنے بربط کے سروں سے...»

میں نے جلدی سے دروازہ کھولا—

«آداب عرض ہے» اس نے اندر آتے ہوئے کہا «میں نے سویرے سویرے جگا دیا— لیکن ذرا دیکھو تو کیسی صبح ہے یہ! ہوا ایسی تازہ، ہر طرف شبنم اور چکاوک گا رہے ہیں...»

وہ اپنے گھنگھریالے چمکدار نرم بالوں، ننگی گردن اور گلابی رخساروں کی وجہ سے صبح کی طرح خود مجسم تر و تازہ اور شاداب نظر آ رہا تھا—

میں نے کپڑے بدلے— ہم باغ میں گئے اور ایک بنچ پر بیٹھ گئے— ہم نے قہوہ منگوایا اور پینے لگے— گاگن نے مجھے اپنے مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں بتایا— اس کے پاس معقول آمدنی تھی اور وہ آزاد تھا— اس لئے اس کا ارادہ تھا کہ اپنی زندگی آرٹ کے لئے تج دے اور اسے صرف اس کا افسوس تھا کہ وہ اتنے دنوں سے بس ارادہ ہی ارادہ کر رہا تھا— اس نے اپنا بہت زیادہ وقت اسی خیالی پلاؤ میں ضائع کر دیا تھا— میں نے بھی اپنا پروگرام سنایا اور دوسری باتوں کے ساتھ میں نے اسے اپنی سوگوار محبت کا راز بھی بتا دیا— اس نے بڑے غور سے میری باتیں سنیں— لیکن میں نے تاڑ لیا کہ میرے جذبات کی گرمی نے اس میں کوئی ہمدردی نہیں جگائی— محض اخلاقاً میری ٹھنڈی سانسوں میں چند ٹھنڈی سانسوں کا اضافہ کرنے کے بعد اس نے مجھے اپنے گھر چلنے اور اپنے ہاتھوں کے اسکیچ دیکھنے کی دعوت دی— میں فوراً تیار ہو گیا—

ہم پہنچے تو آسیہ گھر پر نہیں تھی— مکان والی نے کہا کہ وہ «کھنڈروں» کی طرف گئی ہے— شہر «ل» سے چند کوس کی دوری پر ایک جاگیردار کے قلعے کے کھنڈر تھے— گاگن نے میری خاطر اپنے تمام تھیلے کھولے— اس کے اسکیچوں میں کافی زندگی اور خلوص تھا، کچھ بیباکی اور وسعت— لیکن ان میں سے ایک بھی مکمل نہ تھا اور میرے خیال میں اس کی کاوشیں بے پروائی کا نتیجہ اور کمزور تھیں— میں نے نہایت صاف گوئی سے اسے اپنا خیال بتا دیا—

«ہاں، ہاں!» اس نے ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے کہا «تم ٹھیک کہتے ہو— یہ سب بڑے کمزور اور خام ہیں— لیکن میں کیا کر سکتا ہوں؟ میں نے صحیح معنوں میں کبھی مطالعہ نہیں کیا اور پھر یہ اپنی کمبخت سلاف بے پروائی— جب تم اس پر سوچتے ہو کہ تمہیں کیا کرنا ہے تو اس وقت تم ایک عقاب کی طرح ہوا میں پرواز کرتے ہو، تمہیں محسوس ہوتا ہے کہ تم میں پورے پورے پہاڑ کو ہٹا دینے کا کس بل موجود ہے —— لیکن جب عمل کی باری آتی ہے تو تم یکایک کمزور اور نڈھال ہوجاتے ہو—»

میں کچھہ حوصلہ افزا باتیں کہنے والا تھا کہ اس نے اپنے ہاتھہ کی جنبش سے خاموش کر دیا اور تمام تصویروں کو ایک ڈھیر کی طرح اکٹھا کرکے صوفے پر پٹک دیا—

«اگر مجھہ میں کچھہ صبر و استقلال ہوگا تو شاید میں کچھہ کر سکونگا» اس نے اپنے دانت پیستے ہوئے کہا «اور نہیں تو پھر میں کودن کا کودن رہ جاؤنگا— آؤ چلیں آسیہ کو دیکھیں!»

ہم گھر سے باہر نکل گئے—

٤

کھنڈروں کی طرف جانے والا راستہ ایک تنگ سی جنگل بھری وادی کے ڈھلان کے ساتھہ ساتھہ لہراتا ہوا گزرتا تھا— اس وادی کے دامن میں ایک تیز رو چشمہ شور مچاتا ہوا اور پتھروں کے اوپر سے اپنا راستہ بناتا ہوا دوڑتا تھا جیسے اسے اس بڑے سے دریا سے ملنے کی جلدی ہو جو پہاڑی سلسلے کی نکیلی گھاٹیوں کی کالی دیوار کے اس پار سکون سے چمک رہا تھا— گاگن نے میری توجہ

ان جگہوں کی طرف مبذول کرائی جہاں روشنی ایک انوکھے حسن کے ساتھہ سو رہی تھی اور اس کے الفاظ سے پٹک رہا تھا کہ بھلے وہ مصور نہ ہو، لیکن اس کی روح ایک فنکار کی تھی— کھنڈر جلد ہی نظر آنے لگے— ایک ننگی چٹان کی سطح پر ایک مربع برج تھا، بالکل سیاہ، لیکن مضبوط— ہاں ایک آڑی دراڑ نے اس کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا تھا— اس کے دونوں طرف دیواریں دوڑتی چلی گئی تھیں جن پر سبزہ اگا ہوا تھا اور کہیں کہیں اس کے پتھروں سے عشق پیچاں جھانک رہا تھا— جھکے ہوئے درخت توپ کے لئے پرانے سوراخوں اور ٹوٹی پھوٹی محرابوں میں لہرا رہے تھے— پتھریلا راستہ پھاٹکوں کی طرف جاتا تھا جو اب تک اسی طرح قائم اور دائم تھے— جب ہم ان کے قریب پہنچے تو ایک عورت کا پیکر کوندتا ہوا گزر گیا، تیزی سے دوڑنے اور کنکر کے ایک ڈھیر پر ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل چڑھنے کے بعد ایک دیوار کے نکلے ہوئے تختے پر آکر رکا اور پھر یہ پیکر ایک کھڈ کے اوپر کھڑی دیوار کے کنارے پر نظر آیا—

«ارے، یہ تو آسیہ ہے!» گاگن کے منہ سے نکلا «پگلی لڑکی!»

ہم پھاٹک سے گزرکر ایک صحن میں پہنچے جو جنگلی سیب اور خاردار پودوں سے بھرا ہوا تھا— ہاں سچ منڈیر پر یہ تو آسیہ ہی بیٹھی تھی— ہماری طرف منہ پھیرکر وہ ہنسی لیکن اپنی جگہ سے ذرا نہ ہلی— گاگن نے انگلی لہراکر دھمکی دی اور میں نے اس کی لاپروائی کے لئے اسے ڈانٹ پلائی—

«چھوڑ دو اسے!» گاگن نے زیرلب مجھہ سے کہا «اس کو مت چڑاؤ— تم اسے نہیں جانتے— وہ مینار سے چھلانگ لگانے میں

ذرا نہ جھجکیگی — بہتر یہ ہے کہ ہم نظارہ کریں اور یہاں کے لوگوں کی عقل اور سوجھ بوجھ کی داد دیں —»

میں نے چاروں طرف نظر دوڑائی — ایک کونے میں، لکڑی کی ایک دوکان کے سائے میں ایک بوڑھی عورت بیٹھی موزہ بن رہی تھی اور اپنی عینک میں سے ہمیں دیکھ رہی تھی — وہ سیاحوں کے ہاتھوں بیئر، ادرک والی روٹی اور پانی بیچتی تھی — ہم ایک بنچ پر بیٹھ کر جست کے ڈونگوں میں ٹھنڈی بیئر پینے لگے — آسیہ اپنی جگہ پر بے حس و حرکت دوزانو بیٹھی رہی — اس کے سر پر باریک جالی دار کپڑے کا رومال بندھا ہوا تھا — اس کے نازک بدن کے دل آویز نقوش دھلے ہوئے آکاش کے پس منظر میں نمایاں ہو گئے تھے — لیکن میں ناپسندیدگی کے جذبات سے اسے دیکھ رہا تھا — پچھلے دن میں نے اس میں کچھ عجیب سا تناؤ، کوئی ایسی چیز محسوس کی تھی جو بالکل فطری تو نہیں تھی «وہ ہم پر رعب ڈالنا چاہتی ہے» میں نے سوچا «وہ ایسا کیوں کرتی ہے؟ کیا بچکانہ ہتکنڈا ہے!» — جیسے اس نے میرے خیالات بھانپ لئے ہوں — اس نے یکایک تیز اور سوالیہ نظر سے مجھے دیکھا، پھر قہقہہ لگایا، اور اچھلتی کودتی دو جست میں دیوار سے اتر گئی، بوڑھی عورت کے پاس گئی اور اس سے ایک گلاس پانی مانگا —

«کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں پیاسی ہوں اس لئے پانی مانگ رہی ہوں؟» اس نے اپنے بھائی سے کہا «نہیں... دیوار پر کچھ پھول اگ رہے ہیں — ان میں پانی ڈالنا بالکل ضروری ہے —»

گاگن نے اس کی باتوں کی طرف کوئی دھیان نہیں دیا — ہاتھ میں گلاس پکڑے ہوئے وہ کھنڈر کے اوپر چڑھنے لگی، کبھی

یہاں رکتی کبھی وہاں — پانی کے دو چار قطرے چھلکاتے ہوئے وہ کچھہ اس انداز سے جھکی جیسے بڑا اہم کام کر رہی ہو — پانی کے قطرے دھوپ میں خوب چمک رہے تھے — اس کی حرکتیں بڑی دلکش تھیں لیکن پھر بھی اس کی طرف سے طبیعت الجھہ رہی تھی — حالانکہ میں دل ہی دل میں اس کی سبک چال ڈھال اور چستی کی داد دے رہا تھا — ایک بہت ہی خطرناک جگہ پر اس نے ایک بناوٹی چیخ ماری اور پھر قہقہہ مارکر ہنسنے لگی... میں اور بھی چڑ گیا —

«ارے یہ تو بکری کی طرح کود کے لگاتی ہوئی چڑھتی ہے!» بوڑھی عورت نے اپنے موزے سے نظر ہٹاکر ایک لمحے کو اوپر دیکھتے ہوئے کہا —

آخر، تمام پانی بہانے کے بعد، آسیہ کھیلتی کودتی اور جھومتی جھامتی ہمارے پاس نیچے آ گئی — اس کی بھویں، نتھنے اور ہونٹ کچھہ عجیب مسخرے پن سے تھر تھرا رہے تھے — اس کی کالی آنکھیں کچھہ باغیانہ شان سے اور کچھہ جوش نشاط سے مچ سی گئی تھیں —

«میں جانتی ہوں تم کو میرے یہ ڈھنگ کچھہ جچے نہیں» اس کے چہرے سے یہی بات ٹپک رہی تھی — «لیکن مجھے پروا نہیں — میں جانتی ہوں، سچ، تم دل ہی دل میں مجھے سراہ رہے ہو — »

«خوب، آسیہ، خوب کیا تم نے!» گاگن نے زیرلب کہا —

یکایک وہ نادم نادم نظر آنے لگی اور وہ اپنی پلکیں جھکائے، سہمی سہمی سی ہمارے پاس بیٹھی رہی جیسے اسے اپنے جرم کا

احساس ہو— پہلی بار میں نے اس کے چہرے کو ذرا نظر بھرکے دیکھا —— اتنا رنگ بدلنے والا، اتنا سیمابی چہرہ میں نے کبھی نہیں دیکھا — چند ہی منٹوں میں چہرہ بالکل پیلا پڑ گیا اور کچھہ کھویا کھویا سا انداز پیدا ہوگیا، ایک غم‌ناکی اور اداسی— مجھے ایسا معلوم ہوا کہ اس کے چہرے کے نقوش بڑے ہوگئے ہیں، زیادہ تیکھے اور سادہ — ایسا لگتا تھا کہ وہ ایک گہرے سکوت میں غرق ہے — ہم کھنڈروں میں چاروں طرف گھومتے رہے (اور آسیہ ہمارے پیچھے پیچھے چلتی رہی) اور مناظر کی داد دیتے رہے — کھانے کا وقت آ رہا تھا — گاگن نے بوڑھی عورت کے پیسے ادا کئے، ایک اور ڈونگے کا آرڈر دیا اور میری طرف مڑکر ایک معنی خیز نظر سے دیکھتے ہوئے بولا :

«تمہارے دل کی رانی کی صحت کا جام!»

«کیا اس کی —— کیا واقعی تمہاری کوئی دل کی رانی ہے؟» آسیہ نے اچانک پوچھا —

«کس کی نہیں ہوتی؟» گاگن بولا —

ایک لمحے کو آسیہ سوچ میں پڑ گئی — پھر اس کے چہرے کا رنگ بدلا اور اس کے چہرے پر باغیانہ، قریب قریب گستاخی بھرے تمسخر کے جذبات جھلکنے لگے —

لوٹتے ہوئے وہ اور زیادہ ترنگ کے ساتھہ ہنستی اور کلیلیں کرتی رہی — اس نے ایک ٹہنی توڑ لی اور اس کو اپنے کندھے پر بندوق کی طرح رکھہ لیا، اور رومال سر پر باندھہ لیا — مجھے یاد ہے کہ راستے میں ہمیں ایک بڑا سا انگریز خاندان ملا — ان کے بال سنہرے تھے— سب کے سب خاصا لئے دئے معلوم ہوتے تھے— ان میں سے ہر

ایک نے، گویا فوجی کمان کی تعمیل میں، آسیہ کو انتہائی سردمہری اور پتھرائی ہوئی نظروں سے گھور کر دیکھا، اور وہ ایک گیت الاپنے لگی جیسے ان کا منہ چڑانا چاہتی ہو— گھر پہنچتے ہی وہ اپنے کمرے میں چلی گئی اور دوبارہ صرف کھانا لگنے کے بعد ہی دکھائی دی— اس وقت وہ اپنا بہترین فراک پہنے ہوئے تھی— بال بڑی ستھرائی سے سنوارے گئے تھے— اس کی کمر کسی ہوئی اور بھی پتلی سی نکل آئی تھی— اس کے ہاتھوں میں دستانے تھے— وہ کھانے کی میز پر بہت سنجیدہ رہی، روائیتی حد تک متین اور پر تکلف— اس نے کھانے کو برائے نام چھوا ہوگا— وہ ایک جام سے پانی پیتی رہی— یہ ظاہر تھا کہ وہ میرے سامنے ایک نئے رول میں آنا چاہتی تھی —— ایک مہذب اور شایستہ خاتون کے رول میں— گاگن نے اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیا— میں نے دیکھ لیا تھا کہ وہ اس کی تمام من موجی حرکتوں کو جھیلنے کا عادی تھا— کبھی کبھار وہ اپنے ایک کندھے کو ذرا ابھارتے ہوئے ایک مسکراتی ہوئی نگاہ سے مجھے دیکھتا جیسے کہہ رہا ہو «بچی ہے —— اس پر ترس کھاؤ!» کھانا ختم ہوتے ہی، آسیہ اٹھی، ہلکے سے کورنش بجا لائی اور اپنی ٹوپی پہنتے ہوئے گاگن سے پوچھا کہ کیا میں فراؤ لوئی‌زا سے ملنے جا سکتی ہوں—

«تم میری اجازت کب سے لینے لگیں؟» اس نے اپنی اسی مسکراہٹ کے ساتھ جواب دیا جس میں ابکے کچھ بوکھلاہٹ بھی شامل ہوگئی تھی «کیا تم ہماری صحبت میں اتنا اکتا گئیں؟»

«بالکل نہیں، لیکن کل میں نے فراؤ لوئی زا سے وعدہ کیا تھا کہ آج میں آکر ان سے ملونگی— دوسرے یہ کہ میں نے سوچا

کہ تم میرے بنا زیادہ خوش ہوگے— جناب ن — (اس نے میری طرف اشارہ کیا) تمہیں کچھہ اور بتا سکینگے — »

وہ چلی گئی —

«فراؤ لوئی‌زا» گاگن نے میری نظر سے کتراتے ہوئے کہا «شہر کی میونسپلٹی کے کمیشنر کی بیوہ ہیں — لائق خاتون ہیں مگر کھوپڑی بالکل خالی ہے — ان کو آسیہ سے بڑی محبت ہوگئی ہے — آسیہ کو ذرا نچلے طبقے کے لوگوں سے راہ و رسم پیدا کرنے کا بڑا چاؤ ہے— میں نے دیکھا ہے کہ اس قسم کی چیز بڑائی اور غرور سے پیدا ہوتی ہے — جیساکہ تم نے دیکھا ہوگا یقینی اس کے ڈھنگ ذرا بگڑے ہوئے ہیں» اس نے ایک لمحے کی خاموشی کے بعد کہا «لیکن کیا کیا جا سکتا ہے اس سلسلے میں؟ میں کبھی بھی کسی کے ساتھہ سختی سے نہیں پیش آیا —— اور اس کے ساتھہ تو اور بھی کم — میں اس کے ساتھہ مروت سے پیش آنے پر مجبور ہوں — »

میں نے کچھہ نہیں کہا اور گاگن نے بات بدل دی — اس کے بارے میں جتنا زیادہ مجھے معلوم ہوتا گیا میں اسی قدر اس کی طرف کھنچتا گیا — میں جلد ہی اسے خوب سمجھہ گیا — اس کی طبیعت بالکل روسی تھی، کھری کھری کہنے والا، ایمان دار، بے لاگ لیکن افسوس ناک حدتک نڈھال اور الوالعزمی اور ولولے سے محروم — اس میں جوانی کی تڑپ نہیں تھی — اس میں سے خاموش روشنی پھوٹتی تھی — اس میں کشش اور ذہانت تھی لیکن میں اس کا تصور نہیں کر سکتا تھا کہ وہ پورے طور پر نکھرنے کے بعد کیا روپ دھارن کریگا — کیا وہ ایک مصور بن جائیگا؟ ایک فنکار بننے کے لئے انتھک، پتا مار کر محنت کرنا ضروری ہے... اور محنت — میں نے

اس کے غیر واضح نقوش کو دیکھتے ہوئے اور دھیمی آواز میں اس کی باتوں کو سنتے ہوئے سوچا — ہاں محنت ہی تو تم سے نہیں ہو گی، تم کبھی اپنے آپ پر زور نہیں چلا سکو گے — لیکن اس کو نہ چاہنا نا ممکن تھا — دل اس کی طرف کھنچتا تھا — ہم نے ایک ساتھ کوئی تین چار گھنٹے بتائے — باری باری سے صوفے پر بیٹھتے ہوئے، گھر کے سامنے چہل قدمی کرتے ہوئے — اور ان چار گھنٹوں میں ہم گہرے دوست بن گئے —

سورج ڈوب گیا تھا اور اب میرے رخصت ہونے کا وقت آ گیا تھا — آسیہ اب تک واپس نہیں آئی تھی —

«کتنی خود رو لڑکی ہے یہ!» گاگن بولا «کیا میں تمہیں گھر تک چھوڑ آؤں؟ راستے میں ہم ذرا فراؤ لوئی‌زا کے ہاں ہو لینگے اور آسیہ کو دیکھ لینگے وہاں ہے یا نہیں — وہ تمہارے راستے سے بہت دور بھی نہیں — »

ہم شہر کی طرف اترے اور ایک تنگ سی ٹیڑھی میڑھی گلی میں مڑ گئے اور ایک چار منزلہ مکان کے سامنے رک گئے (جس کی چوڑان صرف دو کھڑکیوں کے برابر تھی . . .) — دوسری منزل نچلی منزل کے اوپر نکلی ہوئی تھی اور تیسری اور چوتھی دوسری منزل کے اوپر — ڈھیتا ہوا پتھر کا کام، بالائی منزلوں کو اٹھائے ہوئے دو موٹے ستون، کھپریل کی ڈھلواں چھتیں، چونچ کی طرح نکلا ہوا بالائی حصہ جیسے کوئی سمٹی سمٹائی چڑیا بیٹھی ہو —

«آسیہ» گاگن نے آواز دی «کیا تم یہاں ہو؟»

تیسری منزل سے روشن کمرے کی کھڑکی کے کھلنے کی آواز آئی اور اس میں سے جھانکتا ہوا آسیہ کا چھوٹا سا کالا سر نظر آیا —

اس کے پیچھے سے ایک بوڑھی جرمن عورت کا چہرہ اپنے پوپلے منہ اور چندھی آنکھوں کے ساتھ جھانکتا دکھائی دیا—

«میں یہاں ہوں!» آسیہ نے بڑی دل نواز ادا کے ساتھ کھڑکی پر اپنی کہنیوں کو ٹکاتے ہوئے کہا «میں کافی خوش ہوں! لو، یہ لو!» گاگن کی طرف پھول پھینکتے ہوئے بولی «بس یوں سمجھ لو کہ میں تمہارے دل کی رانی ہوں—»

فراؤ لوئی‌زا ہنسی—

«ن— گھر جا رہا ہے» گاگن نے کہا «وہ تمہیں خدا حافظ کہنا چاہتا ہے—»

«کیا واقعی؟» آسیہ نے کہا «تو پھر پھول اسی کو دے دو— میں ابھی آئی—»

اس نے کھڑکی بند کی اور بلاشبہہ فراؤ لوئی‌زا کو پیار کیا— گاگن نے خاموشی سے پھول میرے ہاتھہ میں دے دیا— چپکے سے میں نے پھول اپنی جیب میں رکھہ لیا— وہاں سے دریا تک ٹہلتا ہوا گیا اور ناؤ میں بیٹھہ کر دوسرے کنارے پر پہنچ گیا—

مجھے یاد ہے— جب میں بے خیالی کے عالم میں دل پر ایک بوجھہ سا لئے ہوئے اپنے گھر کی طرف جا رہا تھا تو یکایک خوشبو کا ایک تیز جھونکا آیا— ایک جانی پہچانی خوشبو جو جرمنی میں کبھی کبھار ہی نصیب ہوتی تھی— میں چپ چاپ کھڑا ہوگیا— سڑک کے کنارے سن کی ایک کیاری نظر آئی— صحرائی وادی کی خوشبو نے فوراً ہی مادروطن کی یاد تازہ کر دی اور میری روح میں وطن پہنچنے کے لئے ہوک سی اٹھنے لگی— میں روسی ہوا میں سانس

لینا چاہتا تھا — میں روسی دھرتی پر چلنا چاہتا تھا — «میں کیا کر رہا ہوں یہاں، میں کیوں ایک اجنبی دیس میں، اجنبیوں کے درمیان مارا پھر رہا ہوں؟» میرے منہ سے نکلا اور دل کا بھاری بوجھ ایک تلخ اور جلتے ہوئے ہیجان میں بدل گیا — جب میں گھر پہنچا تو میرا موڈ پچھلے دن کے مقابلے میں بہت مختلف تھا — میری کیفیت کچھ غصے کی سی تھی اور اس سے میں کافی دیر تک چھٹکارا نہ پا سکا — ایک کوفت کا احساس تھا جو ستائے چلا جا رہا تھا اور میری سمجھ سے بالاتر تھا — آخر میں اپنی متلون مزاج بیوہ کے متعلق سوچنے لگا (ہر دن اس خاتون کی مقدس یادوں کے ساتھ ختم ہوتا تھا) — اس کا ایک خط نکالا — لیکن میں نے اسے کھولا بھی نہیں اس لئے کہ میرے خیال کا دھارا کسی اور طرف مڑ گیا تھا — میں سوچنے لگا... آسیہ کے بارے میں — مجھے یاد آیا کہ بات چیت کے دوران میں گاگن نے اشارہ کیا تھا کہ اس کے روس لوٹنے کے راستے میں کوئی روڑا رکاوٹ بنا ہوا ہے... «اچھا، کیا وہ واقعی اس کی بہن ہے؟» میں نے زور سے کہا —

میں نے اپنے کپڑے اتارے اور بستر پر لیٹ کر سونے کی کوشش کرنے لگا — لیکن ایک گھنٹے کے بعد میں پھر اٹھ بیٹھا اور اپنی کہنیوں کو تکیے پر رکھتے ہوئے پھر «اس زبردستی کے قہقہے والی من موجی لڑکی» کے متعلق سوچ میں گم ہو گیا — «اس کا پیکر، فارنیزینا کی دیواروں پر رافیل کی گالاتیا (۲) کی طرح ہے» میں بڑبڑایا «اور مجھے یقین ہے کہ وہ اس کی بہن نہیں ہے...»

اور اس بیوہ کا خط خاموش فرش پر پڑا، چاندنی میں سفید سفید نظر آ رہا تھا —

۵

اگلی صبح پھر میں ناؤ میں دریا پار کرکے شہر «ل» پہنچا— میں نے اپنے آپ سے کہا کہ میں تو گاگن سے ملنا چاہتا ہوں لیکن اندر ہی اندر جی میں یہ تمنا انگڑائیاں لے رہی تھی کہ دیکھوں آسیہ کا کیا رویہ رہتا ہے— کیا وہ پچھلے دن کی طرح اپنی «ادا» دکھائیگی؟ میں پہنچا تو دونوں ڈرائنگ روم میں بیٹھے ملے— اور حیرت کی بات یہ تھی کہ (شاید اس وجہ سے کہ رات اور صبح میں روس کے متعلق اتنا زیادہ سوچتا رہا تھا) آسیہ مجھے پکی روسی لڑکی نظر آئی، ہاں پکی روسی لڑکی، ایک معمولی لڑکی، گھر کا کام کاج کرنے والی لڑکی— وہ ایک پرانے فراک میں تھی— اس کے بال کانوں کے پیچھے لٹک رہے تھے— وہ کھڑکی کے پاس خاموش بیٹھی تھی— وہ اتنے انکسار اور خاموشی سے کشیدہ کاری کے فریم پر کام کر رہی تھی کہ معلوم ہوتا تھا کہ زندگی بھر اس نے اس کام کے سوا اور کچھ نہیں کیا ہے— وہ مشکل سے ایک آدھ لفظ بولی اور اپنی آنکھیں اپنے کام پر جمائے رہی— اس کے خد و خال اتنے معمولی اور چہرہ اتنا روکھا پھیکا نظر آیا کہ میں اپنے گھر کی کاتیاؤں اور ماشاؤں کو یاد کئے بغیر نہ رہ سکا— اس یکسانیت کو مکمل بنانے کے لئے اس نے گنگنانا شروع کر دیا «ماں پیاری ماں!»— اس وقت اس کے پیلے اور بے جان چہرے کو دیکھ کر مجھے کل کے سپنوں کا خیال آیا اور پتہ نہیں کیوں دل میں افسوس کے جذبات ابھر آئے— یہ ایک شاندار دن تھا— گاگن نے اعلان کیا کہ وہ باہر اسکیچ بنانے کے لئے جا رہا ہے— میں نے اس سے پوچھا

کہ آیا میں بھی اس کے ساتھہ چل سکتا ہوں، میں اس کے راستے میں رکاوٹ تو نہیں ہونگا—

«اس کے برعکس» اس نے جواب دیا «تم مجھے بھلی صلاح دے سکتے ہو!»

وہ اپنی گول * à la Van Dyck ٹوپی پہن، لبادہ اوڑھہ، تھیلا بغل میں دبا باہر نکل گیا اور اس کے پیچھے پیچھے میں— آسیہ گھر پر ہی رہی— جانے سے پہلے گاگن نے اسے ہدائت کی کہ وہ ذرا شوربہ دیکھتی رہے کہیں زیادہ پتلا نہ ہو جائے— اس نے وعدہ کیا کہ وہ باورچی خانے پر نظر رکھیگی— جب گاگن اس وادی میں پہنچا جس سے میں مانوس ہو چکا تھا تو وہ ایک چٹان پر بیٹھہ گیا اور ایک بوڑھے اور کھوکھلے شاہ بلوط کی تصویر کھینچنے لگا جس کی شاخیں پھیلی ہوئی تھیں— میں گھاس پر لیٹ گیا اور اپنی جیب سے ایک کتاب نکالی— لیکن میں دو صفحے سے آگے نہ پڑھہ سکا اور وہ اپنے کاغذ کا تختہ برباد کرنے کے سوا اور کچھہ نہ کر سکا— ہم زیادہ تر باتیں کرتے رہے، جہاں تک میرا خیال ہے، ہم ذہانت اور اپج کے ساتھہ اس پر بات چیت کرتے رہے کہ کام کرنے کا ٹھیک ڈھنگ کیا ہے، کس چیز سے بچنا چاہئے، کیا طریقہ اپنانا چاہئے اور یہ کہ ہمارے دور میں آرٹ کی کیا اہمیت ہے— گاگن نے آخر فیصلہ کیا کہ آج وہ «اچھے فارم میں نہیں ہے» اور میرے پاس لیٹ گیا— پھر ہماری جوانی کی باتوں کا دریا امڈ آیا— اور ہم نے خود کو ان باتوں کے دھارے پر چھوڑ دیا جو کبھی

---

* وان دیک والی ٹوپی—

پرخلوص ہوتی ہیں، کبھی مفکرانہ اور کبھی وجدانی، لیکن اکثر مبہم جو روسی دل کو اتنی عزیز ہیں — ہم جی بھر کے گپ کرنے کے بعد گھر لوٹ آئے — ہمارے دل میں طمانیت کے جذبات تھے جیسے ہم نے کامیابی سے کوئی منزل مارلی ہو — میں نے آسیہ کو وہیں اور اسی حالت میں پایا جس حالت میں چھوڑ کر گیا تھا — میں نے غور سے دیکھا — اس میں عشوہ وادا کی کوئی جھلک نہ تھی، اداکاری کا کوئی نشان نہیں تھا — ابکے کوئی بھی اس پر بناوٹ کا الزام نہیں دھر سکتا تھا —

«اوہ» گاگن بولا «وہ تو توبہ کے لباس میں ہے —»

دن ڈھلتے اس نے بغیر کسی بناوٹ کے کئی بار جماہیاں لیں اور جلد ہی اپنے کمرے میں چلی گئی — میں نے بھی گاگن سے رخصت چاہی اور گھر چلا گیا — اب میں خواب نہیں دیکھ رہا تھا... یہ سچے احساسات کا دن تھا — مجھے یاد ہے کہ بستر پر لیٹتے ہوئے بے ساختہ میرے منہ سے نکلا «کیسی گرگٹ ہے یہ لڑکی!» پھر ذرا رک کر «بہرحال مجھے یقین ہے کہ وہ اس کی بہن نہیں ہے!»

٦

پورے دو ہفتے بیت گئے جس کے دوران میں میں ہر دن گاگن کے یہاں جاتا رہا — آسیہ مجھ سے کتراتی ہوئی معلوم ہوتی تھی — لیکن وہ اب من موجی حرکتوں کا مظاہرہ نہ کرتی جن پر مجھے اپنی ملاقات کے شروع کے دو دن میں اتنا اچنبھا ہوا تھا — ایسا لگتا تھا کہ اندر ہی اندر اسے کوئی دکھ ستا رہا ہے یا کسی

قسم کی بوکھلاہٹ اور گھبراہٹ ہو رہی ہے — اب وہ ہنستی بھی کم تھی — میں بڑے تجسس کے ساتھہ اسے دیکھتا —

وہ جرمن اور فرانسیسی دونوں زبانیں اچھی طرح بولتی تھی — لیکن اس کی ہر ہر بات چغلی کھاتی تھی کہ اس کا بچپن عورت کی نگرانی میں نہیں گزرا ہے اور اسے جو تعلیم ملی تھی کچھہ اجنبی اور غیر معمولی تھی خود گاگن کی تعلیم سے بالکل مختلف — à la Van Dyck ٹوپی اور لبادے کے باوجود گاگن ایک کھاتے پیتے روسی گھرانے کا ناز و نعمت میں پلا ہوا چشم و چراغ معلوم ہوتا تھا — آسیہ میں ایک ایسے گھرانے کی دوشیزہ کی کوئی بات نہ تھی — اس کی چال ڈھال میں ایک اضطراری کیفیت تھی — اس خود رو پودے کا قلم پوری طرح پروان نہ چڑھا تھا — یہ شراب ابھی تک ابال کی منزل میں تھی — وہ فطری طور پر کچھہ لجائی لجائی اور سہمی سہمی سی تھی — لیکن وہ اپنے اس حجاب پر خود ہی دکھی تھی اور بے باک اور آزاد بننے کی سخت کوشش کرتی تھی لیکن اس کا نتیجہ بہت زیادہ کامیاب نہ تھا — کئی بار میں نے کوشش کی کہ وہ روس میں اپنی زندگی کے بارے میں بتائے، اپنے ماضی کے بارے میں — لیکن ہمیشہ اس نے میرے سوالوں کا جواب جھجکتے ہوئے دیا — ہاں البتہ اتنا تو مجھے معلوم ہو گیا کہ ملک سے نکلنے سے پہلے بہت عرصے تک وہ گاؤں میں رہی تھی — ایک دن میں نے اس کو اکیلا پایا — وہ ایک کتاب پر جھکی ہوئی تھی — اس کا چہرہ ہاتھوں کے سہارے رکھا تھا، اس کی انگلیاں بالوں میں الجھی ہوئی تھیں، وہ نگاہوں نگاہوں میں کتاب کی تحریر پی رہی تھی — «شاباش!» میں نے اس کے پاس جاتے ہوئے کہا «تم کتنی محنتی ہو!»

اس نے اپنا سر اٹھایا اور کڑی نظروں سے دیکھا —

«تم سمجھتے ہو کہ میں کھلکھلانے کے سوا اور کچھ نہیں کر سکتی» اس نے کہا اور وہاں سے چلنے لگی —

میں نے کتاب کا نام دیکھا — یہ کوئی فرانسیسی ناول تھا —

«شاید میں تمہارے انتخاب کو سراہ نہ سکوں —» میں نے کہا —

«تو پھر کیا پڑھوں میں؟» اس نے کتاب کو میز پر پھینکتے ہوئے چلا کر کہا «بہتر ہو کہ میں باہر جاؤں اور تفریح کروں —» اور بھاگ کر وہ باغ میں چلی گئی —

شام کے وقت میں نے «ہرمن اور ڈروتھیا» پڑھ کر گاگن کو سنایا — شروع میں تو آسیہ ہمارے پاس سے یونہی گزرتی ہوئی آتی جاتی رہی — لیکن کچھ دیر کے بعد وہ ایک طرف اپنا سر جھکائے میرے پاس آکر بیٹھ گئی اور ختم ہونے تک سنتی رہی — اگلے دن پھر میں اسے پہچان نہ سکا — پھر میری سمجھ میں آیا کہ اس کے من میں کیا سمائی ہے —— وہ ڈروتھیا کی طرح متین اور گرھستن بننے کی کوشش کر رہی تھی — مختصر یہ کہ وہ میرے لئے ایک پہیلی تھی — وہ حد درجہ خودپسند اور تیز حس کی لڑکی تھی — لیکن جب مجھے اس پر غصہ آتا تھا تو اس وقت بھی وہ مجھے اپنی طرف کھینچتی تھی — ہاں ایک بات کا یقین روز بروز پختہ ہوتا جا رہا تھا — اور وہ یہ کہ وہ گاگن کی بہن نہیں تھی — وہ اس کے ساتھ بھائی کا برتاؤ نہیں کرتا تھا —— وہ اسے ضرورت سے زیادہ چاہتا تھا، وہ ضرورت سے زیادہ ڈھیل دیتا تھا، اور ساتھ ہی اس کی صحبت میں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گاگن پر کسی قسم کا دباؤ پڑ رہا ہے —

ایک عجیب واقعہ ہوا اور اس نے قریب قریب میرے شبہے کی تصدیق کر دی —

ایک شام جب میں انگوروں کے اس چمن میں پہنچا جہاں گاگن رہتا تھا، تو مجھے پھاٹک بند نظر آیا — میں نے اس پر حیران ہونے اور سوچنے میں زیادہ وقت ضائع نہیں کیا اور سیدھا میں دیوار کے اس ٹوٹے ہوئے حصے کی طرف بڑھا جسے میں پہلے دیکھ چکا تھا اور یہاں سے دیوار پار کرکے اندر آ گیا — اس سے قریب ہی، راستے سے ذرا پرے کیکر کی جھاڑیوں کا ایک چھوٹا سا کنج تھا — میں اس کے پاس پہنچا اور آگے بڑھنے ہی والا تھا کہ آسیہ کی آنسوؤں میں ڈوبی ہوئی آواز سن کر میں دم بخود رہ گیا —

«میں تمہارے سوا اور کسی سے محبت نہیں کرنا چاہتی — نہیں، نہیں، میں صرف تم سے محبت کرنا چاہتی ہوں — ہمیشہ ہمیشہ تم سے محبت کرنا چاہتی ہوں — »

«چھوڑو، آسیہ اب بس کرو، چپ ہو جاؤ!» گاگن نے کہا «تم جانتی ہو کہ میں تم پر بھروسہ کرتا ہوں — »

ان کی آوازیں کنج سے آ رہی تھیں — میں ان کو جھاڑیوں کے چھدرے جال میں سے دیکھ رہا تھا — انہوں نے مجھے نہیں دیکھا —

«تم سے، صرف تم سے!» آسیہ نے دھرایا اور اس کے سینے پر گرکر، زور زور سے سسکیاں بھرتے ہوئے اور اس کو چومتے ہوئے، اس سے اور زیادہ لپٹنے لگی —

«بس، بس!» اس نے نرمی سے اپنا ہاتھ اس کے بالوں پر پھیرتے ہوئے کہا —

میں ایک دو لمحے کو بے حس و حرکت کھڑا رہا — پھر میں نے خود کو جھنجھوڑا — «کیا ان کے پاس جاؤں؟ نہیں کسی قیمت پر نہیں!» میرے دماغ میں کوند گیا — میں تیز تیز قدموں سے چلتا ہوا دیوار کی طرف گیا، اس کو پار کرکے سڑک پر پہنچا اور بھاگتا ہوا گھر کی طرف چل دیا — میں اس واقعے پر حیران ہوتا ہوا، جس نے میرے اندیشوں کو صحیح ثابت کر دیا تھا، مسکرایا اور اپنے ہاتھ رگڑنے لگا (ایک لمحے کو بھی مجھے ان اندیشوں کی صحت پر شبہہ نہیں ہوا تھا) — ساتھ ہی میرے دل میں ایک تلخی پیدا ہو رہی تھی — واقعی انہیں دورنگی باتیں خوب آتی ہیں! لیکن کیوں؟ آخر مجھے بیوقوف بنانے کی کیا ضرورت تھی؟ مجھے گاگن سے اس کی ہرگز امید نہ تھی — اوہ کیسا زوردار اور پراثر اقرار!

۷

ایک بری رات کاٹنے کے بعد اگلی صبح میں سویرے ہی اٹھ بیٹھا، میں نے اپنا سفری تھیلا کندھے پر ڈالا، اپنی گھر کی مالکن سے کہا کہ شام تک میرا انتظار نہ کیا جائے، اور پہاڑوں پر اس دریا کے ساتھ چڑھتا چلا گیا جس پر شہر «ز» آباد ہے — یہ پہاڑ اس پہاڑی سلسلے کا حصہ ہے جس کو «کتے کی پیٹھ» (Hundsrück) کہتے ہیں اور علم ارضیات کے نقطہ نظر سے یہ پہاڑی سلسلے بہت دلچسپ ہیں — خاص طور پر قابل غور اس کے زرد یا بادامی آتش انگیز پتھر کی کھڑی پرتوں کی ہمواری اور پاکیزگی تھی — لیکن اس وقت مجھے ارضیاتی جانچ پڑتال میں ذرا دلچسپی نہ تھی — مجھے کچھ معلوم نہ تھا کہ میرے اندر ہی اندر کیا ہو رہا

ھے — لیکن ایک احساس بالکل صاف تھا — میں گاگن اور آسیہ سے بالکل ملنا نہ چاھتا تھا — میں نے خود کو یقین دلایا کہ ان کے بارے میں یکایک میرے دل میں جو ناپسندیدگی پیدا ھوگئی تھی اس کی تہہ میں ان کے دورخاپن کے خلاف میرا غصہ کام کر رھا تھا — ان سے کس نے کہا تھا کہ خود کو رشتہ دار بتائیں؟ اور باقی باتوں کے سلسلے میں میں نے ان کے بارے میں ھر خیال کو اپنے ذھن سے نکالنے کی کوشش کی — میں من موجی انداز میں پہاڑیوں، ندی نالوں پر گھومتا پھرا، دیہاتی سرائے میں آرام کیا، جہاں میں نے میزبانوں اور مہمانوں سے بڑے اطمینان کے ساتھہ بات چیت کی، یا ایک چٹی اور دھوپ سے گرم چٹان پر لیٹ گیا اور اپنے اوپر بادلوں کو تیرتے ھوئے دیکھتا رھا کیونکہ موسم لاجواب تھا — میں نے اسی طرح تین دن بتائے اور اس میں خاص لطف آیا گرچہ باربار میرے دل میں ایک ھوک سی اٹھتی رھی — اس علاقے کے پرسکون قدرتی مناظر میرے خیالات کے لئے عین موافق تھے —

میں نے خود کو اتفاقی جذبات و احساسات کے سپرد کر دیا — لمحاتی تاثرات کے حوالے — میری روح کے اندر ایک کے بعد دوسرا تاثر خاموشی سے ترتیب پاتا رھا اور جذب ھو ھوکر ایک واحد تاثر یا احساس کا روپ دھارن کرتا رھا جس میں وہ سب کچھہ مدغم ھوگیا تھا جو میں نے ان تین دنوں میں دیکھا، محسوس کیا اور سنا تھا — جنگلوں میں چیڑ کے گوند کی مدھم مدھم خوشبو، کھٹ بڑھئی کی کھٹ کھٹ، شیشے کی طرح جھلملاتے ھوئے چشموں کی کل کل، جس کی ریت بھری تہہ میں داغ داغ فریل مچھلیاں چمک رھی تھیں، پہاڑوں کی دھندلی دھندلی اونچی نیچی چوٹیاں، صاف ستھرے

گاؤں، قدیم مقدس گرجا گھر اور درخت، جنگلی گھاس کے میدانوں میں بگلے، چھوٹی چھوٹی پن چکیاں، جن کی چکیاں گھوم رہی تھیں، دیہاتیوں کے دوستانہ چہرے، جو اپنے نیلے لبادوں اور بھورے موزوں میں تھے، کاشت کاروں کی چرخ چوں چرخ چوں کرتی ہوئی گاڑیاں جن کو تگڑے گھوڑے یا کبھی گائیں کھینچ رہی تھیں، اچھی اور صاف ستھری سڑکوں پر جواں سال، لمبے لمبے بالوں والے یاتری، سڑکیں جن پر دونوں طرف سیب اور ناخ کے پیڑوں کی قطاریں تھیں...

آج تک ان تاثرات کو یاد کرکے میں لطف اٹھاتا ہوں — مرحبا! اے جرمن سرزمین، انکسار آمیز طمانیت سے سرشار! تیرے انگ انگ پر محنتی ہاتھوں کی چھاپ ہے، صبروسکون بھری محنت کی چھاپ — مرحبا! تجھے آرام اور چین نصیب ہو!

تیسرے دن کے ختم ہوتے ہوتے میں اپنی قیام گاہ پر واپس آ گیا — ہاں میں یہ بتانا تو بھول ہی گیا کہ گاگن اور آسیہ کے خلاف اپنے غصے کے عالم میں میں نے اپنی سنگ دل بیوہ کا تصور جگانے کی کوشش کی لیکن میری کوششیں نا کام رہیں — مجھے یاد ہے کہ ایک بار جب میں اس کے بارے میں سوچنے کی کوشش کر رہا تھا تو میری نظر پانچ برس کی ایک کسان لڑکی پر پڑی، جس کا منہ گول اور معصوم تھا اور آنکھیں پھٹی پھٹی اور گھورتی ہوئی — اس نے مجھے معصومیت اور سادگی سے دیکھا — اس کی صاف شفاف نظر نے مجھے نادم سا کر دیا، اس کی موجودگی میں جھوٹ نہیں بول سکا، اور اس وقت سے میں نے ہمیشہ ہمیشہ کو اپنی پچھلی محبوبہ کو خیرباد کہہ دیا —

گھر پر مجھے گاگن کا ایک پرچہ ملا — اس نے میرے اچانک فیصلے پر تعجب کا اظہار کیا تھا، اپنے ساتھہ نہ لے جانے پر برا بھلا کہا تھا، اور مجھہ سے کہا تھا کہ میں واپسی پر فوراً جاکر ان سے ملوں — میں نے ناخوشگوار جذبات کے ساتھہ پرچے کو پڑھا لیکن دوسرے دن شہر «ل» ضرور گیا —

۸

گاگن نے بڑے خلوص سے آؤ بھگت کی، پیار اور محبت سے برا بھلا کہا — لیکن آسیہ نے مجھے دیکھتے ھی زوروں سے قہقہہ بلند کیا اور ھمیشہ کی طرح فوراً وھاں سے بھاگ گئی — گاگن کچھہ بوکھلا سا گیا اور بڑبڑایا کہ پگلی ھے، اسے معاف کر دو — مجھے اعتراف ھے کہ میں آسیہ سے بری طرح جلا ھوا تھا — میں بڑی کوفت محسوس کر رھا تھا اور اس بناوٹی قہقہے نے، ان من موجی اوٹ پٹانگ حرکتوں نے میرے اندر کوئی گرمی نہیں پیدا کی — بہرحال میں نے یوں دکھانے کی کوشش کی جیسے میں نے کچھہ سنا ھی نہ ھو اور میں نے گاگن کو اپنے چھوٹے سے سفر کا حال سنانا شروع کر دیا — اور اس نے مجھے بتایا کہ وہ میری غیر موجودگی میں کیا کرتا رھا تھا — لیکن بات چیت کی گاڑی آگے نہ چل سکی — پھر آسیہ کمرے میں آئی اور پھر باھر بھاگ گئی — آخر میں نے کہا کہ مجھے ایک ضروری کام کرنا ھے اور اب مجھے گھر چل دینا چاھئے — پہلے تو گاگن نے مجھے روکنے کی کوشش کی لیکن مجھے غور سے دیکھنے کے بعد اس نے کہا کہ میں تمہیں گھر تک چھوڑ آؤنگا — ھال میں آسیہ یکایک میرے پاس آئی اور اپنا ھاتھہ میری

طرف بڑھایا — میں نے صرف اس کی انگلیوں کے سروں کو چھوا اور برائے نام جھکا — میں اور گاگن ناؤ میں رھائن پار ھوئے اور اپنے محبوب ایش کے درخت کے پاس سے گزرتے ھوئے، جہاں اس کی شاخوں میں میڈونا کا بت تھا، ھم منظر کا لطف اٹھانے کے لئے بنچ پر بیٹھ گئے — اور تب ھمارے درمیان ایک لاجواب بات چیت شروع ھوئی —

شروع میں تو ھم یونہی بے ربط سے جملے ایک دوسرے سے کہتے رھے — پھر ھم چپ ھو گئے اور جھلملاتے ھوئے دریا کو گھورتے رھے —

«اچھا بتاؤ» دفعتاً گاگن نے اپنے خاص انداز میں مسکراتے ھوئے کہا «آسیہ کے بارے میں تمھاری کیا رائے ھے؟ میرا خیال ھے کہ وہ تمھیں بڑی عجیب و غریب نظر آتی ھوگی — »

«کیوں، ھاں» میں نے کچھہ تعجب سے کہا — مجھے اس کی توقع نہ تھی کہ وہ اس کے متعلق باتیں کریگا —

«اس کے بارے میں فیصلہ کرنے سے پہلے اسے اچھی طرح جاننے اور سمجھنے کی ضرورت ھے» وہ بولا — «اس کا دل سونے کا ھے — مگر ذرا سنکی ھے — اس کے ساتھہ نباہ ذرا مشکل ھے — لیکن قصور اس کا نہیں اور اگر تمھیں اس کی کہانی معلوم ھوتی...»

«اس کی کہانی؟» میں نے بات کاٹ کر پوچھا «میرا خیال ھے کہ تم نے یہ کہا تھا کہ وہ تمھاری...»

گاگن نے مجھے دیکھا —

«کیا تمھارے دل میں یہ خیال پیدا ھوگیا ھے کہ وہ میری بہن نہیں ھے؟ اوہ ھاں — » اس نے میری بوکھلاھٹ کو نظر انداز کرتے ھوئے کہا «وہ میری بہن تو ھے ھی — وہ میرے باپ

کی بیٹی ہے — دیکھو! میں جانتا ہوں کہ میں تم پر بھروسہ کر سکتا ہوں اور میں تمہیں سارا ماجرا سناؤنگا —»

«میرے ابا ایک حددرجہ نیک دل، عقل مند، خوب تعلیم یافتہ —— اور بدنصیب آدمی تھے — انہیں قسمت نے بہتوں کے مقابلے میں کچھ ایسا زیادہ تو نہ ستایا تھا لیکن وہ پہلے ہی دھکے میں تلملا گئے — انہوں نے کم عمری میں ہی محبت کے ہاتھوں مجبور ہوکر شادی کی — ان کی بیوی، یعنی میری ماں، شادی کے فوراً بعد مر گئیں جبکہ میں ابھی صرف چھ مہینے کا تھا — میرے ابا مجھے گاؤں میں لے گئے اور بارہ برس تک وہیں رہے — وہ خود ہی میری تعلیم و تربیت کرتے — اگر ان کے بھائی، میرے چچا ان سے ملنے کے لئے وہاں گاؤں نہ آئے ہوتے تو وہ ہرگز مجھے جدا نہ کرتے — چچا پیٹرس برگ میں رہتے تھے اور خاصے اہم عہدے پر مامور تھے — انہوں نے میرے ابا پر زور ڈالا کہ مجھے ان کی سرپرستی میں دے دیا جائے اس لئے کہ ابا کسی قیمت پر دیہاتی زندگی کو چھوڑنے پر رضامند نہ تھے — میرے چچا نے ان سے کہا کہ میری عمر کے لڑکے کے لئے یہ مناسب نہ تھا کہ وہ بالکل اکیلا ہو اور میرے ابا جیسے آزردہ اور غم‌زدہ اتالیق کے زیر سایہ میرا اپنی عمر کے لڑکوں سے پچھڑ جانا لازمی تھا اور اس طرح میری مزاج کے بگڑنے کا خطرہ بھی تھا — ابا نے دیر تک بحث کی لیکن آخر میں مان گئے — ان سے جدا ہوتے ہوئے میں رویا بھی — میں انہیں چاہتا تھا گرچہ انہیں میں نے کبھی مسکراتے نہیں دیکھا تھا — لیکن پیٹرس برگ پہنچتے ہی میں اپنے تاریک اور افسردہ حال گھر کو بھول گیا — میں افسروں کی

تربیت گاہ میں بھیج دیا گیا — جہاں سے میں سیدھا گارد دستے میں چلا گیا — میں ہر سال ایک دو ہفتے کے لئے گھر آتا تھا اور ہر بار میں نے ان کو اور زیادہ غم زدہ اور اداس پایا، بہت زیادہ سوچ فکر کی بدولت سنیاسی کی طرح کھچے کھچے اور تنہائی پسند — وہ روزانہ گرجا گھر جاتے — ان کی قوت گویائی قریب قریب ختم ہو چکی تھی — ایک بار اسی طرح جب میں وہاں چھٹیوں میں آیا ہوا تھا (اس وقت میری عمر بیس برس تھی) میری نظر کالی کالی آنکھوں والی ایک دس سالہ لڑکی پر پڑی، جسے اس سے پہلے میں نے کبھی اس گھر میں نہیں دیکھا تھا — یہ تھی آسیہ — میرے ابا نے کہا کہ یہ ایک یتیم لڑکی ہے جس کو انہوں نے پناہ دی ہے اور پال پوس رہے ہیں—یہی تھے ان کے الفاظ — میں نے اس کی طرف زیادہ توجہ نہیں دی — وہ چھوٹے سے جانور کی طرح، چست اور پھرتیلی تھی اور کچھہ لجائی لجائی خاموش سی رہتی — جب کبھی میں ابا کے محبوب، بڑے اوراندھیرے کمرے میں جاتا، جہاں میری اماں مری تھیں، اور جہاں دن کے وقت بھی موم بتیاں جلتی تھیں، تو مجھے دیکھتے ہی یہ لڑکی ابا کی اونچی پشت والی کرسی یا کتابوں کی الماری کے پیچھے چھپ جاتی — کچھہ ایسا ہوا کہ اس کے بعد میں اپنے فوجی فرائض کی بنا پر تین چار برس تک گاؤں نہ جا سکا — ہر مہینے میں ابا کا ایک مختصر خط آ جاتا تھا — وہ شاذ و نادر ہی آسیہ کا ذکر کرتے اور کرتے بھی تو بالکل سرسری — وہ اس وقت پچاس سے اوپر ہو گئے تھے لیکن دیکھنے میں وہ جوان معلوم ہوتے تھے — اس لئے ذرا تصور کرو اس وقت میرے اضطراب کا کیا عالم ہوا ہوگا جب

ناگہاں مجھے اپنے پٹواری کے خط سے اطلاع ملی کہ ابا بسترمرگ پر پڑے ہیں اور اس میں التجا تھی کہ اگر میں اپنے باپ کی موت سے پہلے ان سے ملنا چاہتا ہوں تو جہاں تک جلد ممکن ہو سکے ان کے پاس پہنچ جاؤں — میں بے تحاشا بھاگا اور ابا زندہ ملے لیکن وہ اپنی آخری سانس لے رہے تھے — مجھے دیکھہ کر ان کو ایک ناقابل بیان مسرت ہوئی، انہوں نے مجھے اپنے سوکھے ہوئے ہاتھوں سے گلے لگایا — وہ دیر تک میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر گھورتے رہے — ان کی آنکھوں میں کچھہ جستجو تھی اور کچھہ التجا — انہوں نے مجھہ سے وعدہ لیا کہ میں ان کی آخری التجا پوری کرونگا — انہوں نے اپنے بوڑھے خدمتگار سے کہا کہ آسیہ کو لاؤ — بڈھا خدمتگار اسے اپنے ساتھہ اندر لایا — وہ مشکل سے کھڑی ہو پا رہی تھی — وہ سر سے پاؤں تک کانپ رہی تھی —

«'یہ لو، میرے ابا نے ذرا جدوجہد کے ساتھہ کہا 'میں اپنی بیٹی کو تمہارے حوالے کرتا ہوں، تمہاری بہن کو — یاکوف تمہیں سب کچھہ بتا دیگا —، انہوں نے کہا اور بوڑھے خدمتگار کی طرف اشارہ کیا — آسیہ پھوٹ پھوٹ کر سسکیاں بھرنے لگی اور اپنے منہ کے بل بستر پر گر پڑی... آدھے گھنٹے کے بعد میرے ابا چل بسے —

«اس کے بعد مجھے یہ معلوم ہوا ۔ آسیہ میرے ابا کی اور میری مرحومہ اماں کی ملازمہ تتیانہ کی بیٹی ہے — مجھے تتیانہ اچھی طرح یاد ہے، لمبی لمبی سی، چھریرا بدن، خوبصورت، تیکھا، ذہین مکھڑا، بڑی بڑی کالی آنکھیں — وہ ایک مغرور اور ایسی لڑکی سمجھی جاتی تھی جو بس میں نہ آسکتی ہو — جہاں تک مجھے یاکوف کی باتوں سے معلوم ہو سکا، ابا نے اماں کی موت کے چند

برس بعد اس کے ساتھہ تعلق پیدا کرلیا — تتیانہ اس وقت بڑے گھر میں نہیں رہتی تھی — وہ اپنی بیاھی بہن کے ساتھہ رہتی تھی جو مویشی کی رکھوالی کرتی تھی — میرے ابا اس سے بہت مانوس ھوگئے تھے اور گاؤں سے میری روانگی کے بعد اس سے شادی کرنا چاھتے تھے — لیکن ان کی تمام التجاؤں کے باوجود وہ ان کی بیوی بننے پر راضی نہ ھوئی —

«یاکوف نے، دروازے پر کھڑے کھڑے، اپنے دونوں ھاتھہ اپنی پیٹھہ پر باندھہ کر کہا 'مرحومہ تتیانہ ولاسیونا بوتے اور ضبط کا نمونہ تھیں — وہ تمہارے اباکو نقصان پہنچانا نہیں چاھتی تھیں — «میں تمہارے کس کام کی بیوی بن سکونگی؟ میں ایک اچھی اور شریف عورت نہیں ھوں —» وہ یہی جواب دیا کرتیں — وہ یہ باتیں میرے سامنے کہتیں —،

«تتیانہ ھمارے گھر آ کر نہ رھی — وہ وھیں اپنی بہن کے جھونپڑے میں آسیہ کے ساتھہ پڑی رھی — بچپن میں میں تتیانہ کو صرف سینٹ کے دنوں میں گرجاگھر میں دیکھا کرتا تھا — وہ ھمیشہ ھجوم میں کھڑکی کے پاس کھڑی ھوتی — ایک سیاہ رومال سر پر بندھا ھوتا اور ایک پیلے رنگ کی شال اس کے شانوں پر پڑی ھوتی — اس کے تیکھے خدوخال، کھڑکی کے صاف شیشے کے پس منظر میں بہت نمایاں ھو جاتے — وہ دعاؤں میں ایک سہمے سہمے وقار کے ساتھہ شامل ھوتی اور پرانے انداز سے زمین تک جھک جاتی — جب میرے چچا مجھے اپنے ساتھہ لے کر چلے گئے تو اس وقت آسیہ صرف دو برس کی تھی اور جب اس کی عمر آٹھہ برس ھوئی تو اس کی ماں کا سایہ اٹھہ گیا —

«تتیانہ کی موت کے فوراً بعد میرے ابا آسیہ کو بڑے گھر میں لے آئے — انہوں نے پہلے بھی اس کو اپنے ساتھہ لے آنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا مگر تتیانہ نے اس کی اجازت ھی نہیں دی — ذرا سوچو آسیہ جب بڑے گھر میں آئی ھوگی تو اس پر کیا بیتی ھوگی! وہ آج تک وہ لمحہ نہیں بھولی ھے جب پہلی بار اس نے ریشمیں کپڑے پہنے اور ملازموں نے بڑھہ کر اس کا ھاتھہ چوما — اس کی ماں نے بڑی سختی کے ساتھہ اس کی پرورش کی تھی — اپنے باپ کے گھر میں اسے مکمل آزادی نصیب ھوئی — وھی اس کے استاد تھے — وھی اس کے واحد ساتھی تھے — انہوں نے اس کو بگاڑا نہیں یا کم از کم انہوں نے اس کو بہت لاڈ اور دلار میں نہیں رکھا — لیکن وہ اس پر جان چھڑکتے تھے اور اس کے جی میں جو آتا اسے کرنے دیتے — اپنے دل میں وہ محسوس کرتے کہ انہوں نے اس کو نقصان پہنچایا ھے — آسیہ جلد ھی سمجھہ گئی کہ وہ گھر کی اھم ترین شخصیت ھے — وہ جانتی تھی کہ گھر کا مالک اس کا باپ ھے — لیکن اتنی ھی جلدی اسے اپنی غلط پوزیشن کا بھی احساس ھو گیا — اس میں غیرمعمولی خود بینی پیدا ھوگئی اور اتنی ھی غیر معمولی جھجک — بری عادتیں جڑ پکڑتی گئیں اور سادگی غائب ھوگئی — ایک بار اس نے مجھہ سے کہا تھا کہ وہ یہ سپنا دیکھتی ھے کہ «ساری دنیا» کے دل سے اپنی اصلیت کا احساس مٹا دے — بیک وقت وہ اپنی ماں پر شرمندہ تھی، اپنی ذلت پر نادم اور ساتھہ ھی اپنی ماں پر نازاں —

«اس نے بہت کچھہ سنا اور دیکھا ھے جو اس کی عمر کے لحاظ سے مناسب نہیں... لیکن کیا یہ اس کا قصور ھے؟

وہ اپنی جوانی کے جذبات میں بہی جا رہی تھی — جوانی کا خون اس کی رگوں میں موجیں مار رہا تھا — اور کوئی نہ تھا جو اسے رستہ دکھاتا — ہر طرح سے آزاد! اور یہ کوئی ہلکا بوجھ نہ تھا! اس نے دوسری جواں سال خواتین کی طرح اچھی بھلی بننے کی ٹھان رکھی تھی — وہ جی کھول کے کتابوں میں کھو گئی — لیکن ان سب باتوں سے کیا ہاتھ آنا تھا؟ اس کی زندگی، جس کی کونپل ہی ایک غلطی سے پھوٹی تھی، غلط ڈھرے پر پروان چڑھتی رہی — لیکن اس کا دل آلودہ نہ تھا، اس کا دماغ پاک تھا —

«اور یہ رہا میں، بیس برس کا جوان، جس کے سپرد تیرہ برس کی ایک لڑکی کی نگرانی کا فرض ہوا تھا — ابا کی موت کے بعد شروع کے چند دن تو میری آواز کی بھنک بھی اسے بخار میں مبتلا کرنے کے لئے کافی تھی، میری محبت اور پیار سے اس کا حال برا ہو جاتا — مجھ سے مانوس ہونے میں اسے خاصا وقت لگا — ہاں البتہ جب بعد میں اسے اندازہ ہوا کہ میں واقعی اسے اپنی بہن سمجھتا ہوں اور ایک بھائی کی حیثیت سے اسے چاہتا ہوں تو وہ انتہائی شدت اور گرمی کے ساتھ مجھے چاہنے لگی — اس کے جذبات میں تھمی تھمی سی کیفیت کی کوئی گنجائش نہیں —

«میں اسے پیٹرس برگ لے گیا — اس سے جدا ہونے میں جی بہت کڑھا — لیکن اس کو اپنے ساتھ رکھنا بالکل نا ممکن تھا اس لئے میں نے اس کو ایک بہترین بورڈنگ اسکول میں رکھہ دیا — آسیہ نے مانا کہ ہماری جدائی ضروری ہے، لیکن اس نے اس دور کا آغاز ایک ایسی بیماری سے کیا کہ جان کے لالے پڑ گئے —

لیکن رفتہ رفتہ اس نے خود کو بورڈنگ اسکول کی زندگی کا عادی بنا لیا اور وہاں چار برس رہی — لیکن میری توقعات کے خلاف وہ وہاں سے، جیسی گئی تھی ویسی ہی نکل آئی — اس میں ذرا تبدیلی نہیں ہوئی — اسکول کی ہیڈ مسٹرس ہمیشہ اس کی شکایت کرتی — 'کوئی سزا اسے رام نہیں کر سکتی، وہ کہتی 'اور پیار سے اس پر کوئی اثر ہی نہیں ہوتا، — آسیہ بے حد ہونہار اور تیز شاگرد تھی — وہ تمام لڑکیوں میں سب سے اچھی تھی — لیکن کسی طرح بھی ضبط و پابندی کو نہ مانتی — وہ ضدی اور نک چڑھی تھی... میں اپنے دل میں اسے مجرم نہ ٹھہراتا — اس کی جو صورت حال تھی اس میں وہ کیا راستہ اختیار کرتی، خوشامدانہ عاجزی کا یا سرکشی اور بغاوت کا — اپنی تمام ہمجولیوں میں وہ صرف ایک لڑکی سے دوستی گانٹھ سکی جو خوبصورت نہ تھی — وہ ایک سادہ لوح اور غریب لڑکی تھی — جن لڑکیوں کے جھرمٹ میں وہ پروان چڑھی تھی، ان میں سے اکثر اچھے خاندانوں کی لڑکیاں تھیں — وہ اسے نا پسند کرتی تھیں اور جی بھر کے اس کو ستاتی اور چرکے لگاتی تھیں — مگر آسیہ کی جوتی بھی ان سے اتنا سا نہ دبتی — ایک بار جب دینیات کے استاد نے بدی کا ذکر کیا تو آسیہ نے کہا 'خوشامد اور بزدلی بدترین برائیاں ہیں، — مختصر یہ کہ وہ ذرا نہ بدلی اور اپنی اسی ڈگر پر چلتی رہی جس پر وہ شروع سے چل رہی تھی — صرف ایک چیز میں ترقی ہوئی، تہذیب اور طور طریقے میں — اور اس میدان میں بھی کوئی بہت زیادہ ترقی نظر نہیں آئی —

«آخر اس کی سترھویں سالگرہ آ گئی — اور اب وہ بورڈنگ اسکول میں نہیں رہ سکتی تھی — میں بڑی چپقلش میں تھا — یکایک

ایک خوشگوار خیال کوند گیا کہ نوکری سے دست بردار ہوجاؤں اور ایک دو برس کے لئے آسیہ کے ساتھہ پردیس کی سیر و سیاحت کر آؤں— جھٹ منگنی پٹ بیاہ— اس خیال کا آنا تھا کہ اس پر عمل بھی ہو گیا— اور یہ رہے ہم، وہ اور میں، یہاں، دریائے رھائن کے کنارے، جہاں میں خود کو مصوری میں محو کرنے کی کوشش کر رہا ہوں اور وہ... اس کا وہی من موجی اور وحشیانہ انداز جو تھا سو ہے— مجھے امید ہے کہ اب تم اس کے بارے میں ذرا زیادہ ہمدردی سے فیصلہ کرو گے— تم جانو، چاہے وہ کتنا ہی ڈھونگ رچائے، اسے دوسروں کی رائے کی پروا ہے—— خاص طور پر تمہاری رائے کی—»

اور گاگن پھر اپنی پرسکون مسکراہٹ بکھیرنے لگا— میں نے اس کا ہاتھہ زور سے دبایا—

«یہ سب تو خیر جو ہے سو ہے» اس نے پھر پرانے موضوع کو چھیڑتے ہوئے کہا— «لیکن مجھے اس کی وجہ سے بڑی مصیبت ہو رہی ہے— وہ ایک بارود خانہ ہے— اب تک اس نے کسی کو نہیں چاہا ہے لیکن جب اسے کسی سے محبت ہوگی تو خدا پناہ!.. کبھی کبھی میں سوچتا ہوں اس کا کیا حشر ہوگا— جانتے ہو پچھلے دنوں اس کے من میں کیا سمائی؟ پہلے تو اس نے یہ اعلان کر دیا کہ میں اس کی طرف سے سرد مہری برت رہا ہوں اور پھر کہنے لگی کہ وہ سوائے میرے کسی سے محبت نہیں کرتی اور جیون بھر میرے سوا اور کسی سے محبت نہیں کریگی... اور اف، کس طرح روئی ہے پھوٹ پھوٹ کر، کیا بتاؤں...»

«اچھا تو یہ...» میرے منہ سے نکلا اور میں نے فوراً خود کو روک لیا—

«اچھا بتاؤ» میں نے پوچھا (اب ہم خاصی صافگوئی سے بات کر رہے تھے) «تمہارا مطلب یہ ہے کہ اب تک اسے کوئی ایسا آدمی نہیں ملا ہے جسے وہ چاہ سکے؟ پیٹرس‌برگ میں اس کی ملاقات نوجوانوں سے ہوئی ہوگی؟»

«وہ پھوٹی آنکھ اسے نہ بھائے — نہیں — آسیہ کے لئے ایک ہیرو کا ہونا ضروری ہے — ایک شاندار آدمی، یا پھر ایک پہاڑی درے میں کوئی بانکا گڈریا — لیکن میں نے بہت دیر تمہیں یوں اپنی باتوں میں پھنسائے رکھا —» اس نے اٹھتے ہوئے کہا —

«سنو» میں نے کہا «آؤ ہم واپس چلیں — میں گھر جانا نہیں چاہتا —»

«اور تمہارا کام؟»

میں نے کوئی جواب نہیں دیا — گاگن بڑی نیک دلی سے مسکرایا اور ہم «ل» کی طرف لوٹ گئے — جب میں نے انگوروں کا وہی مانوس چمن، اور پہاڑی کی بلندی پر چھوٹا سا سفید گھر دیکھا تو مجھے اپنے دل میں ایک میٹھی سنسنی کا احساس ہوا —— ہاں اپنے اندر ایک میٹھی سنسنی کا احساس —— بالکل جیسے میرے دل میں قطرہ قطرہ شہد ٹپک رہا ہو — گاگن کی کہانی سننے کے بعد مجھے اپنا دل بہت ہلکا لگ رہا تھا —

۹

آسیہ سے ہماری مڈبھیڑ دروازے پر ہی ہو گئی — میں ایک دوسرے قہقہے کے لئے بالکل تیار تھا — لیکن وہ ہماری طرف آئی — وہ زرد اور خاموش تھی — اس کی آنکھیں جھکی ہوئی تھیں —

«لو پھر وہ آن دھمکا» گاگن نے کہا «یاد رہے اس نے خود ہی آنے کے لئے کہا —»

آسیہ نے مجھے سوالیہ نظروں سے دیکھا — ایکے میں نے خود ہی اپنا ہاتھہ بڑھایا اور گرم جوشی سے اس کی ٹھنڈی انگلیوں کو دبایا — مجھے اس پر بڑا ترس آیا — اس کی وہی باتیں پہلے جن سے مجھے الجھن ہوتی تھی اب بہت کچھہ میری سمجھہ میں آ گئی تھیں— اس کی بے چینی، اس کا اچھی طرح پیش نہ آ سکنا، اس کی دکھاوے کی بناوٹی حرکتیں —— اب یہ ساری باتیں میری نظر میں صاف تھیں — میری نگاہیں اس کی روح میں اتر چکی تھیں — ایک اندرونی لہر برابر اسے مضطرب رکھتی، اس کی ناپختہ خودی اسے چین نہ لینے دیتی، لیکن وہ اپنے پورے وجود کے ساتھہ صداقت کو ڈھونڈنے کی کوشش کر رہی تھی— میں نے جان لیا کہ وہ کیا چیز تھی جس نے مجھے اس عجیب لڑکی کی طرف کھینچا تھا — یہ محض اس کی نیم وحشیانہ دل ربائی نہیں تھی جو اس کے نازک پیکر سے روشنی کی طرح پھوٹتی تھی — بلکہ اس کی روح تھی جس کا میں شیدا تھا —

گاگن نے اپنے ڈرائنگ ڈھونڈنا اور الٹ پلٹ کرنا شروع کئے — میں نے آسیہ سے چمن کی سیر کو چلنے کے لئے کہا — وہ فوراً مان گئی، خوش خوش اور عاجزانہ آمادگی کے ساتھہ — آدھا ڈھلان طے کرنے کے بعد ہم ایک چٹان پر بیٹھہ گئے —

«اور کیا تمہیں ہماری کمی محسوس نہ ہوئی؟» آسیہ نے پوچھا —

«کیا تم نے میری کمی محسوس کی؟» میں نے جوابی سوال کیا —

آسیہ نے کنکھیوں سے مجھے دیکھا —

«ہاں» اس نے کہا اور فوراً دوسری بات کرنے لگی «کیا پہاڑوں پر بہت اچھا لگا؟ کیا وہ بہت اونچے ہیں؟ بادلوں سے بھی زیادہ اونچے ؟بتاؤ تم نے کیا کیا دیکھا — تم نے میرے بھائی کو سب کچھ بتایا لیکن میں کچھ سن نہ سکی —»

«تم تو خود ہی چل دیں وہاں سے» میں نے کہا —

«میں چلی گئی... اس لئے کہ... لیکن اس وقت تو میں نہیں جا رہی ہوں —» اس نے کچھ رازدارانہ انداز سے کہا — «تم آج مجھ سے خفا تھے، اوں؟»

«میں —— خفا!»

«ہاں —— تم!»

«کیوں بھلا میں کیوں خفا ہوتا؟»

«میں نہیں جانتی — مگر جب تم آئے تو خفا تھے، اور تم خفا ہی واپس گئے — مجھے بڑا افسوس ہوا کہ تم یوں واپس چلے گئے اور میں کتنی خوش ہوں کہ تم لوٹ آئے — »

«میں خوش ہوں کہ میں لوٹ آیا — » میں بولا —

آسیہ نے کندھے ہلائے جس طرح بچے خوشی میں ہلاتے ہیں —

«اوہ، میں ہمیشہ لوگوں کے دل کی بات جان لیتی ہوں — » اس نے اپنی بات جاری رکھی — «دوسرے کمرے میں ابا کے کھانسنے کے انداز سے ہی میں جان لیتی تھی کہ ابا مجھ سے خوش ہیں یا نہیں — »

اب تک آسیہ نے ایک بار بھی مجھ سے اپنے ابا کا ذکر نہیں کیا تھا — اس وقت اس کے منہ سے یہ سن کر مجھ پر بہت اثر ہوا —

«کیا تم اپنے ابا کو چاہتی تھیں؟» میں نے پوچھا اور یکایک مجھے یہ محسوس کرکے زبردست کوفت ہوئی کہ میرا منہ سرخ ہو رہا ہے۔

اس نے جواب نہیں دیا اور اس کا رنگ بھی اڑ گیا۔ ہم دونوں چپ رہے۔ دور رہائن میں ایک جہاز تیرتا ہوا اپنے پیچھے دھوئیں کے بادل چھوڑ گیا۔ ہم اسے دیکھتے رہے۔

«تم نے مجھے پہاڑوں کے بارے میں کیوں نہیں بتایا؟» آسیہ نے ہولے سے پوچھا۔

«آج صبح جب تم نے مجھے دیکھا تو تم قہقہہ مار کر کیوں ہنس دیں؟» میں نے پوچھا۔

«میں خود نہیں جانتی۔ سچ، بعض مرتبہ جب رونا چاہتی ہوں تو ہنس پڑتی ہوں۔ لیکن میں جو کچھہ کرتی ہوں اس سے میرے بارے میں رائے قائم نہ کرو۔ ہاں — اوہ — لوریلئی کی کہانی کتنی پیاری ہے۔ وہ وہاں اسی کی چوٹی ہے نا؟ کہتے ہیں کہ شروع میں تو وہ ہر شخص کو ڈبو دیتی تھی لیکن جب اسے محبت ہوئی تو خود پانی میں کود پڑی۔ مجھے یہ کہانی پسند ہے۔ فراؤ لوئی‌زا مجھے بھانت بھانت کی پریوں اور دیوؤں کی کہانیاں سناتی ہے۔ فراؤ لوئی‌زا کے پاس پیلی پیلی آنکھوں والی ایک کالی بلی ہے...»

آسیہ نے اپنا سر اٹھایا اور اپنی گھنگھریالی لٹوں کو سر کے جھٹکے سے پیچھے کر لیا۔

«ہائے میں کتنی خوش ہوں!» وہ بولی۔

اس وقت ہمارے کانوں میں بے کیف اور بے ربط آوازیں

آئیں — سینکڑوں گلوں سے تھوڑے تھوڑے وقفے پر کلیسائی بھجن کی دھنیں ابھر رہی تھیں —— یاتریوں کا ہجوم، صلیبوں اور جھنڈیوں کے ساتھہ نیچے سڑک پر گزر رہا تھا—

«جی چاہتا ہے کاش میں بھی ان کے ساتھہ جاتی» نغمے کی مٹتی ہوئی آواز پر اپنے کان لگاتے ہوئے آسیہ نے کہا—

«کیوں کیا تم اتنی پارسا ہو؟»

«میں چاہتی ہوں کہ کہیں دور، بہت دور چلی جاؤں، پجارن بن جاؤں اور کوئی بڑا کمال کر دکھاؤں» اس نے اپنی بات جاری رکھی— «اس لئے کہ صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے، عمر یونہی تمام ہوتی ہے— اور ہم نے کون سے تیر مار لئے ہیں؟»

«تم بڑے بڑے خواب دیکھتی ہو» میں نے کہا «تم چاہتی ہو کہ تمہاری زندگی رائیگاں نہ جائے، تم اپنے پیچھے نقش‌قدم چھوڑ جانا چاہتی ہو...»

«اور کیا تم سمجھتے ہو کہ یہ ناممکن ہے؟»

میرے ہونٹ ہلے اور لفظ «ناممکن» پھوٹنے والا تھا... لیکن میں نے اس کی چمکتی ہوئی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا «کوشش کر دیکھو—»

«اچھا بتاؤ» آسیہ نے ایک ذرا رکتے ہوئے کہا— اس کے چہرے پر جو پھر پیلا ہو گیا تھا پرچھائیاں ایک دوسرے کا پیچھا کر رہی تھیں «کیا تم اس خاتون کو بہت چاہتے تھے؟.. وہی، تم جانو، جس کا جام صحت بھیا نے کھنڈروں میں ہماری ملاقات کے دوسرے دن پیا تھا—»

میں ہنس پڑا—

«تمہارے بھائی نے مذاق کیا — میں نے کبھی کسی عورت کو بہت زیادہ نہیں چاہا — اور کم از کم اس وقت تو میں کسی کو نہیں چاہتا —»

«اور تمہیں عورتوں کی کیا چیز بھاتی ہے؟» آسیہ نے معصوم ٹوہ کے ساتھہ پیچھے کی طرف سر جھٹکتے ہوئے پوچھا —

«کیا مضحکہ خیز سوال ہے!» میں بولا

آسیہ کچھہ کھسیا سی گئی —

«مجھے تم سے ایسی باتیں نہیں پوچھنی چاہئیں، ہے نا؟ معاف کرو، میں تو من میں آئی ہر بات بک دینے کی عادی ہوں — اسی لئے تو مجھے بولتے ہوئے ڈر لگتا ہے —»

«خدا کے لئے خوب باتیں کرو — ذرا نہ ڈرو» میں نے کہا «میں اتنا خوش ہوں کہ تم نے آخر اپنی شرم پر قابو پالیا —»

آسیہ نے اپنی آنکھیں نیچی کر لیں اور اس کے منہ سے ایک ننھا اور ہلکا سا قہقہہ نکل پڑا — میں نے اسے پہلے کبھی اس طرح ہنستے نہیں دیکھا تھا —

«ہوں، بولتے رہو» اس نے اپنی ٹانگوں پر لہنگے کو برابر کرتے ہوئے لجاجت سے کہا جیسے اس کا دیر تک وہاں پڑے رہنے کا ارادہ ہو — «مجھہ سے باتیں کرو، یا کچھہ سناؤ، اسی طرح جیسے تم نے اس بار پشکن کی نظمیں ہمیں سنائی تھیں...»

وہ چپ ہو گئی اور ہولے ہولے بولی —

«کہاں ہے صلیب اور شاخوں کی چھاؤں
میری سوگوار ماں کے مزار پر!»

«پشکن نے یوں نہیں لکھا تھا» میں نے کہا —

«کاش میں تتیانہ ہوتی» وہ اسی طرح دکھی آواز میں بولتی رہی — «لیکن تم بولتے رہو!» اس نے یکایک چہکتے ہوئے کہا —

لیکن میں بات کرنے کے موڈ میں نہ تھا — میں نے اس کو دیکھا —— سورج کی کرنوں میں دمکتی ہوئی، خاموش اور پرسکون — ہر طرف روشنی ہی روشنی تھی — ہمارے نیچے، ہمارے اوپر —— آکاش، دھرتی، پانی — ایسا لگتا تھا کہ خود ہوا میں رنگ‌ترنگ اور تابناکی رچی ہوئی ہے —

«دیکھو کتنی حسین ہے ہر چیز!» میں نے بے ساختہ اپنی آواز دھیمی کرتے ہوئے کہا —

«حسین!» اس نے بھی اپنی آواز دھیمی کرتے ہوئے اور مجھ سے پرے دیکھتے ہوئے کہا — «اگر ہم پرندے ہوتے تو کس طرح ہوا میں اڑتے، کس طرح پرواز کرتے —— ہم کس طرح ان نیلاہٹوں میں ڈوبتے چلے جاتے... لیکن ہم پرندے نہیں ہیں —»

«شاید ہمارے پر نکل آئیں» میں نے کہا —

«کیسے ؟»

«زندہ رہو اور سیکھو — کچھ ایسے جذبات اور احساسات ہوتے ہیں جو ہمیں زمین کے اوپر اٹھا لیتے ہیں — گھبراؤ مت ایک دن خود تمہارے بھی پر نکل آئینگے —»

«کیا تمہارے کبھی پر نکلے ہیں؟»

«یہ کہنا مشکل ہے... میں سمجھتا ہوں میں اب تک پرواز نہیں کر سکا ہوں —»

آسیہ پھر خاموش ہو گئی — میں ذرا سا اس کے اوپر جھک گیا —

«کیا تم والز ناچ سکتے ہو؟» اس نے یکایک پوچھا —

«ہاں، میں ناچ سکتا ہوں» میں نے کچھہ بوکھلاتے ہوئے جواب دیا —

«آؤ تو پھر آؤ! میں بھیا سے کہونگی کہ ہمارے لئے والز بجائیں... ہم یوں سمجھینگے جیسے ہم پرواز کر رہے ہوں، جیسے ہمارے پر نکل آئے ہوں —»

وہ دوڑتی ہوئی گھر میں واپس گئی — میں اس کے پیچھے بھاگا اور چند لمحے بعد، ہم لانر کے والز کی دھنوں پر، سامان سے بھرے ہوئے ڈرائنگ روم میں گردش کر رہے تھے — آسیہ بہت خوبصورت ناچ رہی تھی، بڑے جوش اور گرمی سے — یکایک اس کے چہرے سے کنوارپن کے زعم سے کوئی نرم نرم اور نسوانی دمک سی چھننے لگی — میرے ہاتھہ میں دیر تک اس کی پتلی اور لچکیلی کمر کا لمس باقی رہا اور بہت دیر تک وہ سب کچھہ اسی طرح تازہ رہا — میں دیرتک اس کی تیز تیز سانسوں کو نہ بھول سکا، سانسیں جو اتنی قریب تھیں مجھہ سے اور پھر وہ گھنگھریالی لٹوں کے ہالے میں گھرے ہوئے زرد چہرے میں کالی خاموش اور نیم وا آنکھیں —

۱۰

وہ پورا دن بہت ہی خوشگوار کٹا — ہم بچوں کی طرح چھیڑ چھاڑ کرتے رہے — آسیہ بڑی پیاری اور معصوم حرکتیں کرتی رہی — گاگن اس کو یوں دیکھہ کر بہت خوش ہوا — جب میں ان سے رخصت ہوا تو بہت دیر ہو چکی تھی — جب ناؤ بیچ دھارے میں پہنچی تو میں نے مانجھی سے کہا کہ ناؤ کو دھارے پر چھوڑ دو — بڈھے

نے چپو چلانا بند کر دیا — اور شاندار دریا ہمیں اپنے سینے پر سنبھالے رہا — میں نے چاروں طرف دیکھا، میں سن رہا تھا، میں یاد کر رہا تھا —— اچانک دل میں ایک بےچینی سی پیدا ہوئی . . . میں نے اوپر آسمان کو دیکھا —— لیکن آسمان کو بھی قرار نہ تھا — ستاروں سے جگمگاتا ہوا مستقل حرکت کر رہا تھا اور دھڑک رہا تھا — میں پانی پر جھک گیا . . . لیکن وہاں بھی سیاہ اور سرد گہرائیوں میں ستارے جھلملا اور تھرتھرا رہے تھے — ہر طرف مجھے ایک قسم کی بےچینی اور بے قراری محسوس ہوئی اور خود میرے اندر بھی وہ بے قراری ابھری — میں ناؤ کے کگر پر اڑ گیا . . . میرے کانوں میں ہوا کی سرگوشیاں اور دنبالے کے چاروں طرف پانی کی ہلکی ہلکی چھپ چھپ، مجھے پریشان اور بے قرار بنا رہی تھیں اور لہروں سے اٹھتی ہوئی تازگی مجھے ٹھنڈک بخشنے میں ناکام تھی — کنارے پر ایک بلبل نے اپنے نغمے کا شیریں زہر میری رگوں میں سرائیت کر دیا — میری آنکھوں میں آنسو آگئے لیکن یہ میرے مبہم انبساط کے آنسو نہیں تھے — اس وقت میرا احساس اب ایک ہمہ گیر احساس نہیں رہا تھا، جو روح میں بالیدگی اور وسعت پیدا کرتا ہے، جس احساس سے روح گنگناتی ہے اور لگتا ہے کہ اس میں پوری کائنات کے لئے چاہ اور اپناپن ہے . . . نہیں یہ تو مسرت کی پیاس تھی جو اب مجھے اپنے اندر جذب کئے لے رہی تھی — میں ابھی اسے کوئی نام دینے کی جرأت نہیں کر سکتا تھا، یہ ایک لبالب چھلکتی ہوئی مسرت تھی . . . اور ناؤ دھارے پر تیر رہی تھی اور بوڑھا مانجھی چپوؤں پر جھکا ہوا کسی خواب میں کھویا ہوا تھا —

۱۱

جب دوسرے دن میں گاگن کے گھر کی طرف روانہ ہوا تو میں نے اپنے آپ سے یہ نہیں پوچھا کہ مجھے کہیں آسیہ سے محبت تو نہیں — لیکن میں اس کے بارے میں بہت زیادہ سوچتا رہا، اس کی زندگی سے مجھے بڑی دلچسپی پیدا ہو گئی تھی — میں بہت خوش تھا کہ آخر ہم ایک دوسرے سے قریب آ گئے — مجھے لگتا تھا کہ میں نے پچھلے دن سے ہی اسے جاننا شروع کیا ہے — اس وقت تک تو وہ ہمیشہ میری طرف سے منہ پھیر لیتی تھی — اور اب آخرکار جب وہ مجھ سے کھل کر ملی تو اس کے پیکر سے کیسا سحر انگیز نور پھوٹ رہا تھا، یہ پیکر کتنا نیا تھا میرے لئے، اس کی گہرائیوں میں کیسی انجانی سی، شرمیلی شرمیلی سی رعنائیاں سانس لے رہی تھیں !

میں مانوس راستے پر تیز تیز چلتا رہا — جس وقت سے وہ چھوٹا سا گھر نظر آیا میری نگاہیں اس پر جم کر رہ گئیں وہ دور سے صرف ایک سفید دھبہ نظر آتا تھا — مستقبل کے بارے میں سوچنا تو خیر دور رہا، میں تو آنے والی کل کے بارے میں بھی نہیں سوچ رہا تھا — میرے دل کو مکمل تسلی اور تسکین حاصل تھی —

میں کمرے میں داخل ہوا تو آسیہ کے چہرے پر رنگ آ گیا — میں نے دیکھا کہ اس نے پھر بڑی سج دھج سے بانکپن کا لباس پہن رکھا ہے لیکن اس کے چہرے کی کیفیت اس کے لباس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی — اس کا چہرہ ستا ہوا تھا — اور میں کتنے ولولے کے ساتھ آیا تھا! مجھے لگا کہ وہ ہمیشہ کی طرح بھاگنےوالی ہے لیکن زبردستی کوشش کرکے وہاں بیٹھی رہی — گاگن پر

جنوں انگیز فنکارانہ وجدان کا دورہ پڑا تھا جو یکایک شوقیہ فنکاروں کو اس وقت آدبوچتا ھے جب (فنکاروں کی اصطلاح میں) وہ یہ محسوس کرتے ھیں کہ انہوں نے «قدرت کو اسیر کر لیا ھے» — وہ اپنے کنواس کے سامنے کھڑا تھا — اس کے بال الجھے ہوئے تھے اور رنگ کے دھبوں سے کپڑے داغدار — اس نے کنواس پر تیزی سے برش کو دوڑاتے ہوئے، وحشیانہ انداز سے سرکو جنبش دے کر مجھے سلام کیا، پیچھے ھٹا، اپنی آنکھیں چھوٹی چھوٹی کرکے میچ لیں، اور پھر دوبارہ اپنی تصویر پر ٹوٹ پڑا — میں نے اس کی مصروفیت میں خلل نہ ڈالا اور آسیہ کے پاس بیٹھہ گیا — اس کی آنکھیں دھیرے دھیرے میری طرف مڑ گئیں —

«تم وہ نہیں معلوم ہوتیں جو کل تھیں»میں نے اس کے ہونٹوں پر ایک مسکراھٹ ابھارنے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے کہا —

«نہیں، میں وہ نہیں ہوں» اس نے دھیرے سے کھوکھلے لہجے میں کہا — «لیکن کوئی بات نہیں — رات بری سوئی — میں رات بھر پڑی سوچتی رھی —»

«کس چیز کے بارے میں؟»

«اوہ دنیا بھر کی چیزوں کے بارے میں — بچپن کے زمانے سے ھی یہ میری عادت ھے، اس زمانے سے جب میں اپنی ماں کے ساتھہ رھتی تھی...»

اس نے آخری لفظ مشکل سے ادا کیا اور اپنے اوپر دباؤ ڈال کر اسے دھرایا:

«اسی زمانے سے جب میں اپنی ماں کے ساتھہ رھتی تھی...

میں اس پر حیران ہوتی تھی کہ آخر کوئی شخص یہ کیوں نہیں

جانتا کہ کیا ہونے والا ہے اور کبھی ایسا کیوں ہوتا ہے کہ آدمی مصیبت کو آتے ہوئے دیکھتا ہے لیکن اسے روک نہیں سکتا... اور آدمی ہمیشہ پوری سچائی کیوں نہیں بیان کرتا... اور تب میں نے اپنے آپ سے کہا — میں کچھ نہیں جانتی — مجھے سیکھنا چاہئے — مجھے دوبارہ تعلیم حاصل کرنی چاہئے — میری پرورش بری طرح ہوئی — میں پیانو نہیں بجا سکتی، میں تصویر نہیں بنا سکتی، میں تو ٹھکانے سے سلائی بھی نہیں کر سکتی — مجھ میں کوئی گن نہیں — میں بہت بری ساتھی ثابت ہونگی —»

«تم اپنے آپ سے انصاف نہیں کر رہی ہو» میں نے اس سے کہا «تم نے بہت کچھ پڑھا ہے، تم کافی پڑھی لکھی ہو اور پھر تمہارا دماغ...»

«کیا تم سمجھتے ہو کہ میں ہوشیار لڑکی ہوں؟» اس نے کچھ ایسے بھولے تجسس سے پوچھا کہ مجھے بےساختہ ہنسی آگئی — لیکن وہ مسکرائی بھی نہیں — «بھیا کیا میں ہوشیار لڑکی ہوں؟» اس نے گاگن کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھا —

اس نے جواب نہیں دیا اور اپنے کام میں محو رہا — وہ باربار برش بدلتا اور اپنا ہاتھ ہوا میں اٹھاتا تو اٹھائے رہ جاتا —

«بعض مرتبہ خود مجھے معلوم نہیں ہوتا کہ میرے سر میں کیا سمائی ہے» آسیہ نے ان ہی حسرت بھری نگاہوں کے ساتھ کہا — «کبھی کبھی مجھے اپنے آپ سے ڈر لگتا ہے، سچ...مجھے ڈر لگتا ہے! کاش میں...کیا یہ سچ ہے کہ عورتوں کو زیادہ نہیں پڑھنا چاہئے؟»

«بہت زیادہ تو نہیں... لیکن ہاں...»

«بتاؤ مجھے کیا پڑھوں میں، کیا کروں میں — تم جو کہو میں کرونگی» اس نے بھولپن بھرے اعتماد کے ساتھہ میری طرف دیکھتے ہوئے کہا —

فوراً میری سمجھہ میں نہ آسکا کہ کیا جواب دوں —

«تمہیں مجھہ سے اکتاھٹ تو نہیں ہوگی؟»

«نہیں ہرگز نہیں...» میں نے کہنا شروع کیا —

«اوہ، شکریہ، شکریہ!» وہ چلائی — «میں ڈرتی تھی کہ تم اکتا جاؤگے —»

اور اس کے چھوٹے اور گرم ھاتھہ نے میرا ھاتھہ روز سے دبایا —

«ن —!» اس وقت گاگن کے پکارنے کی آواز آئی — «کیا خیال ھے تمہارا، پس منظر زیادہ سیاہ تو نہیں؟»

میں اس کے پاس گیا — آسیہ اٹھی اور کمرے سے باھر چلی گئی —

۱۲

وہ ایک گھنٹے بعد واپس آئی اور دروازے پر کھڑی ہوکر مجھے اشارے سے بلانے لگی —

«اچھا بتاؤ» اس نے کہا «اگر میں مرجاؤں تو کیا تمہیں رنج ہوگا؟»

«آج تمہارے دل میں کیسا کیسا خیال آ رہا ھے!»

«میں ہمیشہ یہ سوچتی رہتی ہوں کہ بہت جلد مر جاؤنگی — کبھی کبھی مجھے ایسا لگتا ھے کہ ہر شخص مجھے الوداع کہہ رہا ھے — ایسی زندگی سے تو موت بہتر ھے... یوں نہ دیکھو مجھے...

میں بن نہیں رہی ہوں، سچ، میں بن نہیں رہی ہوں! اگر تم اس طرح دیکھوگے تو میں پھر تم سے ڈرنے لگونگی!»

«کیا تم واقعی مجھہ سے خوف زدہ تھیں؟»

«اگر میں اتنی عجیب ہوں تو اس میں میرا کوئی قصور نہیں...» اس نے اپنی بات جاری رکھی— «دیکھو... اب میں ہنس بھی نہیں سکتی...»

وہ دن بھر غم زدہ اور اداس رہی، اپنے کام میں کھوئی کھوئی سی— اس کے اندر کچھہ ہو رہا تھا جو میری سمجھہ سے باہر تھا— اس کی نظر بار بار میرے اوپر جم جاتی— ان اتھاہ نگاہوں کے سامنے میرا دل بیٹھنے لگتا— اگرچہ بظاہر وہ پرسکون نظر آرہی تھی پھر بھی بار بار میرا جی چاہتا تھا کہ میں اس سے التجا کروں کہ پریشان نہ ہو— اس کو دیکھتے ہوئے، اس کے چہرے میں، جو اب زرد ہو گیا تھا، اور اس کی تھمی تھمی، آہستہ آہستہ رکات وسکنات میں مجھے بڑی اداس اداس سی رعنائی نظر آئی— اور وہ کسی نہ کسی وجہ سے اس نتیجے پر پہنچی کہ میں کچھہ بجھا بجھا سا ہوں—

«جانتے ہو؟» اس نے میرے رخصت ہونے سے ذرا پہلے کہا «میں اس خیال سے پریشان ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی کہ تم مجھے من موجی سمجھتے ہو... وعدہ کرو کہ تم، جو کچھہ میں کہونگی، اس پر یقین کروگے... اور تمہیں بھی مجھہ سے صافگوئی سے پیش آنا چاہئے— اور میں ہمیشہ سچ کہونگی، سچ کہتی ہوں ہمیشہ سچ کہونگی...»

اس کے «سچ» پر مجھے ہنسی آگئی—

«ہنسو مت!» اس نے بڑے چاؤ سے کہا «ورنہ میں تم سے وہی پوچھونگی جو تم نے کل مجھ سے پوچھا تھا: «تم ہنس کیوں رہے ہو؟'» اور ذرا رک کر اس نے کہا «تمہیں یاد ہے کہ تم نے کل پروں کے بارے میں کیا کہا تھا؟ میرے پر نکل آئے ہیں، مگر اڑکر جانے کو میرے پاس کوئی جگہ نہیں...»

«بس تو چلو!» میں نے کہا «تمہارے سامنے پوری دنیا موجود ہے...»

آسیہ نے سیدھے میری آنکھوں میں دیکھا —

«آج تم مجھ سے ناخوش ہو» اس نے اپنی بھویں سکیڑتے ہوئے کہا —

«میں؟ تم سے ناخوش؟»

«تمہارا منہ اتنا اترا اترا کیوں ہے؟» گاگن نے بیچ سے بات کاٹ کر مجھے مخاطب کرتے ہوئے کہا — «کیا میں کل کی طرح تمہارے لئے والز بجاؤں؟»

«نہیں! نہیں!» آسیہ چلائی، اور اپنی دونوں مٹھیوں کو جوڑتے ہوئے بولی «آج نہیں... خدا کے لئے آج نہیں...»

«کوئی تم کو مجبور نہیں کر رہا ہے... ہنگامے کی ضرورت نہیں...»

«خدا کے لئے، نہیں!» اس نے زرد پڑتے ہوئے کہا —

. . . . . .

«کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ مجھ سے محبت کرتی ہے؟» جب میں تیزرو رھائن کے قریب پہنچا تو یہ خیال میرے دماغ میں کوند گیا —

«کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ مجھہ سے محبت کرتی ہے؟» اگلی صبح آنکھہ کھلتے ہی میں نے اپنے آپ سے پوچھا — میں خود اپنے دل میں جھانک کر دیکھنا نہ چاہتا تھا — میں نے محسوس کیا کہ اس کا تصور، «بناوٹی قہقہےوالی لڑکی» کا تصور میرے دل پر نقش ہو کر رہ گیا ہے اور یہ کہ اس سے چھٹکارا حاصل کرنا آسان نہ ہوگا — میں شہر «ل» گیا اور دن بھر وہیں ٹھہرا رہا — لیکن میں نے آسیہ کو صرف ایک لمحے کو دیکھا — وہ بیمار تھی — اس کے سر میں درد تھا — وہ ایک آن کو نیچے آئی — اس کے سر پر پٹی بندھی ہوئی تھی — وہ لاغر اور پیلی نظر آرہی تھی — اس کی آنکھیں قریب قریب بند تھیں — ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھہ اس نے کہا «یہ ختم ہو جائیگا — یہ کچھہ بھی نہیں — ہر چیز گزر جاتی ہے — ہے نا؟» اور کمرے سے نکل گئی — مجھہ پر اداسی چھا گئی جس میں ایک سونی سونی سی غم‌انگیزی شامل تھی — لیکن دل وہاں سے رخصت ہونے پر رضامند نہ ہوا اور جب اس کو دوبارہ دیکھے بغیر وہاں سے روانہ ہوا تو بہت دیر ہو چکی تھی —

دوسری صبح ایک بے خودی کے عالم میں گزری — میں نے کچھہ کام کرنے کی کوشش کی، مگر بات بنی نہیں — میں نے کوشش کی کہ کچھہ نہ کروں اورکسی چیز کے بارے میں نہ سوچوں . . . لیکن یہ بھی بیکار تھا — میں نے شہر کی خاک چھانی، گھر واپس گیا اور پھر باہر نکل گیا —

«کیا تم مسٹر ن — ہو؟» یکایک ایک بچے کی آواز کان میں آئی — میں نے مڑکر دیکھا — میرے سامنے ایک چھوٹا سا چھوکرا کھڑا تھا — «یہ فراؤلین Annette نے دیا ہے» اس نے ایک پرچہ دیتے ہوئے کہا —

کھولنے پر، آسیہ کی تیز تیز اور ٹیڑھی میڑھی لکھائی کو میں نے پہچان لیا — «تم سے ملنا ضروری ہے» اس نے لکھا تھا «سڑک پر کھنڈر کے پاس، پتھر کے گرجا گھر میں — آج چار بجے — آج مجھ سے ایک عجیب غلطی ہوگئی ہے... خدا کے لئے ضرور آؤ، سب معلوم ہو جائیگا... نامہ بر سے کہہ دو: ہاں، — »

«کوئی جواب؟» چھوکرے نے پوچھا —

«کہنا — ہاں،» میں نے کہا اور لڑکا یہ جا، وہ جا —

١٤

اپنے کمرے میں واپس جاکر میں اپنے خیالات میں گم ہو گیا — میرا دل پوری وحشت سے دھڑک رہا تھا — میں نے آسیہ کا خط باربار پڑھا — میں نے گھڑی دیکھی... بارہ بج رہے تھے —

دروازہ کھلا اور گاگن اندر داخل ہوا —

اس کا چہرہ اترا ہوا تھا — اس نے میرا ہاتھ پکڑا اور اسے زور سے تھامے رہا — وہ بہت پریشان نظر آ رہا تھا —

«کیا حال ہے؟» میں نے پوچھا —

گاگن نے کرسی لی اور میرے سامنے بیٹھ گیا —

«چار دن قبل» اس نے زبردستی مسکراتے ہوئے اور ہکلاتے ہوئے کہا «میں نے تمہیں ایک کہانی سنائی تھی جس سے تم اچنبھے

میں پڑگئے تھے — آج میں تمہیں اور بھی زیادہ اچنبھے میں ڈالنےوالا ہوں — سچ کہتا ہوں... تمہارے علاوہ کوئی اور ہوتا تو میں ہرگز ایسا نہ کرتا — مگر تم ایک شریف آدمی ہو، تم میرے دوست ہو، ہو نا؟ اب میری سنو... آسیہ، میری بہن، تم سے محبت کرتی ہے —»

میں بالکل چونک گیا اور قریب قریب کرسی سے اچھل پڑا...

«تمہاری بہن، تمہارا مطلب ہے...»

«ہاں، ہاں» اس نے میری بات کاٹ کر کہا — «وہ پگلی ہے، میں کہتا ہوں، وہ مجھے بھی پاگل بناکر رہیگی — لیکن خوش قسمتی سے وہ جھوٹ نہیں بول سکتی... اور مجھ پر بھروسہ کرتی ہے — کیا بتاؤں اس لڑکی کا دل کیسا ہے — لیکن میں جانتا ہوں وہ خود کو برباد کرکے رہیگی — میں جانتا ہوں...»

«تمہیں غلط فہمی ہوئی ہوگی» میں نے کہا —

«نہیں بالکل نہیں — کل، جیسا کہ تم جانتے ہو، وہ دن بھر یونہی پڑی رہی اور کچھ کھایا پیا بھی نہیں — لیکن کسی قسم کی شکائت نہیں کی... وہ کبھی شکائت نہیں کرتی — مجھے کوئی پریشانی نہیں ہوئی حالانکہ شام تک اسے حرارت ہو گئی — رات کے دو بجے مکان کی مالکن نے مجھے اٹھایا: ،آؤ اپنی بہن کے پاس آؤ، اس نے کہا ،اس کی حالت خراب ہے —، میں لپکا ہوا آسیہ کے کمرے میں گیا اور دیکھا کہ وہ کپڑے اتارے بغیر پڑی ہے، بدن گرم ہے، اور آنکھوں میں آنسو ہیں — اس کا ماتھا جل رہا تھا اور دانت بج رہے تھے — ،بات کیا ہے؟، میں نے پوچھا ،کیا تم بیمار ہو؟، اس نے اپنی باہیں میری گردن میں ڈال دیں اور گڑ گڑانے

لگی کہ اگر میری جان عزیز ہے تو مجھے جلد از جلد یہاں سے لے چلو... میں بالکل نہ سمجھ سکا کہ بات کیا ہے اور ڈھاڑس بندھانے کی کوشش کی... اس کی سسکیاں اور بھی شدید ہو گئیں... اور یکایک میں نے سسکیوں کے درمیان اس کو کہتے ہوئے سنا کہ وہ تم سے محبت کرتی ہے — میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ میرے اور تمہارے جیسے سوچنے سمجھنے والے لوگ اس کے جذبات کی گہرائی کا اور اس کا اندازہ نہیں کر سکتے کہ اس کے جذبات کیا کیا شدید صورتیں اختیار کرتے ہیں — وہ ناگہاں آندھی طوفان کی طرح بےروک اس پر چھاتے ہیں اور چھاتے چلے جاتے ہیں — ہاں میں دیکھ سکتا ہوں کہ تم میں بڑی کشش ہے —» گاگن نے اپنی بات جاری رکھی «لیکن وہ اس طرح تمہارے عشق میں کیوں کر گرفتار ہو گئی، یہ میں مانتا ہوں کہ میری سمجھ سے باہر ہے — وہ کہتی ہے کہ پہلی نظر میں ہی وہ تمہیں دل دے بیٹھی تھی — اسی وجہ سے اس دن وہ اتنا روئی جب اس نے مجھے یقین دلایا تھا کہ میرے سوا وہ کسی دوسرے کو چاہنا نہیں چاہتی — اس کے سر میں یہ سمائی ہے کہ تم شاید اس سے نفرت کرتے ہو، شاید تمہیں اس کے بارے میں سب کچھ معلوم ہے — اس نے مجھ سے پوچھا کہ میں نے تو اس کی کہانی تمہیں نہیں سنائی — ہاں میں نے کہا کہ میں نے نہیں سنائی — مگر یہ بڑا غضب ہے کہ اس کا دل سب کچھ جان لیتا ہے — وہ صرف ایک چیز چاہتی ہے کہ ابھی چلی جائے، اسی لمحے یہاں سے چلی جائے — میں صبح تک اس کے پاس ہی بیٹھا رہا — اس نے مجھ سے قسم لی کہ کل تک ہم یہاں سے چلے جائینگے اور جب کہیں اسے نیند آئی — میں نے سوچا اور باربار

سوچا اور آخر فیصلہ کیا کہ تم سے بات کر لوں — میں سمجھتا ہوں کہ آسیہ ٹھیک کر رہی ہے— ہم دونوں کے لئے سب سے اچھی بات یہی ہے کہ ہم اس جگہ کو چھوڑکر چلے جائیں — آج ہی میں اسے لے کر چلا جاتا مگر ایک خیال نے مجھے باز رکھا — شاید... ممکن ہے... تم بھی میری بہن کو چاہتے ہو؟ اگر ایسا ہو تو میں اسے لے کر کیوں چلا جاؤں؟ اور اس لئے میں نے ہر طرح کی شرم کو بالائے طاق رکھتے ہوئے فیصلہ کیا... اس کے علاوہ میں نے خود بھی کچھ محسوس کیا ہے... میں نے فیصلہ کیا... کہ تم سے پوچھ دیکھوں...» بیچارا گاگن گڑبڑاکر چپ ہو گیا — «معاف کرنا مجھے» اس نے کہا «میں کبھی ایسی مصیبت میں نہیں گرفتار ہوا تھا —»

میں نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا —

«تم جاننا چاہتے ہو» میں نے زوردار لہجے کے ساتھ کہا «کہ میں تمہاری بہن کو پسند کرتا ہوں؟ ہاں میں اسے پسند کرتا ہوں...»

گاگن نے مجھے دیکھا — «لیکن» وہ ہکلایا «تم اس سے شادی کرنا نہیں چاہتے، ہے نا؟»

«بتاؤ تم ایسے سوال کے جواب کی توقع کس طرح کر سکتے ہو؟ تم اپنے آپ سے پوچھو کیا اس وقت میں...»

«میں جانتا ہوں، جانتا ہوں!» اس نے میری بات کاٹ کر کہا «مجھے اس کا حق نہیں کہ جواب کا مطالبہ کروں اور میرا سوال بےھنگم‌پن کی انتہا ہے... لیکن میں کیا کروں؟ تم اس سے کھیل نہیں سکتے — تم آسیہ کو نہیں جانتے... وہ بیمار پڑ سکتی ہے، وہ بھاگ سکتی ہے، وہ تم سے پینگیں بڑھا سکتی ہے اور تنہائی

میں مل سکتی ہے... کوئی دوسری لڑکی ہوتی تو ہر چیز چھپائے رہتی اور انتظار کرتی... مگر وہ ایسا نہیں کر سکتی — اس کے دل پر یہ پہلی چوٹ لگی ہے — یہی تو مصیبت ہے — اگر تم آج اسے میرے قدموں پر پڑی سسکیاں بھرتے دیکھتے تو میرے اندیشوں کو سمجھ سکتے —»

میں نے غور کیا — «تم سے تنہائی میں مل سکتی ہے» گاگن کے الفاظ میرے دل میں چبھ رہے تھے — مجھے محسوس ہوا کہ اگر میں اس صافگوئی کا جواب اتنی ہی صافگوئی سے نہ دوں تو بڑی اوچھی بات ہوگی —

«ہاں» میں نے آخر کہا «تم ٹھیک کہتے ہو — ایک گھنٹہ پہلے مجھے تمہاری بہن کا ایک خط ملا — یہ رہا —»

گاگن نے پرچہ لیا، جلدی جلدی پڑھا اور اپنے ہاتھ گھٹنوں پر گرا دئے — اس کے چہرے پر حیرانی کے جذبات بڑے مضحکہ خیز معلوم ہو رہے تھے — لیکن اس وقت میں قہقہہ لگانے کے موڈ میں نہ تھا —

«تم ایک شریف آدمی ہو اور پھر کہتا ہوں» اس نے کہا «لیکن اب کیا کیا جائے؟ کیا؟ وہ یہاں سے چلی جانا چاہتی ہے اور تم کو خط لکھتی ہے اور اپنی جلد بازی پر خود کو کوستی ہے... اور اس کو یہ لکھنے کا وقت کب ملا؟ وہ تم سے چاہتی کیا ہے؟»

میں نے اس کو مطمئن کیا اور جہاں تک ممکن ہو سکتا تھا ہم نے اس معاملے پر ٹھنڈے دل سے غور کرنا شروع کیا —

اور آخرکار ہم اس نتیجے پر پہنچے — آفت سے بچنے کے لئے

ضروری تھا کہ میں ملاقات کی مقررہ جگہ پر جاؤں اور آسیہ سے صاف صاف بات کروں — گاگن نے گھر پر ٹھہرنے کا وعدہ کیا اور یہ کہ کسی طرح بھی وہ اس کو یہ معلوم نہ ہونے دیگا کہ اسے خط کے بارے میں معلوم ہے — اور شام کے وقت ہمیں دوبارہ ملنا تھا —

«میں تم پر بھروسہ کرتا ہوں» گاگن نے میرے ہاتھہ کو زور سے دباتے ہوئے کہا — «اس سے اور مجھہ سے رحم دلی سے پیش آنا — بہر حال ہم کل چلے ہی جائینگے» اس نے اٹھتے ہوئے کہا «اس لئے کہ تم آسیہ سے شادی نہیں کروگے، ہے نا؟»

«شام تک مجھے وقت دو» میں نے کہا —

«بہت اچھا... لیکن تم اس سے شادی نہیں کروگے —»

وہ چلا گیا — میں صوفے پر گر گیا اور اپنی آنکھیں بند کر لیں — میرا سر چکرا رہا تھا — ہزاروں خیال زبردستی دماغ میں ابھر رہے تھے اور بھنور کی طرح چکرا رہے تھے — گاگن کی صافگوئی سے مجھے رنج ہوا تھا — میں آسیہ کی طرف سے بھی رنجیدہ تھا جس کی محبت نے بیک وقت دل پر پھایا بھی رکھا تھا اور مجھے کوفت میں بھی مبتلا کر دیا تھا — میری سمجھہ میں نہ آتا تھا کہ آخر اس نے سب کچھہ اپنے بھائی کو کیوں بتا دیا — اس قدر جلدی اور اسی لمحے فیصلہ کرنے کی ضرورت کا احساس بہت ہی تکلیف دہ تھا...

«سترہ برس کی لڑکی اور یہ مزاج —— کیا اس سے شادی کر لوں؟» میں نے صوفے سے اٹھتے ہوئے کہا — «میں کیسے کر سکتا ہوں؟»

میں نے مقررہ وقت پر ناؤ میں بیٹھ کر رھائن کو پار کیا — اور دوسرے کنارے پر جس پہلے شخص سے ملاقات ھوئی وہ وھی چھوٹا سا لڑکا تھا جو صبح کے وقت میرے پاس آیا تھا — وہ میرا انتظار کر رھا تھا —

«فراؤلین Annette کے یہاں سے» اس نے سرگوشی کے انداز میں کہا اور مجھے ایک دوسرا پرچہ دیا —

آسیہ نے مجھے اطلاع دی تھی کہ ھماری ملاقات کی جگہ بدل گئی تھی — مجھے ڈیڑھ گھنٹے میں گرجا گھر نہیں بلکہ فراؤ لوئی‌زا کے گھر پہنچنا تھا — جہاں مجھے سڑک والے دروازے پر دستک دینی تھی اور پھر تیسری منزل پر جانا تھا —

«پھر —— وھاں؟،» لڑکے نے پوچھا —

«ھاں» میں نے دھرایا اور دریائے رھائن کے کنارے کنارے چلنے لگا — گھر جانے کے لئے میرے پاس وقت کافی نہیں تھا اور میں سڑکوں پر آوارہ نہیں پھرنا چاھتا تھا — شہر کی دیوار کے پار ایک چھوٹا سا پارک تھا جس میں ایک چھپردار گیلری بنی ھوئی تھی اور بیئر پینے والوں کے لئے میزیں رکھی ھوئی تھیں — میں وھاں گیا — چند ادھیڑ عمر کے جرمن اسکیٹل کھیل رھے تھے — لکڑی کی گیندیں شور مچاتی ھوئی لڑھک رھی تھیں اور تھوڑی تھوڑی دیر پر واہ وا کا شور گونج اٹھتا تھا — ایک خوبصورت ویٹرس جس کی آنکھیں رونے کی وجہ سے لال ھو رھی تھیں میرے لئے بیئر کا ڈونگا لائی — میں نے اس کے چہرے کو دیکھا — وہ فوراً مڑی اور چل دی —

میرے برابر بیٹھے ہوئے ایک ہٹے کٹے سرخ گالوں والے شہری نے کہا «ہاں ہماری ہانچن آج بہت دکھی ہے—اس کا محبوب سپاہی بن کر چلا گیا ہے—»

میں نے اس کو دیکھا—وہ چپکے سے کونے میں کھسک گئی تھی اور وہاں اپنی ایک ہتھیلی سے گال کو سہارا دئے کھڑی تھی— اور آنسو بوند بوند کرکے اس کی انگلیوں میں سے چھنتے ہوئے ٹپک رہے تھے— کسی نے بیئر کے لئے پکارا— وہ اس کے لئے بیئر کا ڈونگا لائی اور پھر اپنی جگہ پر واپس چلی گئی— اس کے غم نے مجھ پر بھی اثر کیا— میں آنے والی ملاقات کے بارے میں سوچنے لگا— لیکن میرے خیالات گمبھیر اور بے قرار تھے— میں ایک اداس دل کے ساتھ اس ملاقات کا انتظار کرنے لگا— میں باھمی محبت کی مسرتوں کے لئے نہیں جا رہا تھا— میں تو اپنا وعدہ پورا کرنے، ایک ناخوشگوار فرض پورا کرنے کے لئے جا رہا تھا— «تم اس کے ساتھ کھیل نہیں سکتے» گاگن کے الفاظ میرے دل میں تیر کے پھل کی طرح پیوست ہو گئے تھے— اور صرف چار دن پہلے ناؤ میں لہروں پر بہتے ہوئے کیا میرے دل میں مسرت کی تمنا نہیں امڈ پڑی تھی؟ اور اب یہ مسرت ممکن تھی اور میں جھجک رہا تھا— میں اسے اپنے پاس سے دھکیل کر ہٹا رہا تھا، میں اسے اپنے پاس سے دھکیلنے پر مجبور تھا... یہ اتنا اچانک آگئی تھی کہ میں بوکھلا گیا تھا— اور خود آسیہ، اس قدر دلربا اور عجیب آسیہ، اتنی گرم مزاج لڑکی، جس کا ماضی ایسا ہو، جس کی پرورش اور تربیت کچھ اس ڈھنگ سے ہوئی ہو—مجھے اعتراف ہے، اس سے مجھے ڈر لگ رہا تھا— متضاد جذبات میرے اندر دیر تک ایک

دوسرے کو دبانے کی کشمکش کرتے رہے — مقررہ وقت قریب آگیا — «میں اس سے شادی نہیں کر سکتا» میں نے آخر طے کیا — «اسے نہیں معلوم ہو سکیگا کہ میں بھی اس سے محبت کرتا ہوں —»

میں اٹھا اور غریب ہانچن کے ہاتھہ میں ایک سکہ ڈال کر (اس نے میرا شکریہ بھی نہیں ادا کیا) فراؤ لوئی‌زا کے گھر کی طرف روانہ ہو گیا — شام کے سائے پھیل چکے تھے اور اندھیری سڑک کے اوپر آسمان کا چھوٹا سا ٹکڑا غروب آفتاب کے روشن عکس سے ارغوانی ہو رہا تھا — میں نے دھیرے سے دروازہ کھٹکھٹایا جو فوراً ہی کھل گیا — میں نے چوکھٹ کو پار کیا اور اب میں گھٹا ٹوپ اندھیرے میں تھا —

«اس طرف» ایک بوڑھی عورت کی آواز نے بتایا — «تمہارا انتظار ہو رہا ہے —»

میں نے ایک دو قدم آواز کی سمت میں اٹھائے اور ہڈیالے مریل ہاتھہ نے میرا ہاتھہ تھام لیا —

«کیا یہ تم ہو فراؤ لوئی‌زا ؟» میں نے پوچھا —

«ہاں» اسی آواز نے جواب دیا «ہاں میرے بانکے نوجوان یہ میں ہی ہوں —» بوڑھی عورت مجھے ایک کھڑے زینے پر سے اوپر لے گئی اور تیسری منزل پر پہنچ کر رک گئی — چھوٹی سی کھڑکی سے چھنتی ہوئی مدھم روشنی میں مجھے شہر کی میونسپلٹی کے کمیشنر کی بیوی کا جھریوں بھرا چہرہ نظر آیا — اس نے اپنے اندر کو دھنسے ہوئے ہونٹوں پر شہد کی طرح میٹھی مسکراہٹ

پھیلاتے ہوئے اور اپنی چندھی آنکھوں کو میچتے ہوئے ایک چھوٹے سے دروازے کی طرف اشارہ کیا — میں نے تھرتھراتے ہوئے ہاتھہ سے دروازہ کھولا جو میرے اندر آنے کے بعد بند ہو گیا —

١٦

اب میں جس کمرے میں تھا وہ اندھیرا تھا اور میں فوراً آسیہ کو نہیں دیکھہ سکا — وہ کھڑکی کے پاس ایک کرسی پر بیٹھی تھی، اس نے اپنا منہ دوسری طرف پھیر رکھا تھا اور شال میں قریب قریب چھپا ہوا تھا جو اس نے اپنے چاروں طرف لپیٹ رکھا تھا — وہ ایک ڈری اور سہمی ہوئی چڑیا نظر آرہی تھی — وہ تیز تیز سانس لے رہی تھی اور سارے بدن سے کانپ رہی تھی — مجھے اس پر ایک ناقابل بیان ترس آیا — میں اس کے پاس گیا — اس نے اپنا سر اور بھی دوسری طرف موڑ لیا . . .

«آننا نکولائونا» میں نے کہا —

وہ سیدھی ہوکر بیٹھہ گئی — اس نے مجھے دیکھنے کی کوشش کی مگر ناکام رہی — میں نے اس کا ہاتھہ پکڑ لیا — ہاتھہ بہت ٹھنڈا تھا اور میری مٹھی میں بے جان پڑا تھا —

«میرا مطلب ہے . . .» اس نے کہنا شروع کیا اور مسکرانے کی کوشش کی — لیکن اس کے زرد ہونٹوں نے اس کی بات ماننے سے انکار کر دیا «میرا مطلب ہے —— نہیں، میں نہیں کہہ سکتی —» اس نے کہا اور پھر کچھہ نہ بولی — اور واقعی ہر لفظ پر اس کی آواز نے اس کا ساتھہ دینے سے انکار کر دیا تھا —

میں اس کے پاس بیٹھہ گیا —

«آننا نکولائونا» میں نے پھر کہا اور میں بھی اس سے آگے نہ بڑھ سکا—

پھر خاموشی چھا گئی— میں اس کا ہاتھ تھامے اور اس کی صورت پر نظر جمائے بیٹھا رہا— وہ شال میں سمٹی سمٹائی گہری بنی بیٹھی تھی— وہ بڑی مشکل سے سانس لے رہی تھی اور اپنے امڈتے ہوئے آنسوؤں کو باز رکھنے کے لئے اپنا نچلا ہونٹ کاٹ رہی تھی— میں نے اس کو دیکھا— اس کی سراسیمگی بھری خاموشی میں ایک المناک بےبسی تھی، جیسے نڈھال ہوکر وہ کسی طرح کرسی تک پہنچ کر گر پڑی ہو— میرا دل پسیجنے لگا—

«آسیہ» میں نے زیرلب کہا—

اس نے آہستہ آہستہ اپنی آنکھیں میرے چہرے کی طرف اٹھائیں— ہائے، عورت کی محبت بھری نظر! کون اس کی تشریح کر سکتا ہے؟ وہ آنکھیں، وہ التجا کر رہی تھیں، ان میں اعتماد تھا، ان میں سوال تھا، ان میں سپردگی تھی... میں ان کے جادو کا مقابلہ نہیں کر سکا— باریک شعلے سوئیوں کی طرح میری رگوں میں دوڑنے لگے— میں نے جھک کر اپنے ہونٹ اس کے ہاتھ پر رکھ دئے— ایک ہیجانی آواز— ایک تھرتھراتی ہوئی ٹھنڈی سانس کی آواز میرے کانوں میں آئی— اور میں نے ایک نرم سا لمس محسوس کیا— پتے کی طرح لرزتا ہوا ایک ہاتھ میرے بالوں کو چھو رہا تھا— میں نے اپنا سر اٹھایا اور اس کا منہ دیکھا— یکایک اس کا چہرہ کتنا بدل گیا تھا! خوف کی جھلک غائب ہو گئی تھی، نگاہوں کی چبھن بھاگ کر کہیں اندر گہرائی میں چھپ گئی تھی، جو مجھے کھینچتی ہوئی اپنے ساتھ ڈبوئے دے رہی تھیں، ہونٹ ذرا سا کھلے ہوئے،

پیشانی مرمر کی طرح زرد اور لٹیں پیچھے یوں لٹک رہی تھیں جیسے ہوا نے ان کو گدگدا گدگدا کر وہاں پہنچا دیا ہو— میں سب کچھ بھول گیا، میں نے اس کو اپنی طرف کھینچا، اس کا ہاتھ ایک اشارے پر کھنچ آیا، اور ہاتھ کے پیچھے پیچھے اس کا پورا جسم— شال اس کے شانوں سے ڈھلک گئی اور اس کا سر خاموشی سے میرے سینے پر آگیا اور میرے جلتے ہوئے ہونٹوں کے نیچے سویا رہا...

«تمہاری...» اس نے انتہائی دھیرے سے کہا—

میرے بازو سرکتے ہوئے اس کی کمر میں حائل ہوگئے... لیکن یکایک گاگن کی یاد میرے دماغ میں بجلی کی طرح کوند گئی—

«یہ ہم کیا کر رہے ہیں؟» میں چلایا اور چونک کر پیچھے ہٹ گیا— «تمہارا بھائی... وہ سب جانتا ہے— وہ جانتا ہے کہ میں تم سے اس وقت ملنے آیا ہوں...»

آسیہ واپس کرسی میں دھنس گئی—

«ہاں» میں نے اٹھ کر کمرے کے کونے میں دور تک جاتے ہوئے کہا— «تمہارا بھائی سب جانتا ہے... میں اسے سب کچھ بتانے پر مجبور تھا...»

«مجبور؟» وہ دھیرے سے بولی— یہ صاف ظاہر تھا کہ اب تک اس کے حواس ٹھکانے نہیں ہوئے تھے اور میری بات مشکل سے اس کی سمجھ میں آ رہی تھی—

«ہاں» میں نے ایک ایسی تندی سے کہا جس کی وجہ سمجھ میں نہیں آتی «اور یہ سب تمہارا کیا دھرا ہے— آخر تمہیں اپنا راز بتانے کی کیا ضرورت تھی؟ کس نے تمہیں اپنے بھائی کو سب کچھ

بتانے پر مجبور کیا؟ وہ خود آج میرے پاس آیا اور اس نے مجھے بتایا کہ تم نے اس سے کیا کچھہ کہا تھا—» میں نے کوشش کی کہ آسیہ کو نہ دیکھوں اور کمرے میں ٹہلنے لگا— «سارا کھیل بگڑکر رہ گیا، سب کچھہ!»

ایسا لگا کہ آسیہ اپنی کرسی سے اٹھنے کی کوشش کر رہی ہے—

«بیٹھہ جاؤ، مہربانی سے» میں چلایا «مہربانی سے، بیٹھہ جاؤ— تمہارا واسطہ ایک باعزت آدمی سے ہے—— ہاں ایک باعزت آدمی سے — خدا کے لئے مجھے بتاؤ کہ آخرکس چیز نے تمہیں اتنا بوکھلا دیا؟ کیا تمہیں میرے اندر کوئی تبدیلی نظر آئی؟ جب آج صبح تمہارا بھائی مجھہ سے ملنے آیا تو میں سچی بات اس سے چھپا نہ سکا—»

«میں کیا بک رہا ہوں؟» میں نے اپنے آپ سے پوچھا اور اس خیال نے کہ میں ایک بےرحم فریب کار ہوں اور یہ کہ گاگن کو ہماری ملاقات کے بارے میں معلوم ہے، یہ کہ سب کچھہ گڈمڈ ہوکر رہ گیا ہے، سب کچھہ طشت ازبام ہو گیا ہے، ہاں اس خیال نے میرا سر چکرا دیا—

«میں نے اپنے بھائی کو نہیں بلایا تھا» آسیہ کی سہمی ہوئی دھیمی آواز آئی «وہ خود ہی آیا تھا—»

«دیکھو کیا گل کھلایا ہے تم نے!» میں نے اپنی بات جاری رکھی— «اور اب تم چلی جانا چاہتی ہو...»

«ہاں مجھے ضرور جانا چاہئے» اس نے پہلے کی طرح اسی نرمی سے کہا— «اسی لئے میں نے تم کو یہاں بلایا تھا، میں تمہیں الوداع کہنا چاہتی تھی—»

«اور تم سمجھتی ہو» میں نے کہا «میرے لئے تم سے بچھڑنا آسان ہے؟»

«لیکن تم نے میرے بھائی سے کیوں کہا؟» آسیہ نے کچھہ حیران لہجے میں پوچھا —

«میں کہتا ہوں، میرے سامنے اور دوسرا راستہ نہ تھا — ہاں اگر تم نے اپنا راز نہ بتایا ہوتا...»

«میں نے خود کو کمرے میں بند کر لیا» اس نے سادگی سے کہا «مجھے نہیں معلوم تھا کہ مکان والی کے پاس دوسری کنجی بھی ہے —»

اس وقت اس کے منہ سے اس بھولے اقرار نے مجھے قریب قریب بھڑکا دیا... اور اب مجھے جب اس کا خیال آتا ہے تو دل میں ہوک سی اٹھتی ہے — بیچاری ایمان دار اور مخلص بچی!

«اور اب سب کچھہ ختم ہوکر رہ گیا» میں نے پھر کہنا شروع کیا — «سب کچھہ! اب ہمیں ایک دوسرے سے جدا ہو جانا چاہئے —» میں نے چوری چوری ایک نظر آسیہ پر ڈالی — یکایک اس کا رنگ سرخ ہو گیا — میں نے محسوس کیا کہ وہ شرمندہ اور گھبرائی ہوئی ہے — میں خود ہی اس طرح محسوس کر رہا تھا اور بک رہا تھا جیسے جنون میں ہوں — «تم اس جذبے کو، جس نے ابھی اپنے پر ہی تولنا شروع کئے تھے، پرواز کرنے کا، پوری طرح پروان چڑھنے کا موقع نہ دے سکیں — تم نے مجھہ پر بھروسہ نہیں کیا، تم نے مجھہ پر شک کیا...»

میں بول رہا تھا اور آسیہ آگے جھکتی چلی جا رہی تھی —

یہاں تک کہ وہ اپنے گھٹنوں پر گر گئی— اس کا سر ہتھیلیوں میں گر گیا اور وہ سسکیاں بھرنے لگی— میں لپک کر اس کے پاس گیا اور اس کو اٹھانے کی کوشش کی لیکن اس نے میرے ہاتھہ پیچھے ہٹا دئے— میں عورت کے آنسو نہیں برداشت کر سکتا— عورت کے آنسو مجھے بالکل پاگل بنا دیتے ہیں—

«آننا نکولائونا، آسیہ» میں نے دھرایا «میں تم سے التجا کرتا ہوں، خدا کے لئے، آنسو نہ بہاؤ...» میں نے دوبارہ **اس** کے ہاتھہ تھام لئے...

لیکن میں حیران دیکھتا رہ گیا، وہ یکایک تیزی سے اٹھی، بجلی کی رفتار سے دروازے کی طرف لپکی اور غائب ہو گئی—

جب چند منٹ کے بعد فراؤ لوئی‌زا کمرے میں آئی تو میں اب تک کمرے کے درمیان اس طرح کھڑا تھا جیسے مجھہ پر بجلی گر پڑی ہو— میری سمجھہ میں نہیں آتا تھا کہ یہ ملاقات اتنی جلدی اتنے بے ہنگم طریقے سے کیوں کر ختم ہو گئی جبکہ ابھی میں نے اس کا سواں حصہ بھی نہیں کہا تھا جو میں کہنا چاہتا تھا جبکہ مجھے یہ بھی نہیں معلوم تھا کہ اس کا نتیجہ کیا نکلیگا...

«کیا فراؤلین انیتا چلی گئی؟» فراؤ لوئی‌زا نے اپنے سنہری بھوؤں کو چڑھاتے ہوئے پوچھا یہاں تک کہ اس کی بھویں لٹوں کو چھونے لگیں—

میں نے خالی خولی نگاہوں سے اس کو دیکھا اور باہر نکل گیا—

۱۷

میں شہر سے باہر نکلا اور چلتا رہا، چلتا رہا، یہاں تک کہ کھلے کھیتوں اور میدانوں میں نکل آیا — مجھے زبردست کوفت گھن کی طرح کھائے جا رہی تھی... میں خود کو کوس رہا تھا — آخر میری سمجھ میں یہ وجہ کیوں نہ آئی جس نے آسیہ کو ملاقات کی جگہ بدلنے پر مجبور کیا تھا — آخر میں یہ کیوں محسوس نہ کر سکا کہ اس بوڑھی عورت کے یہاں جانے میں اس کے دل پر کیا بیتی ہوگی؟ میں نے اس کو اپنے پاس سے جانے سے باز کیوں نہ رکھا؟ اس دور دراز اکیلے اور اندھیرے کمرے میں مجھے اس کو دھکا دینے اور برا بھلا کہنے کی ہمت اور سکت ہوئی... اور اب اس کا تصور میرا پیچھا کر رہا تھا اور میں اس سے معافی کی التجا کر رہا تھا — اس پیلے چہرے، ان بھیگی ہوئی سراسیمہ آنکھوں، اس کی گردن پر جھولتے ہوئے گیسوؤں اور اپنے سینے پر اس کے نرم سے لمس کی یاد دل میں آگ لگا رہی تھی— «تمہاری...» میرے کانوں نے پھر یہ سرگوشی سنی— «میں نے اپنے ضمیر کا تقاضا پورا کیا» میں نے خود کو یقین دلایا... لیکن یہ سچ نہ تھا — کیا یہی ہے وہ انجام جس کی تمنا دل میں تھی؟ کیا مجھ میں اس سے بچھڑنے کی سکت ہے؟ میں اس کو کھوکر زندہ رہ سکتا ہوں؟ «پاگل پن! پاگل پن!» میں پوری تلخی سے بڑبڑا رہا تھا...

رات کا اندھیرا چھانے لگا — میں پلٹا اور اس گھر کی طرف چلنے لگا جہاں آسیہ رہتی تھی—

گاگن باہر میرے پاس آیا —

«کیا تم میری بہن سے ملے؟» اس نے دور ہی سے پوچھا —

«کیا وہ گھر پر نہیں ہے؟» میں نے پوچھا —

«نہیں — »

«کیا وہ واپس نہیں آئی؟»

«نہیں، معاف کرنا» گاگن نے اپنی بات جاری رکھی «لیکن میں مجبور تھا . . . فیصلے کے خلاف میں گرجا گھر گیا — وہ وہاں نہیں تھی — میرا خیال ہے کہ وہ اس وقت تک نہیں آئی تھی — »

«وہ گرجا گھر میں نہیں تھی — »

«اور تم اس سے نہیں ملے؟»

مجھے مجبوراً اعتراف کرنا پڑا کہ میں اس سے مل چکا تھا —

«کہاں؟»

«فراؤ لوئی زا کے گھر — ایک گھنٹہ قبل ہم ایک دوسرے سے جدا ہوئے — » میں نے کہا — «مجھے یقین تھا کہ وہ واپس گھر گئی ہے — »

«ہم انتظار کرینگے» گاگن نے کہا —

ہم گھر کے اندر گئے اور پاس پاس بیٹھ گئے — دونوں چپ تھے — دونوں کو عجیب بےتکا سا معلوم ہو رہا تھا — ہم نظریں اٹھا اٹھا کر دروازے کی طرف دیکھتے رہے —— ہمہ تن گوش — آخر گاگن اٹھ کھڑا ہوا —

«یہ ناممکن ہے!» اس کے منہ سے نکلا «میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں اپنا کیا بنالوں — وہ میری جان لے کر رہیگی، واقعی وہ میری جان... آؤ چلیں، اسے ڈھونڈیں —»

ہم باہر نکل گئے — اب اندھیرا پوری طرح چھا چکا تھا —

«کس چیز کے بارے میں تمہاری باتیں ہوئیں؟» گاگن نے اپنی ٹوپی کو بھوؤں پر جھکاتے ہوئے پوچھا —

«میں اس کے پاس صرف پانچ منٹ ٹھہرا» میں نے کہا «میں نے اس سے وہی کچھ کہا جو ہم نے طے کیا تھا —»

«میں بتاؤں» اس نے کہا «بہتر ہو کہ ہم ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں — عین ممکن ہے کہ ہماری مڈ بھیڑ ہو جائے اس سے — بہرحال ایک گھنٹے میں یہاں واپس آ جانا —»

۱۹

میں اس ڈھلان پر بھاگتا چلا گیا جو انگوروں کے چمن سے باہر کی طرف جاتا تھا اور لپکتا ہوا شہر کی طرف لوٹ گیا — میں نے تیز تیز قدموں سے تمام سڑکوں کے چکر لگائے، ہر طرف نظر دوڑائی، فراؤ لوئیزا کی کھڑکیوں تک پر ایک نظر ڈال لی، دریائے رھائن کے ساحل پر لوٹا اور اس کے کنارے کنارے دوڑتا چلا گیا... بار بار میری نگاہیں کسی عورت کے پیکر پر جم کر رہ جاتیں لیکن آسیہ کا کہیں پتہ نہ تھا — اب یہ محض دکھہ باقی نہ رہا تھا جو اندر ہی اندر مجھے کھائے جا رہا تھا — اب اندر ہی اندر ایک ڈر تھا جو میرے دل کو مسل رہا تھا — اور یہ محض ڈر بھی نہیں تھا... اب مجھے ایک پچھتاوا، ایک جلتی ہوئی پشیمانی ستا

رہی تھی ـــــ یہ محبت تھی، ہاں لطیف‌ترین محبت! میں اپنے ہاتھہ ملتا اور رات کے بڑھتے ہوئے اندھیرے میں اس کا نام پکارتا، شروع میں اس کا نام میرے ہونٹوں پر آہستہ آہستہ آیا، پھر یہ آواز تیز ہوتی گئی، تیز، اور تیز، اور تیز! میں نے سو بار دہرایا ہوگا کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں — میں نے قسم کھائی کہ اب کبھی اس سے جدا نہ ہونگا — اس کے ٹھنڈے ہاتھہ کو ایک بار پھر اپنے ہاتھوں میں لینے کے لئے، دوبارہ اس کی آواز سننے کے لئے، اسکو پھر اپنی نگاہوں کے سامنے دیکھنے کے لئے، میں دنیا کی ہر چیز تج سکتا تھا... وہ میرے اتنا قریب آگئی تھی، وہ میرے پاس پورے عزم کے ساتھہ آئی تھی، وہ میرے پاس ایک ایسے دل کے ساتھہ آئی تھی جو معصومیت اور جذبات سے سرشار تھا، وہ میرے پاس اپنے کنوارے شباب کے ساتھہ آئی تھی... اور میں نے اسکو اپنے سینے سے نہیں لگایا، میں نے اس کے کومل چہرے کو خوشی اور خاموش بےخودی کی جوت سے دمکتے ہوئے دیکھنے کی راحت کو ٹھکرا دیا... اس خیال نے مجھے پاگل بنا دیا —

«کہاں گئی ہوگی وہ؟ اس نے اپنا کیا بنایا ہوگا؟» میں ایک بےبس غم کے احساس سے چلانے لگا... ٹھیک دریا کے کنارے پر کوئی سفید سی چیز ابھری — میں اس جگہ کو جانتا تھا — وہاں، ایک شخص کے مزار پر، جس نے ستر سال قبل ڈوب کر اپنی جان دے دی تھی، پتھر کی ایک صلیب زمین میں نیم دفن تھی اور اس پر ایک پرانی عبارت موجود تھی... میرا دل دھک سے ہو گیا... میں دوڑ کر صلیب کے پاس گیا... وہ سفید پیکر غائب ہو چکا تھا— میں

چلایا «آسیہ!» میری اپنی آواز کی وحشیانہ گونج نے مجھے ڈرا دیا... لیکن کسی نے جواب نہ دیا...

میں نے طے کیا کہ لوٹ چلوں اور دیکھوں شاید گاگن کو وہ مل گئی ہو—

۲۰

جب میں انگوروں کے چمن کے درمیان والے راستے پر لپک رہا تھا تو مجھے آسیہ کے کمرے میں ایک روشنی نظر آئی... اس سے میرے دل کو کچھہ سکون ہوا—

میں گھر کے قریب گیا— سامنے کا دروازہ بند تھا— میں نے دستک دی— نچلی منزل کی ایک اندھیری کھڑکی احتیاط سے کھولی گئی— اور گاگن کا سر دکھائی دیا—

«ملی؟»

«ہاں وہ لوٹ آئی ہے» اس نے سرگوشی میں جواب دیا— «وہ اپنے کمرے میں کپڑے بدل رہی ہے— سب کچھہ ٹھیک ٹھاک ہے—»

«خدا کا شکر ہے!» میں نے ایک ناقابل بیان سکون اور راحت کے ساتھہ کہا «خدا کا شکر ہے! اب سب کچھہ بہت شاندار ثابت ہوگا— لیکن، جانتے ہو، ہمیں ایک بار اور بات چیت کرنی پڑیگی—»

«کسی اور وقت» اس نے دھیرے سے کھڑکی کے پٹ کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے کہا «کسی اور وقت اور اب خدا حافظ—»

«کل تک کے لئے» میں نے کہا «کل سب کچھہ ٹھیک ہو جائیگا—»

«خدا حافظ!» گاگن نے دھرایا — کھڑکی بند ہو گئی —

میں کھڑکی پر دستک دینے ہی والا تھا — اس وقت میں گاگن سے یہ کہنے کے لئے تیار تھا کہ وہ اپنی بہن کا ہاتھہ میرے ہاتھہ میں دے دے — لیکن یہ وقت شادی بیاہ کی بات کے لئے مناسب نہ معلوم ہوا — «اچھا کل تک» میں نے سوچا «کل میں ایک مسرور آدمی ہونگا — »

کل مجھے خوش ہونا تھا — لیکن مسرت کل سے بےنیاز ہوتی ہے — آنے والی اور گزری ہوئی کل دونوں سے — مسرت ماضی کو بھلا دیتی ہے اور مستقبل کے بارے میں نہیں سوچتی — یہ صرف حال کو جانتی ہے —-ایک دن نہیں بلکہ صرف ایک لمحے کو —

مجھے یاد نہیں کہ میں شہر «ز» کس طرح واپس پہنچا — میری ٹانگیں مجھے نہیں لے گئیں اور نہ ناؤ —— میں نے تو پروں پر اڑ کر دریا پار کیا — میں ایک جھاڑی کے پاس سے گزرا جس میں ایک بلبل گا رہی تھی — میں دیر تک کھڑا اس کی سریلی آواز سنتا رہا — مجھے ایسا لگا کہ وہ میری محبت اور مسرت کا گیت گا رہی ہے —

۲۱

جب میں اگلی صبح اس مانوس گھر کے پاس پہنچا تو میں نے دیکھا کہ تمام کھڑکیاں کھلی ہوئی ہیں — دروازہ بھی کھلا ہوا تھا — سامنے کاغذ کے پرزے ادھر ادھر بکھرے ہوئے تھے — ایک ملازمہ جھاڑو لئے دروازے میں نظر آئی —

میں اس کے پاس گیا —

«وہ تو چلے گئے!» اس سے پہلے کہ میں پوچھوں گاگن گھر پر ہے یا نہیں، اس نے چھوٹتے ہی جڑ دیا—

«چلے گئے؟» میں نے دھرایا «کیا مطلب ہے تمہارا؟ وہ کہاں گئے ہیں؟»

«وہ آج صبح چلے گئے، چھہ بجے، اور یہ بھی نہیں بتایا کہ کہاں جا رہے ہیں— ایک منٹ ٹھہرنا— کیا تم مسٹر ن— ہو؟»

«ہاں—»

«انہوں نے مالکن کے پاس تمہارے لئے ایک خط چھوڑا ہے—» ملازمہ اوپر گئی اور ہاتھہ میں ایک خط لئے ہوئے واپس آئی— «یہ تمہارے لئے ہے—»

«ایسا نہیں ہو سکتا— کیسے...» میرے منہ سے نکلا— لڑکی نے خالی خالی آنکھوں سے مجھے دیکھا اور پھر جھاڑو دینے لگی—

میں نے خط کھولا— یہ گاگن کا خط تھا— آسیہ نے ایک لفظ بھی نہیں لکھا تھا— گاگن نے خط کے شروع میں لکھا تھا کہ اس کی اچانک روانگی پر میں ناراض نہ ہوں— اس کو یقین تھا کہ ٹھنڈے دل سے غور کرنے کے بعد میں اس کے اس قدم کی تائد کرونگا— اسے اس صورت حال سے نکلنے کا کوئی اور راستہ نظر نہ آیا— یہ صورت حال کٹھن ثابت ہو سکتی تھی اور خطرناک بھی— اس نے لکھا تھا «پچھلی رات، جب ہم دونوں خاموش بیٹھے آسیہ کے آنے کا انتظار کر رہے تھے تو میں آخر اس نتیجے پر پہنچا کہ ہمیں الگ ہو جانا چاہئے— بعض بدعتیں ایسی ہیں جن کا میں احترام کرتا ہوں— میں جانتا ہوں تم آسیہ سے شادی نہیں کر سکتے—

اس نے مجھے سب کچھ بتایا — میں مجبور تھا کہ اس کے دل پر پھایا رکھنے کے لئے اس کے اصرار کے سامنے جھک جاؤں — » اس نے خط کے آخر میں اس پر اظہار افسوس کیا تھا کہ ہماری دوستی اتنی جلدی ختم ہو گئی، میرے لئے بہتری کی دعائیں تھیں؛ میرے لئے اپنے دل میں قدر کا یقین دلایا تھا اور التجا کی تھی کہ میں ان کو ڈھونڈنے کی کوشش نہ کروں —

« کیسی بدعتیں؟» میرے منہ سے نکلا، جیسے وہ میری بات سن ہی تو لیگا — «کیا حماقت ہے! تمہیں اس کو مجھ سے چھین کر لے جانے کا کیا حق تھا؟» میں نے اپنا سر پکڑ لیا —

ملازمہ نے زور سے مالکن کو پکارا — اس کی چیخ نے مجھے سنبھلنے پر مجبور کیا — ایک ہی خیال میرے پورے وجود پر چھایا ہوا تھا — ان کو ڈھونڈو، ہر قیمت پر ان کو تلاش کرو — میں اس دھکے کو برداشت نہیں کر سکتا تھا، میں اس مسئلے کے اس حل کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کر سکتا تھا — مالکن سے معلوم ہوا کہ وہ چھ بجے صبح ایک جہاز سے دریا کے اتار کی سمت میں گئے ہیں — میں ٹکٹ گھر گیا — وہاں مجھے معلوم ہوا کہ انہوں نے شہر کیلن کے لئے ٹکٹ لئے تھے — میں جلدی جلدی گھر بھاگا کہ اپنا سامان سمیٹ کر دوسرے جہاز سے ان کے پیچھے روانہ ہوجاؤں — میرا راستہ فراؤ لوئی زا کے گھر کی طرف سے جاتا تھا . . . یکایک میں نے کسی کو اپنا نام لے کر پکارتے ہوئے سنا — اوپر دیکھا تو شہر کی میونسپلٹی کے کمیشنر کی بیوہ اسی کمرے کی کھڑکی میں نظر آئی جہاں کل میں نے آسیہ کو دیکھا تھا — اس کے ہونٹوں پر وہی بیزار کن مسکراہٹ ابھری — اس نے مجھے بلایا — میں مڑ گیا اور اب آگے

بڑھنے ھی والا تھا کہ اس نے پکار کر کہا کہ اس کے پاس میرے لئے کچھ ھے — ان الفاظ نے میرے قدم جکڑ لئے — میں گھر کے اندر چلا گیا اور میں کیوں کر بیان کروں کہ اس کمرے میں دوبارہ پہنچنے کے بعد میرے جذبات کا کیا عالم ھوا...

«مجھے صرف یہ دینا تھا» عورت نے ایک چھوٹا سا پرچہ دے کر کہا «بشرطیکہ تم خود میرے پاس آؤ — لیکن تم تو اتنے بھلے نوجوان ھو — لولے جاؤ — »

میں نے پرچہ لے لیا —

کاغذ کے ایک چھوٹے سے ٹکڑے پر جلدی جلدی یہ الفاظ گھسیٹے گئے تھے:

«الوداع — ھم پھر کبھی نہیں ملینگے — میری آن مجھے یہاں سے نہیں لے جا رھی ھے — بلکہ اس لئے جا رھی ھوں کہ اور کوئی راستہ ھی نہیں — کل جب میں تمہارے سامنے رو رھی تھی، اگر اس وقت تم ایک لفظ، ھاں صرف ایک لفظ بھی کہتے تو میں رک جاتی — لیکن تم نے نہیں کہا — مجھے یقین ھے جو کچھ ھو رھا ھے بھلے کو ھو رھا ھے... ھمیشہ کے لئے خدا حافظ!»

ایک لفظ... ھائے میں کتنا پاگل ھو گیا تھا! وہ لفظ... جسے میں نے ایک دن پہلے آنسوؤں کے ساتھہ اپنے منہ سے ادا کیا تھا، جسے میں نے خالی ھوا میں گنوایا تھا — میں نے کھلے کھیتوں اور میدانوں میں وہ لفظ باربار کہا تھا — لیکن اس کے سامنے میرے منہ سے وہ لفظ نہ نکلا — میں نے اس سے نہیں کہا کہ میں تم سے محبت کرتا ھوں... اور اس وقت میرے منہ سے وہ لفظ نہیں نکل

سکتا تھا — جب میں اس منحوس کمرے میں گیا تھا تو اس وقت مجھے اپنے دل میں پلتی ہوئی محبت کا صاف احساس بھی نہیں ہوا تھا — اس وقت بھی وہ محبت یوں بیدار نہیں ہوئی تھی جب خالی خالی خودفراموشی اور خاموش تناؤ کے عالم میں اس کے بھائی کے پاس بیٹھا تھا — یہ صرف اس وقت ناقابل تسخیر شدت اور زندگی کے ساتھہ ابھری جب مجھے چند منٹ بعد اس کا احساس ہوا کہ مجھہ پر مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے، اور میں نے اس کو ڈھونڈنا اور پکارنا شروع کیا... لیکن اب بہت دیر ہو چکی تھی -- «لیکن یہ ناممکن ہے!» آپ کہینگے — میں نہیں جانتا کہ یہ ممکن ہے — میں یہ جانتا ہوں کہ یہ سچ ہے — آسیہ ہرگز نہ جاتی اگر اس میں چھل کھپٹ کی ہلکی سی پرچھائیں بھی ہوتی اور وہ خود کو اس غلط حالت میں نہ پاتی — میں یہ نہیں سمجھہ سکا کہ... وہ، وہ سب کچھہ نہیں سہہ سکتی تھی جو دوسری لڑکی برداشت کر سکتی تھی — میری کمبخت بدعقلی نے اس وقت میرے اقرار محبت کو میرے ہونٹوں پر ہی روک دیا جب میں اندھیری کھڑکی میں گاگن کے آمنے سامنے تھا اور اس وقت بھی میں اس تنکے کو جھپٹ کر پکڑ سکتا تھا جو میرے ہاتھہ سے چھوٹ گیا تھا —

اسی دن میں اپنے سامان کے ساتھہ شہر «ل» لوٹا اور کیلن والے جہاز سے روانہ ہو گیا — مجھے یاد ہے جب جہاز دریا پر تیرنے لگا اور جب میں دل ہی دل میں ان سڑکوں کو خدا حافظ کہہ رہا تھا، ان تمام جگہوں کو، جن کو میں کبھی نہ بھول سکا، تو مجھے ہانچن نظر آئی — وہ دریا کے کنارے ایک بنچ پر بیٹھی تھی —

اس کا چہرہ زرد مگر اداس نہ تھا — ایک خوبصورت نوجوان اس کے پاس کھڑا اس سے کچھ کہہ رہا تھا اور ہنس رہا تھا — اور دریائے رھائن کے اس پار میری چھوٹی سی میڈونا، بوڑھے ایش کے پیڑ کے اندھیرے میں ڈوبے ہوئے پتوں اور ٹہنیوں سے جھانک رہی تھی—

۲۲

کیلن میں گاگن کا پتہ لگانے میں میں قریب قریب کامیاب ہو گیا — مجھے معلوم ہوا کہ وہ لوگ لندن گئے ہیں اور میں ان کے پیچھے پیچھے وہاں پہنچا — لیکن لندن میں ان کو تلاش کرنے کے سارے جتن رائگاں گئے — بہت عرصے تک تو میں اپنی شکست ماننے پر آمادہ نہ ہوا — میں نے ڈھونڈنے کی کوشش جاری رکھی — لیکن آخرکار ان کو تلاش کرنے کی امید سے ہاتھ دھونا پڑا —

اور میں ان کو دوبارہ نہ دیکھ سکا... میں نے آسیہ کو پھر کبھی نہیں دیکھا — کبھی کبھار اس کے بارے میں مبہم سی اڑتی پڑتی افواہیں سنتا — لیکن وہ تو ہمیشہ کے لئے نظروں سے اوجھل ہو چکی تھی — میں تو یہ بھی نہیں جانتا کہ وہ زندہ ہے یا مر چکی — چند برس پہلے، جب میں پردیس میں تھا، مجھے ریل گاڑی کے ایک ڈبے میں ایک عورت نظر آئی جس کے نقوش نے اس ناقابل فراموش چہرے کی یاد تازہ کردی — لیکن بلاشبہہ یہ اتفاقیہ مشابہت کے سوا اور کچھ نہ تھا — آسیہ میری یادوں میں وہی لڑکی ہے جس سے میں اپنی زندگی کے مسرورترین لمحے میں آشنا ہوا، وہ لڑکی جسے میں نے آخری بار لکڑی کی کرسی پر سمٹ سمٹا کر گٹھری کی طرح بیٹھے ہوئے دیکھا تھا —

بہر حال، اس کا اعتراف لازمی ہے کہ اس کے لئے میرا دل بہت لمبے عرصے تک خون نہیں ہوا — میں تو اپنے آپ سے یہ بھی کہتا کہ قسمت نے مجھے اور آسیہ کو ملاپ سے باز رکھ کر اچھا ہی کیا تھا — میں نے اپنے دل کو یہ کہہ کر تسکین دے لی کہ زیادہ قرینہ یہی تھا کہ میں اس قسم کی بیوی کے ساتھ خوش نہ رہتا — میں اس وقت نوجوان تھا — اور مستقبل، جو حقیقت میں اتنا مختصر، اتنا تیز رو ہے اس وقت جاوداں معلوم ہوتا تھا — «کیا دوبارہ ایسا واقعہ نہیں ہو سکتا ؟» میں اپنے آپ سے پوچھتا «اور بھی بہتر اور بھی حسین؟» میں دوسری عورتوں سے بھی قریب ہوا ہوں — لیکن وہ جذبہ جو آسیہ نے میرے دل میں بیدار کیا تھا — اتنا سچا، اتنا لطیف، اتنا گہرا جذبہ — پھر نہیں ابھرا — دوسری آنکھیں میرے لئے ان آنکھوں کی جگہ نہیں لے سکیں جو کبھی اتنے پیار سے مجھ پر جم کر رہ گئی تھیں — میرے سینے پر رکھے ہوئے اور کسی دل کے جواب میں میرا دل میٹھے اور نشاط انگیز درد کے ساتھ نہیں دھڑکا ہے — ایک تنہا کنوارے انسان کی زندگی گزارتے ہوئے میں اپنے آخری کٹھن دن کاٹ رہا ہوں — لیکن مقدس یادگار کے طور پر میرے پاس اس کے پرچے اور گرانی‌اوم کا پھول محفوظ ہیں — وہی پھول جو اس نے ایک بار کھڑکی سے میری طرف پھینکا تھا — آج تک اس میں ایک ہلکی سی خوشبو باقی ہے اور وہ ہاتھ جس نے یہ پھول مجھے دیا تھا، وہ ہاتھ جسے میں نے صرف ایک بار اپنے ہونٹوں سے لگایا تھا، شائد ایک عرصے سے قبر میں گھل رہا ہوگا —

اور میں —— اور میں کیا بن گیا ہوں؟ میرے پاس ان کیف پرور، ہیجانی دنوں —— اور پر تولتی ہوئی امیدوں اور پرواز کرتی ہوئی تمناؤں میں سے کیا رہ گیا؟ ایک ناچیز پھول نے انسان کا دکھہ بھی جھیلا اور سکھہ بھی اور اس کی بھینی بھینی خوشبو زندہ رہی —— ہاں یہ پھول انسان کے مقابلے میں زیادہ دیر تک مہکتا رہتا ہے، زیادہ دیر تک اپنی خوشبو بکھیرتا رہتا ہے —

۱۹۵۷ء

پہلی محبت

پ — و — انینکوف کے نام

... مہمان کب کے جا چکے تھے — گھڑی نے ساڑھے بارہ بجائے — کمرے میں میزبان کے ساتھہ سرگئی نکولائچ اور ولادیمیر پتروویچ کے علاوہ اور کوئی نہ تھا — میزبان نے گھنٹی بجاکر ملازم کو بلایا کہ کھانے کا جھوٹا برتن وغیرہ اٹھالے جائے —

«تو پھر یہ طے ھے» اس نے آرام سے کرسی میں دھنستے ہوئے اور سگار سلگاتے ہوئے کہا «ھم میں سے ہر ایک اپنی پہلی محبت کی داستان سنائیگا — سرگئی نکولائچ تم شروع کرو —»

سرگئی نکولائچ چھوٹے قد کا گول مٹول سا آدمی تھا — اس کا نقشہ موٹا تھا اور رنگ صاف — اس نے میزبان کو دیکھا اور اپنی نگاھیں چھت کی طرف اٹھائیں — «مجھے کبھی پہلی محبت ھوئی ھی نہیں» وہ بولا «میں نے تو سیدھے دوسری محبت سے کاروبار شروع کیا — »

«وہ کیوں کر؟»

«بہت آسان — میں اٹھارہ برس کا تھا کہ پہلی بار میں نے ایک حسین اور جوان خاتون سے محبت کی پینگیں بڑھانا شروع کیں — لیکن میں نے اپنا انداز کچھہ ایسا رکھا جیسے یہ میرے لئے کوئی نئی بات نہ ہو — ٹھیک اسی طرح جیسے میں اس کے بعد محبت کا کھیل کھیلتا رہا — سچی بات تو یہ ہے کہ پہلی اور آخری بار اس وقت عشق میں گرفتار ہوا جب میری عمر چھہ برس تھی — یہ عشق مجھے اپنی انا سے ہوا تھا — لیکن یہ بہت پہلے کی بات ہے اور ہمارے رشتوں کی تفصیل میری یاد سے غائب ہوچکی ہے اور اگر وہ یاد بھی ہوتی تو اس میں کس کو دلچسپی آتی؟ »

«تو ہم کیا کریں؟ » میزبان نے کہا — «میری پہلی محبت میں بھی کوئی ایسی خاص دلچسپی کی بات نہ تھی — اپنی موجودہ بیوی آننا ایوانوونا سے ملنے تک مجھے کبھی کسی سے محبت ہی نہ ہوئی اور شروع سے ہی ہماری محبت کا راستہ ہموار اور پرسکون رہا — ہمارے ماں باپ نے رشتہ طے کیا، ہم جلد ہی ایک دوسرے کو دل دے بیٹھے اور بغیر کسی تاخیر کے بیاہ کے بندھن میں بندھہ گئے — میری کہانی بس چند لفظوں میں کہی جا سکتی ہے — میں مانتا ہوں، حضرات، کہ جب میں نے پہلی محبت کا سوال اٹھایا تو اس وقت میں آپ پر تکیہ کر رہا تھا — آپ پر، ہاں جو صحیح معنی میں بوڑھے تو نہیں، پھر بھی نوجوان کنوارے بھی باقی نہیں رہے ہیں — ولادیمیر پتروویچ، شاید ہمیں کوئی دلچسپ قصہ سنا سکیں؟»

ولادیمیر پتروویچ کی عمر کوئی چالیس برس ہوگی — اس کے کالے بال راکھہ کے رنگ کے ہو گئے تھے — اس نے جھجھکتے ہوئے کہا «میری پہلی محبت کی کہانی واقعی کچھہ انوکھی ہے — »

«واہ!» میزبان اور سرگئی نکولائچ کے منہ سے ایک ساتھہ نکلا — «یہ تو اور بھی اچھی بات ہے — سناؤ، ہم سنینگے —»

«بہت اچھا — لیکن نہیں، میں کہانی سناؤنگا نہیں — بیان کرنے کے معاملے میں بڑا بودا ہوں — یقینی اس طرح میں اسے بہت ہی پھیکی اور مختصر بنا دونگا، یا شاید لمبی اور غلط ہو جائے — اگر مضایقہ نہ ہو تو میں جو کچھہ بھی یاد آئے اسے اپنی کاپی میں قلم بند کرلوں اور پھر پڑھہ کر سناؤں —»

پہلے تو اس کے دوستوں نے احتجاج کیا لیکن آخر ولادیمیر پتروویچ نے اپنی بات منوالی — اس کے پندرہ دن بعد وہ دوبارہ اکٹھے ہوئے اور ولادیمیر پتروویچ اپنی بات پر پورا اترا —

اس نے اپنے سننے والوں کو اپنی کاپی سے جو کچھہ پڑھہ کر سنایا یہ ہے:

۱

اس وقت میں سولہ برس کا تھا — وہ واقعہ جو میں آپ کو سنانے والا ہوں ۱۸۳۳ء کی گرمیوں میں رونما ہوا —

میں ماسکو میں اپنے ماں باپ کے ساتھہ رہتا تھا — انہوں نے شہر سے باہر کالوژسکی پھاٹک پر، نسکوچنی باغ کے مقابل، ایک مکان کرائے پر لے رکھا تھا — میں یونیورسٹی کے لئے پڑھہ رہا تھا — لیکن ہاں میں ضرورت سے زیادہ محنت نہیں کر رہا تھا —

مجھے پوری آزادی حاصل تھی اور جو جی میں آتا کرتا — خاص طور پر اپنے آخری اتالیق کے رخصت ہونے کے بعد، جو ایک فرانسیسی تھا — وہ ایک لمحے کو بھی یہ فراموش نہ کرتا کہ وہ روس پر ایک

«بم کی طرح» (comme une bombe) آن گرا تھا اور دن بھر بڑے باغیانہ انداز سے پڑا اینڈتا رہتا — میرے ابا میرے ساتھہ مشفقانہ بے نیازی سے پیش آتے — اماں مشکل سے میری پروا کرتیں حالانکہ ان کے کوئی اور اولاد نہ تھی — لیکن اور دوسرے دھندے تھے — ان کا سارا دھیان ان ھی میں بٹا رہتا — میرے ابا نے، جو اب بھی جوان اور وجیہہ تھے، ان سے روپے کے لئے شادی کی تھی — وہ ان سے دس برس بڑی تھیں — میری اماں آزردگی کی زندگی گذار رھی تھیں — وہ ھمیشہ بے چین اور فکر مند رھتیں، جلتی بھنتی، غم زدہ سی — لیکن کبھی ابا کے سامنے نہیں — وہ ان کے سامنے سہمی سہمی سی رھتیں اور وہ بڑی سرد مہری کے ساتھہ ان سے دور دور رھتے اور سخت برتاؤ کرتے — میں آج تک اپنے ابا جیسے مہذب، نفاست پسند، خود اعتماد اور اپنے حکم کا سکہ چلانے والے آدمی سے نہیں ملا —

اس گھر میں بیتے ھوئے اپنے شروع کے چند ھفتوں کو میں کبھی نہیں بھولونگا — موسم لاجواب تھا — ھم اس گھر میں و مٹی کو، سنٹ نکولاس کی ضیافت کے دن، اٹھہ آئے — میں احاطے میں اور نسکوچنی باغ میں چکر لگاتا اور کبھی کبھی گھومتا گھامتا شہر کی چہار دیواریوں سے باھر نکل جاتا — میں عام طور پر اپنے ساتھہ کوئی نہ کوئی کتاب لے جاتا، کئیدانوف کی «تاریخ» (۳) یا اسی قسم کی کوئی اور چیز — لیکن میں شاید ھی کتابوں کو کھولتا — میں زیادہ تر وقت نظمیں پڑھنے میں بتاتا اور اس سلسلے میں میرا حافظہ بہت اچھا تھا — میرا خون سنسناتا اور میرے دل میں کچھہ عجیب سی کسک ھوتی ایک لطیف سا ھلکا ھلکا درد — مجھے برابر کسی چیز کا

انتظار رہتا، کسی چیز کا اندیشہ — میں ہر چیز کو حیران نظروں سے دیکھتا اور ہر چیز کے لئے تیار رہتا — میرا تصور ایک ہی قسم کے خیالات کے چاروں طرف کھیلتا اور منڈلاتا، جیسے پو پھٹتے سمے گرجا کے گھنٹہ گھر کے اوپر ابابیلیں پرواز کرتی ہیں — میں جاگتے میں خواب دیکھنے لگتا، آزردہ اور اداس ہو جاتا اور کبھی کبھار آنکھوں سے آنسو کی جھڑی بھی لگ جاتی — لیکن ان تمام آنسوؤں اور اداسیوں کے اچانک دوروں کے درمیان، چاہے اس کی وجہ پرآہنگ شعر ہو یا شام کی سندرتا، جوانی سے سرشار زندگی، پر شور اور تڑپتی اور مچلتی زندگی خود کو محسوس کراتی —— جیسے گھاس، موسم بہار میں، زمین کو کاٹتی اور چیرتی ہوئی ابھرتی ہے —

میری شہسواری کے لئے ایک ٹٹو تھا — میں اس پر زین اور لگام خود ہی کستا اور دوردور نکل جاتا — اسے تیز تیز دوڑاتا اور خود کو ایک نائٹ تصور کر لیتا جو کسی کھیل کود کے مقابلے میں اپنی شہسواری کے جوہر دکھا رہا ہو — (ہوائیں میرے کانوں میں کتنی مسرت‌خیز سیٹیاں بجاتی ہوئی گزرتی تھیں) یا میں اپنا منہ آسمان کی طرف اٹھاتے ہوئے اس درخشاں روشنی اور نیلاہٹ کو اپنی پیاسی روح میں جذب کر لیتا —

جہاں تک مجھے یاد ہے، ایک عورت کے تصور نے، عورت کی محبت کے مدھم سے مدھم تصور نے شاید ہی کبھی میرے ذہن میں کوئی قطعی صورت اختیار کی ہو — لیکن مجھے محسوس ہوتا تھا کہ ان سب چیزوں میں کوئی نیم بیدار سی، شرمائی لجائی سی، نئی قوت انگڑائیاں لے رہی ہے، ایک ناقابل بیان مٹھاس —— مختصر یہ کہ کسی نسوانی لطافت کا احساس —

یہ احساس، یہ مستقل انتظار میری رگ و پے میں سرایت کر گیا تھا — میں اس کی ہوا میں سانس لیتا، میں اس کو اپنی رگوں میں دوڑتا ہوا محسوس کرتا، اپنے خون کے ایک ایک قطرے میں... اور بہت جلد یہ بات سچ ثابت ہوئی —

ہماری دیہاتی قیام گاہ میں خاص عمارت، ایک لکڑی کا گھر تھی جس میں ستون تھے اور ساتھ ہی احاطے میں دو ذیلی مکان تھے جن کی چھتیں نیچی تھیں — ان میں سے ایک میں جو بائیں طرف تھا دیوار پر چپکانے والے سستے کاغذ کا کارخانہ تھا — میں اکثر وہاں جاتا اور مریل، میلے کچیلے سوکھے چہروں والے کوئی ایک درجن چھوکروں کو، اپنے اپنے چکٹ لبادوں میں، اچھل کر، لکڑی کے کھٹکوں پر چڑھتے ہوئے دیکھتا جو چھاپے کی مشین کے فریم پر آکر گرتا اور ان لاغر چھوکروں کے جسم کے بوجھ سے بھڑکیلے قسم کے گل بوٹے کاڑھتا — دائیں ہاتھ والا مکان خالی تھا اور کرایہ پر اٹھنے کے لئے تیار — ایک دن، نویں مئی کے کوئی تین ہفتے بعد، اس کی کھڑکیاں دھڑ سے کھلیں اور عورتوں کے چہرے دکھائے دئے — کسی خاندان نے اس مکان کو کرائے پر لے لیا تھا — مجھے یاد ہے کہ اس دن میری اماں نے کھانے پر خانساماں سے پوچھا کہ ہمارے نئے پڑوسی کون ہیں — اور جب انہوں نے شہزادی زاسیکینہ کا نام سنا تو پہلے تو قدرے احترام سے بولیں «اوہ شہزادی...» اور پھر «شاید برا وقت آن پڑا ہے بیچاریوں پر!»

«وہ کرائے کی تین گاڑیوں میں یہاں آئے» خانساماں نے میز پر بڑی تعظیم سے ایک پلیٹ رکھتے ہوئے کہا — «ان کے پاس اپنی ان کوئی گاڑی نہیں اور ان کے فرنیچر بڑے سستے قسم کے معلوم ہوتے ہیں —»

«ہاں» اماں نے کہا «لیکن میں پھر بھی خوش ہوں — »

میرے ابا نے انتہائی سرد مہری کی نظر سے ان کو دیکھا اور پھر وہ کچھہ نہ بولیں —

اور سچی بات یہی ہے کہ شہزادی زاسیکینہ دولت‌مند خاتون نہیں ہو سکتی تھی — جس مکان کو انہوں نے کرائے پر لیا تھا وہ اتنا گیا گزرا، چھوٹا اور نیچی چھت والا تھا کہ کوئی بھی کھاتا پیتا گھرانہ اس میں رہنے کے لئے تیار نہ ہو سکتا تھا — لیکن اس وقت میں نے اس بات چیت پر زیادہ کان نہ دھرا — شہزادی کے رتبے کا بہت زیادہ رعب نہیں پڑا —— میں نے تازہ تازہ شیلر کی کتاب «لٹیرے» پڑھی تھی —

۲

میں کوے مارنے کی امید میں، ہر شام بندوق ہاتھہ میں اٹھائے احاطے میں مارا مارا پھرتا — ایک زمانے سے میرے دل میں اس عیار، چالاک اور اچکے پرند کے خلاف، نفرت پک رہی تھی — جس دن کا میں ذکر کر رہا ہوں، اس دن بھی میں حسب معمول مہم پر نکلا — اور ہر راستے کا بیکار چکر لگانے کے بعد (کوے مجھے بھانپ لیتے اور کہیں دور سے ہی قائیں قائیں شروع کر دیتے) اس چھوٹے سے جنگلے کے پاس پہنچ گیا جو ہمارے احاطے اور اس چھوٹے سے باغ کے درمیان تھا — یہ باغ دائیں ہاتھہ والے چھوٹے مکان کے پچھواڑے میں اس مکان سے ملا ہوا تھا — میں اپنی آنکھیں جھکائے چلتا رہا — دفعتاً میرے کانوں میں آوازیں آئیں — میں نے جنگلے کے اوپر سے دوسری طرف دیکھا اور مبہوت کھڑا کا کھڑا رہ گیا... سامنے ایک عجیب منظر تھا —

چند قدم کے فاصلے پر، رس بھری کی ہری جھاڑیوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ میں، ایک لمبی اور دھان‌پان لڑکی گلابی رنگ کے دھاری دار لباس میں کھڑی تھی— اس کے سر پر ایک سفید رومال تھا — چار نوجوان اس کے چاروں طرف ہالہ بنائے کھڑے تھے — اور وہ ان میں سے ہر ایک کو باری باری سے، پیشانی پر ان چھوٹے چھوٹے سے نیلے پھولوں سے مار رہی تھی جن سے بچے خوب مانوس ہوتے ہیں— مجھے ان پھولوں کے نام معلوم نہیں — ان کی پنکھڑیاں ننھی سی تھیلیوں کی طرح ہوتی ہیں اور کسی ٹھوس چیز سے ٹکرانے پر پھٹ سے پھٹ جاتی ہیں — یہ نوجوان اپنی اپنی پیشانی کتنے شوق سے پیش کر رہے تھے اور لڑکی کی تمام حرکات و سکنات میں (اس کے چہرے کا صرف ایک رخ میری جانب تھا) کچھ ایسی تحکمانہ شان، چاہت، تمسخر اور دلبری تھی کہ میں اپنی حیرانی اور خوشی میں قریب قریب چیخ پڑا اور مجھے ایسا لگا کہ میں خود ان نازک نازک کومل انگلیوں کو اپنی پیشانی پر محسوس کرنے کے لئے دنیا کی کوئی بھی قیمت ادا کر سکتا تھا — میری بندوق میرے ہاتھ سے پھسل کر گھاس پر گر گئی، میں سب کچھ بھول گیا اور میری پیاسی آنکھیں نازک کمر، صراحی دار گردن، حسین باہوں اور ذرا بکھرے بکھرے سے سنہرے بالوں پر، جو سفید رومال سے جھانک رہے تھے، ذہین آنکھوں پر، جو پلکوں کی چھاؤں میں آدھی چھپی ہوئی تھیں اور ان گھنی پلکوں کے نیچے کومل رخسار... پر جمی ہوئی تھیں اور حسن و جمال کی تمام رعنائیاں دل میں اتارے جا رہی تھیں —

«اے، نوجوان... نوجوان!» میرے کان کے قریب سے ہی ایک

آواز آئی «کیا بھلے آدمیوں کے یہی ڈھنگ ہیں — پرائی جوان لڑکیوں کو یوں گھورنا؟»

میں گھبرا کر چونک گیا — احاطے کی دوسری طرف ایک آدمی کھڑا تھا — اس کے بال کالے اور چھوٹے چھوٹے تھے — وہ تمسخر بھری نظروں سے مجھے دیکھ رہا تھا — ٹھیک اسی لمحے لڑکی میری طرف مڑی — مجھے ایک جاندار اور دمکتے ہوئے چہرے میں دو بڑی بڑی بھوری آنکھیں چمکتی نظر آئیں — یکایک چہرے میں تلاطم پیدا ہوا اور قہقہہ پھٹ پڑا، سفید دانت جھلملائے اور بھویں ایک تمسخرانہ انداز سے چڑھ گئیں... میرا رنگ فق ہو گیا، جھپٹ کر اپنی بندوق اٹھائی اور اپنے کمرے کی طرف بھاگا — قہقہوں کے پٹاخے میرا پیچھا کرتے رہے — بہر حال ان گونجتے ہوئے قہقہوں میں غیر دوستانہ چبھن نہ تھی — میں اپنے بستر پر گر پڑا اور چہرہ اپنے ہاتھوں میں چھپا لیا — میرا دل پوری وحشت سے بلیوں اچھل رہا تھا — بیک وقت مجھے گھبراہٹ بھی ہو رہی تھی اور مسرت بھی — اس سے پہلے کبھی میرے جذبات میں ایسی ہلچل نہیں مچی تھی —

تھوڑی دیر آرام کرنے کے بعد، میں نے اپنے بالوں میں کنگھا کیا، برش سے اپنے کوٹ کو جھاڑا اور چائے پینے کے لئے نیچے چلا گیا — اس نوجوان لڑکی کا تصور برابر میری آنکھوں میں لہرا رہا تھا اور گرچہ اب میرا دل اس وحشت سے نہیں دھڑک رہا تھا، میرے دل میں باربار ایک لطیف سی کسک ضرور پیدا ہو جاتی تھی —

«کیا معاملہ ہے؟» میرے ابا نے یکایک پوچھا — «کیا تم نے کوئی کوا مار لیا؟»

میں ان کو سب کچھ بتانا چاہتا تھا، لیکن باز رہا اور ایک رازدارانہ مسکراہٹ بکھیر کر رہ گیا — بستر میں لیٹنے سے پہلے دو تین بار، کسی وجہ سے، میں اپنے جوتوں کی ایڑیوں پر گھوما، اپنے بالوں میں خوشبودار روغن ملا اور پھر جو سویا تو گھوڑے بیچ کر سویا — صبح ہوتے، ایک لمحے کو میری آنکھ کھلی، میں نے تکیے پر سے اپنا سر اٹھایا، نشاط میں ڈوبی ہوئی نظر چاروں طرف دوڑائی اور دوبارہ نیند کی آغوش میں چلا گیا —

۳

«آخر ان لوگوں سے جان‌پہچان کس طرح پیدا کی جائے؟» آنکھ کھلتے ہی یہ پہلا خیال دماغ میں کوند گیا — ناشتے سے پہلے میں باغ میں گیا لیکن میں نے احاطے کے گھیرے کے پاس پھٹکنے کی جرأت نہ کی اور مجھے کوئی نظر بھی نہ آیا — ناشتے کے بعد میں ان کے گھر کے سامنے سڑک پر ٹہلتا رہا — دور ہی سے میں کھڑکیوں کو گھورتا رہا... ایک بار تو مجھے ایسا لگا کہ پردے کے پیچھے اس کا چہرہ ابھرا اور میں گھبراکر پیچھے ہٹ گیا — «لیکن اس سے ضرور جان‌پہچان پیدا کرنی چاہئے» نسکوچنی باغ کے سامنے ریت سے پٹی ہوئی زمین پر چہل قدمی کرتے ہوئے میں نے سوچا — «لیکن کیسے؟ یہی تو ایک مسئلہ ہے —» پچھلے دن کی مڈبھیڑ کی ایک ایک تفصیل یاد آ رہی تھی — میری یادوں میں، اس کے ہنسنے کی تصویر سب سے زیادہ روشن تھی — اس وقت جبکہ میں اپنی ادھیڑ بن میں مبتلا منصوبے بنا رہا تھا، میری قسمت اپنی چال چل رہی تھی —

جب میں باہر تھا تو میری اماں کو نئی پڑوسن کا ایک خط ملا جو بھورے کاغذ پر لکھا گیا تھا اور اس پر موم کی مہر لگائی گئی تھی جو عام طور پر ڈاک خانوں میں یا سستی شراب کی بوتلوں پر لگائی جاتی تھی — اسی خط میں، جو بھدی لکھائی میں لکھا گیا تھا اور جو گرامر کی بھونڈی غلطیوں سے بھرا پڑا تھا، شہزادی نے اماں سے التجا کی تھی کہ وہ اس کی خاطر اپنا اثر استعمال کریں — اس نے لکھا تھا کہ میری اماں کے تعلقات بعض بارسوخ لوگوں سے اچھے ہیں جن پر شہزادی اور اس کے بچوں کی قسمت کا دارومدار تھا اور اس کے کئی اہم مقدمے عدالت میں تھے — «میں آپ سے التجا کرتی ہوں» اس نے لکھا تھا «جس طرح ایک باعزت خاتون دوسری باعزت خاتون سے کرتی ہے اور ساتھ ہی مجھے اس کی مسرت ہے —» اس نے اپنے خط کے آخر میں یہ درخواست کی تھی کہ اسے ملاقات کا شرف بخشا جائے — میں جب گھر کے اندر گیا تو دیکھا کہ اماں کا پارہ بری طرح چڑھا ہوا ہے — ابا باہر گئے ہوئے تھے اور ان کو صلاح مشورہ دینے والا کوئی نہ تھا — «ایک معزز خاندان کی خاتون» کو جواب نہ دینے کا تو خیر سوال ہی نہ تھا — مگر کیا جواب دیا جائے، یہ میری اماں کی سمجھ میں نہ آتا تھا — فرانسیسی میں خط لکھنا اماں کو کچھ جچ نہیں رہا تھا اور روسی کی ہجے میں وہ خود بھی کوئی ایسی بہت مضبوط نہ تھیں — وہ یہ جانتی تھیں اور اپنی قلعی کھلوانے کو تیار نہ تھیں — اسی لئے، جب میں آیا تو بہت خوش ہوئیں اور فوراً مجھے شہزادی کے پاس بھیجا اور زبانی یہ پیغام دیا کہ اماں ہر ممکن طرح سے خاتون محترم کے کام آنے میں مسرت محسوس کرینگی اور یہ کہ وہ بارہ اور ایک کے درمیان ان سے ملنے

کو تیار ہیں — اپنی چھپی ہوئی، دلی تمناؤں کو اتنی جلدی پورا ہوتے دیکھ کر مجھے بڑی خوشی ہوئی لیکن ساتھ ہی ایک گھبراہٹ بھی پیدا ہوئی — لیکن میں نے اپنی گھبراہٹ کو ظاہر نہ ہونے دیا اور ایک نئی ٹائی اور بند گلے کا کوٹ پہننے کے لئے اوپر چلا گیا — مجھے گھر پر، ایک جیکٹ اور جھکے ہوئے کالروں میں رہنا پڑتا تھا اور اس سے میرا جی بہت کڑھتا تھا —

٤

جب میں سر سے پاؤں تک کانپتے ہوئے میلے کچیلے اور خستہ حال ملاقات کے کمرے میں داخل ہوا تو وہاں میری ملاقات بھورے بالوں والے ایک دقیانوسی قسم کے خدمتگار سے ہوئی — اس کا رنگ تانبے کی طرح کالا تھا، اس کی آنکھیں بجھی بجھی، سور کی آنکھوں جیسی تھیں اور اس کی بھوؤں اور کنپٹیوں کے اوپر اتنی گہری جھریاں تھیں کہ اس سے پہلے میں نے ایسی جھریاں نہیں دیکھی تھیں — اس کے ہاتھ میں ایک پلیٹ تھی جس میں نمکین ہیرنگ مچھلیوں کا جھوٹا پڑا تھا، اس نے اپنے پیر سے کمرے کا دروازہ بند کرتے ہوئے کھرج دار آواز میں پوچھا :

«کیا چاہتے ہو؟»

«کیا شہزادی زاسیکینہ گھر پر موجود ہیں؟» میں نے پوچھا —

«وونی‌فاتی!» دروازے کے پیچھے سے ایک تھرتھراتی ہوئی نسوانی آواز آئی —

ایک لفظ کہے بغیر، ملازم اپنی ایڑیوں پر مڑا اور اس کی پھٹی پرانی وردی کی پشت سامنے آگئی جس پر اکلوتا زنگ آلود بٹن

ٹنکا ہوا تھا اور بٹن پر مہر ابھری ہوئی تھی — اس نے اپنی پلیٹ فرش پر رکھی اور چلتا بنا —

«کیا تم کوتوالی گئے تھے؟» اسی تھرتھراتی ہوئی آواز نے پوچھا — ملازم جواب میں کچھ بڑبڑایا — «کیا کہا تم نے؟» آواز پھر آئی — «کوئی مجھ سے ملنے آیا ہے؟ پڑوس والوں کے نوجوان صاحبزادے— اچھا، اندر لے آؤ —»

«براہ کرم ڈرائنگ روم میں تشریف لے جائیے» ملازم نے دوبارہ نمودار ہوتے ہوئے اور فرش پر سے پلیٹ اٹھاتے ہوئے کہا — میں نے ٹائی سیدھی کی اور «ڈرائنگ روم» میں چلا گیا —

میں اب ایک چھوٹے سے کمرے میں تھا — یہ کوئی بہت صاف ستھرا کمرہ نہ تھا — یہاں کا فرنیچر خستہ حال تھا اور ایسا لگتا تھا کہ اسے جلدی میں یونہی پٹک دیا گیا ہے — کھڑکی کے پاس کرسی پر جس کا ایک بازو ٹوٹا ہوا تھا، پچاس پچپن کی ایک عورت بیٹھی تھی — اس کا چہرہ معمولی اور سادہ سا تھا — اس کے سر پر رومال نہ تھا اور وہ ہرے رنگ کا پرانا لباس پہنے ہوئے تھی اور گردن میں ورسٹڈ کا شوخ رنگ کا رومال لپٹا ہوا تھا — اس کی چھوٹی چھوٹی کالی آنکھیں میرے اوپر گڑی ہوئی تھیں —

میں اس کے پاس گیا اور کورنش بجالایا —

«کیا مجھے اس وقت شہزادی زاسیکینہ سے بات کرنے کی عزت حاصل ہو رہی ہے؟»

«میں ہوں شہزادی زاسیکینہ — کیا تم مسٹر و — کے صاحبزادے ہو؟»

«جی ھاں مادام — میں اپنی اماں کا پیغام لے کر آیا ھوں — »

«کیا تم بیٹھوگے نہیں؟ وونی‌فاتی! میری کنجیاں کہاں ھیں؟ کیا تم نے دیکھی ھیں کہیں؟ »

میں نے شہزادی کو ان کے خط کے جواب میں اماں کا پیغام سنایا — اس نے کھڑکی پر اپنی موٹی سرخ انگلیوں کو بجاتے ھوئے میری بات سنی اور جب میں اپنی بات ختم کر چکا تو اس نے دوبارہ اپنی آنکھیں مجھہ پر گاڑ دیں —

«بہت اچھا — میں ضرور آؤنگی» آخر اس نے کہا — «تم بہت کم سن معلوم ھوتے ھو! کیا عمر ھے تمہاری؟ »

«سولہ» میری زبان لڑکھڑا گئی —

شہزادی نے چند چکنے کاغذ اپنی جیب سے نکالے جن پر کچھہ لکھا ھوا تھا — ان کو آنکھہ کے پاس لاتے ھوئے اس نے ان کو چھانٹنا شروع کیا —

«بڑی اچھی عمر ھے یہ» اس نے اپنی کرسی پر اچانک کسمساتے ھوئے کہا — «تمہیں ھم سے تکلف نہیں برتنا چاھئے — ھم سب یہاں بہت سادہ طبیعت کے لوگ ھیں — »

«بہت زیادہ، ضرورت سے زیادہ سادہ» میں نے اندرونی بیزاری کے ساتھہ اس کے ناگوار حلیے پر نظر دوڑاتے ھوئے سوچا —

ٹھیک اس وقت ڈرائنگ روم کے اندر ایک دوسرا دروازہ کھلا اور وھی لڑکی جسے میں نے کل باغ میں دیکھا تھا دروازے میں نظر آئی — اس نے اپنا ھاتھہ اٹھایا اور اس کے ھونٹوں پر ایک مسکراھٹ دوڑ گئی —

«میری لڑکی» شہزادی نے دروازے کی طرف اپنی کہنی سے اشارہ

کرتے ہوئے کہا — «زینا یہ ہمارے پڑوسی مسٹر و — کے صاحبزادے ہیں — ہاں بتانا، کیا نام ہے تمہارا ؟»

«ولادیمیر» میں نے مارے جوش کے کرسی سے اٹھتے ہوئے اور قریب قریب ہکلاتے ہوئے جواب دیا —

«اور تمہارا خاندانی لقب؟»

«پتروویچ — »

«ذرا دیکھنا! میں ولادیمیر پتروویچ نام کے ایک آدمی کو جانتی تھی جو پولیس کا اعلی افسر تھا — وونی‌فاتی، میری کنجیاں ڈھونڈنے کی ضرورت نہیں — وہ تو یہیں میری جیب میں پڑی ہیں — »

نوجوان لڑکی، اپنی تمسخر آمیز مسکراہٹ کے ساتھہ، آنکھوں کو ایک ذرا میچتے ہوئے اور اپنے سر کو ایک طرف ہلکے سے ڈھلکاتے ہوئے، مجھے گھورے جا رہی تھی —

«میں موسیو وولدیمار کو ایک بار پہلے بھی دیکھہ چکی ہوں» اس نے کہنا شروع کیا — (اس کی چاندی کے گھنگھروؤں کی طرح بجتی ہوئی آواز نے میرے دل کو جذبات اور جوش سے بھر دیا —) «میں تمہیں تمہارے نام سے مخاطب کر رہی ہوں — برا تو نہیں مانتے تم؟»

«کیوں، ہرگز نہیں!» میں نے لڑکھڑاتی ہوئی زبان سے کہا —

«کہاں دیکھا تم نے؟» شہزادی نے پوچھا — نوجوان شہزادی نے اپنی ماں کو جواب نہیں دیا —

«کیا تم اس وقت کوئی خاص کام کر رہے ہو؟» اس نے میرے چہرے پر سے آنکھیں ہٹائے بغیر پوچھا —

«نہیں تو!»

«کیا تم اون کا گولہ کھولنے میں میری مدد کر سکتے ہو؟ آؤ میرے ساتھہ —»

وہ اپنے سر کو ایک ہلکا سا جھٹکا دیتے ہوئے ڈرائنگ روم سے نکل گئی — میں اس کے پیچھے پیچھے چل دیا —

اب ہم جس کمرے میں داخل ہوئے، اس کے فرنیچر اتنے خستہ حال نہ تھے اور ان کو زیادہ سلیقے سے آراستہ کیا گیا تھا — ایسا تو نہیں تھا کہ اس وقت مجھے کسی چیز کو دیکھنے کا ہوش تھا — میں تو یوں چل پھر رہا تھا جیسے خواب میں ہوں — روحانی لطف و مسرت کا ایک شدید احساس میرے انگ انگ میں رس رہا تھا —

چھوٹی شہزادی بیٹھہ گئی — اس نے لال اون کا ایک لچھا نکالا اور اپنے سامنے کی کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بڑی احتیاط سے میرے پھیلے ہوئے ہاتھوں پر لچھے کو کھولنے لگی — اس نے یہ سب خاموشی سے اور انتہائی بے فکری اور اطمینان کی شان سے کیا — ایک پرسکون محرابی مسکراہٹ اس کے کھلے ہوئے ہونٹوں پر کھیل رہی تھی — اس نے اون کو ایک کارڈ پر لپیٹنا شروع کیا اور یکایک مجھے ایسی تیز اور برق پاش نظر سے دیکھا کہ بے اختیار میری آنکھیں جھک گئیں — جب اس کی آنکھیں، جو اکثر مچی ہوئی چھوٹی چھوٹی نظر آتی تھیں، ایک لمحے کو پھیل گئیں تو اس کا چہرہ بالکل بدل گیا — ایسا لگا کہ اس کے خد و خال یکایک دمک اٹھے ہیں —

«میں حیران ہوں، موسیو وولدیمار کہ کل تم نے میرے بارے میں کیا سوچا ہوگا؟» اس نے خاموشی کو توڑتے ہوئے کہا — «میرا خیال ہے کہ تم نے مجھے بالکل ناپسند کیا ہوگا — »

«میں... شہزادی... میں نے کچھہ بھی نہیں سوچا... میں بھلا کیوں کر کچھہ سوچ سکتا تھا؟..» میں نے گڑبڑا کر جواب دیا —

«دیکھو! » اس نے کہا — «تم ابھی مجھے نہیں جانتے — میں ایک عجیب چیز ہوں — میں ہمیشہ یہ چاہتی ہوں کہ ہر شخص مجھہ سے سچی بات کہے — میں نے تمہیں کہتے سنا کہ تمہاری عمر سولہ برس ہے — میں اکیس برس کی ہوں — دیکھا تم نے کہ میں تم سے کتنی بڑی ہوں — اس لئے تمہیں مجھہ سے ہمیشہ سچ کہنا چاہئے... اور میرے کہے پر عمل کرنا چاہئے — » اس نے مزید کہا — «مجھے دیکھو، تم مجھہ سے آنکھہ برابر کیوں نہیں کرتے؟ »

میری گھبراہٹ اور بھی بڑھہ گئی — میں نے بہر حال اس کی آنکھوں سے آنکھیں ملائیں — وہ مسکرائی، لیکن پہلے کی طرح نہیں — ابکے اس میں پسندیدگی کی جھلک تھی —

«ہاں ہاں، اسی طرح مجھے گھورتے رہو! » اس نے اپنی آواز کو مدھم بناتے ہوئے کہا — «میں برا نہیں مانتی — مجھے تمہارا چہرہ اچھا لگتا ہے — مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم آگے چل کر دوست بن جائینگے — کیا میں تمہیں اچھی لگتی ہوں؟ » اس نے بڑی شرارت‌آمیز شوخی کے ساتھہ کہا —

«شہزادی... » میں نے کہنا شروع کیا —

«پہلی بات تو یہ کہ تم مجھے زینائیدا الیکساندروونا کہو اور دوسری یہ کہ میں بچوں کا — نوجوانوں کا (اس نے خود اپنی اصلاح کی) یہ طریقہ برداشت نہیں کر سکتی کہ وہ جو کچھہ سوچیں سیدھے سیدھے بیان نہ کریں — یہ باتیں بڑے لوگوں کے لئے چھوڑ دو — میں تمہیں اچھی لگتی ہوں نا؟ »

گرچہ اس کی صافگوئی سے مجھے خوشی ہوئی پھر بھی مجھے اس سے صدمہ پہنچا — اس پر یہ جتانے کی بیقراری میں کہ میں کوئی بچہ نہیں ہوں میں نے بےتکلفی کے بھاری بھرکم انداز میں کہا :

«تم مجھے اچھی لگتی ہو، زینائیدا الیکساندروونا — یہ حقیقت بتانے میں مجھے ذرا جھجھک نہیں... »

اس نے ہولے ہولے میری طرف اپنا سر ہلایا —

«کیا تمہارا کوئی اتالیق ہے؟ » اس نے یکایک پوچھا —

«نہیں — ایک زمانے سے میرا کوئی اتالیق نہیں — » یہ سفید جھوٹ تھا کیونکہ اپنے فرانسیسی اتالیق سے چھٹکارا حاصل کئے ہوئے مشکل سے ایک مہینہ گزرا تھا —

«اوہ دیکھتی ہوں کہ تم تو خاصے بڑے ہو — »

اس نے ہلکے سے میری انگلیوں کو تھپتھپایا — « اپنے بازو سیدھے رکھو! » اور اس نے بڑے انہماک سے اون کو لپیٹنا شروع کر دیا —

وہ نیچے اپنے کام پر نگاہیں جمائے ہوئے تھی — اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے میں نے اس کو غور سے دیکھنا شروع کیا — پہلے تو چوری چوری اور پھر جسارت کے ساتھ — اس کی صورت پچھلے دن سے بھی زیادہ من موہنی لگی — اس کے خطوط اتنے نازک تھے، نرم نرم، اتنے ذہین اور پیارے — وہ کھڑکی کی طرف اپنی پشت کئے بیٹھی تھی جس پر ایک سفید پردہ پڑا ہوا تھا — دھوپ کی ایک کرن، پردے کو چیرتی ہوئی اس کے پھولے پھولے سے سنہرے بالوں پر، اس کی معصوم گردن پر، اس کے جھکے ہوئے گول شانوں پر، اس کے نرم نرم سے پرسکون سینے پر کھیل رہی تھی — میں نے اس

پر نظر ڈالی اور وہ مجھے کتنی قریب اور کتنی مانوس سی معلوم ہوئی— مجھے ایسا لگا کہ میں اسے صدیوں سے جانتا ہوں، اور اس سے ملنے سے پہلے مجھے کچھ بھی معلوم نہ تھا، اس سے پہلے میں صحیح معنی میں زندہ نہ تھا... وہ ایک قدرے پرانا سیاہ لباس پہنے ہوئے تھی — اس کے اوپر ایک اپرن بھی تھا — مجھے ایسا لگا، جیسے میرا دل اس کے لباس اور اپرن کی ایک ایک شکن کو چھونے کے لئے مچل رہا ہو — اس کے لباس کے نیچے سے اس کے جوتوں کے پنجے جھانک رہے تھے— میں شوق سے ان جوتوں پر سجدے میں گر کر ان کی پوجا کرنے کو تیار تھا... «اور یہ رہا میں» میں نے سوچا «اس کے سامنے بیٹھا ہوا... میں نے اس سے جان پہچان حاصل کر لی ہے... یا خدا! یہ کیسی روحانی مسرت کا لمحہ ہے!» میں بےخودی میں قریب قریب اپنی کرسی سے اچھل پڑا — لیکن میں نے خود کو وقت پر روک لیا اور اپنی کرسی میں ادھر سے ادھر کسمسا کر رہ گیا اس بچے کی طرح جسے کھانے کو کچھ مزیدار چیز مل گئی ہو—

میں پانی میں تیرتی ہوئی مچھلی کی طرح مگن تھا اور میرا جی چاہا کہ اس کمرے میں، اس کرسی پر، ہمیشہ ہمیشہ اسی طرح بیٹھا رہوں —

جھکی ہوئی پلکیں آہستہ آہستہ اٹھیں اور اس کی جگمگاتی ہوئی آنکھوں نے لطف و کرم کی روشنی مجھ پر برسائی اور پھر وہ مسکرائی —

«تم کس طرح دیکھتے ہو مجھے!» اس نے میری طرف اپنی انگلی اٹھا کر دھمکاتے ہوئے آہستہ سے کہا —

میرا منہ سرخ ہو گیا — «وہ سب سمجھتی ہے — وہ سب دیکھتی ہے —» میرے دماغ میں گونج گیا — «اور وہ سب کچھ دیکھے اور بوجھے بغیر کیسے رہ سکتی ہے؟»

یکایک دوسرے کمرے میں ایک آواز ابھری ـــ ایک تلوار کی جھنکار ـ

«زینا!» ڈرائنگ روم سے شہزادی کے چلانے کی آواز آئی ـ «بیلوزوروف تمہارے لئے ایک بلی لایا ہے ـ»

«بلی!» زینائیدا کے منہ سے نکلا ـ وہ اپنی کرسی سے اچھلی اور اون کا گولہ میری گود میں پھینک کر کمرے سے نکل گئی ـ

میں بھی اٹھا اور اون کو کھڑکی پر رکھتے ہوئے ڈرائینگ روم میں چلا گیا اور حیران اور چپ کھڑا رہا ـ کمرے کے بیچوں بیچ، اپنے چاروں پنجے نکالے ہوئے، ایک گلہریا بلی کھڑی تھی ـ زینائیدا گھٹنوں کے بل بیٹھی اس پر جھکی ہوئی نرمی سے اس کے سر کو اٹھائے ہوئے تھی ـ بوڑھی شہزادی کے پاس، جو کھڑکیوں کے درمیان پوری جگہ گھیرے ہوئے تھی، ایک نوجوان ہسار فوجی کھڑا تھا ـــ سنہرے، گھنگھریالے بال، سرخ و سفید چہرہ اور ابھری ابھری آنکھیں ـ

«ہائے کتنی بھولی سی جان ہے یہ!» زینائیدا چیخی ـ «اس کی آنکھیں بھوری نہیں سبز ہیں اور دیکھو کیسے بڑے بڑے کان ہیں اس کے! شکریہ، وکٹر یگورچ! تم بڑے پیارے آدمی ہو!»

ہسار (میں نے پہچان لیا یہ وہی تھا جسے میں نے پچھلے دن دیکھا تھا) مسکرایا اور جھکا ـ اس کی مہمیزیں کھٹ سے ٹکرائیں اور نیام کے گھنگھرو بج اٹھے ـ

«کل تم نے کہا تھا کہ تم بڑے بڑے کانوں والی ایک گلہریا بلی چاہتی ہو ـــ اور میں نے ڈھونڈ نکالی ایک بلی ـ تمہارا ہر لفظ میرے لئے حکم کا درجہ رکھتا ہے ـ» نوجوان ایک بار پھر جھکا ـ

بلی نے آهسته سے میاؤں میاؤں کی اور فرش کو سونگھنے لگی —
«بھوکی ھے! » زینائیدا بولی — «وونی‌فاتی! سونیا! تھوڑا سا دودھ لاؤ! »

ایک نوکرانی، پرانے پیلے کپڑوں میں، اندر آئی — اس کی گردن میں بندھے ہوئے رومال کا رنگ بالکل اڑ گیا تھا — اس کے ھاتھ میں دودھ کی پیالی تھی — اس نے پیالی بلی کے سامنے رکھ دی — بلی چونکی، اس نے اپنی آنکھیں میچ لیں، اور پھر دودھ چاٹنے لگی —

«اس کی زبان کتنی گلابی ھے! » زینائیدا نے اپنا سر قریب قریب فرش تک جھکاتے ہوئے اور بلی کے گال کے پاس منہ لےجاکر ترچھی آنکھوں سے جھانکتے ہوئے کہا —

بلی نے پیٹ بھر کے دودھ پیا اور خرخرانا اور بڑی متانت سے اپنے پنجوں کو نیچے سے اوپر اور اوپر سے نیچے لانا لے جانا شروع کیا — زینائیدا اٹھی اور اپنی نوکرانی کی طرف مڑی — «لے جاؤ اسے» اس نے بےنیازی سے کہا —

«تمہارا ھاتھ —— بلی کے نام پر» ھسار نے مسکراتے ہوئے کہا — اس کا بھاری بھرکم جسم کسی کسائی نئی وردی میں کسمسا رہا تھا —

«دونوں! » زینائیدا نے جواب دیا اور اپنے دونوں ھاتھ اس کی طرف بڑھا دئے — جب وہ ان ھاتھوں کو چوم رہا تھا تو اس نے اس کے کندھے کے اوپر سے مجھے دیکھا —

میں بے حس وحرکت کھڑا تھا — میری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیا کروں —— قہقہہ لگاؤں، کوئی فقرہ چست کروں یا خاموش

رھوں -- یکایک، گلیارے میں دروازہ کھلا اور ھمارا خدمتگار فیودر مجھے اشارہ کرتا ھوا نظر آیا — میں میکانکی طور پر اس کے پاس گیا—

«کیا ھے؟» میں نے پوچھا —

«تمھاری ممی تمھیں یاد کر رھی ھیں» اس نے کان میں کہا — «وہ تم سے ناراض ھیں کہ تم اب تک جواب لے کر نہیں آئے —»

«کیوں میں یہاں کتنی دیر سے ھوں؟»

«ایک گھنٹے سے زیادہ ھوا—»

«ایک گھنٹے سے زیادہ!» میں نے بےاختیار دھرایا اور ڈرائنگ روم میں واپس جاکر، میں نے جھک جھک کر کورنش بجا لایا اور رخصت چاھی —

«کہاں جا رھے ھو تم؟» ھسار کے کندھے پر سے مجھے ایک نظر دیکھتے ھوئے چھوٹی شہزادی نے مجھ سے پوچھا —

«مجھے گھر جانا ھے — تو میں اماں سے کہدوں» میں نے بوڑھی شہزادی کی طرف مڑتے ھوئے کہا «ایک بجے کے بعد آپ کا انتظار کیا جائے —»

«ھاں جناب ان سے یہی کہہ دیجئے —»

بوڑھی شہزادی نے اپنی ناس کی ڈبیہ جلدی جلدی نکالی اور چٹکی بھر ناس اتنی گھن گرج کے ساتھہ سڑک گئی کہ میں بھونچکا رہ گیا —

«ھاں ان سے یہی کہہ دو» اس نے آنسوؤں سے بھری ھوئی آنکھوں کو مٹمٹاتے اور کھنکھارتے ھوئے کہا —

میں دوسری بار جھکا، ایڑیوں پر گھوما اور کمرے سے باھر نکل گیا — مجھے اپنی پشت میں وھی بےتکی چبھن محسوس ھو رھی

تھی جس سے ہر وہ نوجوان مانوس ہے جو یہ جانتا ہے کہ آنکھیں اس کا تعاقب کر رہی ہیں—

«دیکھنا، موسیو وولدیمار، پھر آنا اور ہم سے ملنا» زینائیدا ایک اور قہقہے کے ساتھہ چلائی—

«وہ اس قدر ہنستی کیوں ہے؟» فیودر کے ہمراہ گھر کی طرف چلتے ہوئے میں نے سوچا— فیودر منہ سے تو کچھہ نہ پھوٹا مگر یہ صاف ظاہر تھا کہ وہ میرے پیچھے پیچھے ناپسندیدگی کے ساتھہ چل رہا تھا— میری اماں نے مجھے ڈانٹ پلائی اور اس پر حیرانی کا اظہار کیا کہ اتنی دیر تک آخر میں شہزادی کے یہاں کیا کرتا رہا— میں نے کوئی جواب نہ دیا اور اپنے کمرے میں چلا گیا— اچانک مجھہ پر ایک عجیب سی اداسی چھا گئی — میں نے اپنے آنسو پینے کے سارے جتن کئے — میں ہسار سے جل رہا تھا!

۵

شہزادی، اپنے وعدے کی پکی، میری اماں سے ملنے آئی اور... ان کو ایک ذرا نہ بھائی—میں اس ملاقات کے وقت موجود نہ تھا— لیکن میں نے کھانے کی میز پر اماں کو ابا سے کہتے سنا کہ شہزادی زاسیکینہ une femme très vulgaire* نظر آئی اور یہ کہ اس نے شہزادہ سرگئی سے سفارش کی التجا کر کرکے ناک میں دم کر دیا، — de vilaines affaires d'argent** — اور یہ کہ بڑی

---

* بڑی ہی گھٹیا عورت۔

** وہ مقدموں اور جھگڑوں میں گردن تک دفن ہے—

پکی قسم کی ساز باز والی عورت معلوم ہوتی ہے — پھر میری اماں نے کہا کہ بہر حال انہوں نے اس کو اور اس کی لڑکی کو اگلے دن کھانے پر بلا لیا ہے (جب میں نے یہ الفاظ «اور اس کی لڑکی» سنے تو میں نے اپنا سر پلیٹ پر جھکا لیا) اس لئے کہ چاہے کچھ بھی ہو تھیں تو پڑوسنیں اور پھر کچھ عزت اور نام رکھتی تھیں — ان سب باتوں کے جواب میں میرے ابا نے صرف اتنا کہا کہ اب ان کو یاد آگیا کہ یہ خاتون ہیں کون — اپنی جوانی کے زمانے میں وہ مرحوم شہزادہ زاسیکین کو جانتے تھے — وہ بڑا شایستہ مگر نکھٹو اور بیوقوف آدمی تھا — پیرس میں ایک عرصے تک زندگی بسر کرنے کی وجہ سے سوسائٹی میں اس کو «le Parisien» * کے نام سے یاد کیا جاتا تھا — ایک زمانے وہ بڑا امیر اور دولتمند تھا مگر اس نے اپنی ساری دولت جوے میں گنوا دی — اور تب اس نے، کسی وجہ سے، غالباً روپے کی خاطر — کسی عدالت کے ادنی ملازم کی لڑکی سے شادی کر لی — حالانکہ وہ بہتر انتخاب بھی کر سکتا تھا (یہاں میرے ابا کے ہونٹوں پر ایک زہر بھری ٹھنڈی مسکراہٹ ابھری) — پھر اسے سٹےبازی کی چاٹ پڑ گئی اور آخر اس نے خود کو تباہ وبرباد کر لیا —

«خدا کرے کہ روپیہ ادھار نہ مانگے» اماں نے کہا —

«اگر وہ ایسا کرے تو مجھے کوئی تعجب نہ ہوگا» میرے ابا نے آہستہ سے کہا — «کیا وہ فرانسیسی بولتی ہے؟»

«بہت بری —»

---

* پیرسیا —

«ہوں — لیکن اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ میرا خیال ہے تم نے یہ کہا کہ تم نے اس کی لڑکی کو دعوت دی ہے — کسی نے مجھے بتایا کہ وہ ایک اچھی لڑکی ہے اور خوب تعلیم یافتہ —»

«اگر ایسا ہے تو وہ اپنی ماں پر نہیں پڑی ہے —»

«نہ اپنے باپ پر» ابا نے جواب دیا — «اس لئے کہ وہ تعلیم یافتہ ضرور تھا مگر تھا نرا احمق —»

اماں خاموش ہو گئیں اور کسی سوچ میں گم ہو گئیں — ابا اور کچھ نہ بولے — اس پوری گفتگو کے دوران میں مجھے بڑی کوفت ہوتی رہی —

کھانے کے بعد میں باغ میں گیا لیکن بندوق لئے بغیر — میں نے عہد کیا تھا کہ میں «زاسیکین باغ» کے پاس نہیں پھٹکونگا — لیکن ایسا محسوس ہوا کہ کوئی بے پناہ قوت مجھے اس طرف کھینچے لئے جا رہی ہے — اور یہ کشش بے وجہ نہ تھی — ابھی میں احاطے کے جنگلے کے پاس ہی پہنچا تھا کہ مجھے زینائیدا دکھائی دی — اس مرتبہ وہ اکیلی تھی — اس کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی اور وہ راستے پر چہل قدمی کر رہی تھی — اس نے مجھے نہیں دیکھا —

پہلے تو میں نے اسے اپنے پاس سے گزر جانے دیا لیکن وقت پر میں نے خود کو سنبھالا اور کھانس کر اپنی موجودگی کا اعلان کیا —

وہ رکے بنا مڑی اور صرف اپنی تنکوں کی گول ٹوپی کا چوڑا اور نیلا فیتہ ایک طرف ہٹایا اور کتاب کے ورق پر دوبارہ اپنی نظریں جمانے سے پہلے، میری جانب دیکھتے ہوئے ہلکے سے مسکرائی — میں نے اپنی ٹوپی اتاری، تھوڑی دیر تک یونہی مارا پھرتا رہا اور ایک

اداس دل کے ساتھہ وہاں سے ہٹا — *« Que suis-je pour elle?»
میں نے اپنے آپ سے فرانسیسی میں کہا (خدا جانے کیوں) —
میرے پیچھے قدموں کی مانوس آہٹ ابھری — میں مڑا اور دیکھا
کہ ابا حسب معمول تیز اور سبک قدم اٹھاتے ہوئے میری طرف چلے
آ رہے ہیں —

«کیا وہ شہزادی کی لڑکی تھی؟» انہوں نے پوچھا —

«ہاں —»

«تو تم اس کو جانتے ہو؟»

«آج صبح میں نے اس کو اس کی ماں کے گھر دیکھا تھا —»

میرے ابا رکے، تیزی سے اپنی ایڑیوں پر مڑے اور واپس چلے
گئے — جب وہ زینائیدا کے برابر آئے تو بڑے اخلاق سے جھکے —
جواب میں وہ بھی جھکی لیکن ساتھہ ہی اس کے چہرے پر کچھہ
حیرانی کی کیفیت پیدا ہوئی اور اس کی کتاب نیچے آ رہی — میں نے
دیکھا کہ اس کی آنکھیں ان کا تعاقب کر رہی ہیں — میرے
ابا ہمیشہ سے خوش پوش اور جامہ زیب تھے — وہ بہت سادہ کپڑے
پہنتے تھے اور اس سلسلے میں ان کا حسن مذاق انہی کا حصہ تھا —
لیکن اس سے پہلے کبھی وہ اتنے جامہ زیب اور پرکشش نظر نہیں
آئے تھے — اور نہ ان کی بھوری ٹوپی کبھی اس سے پہلے ان کے
اڑتے ہوئے بالوں پر اتنے بانکپن سے جمی تھی —

میں نے زینائیدا کی طرف دو تین قدم اٹھائے — لیکن اس نے
مجھے آنکھہ اٹھا کر بھی نہ دیکھا اور اپنی کتاب اٹھا کر چلتی بنی —

---

* آخر میں اس کا ہوں کون؟

٦

پوری شام اور اگلی صبح میں نے ایک اذیت ناک بدحواسی میں گزاری — مجھے یاد ھے کہ میں نے کام کرنے کی کوشش کی اور کئیدانوف کی کتاب پڑھنے کی کوشش کی لیکن اس مشہور نصابی کتاب کے صفحے بیکار ھی میری آنکھوں میں جھلملاتے رھے — میں نے کم از کم دس بار یہ الفاظ پڑھے «جنگ میں اپنی بہادری اور جانفروشی کی وجہ سے جولیس سیزر کی بڑی دھوم تھی» اور جب میں نے دیکھا کہ مجھے ان کے اور چھور کا کچھہ اتہ‌پتہ نہیں چلتا تو آخر میں نے کتاب رکھہ دی — ٹھیک کھانے سے پہلے میں نے اپنے بالوں میں باربار پومیڈ ملا اور اپنا سوٹ پہنا اور ٹائی لگائی —

«یہ سب کس کی خاطر؟» اماں نے پوچھا — «تم اب تک طالب علم نہیں بنے ھو اور کون جانے تم امتحان میں پاس بھی ھوگے یا نہیں — دوسرے تمہارا جیکٹ بالکل نیا ھے — کیا اسے اتار پھینکنے کا ارادہ ھے؟»

میں نے انتہائی بے بسی کے عالم میں آھستہ سے کہا «لیکن ھمارے ھاں کھانے پر مہمان جو آ رھے ھیں —»

«بکواس ! ارے ان مہمانوں کو پوچھتا کون ھے!»

سر تسلیم خم کرنے کے سوا چارہ کیا تھا — میں نے جیکٹ پہن لیا مگر ٹائی نہیں اتاری — شہزادی اور ان کی لڑکی کھانے سے کوئی آدھا گھنٹہ قبل آ گئیں — بوڑھی عورت نے اپنے ھرے لباس پر، جس سے میں مانوس ھو چکا تھا، ایک پیلا شال اوڑھہ رکھا تھا اور سر پر پرانی وضع کی بے چھت والی شعلہ گوں دقیانوسی ٹوپی فیتے سے بندھی ھوئی تھی— اس نے فوراً ھی ھنڈیوں کے موضوع پر گہرا فشانی

شروع کر دی — وہ ٹھنڈی سانس بھرتی، اپنی غربت کا دکھڑا روتی اور ٹسوے بہاتی رہی — لیکن اس میں شہزادی ہونے کا کوئی غرور نہ تھا — وہ زور شور سے ناک میں نسوار چڑھاتی رہی اور اپنی کرسی میں بے پروائی اور بے تکلفی سے کسمساتی اور پہلو بدلتی رہی جیسے اپنے گھر براجمان ہو — ایسا لگتا تھا کہ اسے اپنے شہزادی ہونے کا ذرا پاس نہیں — دوسری طرف زینائیدا بڑی متانت اور رکھ رکھاؤ کے ساتھ لئے دئے بیٹھی تھی —— پور پور شہزادی بنی ہوئی — اس کے چہرے سے ایک سرد مہر سختی اور سنجیدگی ٹپک رہی تھی اور میں مشکل سے اسے پہچان سکا — اس کی مسکراہٹ اور نگاہ بھی بدلی ہوئی تھی — لیکن اس نئے روپ میں بھی وہ میری نظر میں کچھ کم دلکش نہ تھی — وہ ایک ہلکے رنگ کا لباس زیب تن کئے ہوئے تھی جس پر پیلے اور نیلے گل بوٹے بنے ہوئے تھے — اس کے بال لمبی لمبی لٹوں میں اس کے چہرے کے دونوں طرف لٹک رہے تھے، بالکل انگریزی انداز سے — یہ انداز اس کے چہرے پر خوب پھب رہا تھا جس سے سرد مہری کے جذبات ٹپک رہے تھے — کھانے کے دوران میں ابا اس کے پہلو میں بیٹھے اپنے شائستہ اور خاموش حسن اخلاق سے اس کی خاطر تواضع کرتے رہے — باربار وہ اس کے چہرے کو دیکھتے اور وہ ان کے چہرے کو — اور ان نگاہوں میں کچھ عجیب بات تھی — کچھ بپھری بپھری کیفیت! دونوں فرانسیسی زبان میں بات کر رہے تھے — مجھے یاد ہے کہ میں زینائیدا کے پاک اور صاف تلفظ سے بہت متاثر ہوا — بوڑھی شہزادی میز پر اسی آزادی اور بے تکلفی سے کام لے رہی تھی جس کا مظاہرہ وہ پہلے کر چکی تھی — وہ بالکل «خانہ بے تکلف» کی شان

سے دندناتی نظر آ رہی تھی — اس نے خوب ڈٹ کر کھایا اور کھانے کی خوب داد دی — اماں اس سے کچھہ اکتائی اکتائی نظر آ رہی تھیں اور اس کی باتوں کا جواب ایک دل گیر حقارت اور بے پروائی سے دے رہی تھیں — تھوڑی تھوڑی دیر پر ابا کے جسم میں قریب قریب غیر محسوس سی جھر جھری دوڑ جاتی — اماں نے زینائیدا کی بھی پروا نہ کی — «مغرور چھوکری!» دوسرے دن انہوں نے کہا — «میں جاننا چاہتی ہوں کہ آخر کاہے کا دماغ ہے اسے... avec sa mine de grisette! *»

«ظاہر ہے کہ تم نے زندگی میں کبھی دل پھینک لڑکی نہیں دیکھی ہے» ابا نے کہا —

«خدا کا شکر ہے کہ نہیں دیکھی!»

«خدا کا شکر ہے واقعی... لیکن اگر ایسا ہے تو تمہیں ان کے بارے میں رائے دینے کا کوئی حق نہیں —»

زینائیدا نے میری طرف کوئی توجہ نہ کی — کھانے کے بعد جلد ہی اس کی ماں نے رخصت چاہی —

«تو — ماریا نکولائونا اور پیوتر وسیلیوچ میں اس پر تکیہ کر سکتی ہوں کہ آپ میرے کام آئینگے» اس نے اماں اور ابا دونوں کو مخاطب کرتے ہوئے گنگناتی ہوئی آواز میں کہا — «ہونی کو کیا کہئے! میں نے اچھے دن بھی دیکھے ہیں اور اب وہ دن جا چکے — اور یہ رہی میں — معزز خاتون، جی!» اس نے ایک ناخوشگوار ہنسی کے ساتھہ اپنی بات پوری کی «عزت کس کام کی جب کھانا میسر نہ ہو —»

* دل پھینک لڑکی کے خد و خال سے —

میرے ابا تعظیماً جھکے اور کمرے کے دروازے تک چھوڑنے گئے — میں وہاں اپنے چھوٹے سے جیکٹ میں زمین پر نظریں گاڑے کھڑا تھا جیسے مجھے موت کی سزا سنا دی گئی ہو — زینائیدا کے برتاؤ نے مجھے بالکل کچل کر رکھ دیا تھا — اب ذرا میری اس وقت کی حیرت کا اندازہ لگائیے جب اس نے میرے پاس سے گزرتے ہوئے سرگوشی کے انداز میں جلدی سے، اپنی آنکھوں میں وہی نرم دلی بھری مسکراہٹ پیدا کرتے ہوئے کہا «آؤ اور آج شام ۸ کو آٹھ بجے ہم سے ملو —— یاد رہے — ہاں...» میں تعجب کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو جھٹکنے کے سوا اور کچھ نہ کر سکا —— لیکن وہ تو اپنے سر پر ایک سفید رومال باندھتی ہوئی نظر سے اوجھل ہو چکی تھی —

۷

ٹھیک آٹھ بجے، میں اپنا بند گلے کا کوٹ زیب تن کئے، اپنے بالوں کے گچھے کو سر کے اوپر جمائے، اس گھر کے ملاقات کے کمرے میں داخل ہوا جس میں شہزادی رہتی تھی — بوڑھے ملازم نے افسردہ نظروں سے مجھے دیکھا اور جھجکتے ہوئے اس بنچ سے اٹھا جس پر وہ بیٹھا ہوا تھا — ڈرائنگ روم سے خوش و خرم آوازوں کی چہچہاہٹ سنائی دے رہی تھی — میں نے دروازہ کھولا اور مارے حیرانی کے ایک قدم پیچھے لوٹ گیا — کمرے کے بیچوں بیچ، ایک کرسی پر چھوٹی شہزادی کھڑی تھی، اور اس کے ہاتھ میں ایک مردانی ٹوپی تھی — پانچ مرد کرسی کے چاروں طرف گھیرا ڈالے کھڑے تھے — وہ سب کے سب ٹوپی کے اندر ہاتھ ڈالنے کی کوشش کر رہے تھے اور وہ اس کو ہلاتی ہوئی ان سب کی پہنچ

سے باہر رکھنے کی کوشش کر رہی تھی — مجھے دیکھ کر وہ چلائی «رک جاؤ، رک جاؤ! یہ رہا ایک نیا مہمان — اس کا ٹکٹ بھی ہونا چاہئے —» وہ بڑی نرمی سے کرسی سے اٹھی اور میرے کوٹ کی آستین پکڑ لی — «آؤ، آؤ» اس نے کہا «وہاں کھڑے مت رہو — Messieurs آپ اجازت دیں کہ میں آپ کا ایک دوسرے سے تعارف کرا دوں—یہ ہیں موسیو وولدیمار، ہمارے پڑوسی کے صاحبزادے — اور یہ ہیں» اب وہ میری طرف مڑی اور یکے بعد دیگرے مہمانوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولی «کاؤنٹ مالیوسکی، ڈاکٹر لوشین، شاعر مئیدانوف، پینشن یافتہ کپتان نرماتسکی اور ہسار فوجی بیلوزوروف —— تم ان سے پہلے ہی مل چکے ہو — مجھے امید ہے کہ تم سب دوست بن جاؤ گے —»

میں کچھ ایسا بوکھلایا ہوا تھا کہ کورنش بجا لانا بھی یاد نہ رہا — ڈاکٹر لوشین کو میں نے پہچان لیا — جناب وہی تھے جنہوں نے اس بے رحمی سے باغ میں میرا مذاق اڑایا تھا — باقی سارے لوگ اجنبی تھے میرے لئے —

«کاؤنٹ!» زینائیدا نے کہا «موسیو وولدیمار کا پرچہ بھی لکھ دو — »

«اس کی سہی نہیں» کاؤنٹ نے ذرا پولش لہجے میں کہا — وہ خوبصورت اور چھیل چھبیلا، سانولی رنگت کا آدمی تھا — اس کی بھوری آنکھیں بولتی ہوئی سی تھیں — اور ناک سپید اور پتلی تھی — اس کے انتہائی چھوٹے سے دھن کے اوپر مونچھیں بڑی صفائی سے کٹی ہوئی تھیں — «بھئی آپ نے ہمارے ساتھ تاوان والا کھیل تو کھیلا نہیں —»

«ہاں بھئی یہ انصاف کی بات نہیں! انصاف کی بات نہیں!»
بیلوزوروف اور اس شخص نے صدائے بازگشت کی طرح یہ الفاظ دھرائے — اس شخص کی عمر، جسے پینشن یافتہ کپتان کہہ کر مجھہ سے ملایا گیا تھا، کوئی چالیس برس ہوگی — اس کا چہرہ، چیچک کے گھنے داغوں سے پٹا ہوا تھا — اس کے بال حبشیوں کی طرح گھنگھریالے تھے، شانے گول اور گھٹنے ذرا دور دور پھیلے ہوئے تھے — وہ ایک فوجی کوٹ پہنے ہوئے تھا جس کے بٹن کھلے ہوئے تھے اور فوجی نشان سے محروم —

«میں کہتی ہوں ان کا پرچہ بناؤ» شہزادی نے دھرایا — «میں سرکشی نہیں چاہتی! موسیو وولدیمار کا ہمارے ساتھہ یہ پہلا دن ہے اور ان کے حق میں قانون میں ذرا سی لچک پیدا کی جا سکتی ہے — بڑبڑانا بند کرو اور اب ویسا ہی کرو جیسا میں کہتی ہوں!»

کاؤنٹ نے اپنے شانے جھٹکے، لیکن سر تسلیم خم کرتے ہوئے اس نے اپنی انگوٹھیوں بھری سفید انگلیوں سے قلم اٹھایا اور کاغذ کا ایک پرچہ پھاڑکر اس پر لکھنا شروع کر دیا —

«کیا آپ، کم از کم، ہمیں اس کی اجازت دینگی کہ ہم موسیو وولدیمار کو قانون سمجھا دیں؟» لوشین نے تمسخر آمیز آواز میں پوچھا «وہ کچھہ بالکل بوکھلائے ہوئے سے نظر آ رہے ہیں — اے نوجوان، ہم تاوان والا کھیل کھیل رہے ہیں — شہزادی پر جرمانہ ہوا ہے — اور جس کے نام خوش نصیبی کا پرچہ نکلیگا وہ شہزادی کا ہاتھہ چومنے کا حقدار ہوگا — کیا میری بات صاف صاف سمجھہ میں آ گئی؟»

میں صرف اسے گھورتا رہا اور وہاں یوں کھڑا رہا جیسے مجھ پر بجلی گر پڑی ہو— ایک بار پھر شہزادی اچھل کر کرسی پر چڑھ گئی اور ٹوپی کو ہلانے لگی— ہر شخص ٹوپی میں ہاتھ ڈالنے کے لئے بڑھا— ان میں میں بھی تھا—

«مئیدانوف» شہزادی نے ایک لمبے تڑنگے، ستے ہوئے چہرے، چھوٹی چھوٹی چندھی آنکھوں اور لمبے لمبے کالے بالوں والے نوجوان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا «تم شاعر ہو، تمہیں وسیع القلبی کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور اپنا پرچہ بھی موسیو وولدیمار کو دے دینا چاہئے تاکہ ان کو ایک کے بجائے دو موقعے مل جائیں—»

لیکن مئیدانوف نے اپنے بالوں کو پیچھے کی طرف پھینکتے ہوئے اصرف اپنا سر ہلایا— میں نے سب کے بعد اپنا ہاتھ ٹوپی میں ڈالا ور اپنا پرچہ نکال لیا اور اسے کھولا— ذرا اندازہ کیجئے اس وقت میرے جذبات کا کیا حال ہوا ہوگا جب میں نے اس پر لفظ «پیار» لکھا ہوا دیکھا!

«پیار!» میں بے اختیار چیخ اٹھا—

«شاباش! وہ جیتا!» فوراً شہزادی چلائی— «میں کتنی خوش ہوں!» کرسی سے اترتے ہوئے، اس نے مجھے ایسی میٹھی اور پرسکون مسکراہٹ بھری نظروں سے دیکھا کہ اندر ہی اندر دل مچل کر رہ گیا— «کیا تم خوش ہو؟»

«میں؟» میرے منہ سے بس اتنا ہی نکلا—

«تم اپنا پرچہ میرے ہاتھ بیچ دو» بیلوزوروف نے میرے کان میں کہا— «میں سو روبل دے دونگا—»

میں نے ہسار کو ایسی زہر میں بجھی ہوئی نظر سے دیکھا کہ زینائیدا تالیاں بجانے لگی اور لوشین کے منہ سے نکلا: «شاباش!»

«لیکن» لوشین بولا «صاحب تقریب ہونے کی حیثیت سے میں اس پر اصرار کرتا ہوں کہ قانون کی پوری پوری پابندی کی جائے — موسیو وولدیمار اپنے گھٹنوں پر جھک جاؤ! ہماری یہی ریت ہے!»

زینائیدا میرے سامنے کھڑی تھی، اس کا سر ایک طرف کو جھکا ہوا تھا — جیسے وہ مجھے زیادہ بہتر طریقے سے دیکھنا چاہتی ہو — اس نے پوری سنجیدگی سے اپنا ہاتھ میری طرف بڑھایا — میری آنکھیں دھندلا گئیں — میں ایک گھٹنے پر جھکنا چاہتا تھا لیکن دونوں گھٹنوں پر گر پڑا اور زینائیدا کی انگلیوں کو اتنے بے ہنگم پن سے چھوا کہ اس کے ناخن سے میری ناک پر خراش پڑ گئی —

«بس» لوشین نے اٹھنے میں میری مدد کرتے ہوئے کہا —

تاوان والا کھیل چالو رہا — زینائیدا نے مجھے اپنے پاس بٹھا لیا — وہ کیا کیا سزائیں گھڑتی تھی! ان میں سے ایک خود اس کے گلے پڑی — اسے ایک «مورتی» بننا پڑا — اس نے چبوترے کے لئے بے ڈول نرماتسکی کا انتخاب کیا — شہزادی نے اس کو منہ کے بل فرش پر لیٹنے اور اپنا سر بغل میں گھسانے پر مجبور کیا — ایک آن کو بھی قہقہوں کی دھوم کم نہ ہوئی — چونکہ میں اونچے طبقے کے ایک معزز گھر کی گمبھیر تنہائی اور تخلیے میں پروان چڑھا تھا، اس لئے میں دم بخود اور بھونچکا رہ گیا — اس ساری دھما چوکڑی، شور اور اودھم، بے تحاشہ اور ایک حد تک ہنگامہ خیز رنگ رلیوں اور پھر اجنبیوں سے نا قابل یقین بے تکلفی اور دوستی کا نشہ کچھ ایسا چڑھا کہ میں آپے میں نہ رہا — میں یوں جھوم

رہا تھا جیسے شراب کے خمار میں ہوں — میں نے کمرے کے تمام دوسرے لوگوں کے مقابلے میں زیادہ زور زور سے ہنسنا اور بولنا شروع کر دیا — یہاں تک کہ بوڑھی شہزادی، جو دوسرے کمرے میں عدالت کے پیشکار سے صلاح و مشورہ کر رہی تھی، بھاگی بھاگی کمرے میں یہ دیکھنے آئی کہ ماجرا کیا ہے — لیکن میں ایسی ترنگ میں تھا کہ میرے کان پر جوں تک نہ رینگی اور نہ مجھ پر لوگوں کے مجنونانہ فقروں کا اثر ہوا اور نہ دوسروں کی تیکھی نظروں کا — زینائیدا مستقل اپنے لطف و کرم کی بارش مجھ پر کرتی رہی اور اس نے مجھے اپنے پاس سے ہٹنے کا موقع نہ دیا — سزاؤں میں سے ایک سزا یہ تھی کہ میں ایک ہی ریشمیں ڈوپٹے تلے اس کے پہلو میں بیٹھوں اور «اپنے دل کا راز» بتاؤں — مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ اس وقت کیسی سنسنی سی دوڑ گئی تھی جب ہمارے دو سروں پر یکایک ایک معطر معطر، دم بخود کر دینے والی صاف شفاف دھند چھا گئی، جب اس دھند میں اس کی آنکھیں اتنی نرم نرم اور اتنی قریب چمکنے لگیں اور اس کی سانس اتنی گرم گرم محسوس ہوئی اور اس کے دانت جھلملائے اور اس کے بالوں کی نوکیں گدگدانے اور چبھنے لگیں — میں چپ تھا — اس کے ہونٹوں پر پراسرار اور محرابی مسکراہٹ ابھری اور آخر سرگوشی کے انداز میں بولی «اچھا تمہارا راز کیا ہے؟» میرا منہ سرخ ہوگیا میں نے صرف قہقہہ لگایا اور دم بخود ہوکر اپنا سر دوسری طرف پھیر لیا — ہم جلد ہی تاوان والے کھیل سے اکتا گئے اور ڈور والے ایک دوسرے کھیل کا سلسلہ شروع ہوا — اوہ خدا! اس وقت مجھے کیسا سرور محسوس ہوا جب خود فراموشی کے عالم میں، اس نے میری انگلیوں پر

زور سے ٹھوکا دیا! کس طرح میں ایسا بن گیا جیسے پھر میں اون جمع کرنے میں محو ہوں اور کس طرح وہ محض مجھے ستانے کو جان بوجھ کر میری انگلیوں کو چھونے سے کتراتی رہی —

اس شام ہم ہنسی ٹھٹھول، شوخی و شرارت کے ساتھ ہاتھ کی صفائی کا کھیل کھیلتے رہے! ہم نے پیانو بجائے، ہم نے گیت گائے، ہم ناچے، ہم نے پڑاؤ ڈالے ہوئے خانہ بدوشوں کی نقلیں اتاریں، ہم نے نرماتسکی کو بھالو جیسے کپڑے پہنائے اور نمکین پانی پینے پر مجبور کیا — کاؤنٹ مالیوسکی نے تاش کے پتوں سے بھانت بھانت کی ہاتھ کی صفائی دکھائی اور آخر میں تاش کے پتے کوٹ پیس کے لئے کچھ اس طرح پھینٹے کہ سارے کے سارے رنگ کے پتے خود اس کے پاس آ گئے جس پر لوشین نے پوری گرم جوشی سے اسے «مبارکباد» پیش کی — مئیدانوف نے اپنی نظم «قاتل» (اس وقت رومانوی تحریک اپنے نقطہ عروج پر تھی) کے چند بند پڑھ کر سنائے — اس کا ارادہ تھا کہ اس کو کالی جلد کی ایک کتاب کی شکل میں شائع کرائے جس پر خون کی طرح دھکتے ہوئے سرخ رنگ کے حروف ابھرے ہوئے ہوں — ہم نے عدالت کے پیشکار کے گھٹنوں پر سے اس کی ٹوپی پار کر لی اور ٹوپی واپس کرنے سے پہلے اسے «کزاچوک» ناچنے پر مجبور کیا — بڈھے وونی‌فاتی کے سر پر ایک زنانی ٹوپی چپکا دی گئی اور زینائیدا نے ایک مردانی ٹوپی اوڑھ لی... لیکن وہ سب کچھ جو ہم نے کیا بیان کرنا نا ممکن ہے — اکیلا بیلوزوروف زیادہ تر الگ تھلگ کونے میں اپنی تیوریاں چڑھاتا اور منہ بناتا رہا... تھوڑی تھوڑی دیر پر اس کی آنکھوں میں خون اتر آتا اور غصے کا رنگ اس کے

خد و خال میں دوڑ جاتا اور ایسا لگتا کہ وہ اب ہم پر جھپٹیگا اور ہمیں تنکوں کی طرح چاروں طرف بکھیر کر رکھہ دیگا — لیکن چھوٹی شہزادی اس پر ایک نگاہ ڈالتی ،اور انگلی ہلا کر اس کی تنبیہ کرتی اور وہ پھر اپنے کونے میں لوٹ جاتا —

آخر ہم تھک کر نڈھال ہو گئے — بوڑھی شہزادی بھی، جو بقول خود اب تک مزے میں چاق و چوبند تھی اور اسے شور و غل پر کوئی اعتراض نہ تھا، ہاں اب تو وہ بھی تھک گئی اور اس نے آرام کی خواہش کا اظہار کیا — گیارہ بجے کے فوراً بعد کھانا چنا گیا — کھانے پر خشک پنیر کا ایک ٹکڑا تھا اور ٹھنڈے سموسے جن میں سور کے گوشت کا قیمہ بھرا ہوا تھا — یہ ساری چیزیں مجھے کلیجی گردے وغیرہ کے قیمے سے بھی زیادہ مزیدار معلوم ہوئیں — شراب کی صرف ایک بوتل تھی — اور دیکھنے میں کچھہ عجیب سی معلوم ہوتی تھی — یہ بہت ہی کالی تھی اور اس کی گردن پھولی ہوئی تھی اور خود شراب کا مزا لال پینٹ کا تھا — بہر حال کسی نے یہ شراب پی نہیں — مسرت کے خمار میں کھویا ہوا اور تھکن سے چور چور میں اس گھر سے روانہ ہوا — زینائیدا نے خدا حافظ کہتے ہوئے میرا ہاتھہ زور سے دبایا — اس کے ہونٹوں پر دوبارہ وہی پراسرار مسکراہٹ کھیل رہی تھی —

میں نے اپنے گرم چہرے پر رات کی بھاری اور نم سانس محسوس کی — ہوا میں ایک بجلی سی تیر رہی تھی — کالے بادل رفتہ رفتہ موٹے اور گہرے ہوتے جا رہے تھے اور آسمان میں تیرتے اور پھیلتے چلے جا رہے تھے اور ان کے خطوط اور شکلیں برابر بدلتی جا رہی تھیں — ہوا کا ایک جھونکا، درختوں کی اندھیری پھننگوں میں بڑی

بے قراری سے پھڑپھڑایا اور کہیں دور، آکاش کے دوسرے کنارے پر بادل خالی خولی آوازوں کے ساتھہ خود اپنے اوپر غراتے ہوئے معلوم ہوئے —

میں پچھلے دروازے سے اپنے کمرے میں چلا گیا — میرا ملازم فرش پر سویا ہوا تھا اس لئے مجھے اس کے اوپر سے پھاندنا پڑا — وہ اٹھا، اس نے مجھے دیکھا اور بتایا کہ میری اماں پھر مجھہ سے خفا ہیں اور وہ مجھے بلوا بھیجنا چاہتی تھیں لیکن ابا نے باز رکھا — (اس سے پہلے کبھی بھی میں اپنی اماں کو شب بخیر کہے بغیر اور ان کی دعائیں لئے بغیر نہیں سویا تھا —) ہاں —— مگر اب اس کے سوا چارہ بھی نہیں تھا!

میں نے ملازم سے کہا کہ میں اب اپنے کپڑے اتار کر بستر پر دراز ہونا چاہتا ہوں —— اور پھونک مار کر موم بتی بجھا دی... لیکن میں نے نہ کپڑے اتارے اور نہ بستر پر لیٹا —

میں کرسی پر بیٹھہ گیا اور دیر تک بیٹھا رہا جیسے مجھہ پر جادو کا اثر ہو ... میرا احساس اتنا نیا تھا، اتنا شیریں! میں بے حس و حرکت بیٹھا، اپنے چاروں طرف نگاہیں دوڑاتا رہا اور آہستہ آہستہ سانس لیتا رہا — کوئی بات یاد آتی اور میرے منہ سے ایک بے آواز قہقہہ پھوٹ پڑتا یا کبھی سوچتے سوچتے پورا جسم شل ہوتا ہوا محسوس ہوتا — میں سوچ رہا تھا: مجھے محبت ہو گئی ہے، اچھا تو ایسی ہوتی ہے محبت! زینائیدا کا چہرہ بڑی آہستگی اور نرمی سے میری آنکھوں میں تیر رہا تھا — ذرا دیر کو بھی میری آنکھوں سے بالکل اوجھل نہ ہوتا — اس کے ہونٹ بڑے پراسرار ادا کے ساتھہ مسکرا رہے تھے — وہ اپنی آنکھوں کے زاویوں سے مجھے دیکھتی، کچھہ

پوچھتی ہوئی، کچھہ سوچتی ہوئی، پیار برساتی ہوئی... جیسے اس نے مجھے خدا حافظ کہتے ہوئے دیکھا تھا — آخر میں اٹھہ کھڑا ہوا — دبے پاؤں پنجوں پر چلتا ہوا اپنے بستر کی طرف گیا، بڑی احتیاط سے — اپنے کپڑے بھی نہیں اتارے — اور میں نے اپنا سر تکیے پر یوں رکھا جیسے مجھے ڈر ہو کہ ایک ذرا سا غلط جھٹکا بھی اس چیز کو درہم برہم کرکے رکھہ دیگا جس سے میرا دل اس وقت لبالب بھرا ہوا تھا...

میں لیٹ گیا لیکن آنکھیں بند نہ کیں — کچھہ ہی دیر بعد میں نے دیکھا کہ مدھم مدھم عکس میرے کمرے میں جھانک رہے ہیں — میں اٹھہ بیٹھا اور کھڑکی کی طرف دیکھا — اس کا چوکھٹا شیشے کی پراسرار سفیدی میں بڑا نمایاں نظر آ رہا تھا — میں نے اپنے آپ سے کہا «آندھی!» اور واقعی یہ آندھی ہی تھی — لیکن یہ آندھی کہیں دور تھی —— اتنی دور کہ اس کی گرج اور گھڑگھڑاہٹ میرے کانوں تک نہیں پہنچ رہی تھی — صرف بجلی کی مدھم مدھم اور لمبی لمبی انگلیاں آسمان میں باربار لپکتی ہوئی نظر آ جاتی تھیں — بلکہ وہ چمکنے سے زیادہ لرزتیں اور پھڑپھڑاتیں، دم توڑتے ہوئے پرندے کی طرح — میں بستر سے نکلا، کھڑکی کے پاس گیا اور پو پھٹنے تک وہیں کھڑا رہا... بجلی کی چمک ایک لمحے کو بھی نہیں رکی — یہ ایک ایسی رات تھی جسے گاؤں کے لوگ «گوریئے کی رات» کہتے ہیں — میں نے خاموش کھیت کو دیکھا جو ریت سے بھرا ہوا تھا — میں نے نسکوچنی باغ اور دور کے مکانوں کے چھجوں کو دیکھا جو بجلی کی ہر مدھم لہر کے ساتھہ لرزتے ہوئے دکھائی پڑتے تھے... میں گھورتا رہا اور اس منظر کو چھوڑکر ہٹ نہ سکا —

وہ خاموش بجلیاں، ان کی رکی رکی سی چمک، میرے اندر جذبات کی خاموش اور پراسرار کوندتی ہوئی لہروں کا جواب دیتی ہوئی معلوم ہوتی تھی — دن پھوٹ رہا تھا — شفق رنگ دھبوں سے سویرا جھلک رہا تھا — سورج کے طلوع ہوتے ہوتے بجلی کے کوندے پیلے پڑتے اور چھوٹے ہوتے چلے گئے — وہ زیادہ سے زیادہ وقفے کے ساتھہ لرزنے لگے اور آخر وہ آنے والے دن کی سادہ اور بےکشش روشنی میں غائب ہو گئے...

میرے اندر بھی جو بجلیاں لپک رہی تھیں کہیں کھو گئیں — مجھہ پر ایک زبردست تھکن کا دورہ پڑا اور میں سن سا ہو گیا... لیکن زینائیدا کا تصور بڑی فاتحانہ شان سے میری روح پر چھایا رہا — لیکن، اب اس تصور میں ایک ٹھہراؤ پیدا ہو گیا تھا — اب یہ اس ہنس کی طرح نظر آ رہا تھا جو دل دل کی گھاس سے نکل رہا ہو — اس نے خود کو اپنے مکروہ ماحول سے الگ کر لیا تھا اور جب میری آنکھہ بند ہوئی تو ایک بار پھر میں پورے جذبہ عبودیت کے ساتھہ اس کے قدموں میں گر پڑا...

اف، جذبہ سپردگی، ہلکی ہلکی آوازو، ایک جھنجھوڑی ہوئی روح کی نرمی اور سکون، پہلی محبت کی پگھلتی ہوئی تب و تاب — تم اب کہاں ہو، ہاں کہاں؟

۸

اگلی صبح جب چائے پر نیچے آیا تو میری اماں نے میری خبر لی — گرچہ یہ ڈانٹ ڈپٹ میری توقع سے کم ہی تھی — انہوں نے یہ سب بتانے پر مجبور کیا کہ میں نے پچھلی شام کس طرح گزاری

تھی — میں نے ان کو اختصار کے ساتھہ بتایا، بہت سی تفصیلات اڑا دیں اور میں نے کوشش کی کہ یہ سب جہاں تک ممکن ہو سکے بہت ہی معصوم اور بے ضرر بات معلوم ہو —

«لیکن وہ ایسے comme il faut* بھی نہیں ہیں» میری اماں نے کہا «اور تمہیں ان کے گرد منڈلانے کی ضرورت نہیں — تمہیں اپنے امتحان کی تیاریاں کرنی ہیں —»

یہ جانتے ہوئے کہ میری پڑھائی کے متعلق اماں کی تشویش ان الفاظ سے آگے نہیں جائیگی، میں نے ان سے بحث کرنے کی زحمت نہیں کی — لیکن صبح کی چائے کے بعد، میرے ابا نے مجھے بازو سے پکڑا اور باغ میں لے گئے اور مجھے وہ سب کچھہ بتانے پر مجبور کیا جو میں نے زاسیکین خاندان کے گھر میں دیکھا تھا —

مجھہ پر ابا کا کچھہ عجیب و غریب اثر تھا اور ہمارے تعلقات بالکل انوکھے تھے — وہ میری تعلیم میں شاید ہی کوئی دلچسپی لیتے تھے — مگر ساتھہ ہی وہ کوئی ایسی بات نہ کہتے جس سے میرے دل کو دکھہ ہو — وہ میری آزادی کا لحاظ کرتے تھے — اگر یہ کہنے کی اجازت ہو تو میں تو کہوں کہ ان کا رویہ میری طرف خاصا خوش اخلاقی کا تھا... لیکن انہوں نے کبھی بھی مجھے ذرا گھلنے ملنے کا موقع نہیں دیا — میں ان سے محبت کرتا تھا، ان کو قدر کی نظر سے دیکھتا تھا — میں ان کو بہترین مردانہ محاسن کا مجسم نمونہ مانتا تھا — اف، واقعی میں ان کو کتنا پوجتا اگر مجھے ہمیشہ اس کا احساس نہ ہوتا کہ وہ مجھے دور دور

---

* اچھے رنگ ڈھنگ کے لوگ —

رکھتے ہیں! اور جب ان کے جی میں آتی تو وہ ایک لمحے میں، محض ایک لفظ، محض ایک اشارے سے میرے اندر بے پناہ اعتماد پیدا کر دیتے — ایسے لمحے میں میری روح میں ایک عجیب گداز، ایک عجیب پھیلاؤ پیدا ہوتا اور میں سب کچھ کہہ جاتا —— بالکل اس طرح جیسے میں اپنے ذہین دوست یا شفیق مرشد سے کہہ سکتا تھا... اور پھر وہ اسی طرح یکایک مجھے چھوڑ دیتے اور ایک بار پھر مجھے محسوس ہوتا کہ مجھے دھکا دے دیا گیا ہے —— بہت شفقت اور نرمی سے سہی، مگر ٹھوکر بہر حال ٹھوکر ہے —

کبھی کبھی ان پر کھلنڈراپن کا موڈ بھی طاری ہوتا اور تب وہ ایک لڑکے کی طرح میرے ساتھ خوب کھیلتے اور دھما چوکڑی مچاتے (وہ ہر قسم کی شدید جسمانی ورزش کے بڑے شوقین تھے) — اور ایک بار، صرف ایک بار! —— انہوں نے مجھے اتنی محبت سے بھینچا تھا کہ میں قریب قریب رو پڑا تھا... لیکن ان کا کھلنڈراپن اور ان کی محبت و شفقت کے موڈ یوں غائب ہو جاتے تھے کہ پھر ان کا کچھ اتہ پتہ بھی نہ چلتا —— اور میرے اور ان کے درمیان جو کچھ بھی ہوتا اس کے متعلق میں کبھی آئندہ کی بات نہ سوچتا —— یہ سب کچھ سپنے کے سوا اور کچھ نہ معلوم ہوتا — کبھی کبھی میں ان کے ذہین، خوبصورت اور پرسکون چہرے کو دیکھتا... یہاں تک کہ میرا دل دھڑکنے لگتا اور میرا پورا وجود ان کی طرف کھنچنے لگتا... اور وہ جیسے یہ بھانپ لیتے کہ میرے دل میں کیا کچھ ہو رہا ہے — وہ یونہی بے پروائی سے میرا گال تھپتھپاتے اور یا تو کمرے سے باہر چلے جاتے یا اپنے کسی کام میں لگ جاتے — یا پھر بالکل ٹھنڈے پڑ جاتے جس طرح صرف وہی ٹھنڈے پڑ سکتے تھے

اور اس وقت میں بھی فوراً بجھ جاتا اور شل ہو جاتا — میری طرف شفقت کا جو دورہ ان پر پڑتا تھا ہرگز میری خاموش مگر بالکل نمایاں التجاؤں کا نتیجہ نہ ہوتا — یہ دورہ بالکل اچانک پڑتا تھا —

بعد کی زندگی میں، اپنے ابا کے کردار کے بارے میں سوچتے ہوئے، میں اس نتیجے پر پہنچا کہ ان کے پاس میرے علاوہ بھی کچھ چیزیں تھیں —— جن کا خیال کرنا پڑتا تھا —— گھر گرھستی ہی کو لے لیجئے — بعض باتوں میں ان کا دل بالکل مختلف تھا، ایسی باتیں جن کا وہ پورا پورا لطف اٹھاتے تھے — «جو کچھ لے سکو لے لو» ایک بار انہوں نے مجھ سے کہا تھا «مگر اپنے آپ کو کبھی مت ہارو — خود اپنا بن کر رہنا —— یہی زندگی کا جوہر ہے، یہی زندگی ہے —» ایک بار اور جب میں نے ایک نوجوان جمہوریت پسند کی حیثیت سے، ان کی موجودگی میں آزادی کے سلسلے میں اپنی منطق بگھارنی شروع کی (اس دن وہ بڑے «اچھے» موڈ میں تھے اور ان کے سامنے آدمی جو جی چاہے کہہ سکتا تھا) — «آزادی» انہوں نے دھرایا «لیکن کیا تم اس واحد چیز کو جانتے ہو جو انسان کو آزادی دے سکتی ہے؟»

«کیا چیز ہے وہ؟»

«عزم، اس کا اپنا عزم —— اور یہی اس کو طاقت بھی دیگا جو کسی بھی آزادی سے بہتر ہے — یہ جاننے کا گر سیکھو کہ تم چاہتے کیا ہو اور پھر تم دوسروں پر سکہ چلا سکو گے —»

میرے ابا کا سب سے پہلا اور سب سے اہم مقصد زندہ رہنا تھا، اور واقعی زندہ تو وہ رہے — شاید انہیں پہلے ہی اس کا پتہ چل گیا تھا کہ وہ زیادہ دنوں تک «اس چیز کا» فائدہ نہیں اٹھا

سکینگے «جس کو ہم زندگی کہتے ہیں —» وہ بیالیس برس کی عمر میں چل بسے —

میں نے اپنے ابا کو زاسیکین خاندان کے یہاں کی صحبت کے متعلق پوری تفصیل سے بتایا — انہوں نے میری باتیں کچھہ بے نیازی سے سنیں — وہ بنچ پر بیٹھے ہوئے تھے اور اپنے چابک سے ریت پر لکیریں کھنچ رہے تھے — وہ ایک دو بار ہنسے بھی، مجھہ پر ایک چمکتی اور محظوظ ہوتی ہوئی نگاہ ڈالی اور چھوٹے چھوٹے سوالوں اور فقروں سے مجھے بڑھاوا دیتے رہے — شروع میں زینائیدا کا نام زبان پر لانے کی ہمت ہی نہ ہوئی لیکن جلد ہی وہ وقت آیا کہ میں اپنے آپ کو روک نہ سکا اور اس کے گن گانے لگا — میرے ابا اپنے آپ سے کچھہ کہتے اور چہکتے رہے — پھر کسی سوچ میں ڈوبتے ہوئے وہ تن سے گئے اور اٹھہ کھڑے ہوئے —

مجھے یاد ہے کہ گھر سے نکلتے ہوئے انہوں نے اپنے گھوڑے پر زین کسنے کا حکم دیا تھا — وہ لاجواب شہسوار تھے اور اس سے پہلے کہ مسٹر ریری اپنے کمال دکھاتے وہ بڑے سے بڑے وحشی گھوڑے کو قابو میں کر لیتے تھے —

«کیا میں بھی آپ کے ساتھہ چلوں ابا؟» میں نے پوچھا —

«نہیں» وہ بولے اور ان کے چہرے پر حسب معمول مشفقانہ بے نیازی کی کیفیت پیدا ہو گئی — «تم چاہو تو اکیلے چلے جاؤ — اور سائیس سے کہہ دو میں سواری نہیں کرونگا —»

وہ مڑے اور تیز تیز چل دئے — میں اپنی آنکھوں سے ان کا تعاقب کرتا رہا یہاں تک کہ وہ پھاٹک سے نکلے اور آنکھوں سے اوجھل ہو گئے — میں نے چہار دیواری کے اوپر اوپر ان کی ٹوپی کو

سرکتے ہوئے دیکھا اور پھر میں نے دیکھا کہ وہ زاسیکین خاندان کے گھر میں داخل ہو گئے —

وہ وہاں آدھہ گھنٹے سے کم ہی ٹھہرے اور وہاں سے نکل کر وہ سیدھے شہر کی طرف چل دئے اور شام ہوتے لوٹے —

کھانا کھانے کے بعد میں خود ہی زاسیکین خاندان کے گھر گیا — میں نے بوڑھی شہزادی کو ڈرائنگ روم میں اکیلا پایا — جب اس نے مجھے دیکھا تو اس نے بنائی کی تیلی ٹوپی کے اندر لے جاکر اپنا سر کھجایا اور مجھہ سے چھوٹتے ہی پوچھا کیا میں اس کی خاطر ایک درخواست کی نقل کر سکتا ہوں —

«خوشی سے» میں ایک کرسی کے کنارے ٹک گیا —

«ہاں خیال رہے بڑے بڑے خط میں لکھنا» شہزادی نے ایک صفحہ جو پورا گھسا پٹا تھا، مجھے دیتے ہوئے کہا «اور میرے نوجوان حضرت، کیا تم سمجھتے ہو کہ تم آج ہی اس کی پوری نقل کر لوگے؟»

«ہاں — میں آج ہی کر لونگا —»

دوسرے کمرے کا دروازہ ایک ہلکی چرچراہٹ کے ساتھہ کھلا اور زینائیدا نظر آئی — اس کا چہرہ پیلا تھا، سوچ میں ڈوبا ہوا — اس کے بال بے پروائی سے پیچھے کی طرف سنوارے گئے تھے — اس نے اپنی بڑی بڑی، ٹھنڈی آنکھوں سے مجھے ایک نظر دیکھا اور چپکے سے دروازہ بند کر دیا —

«زینا! اے زینا!» اس کی ماں چلائی — مگر زینائیدا نے کوئی جواب نہ دیا — میں اس بوڑھی کی درخواست اٹھاکر اپنے گھر لے گیا اور پوری شام اس کی نقل کرنے میں بتا دی —

اسی دن میرے «جذبے» نے جنم لیا — میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت میرے احساسات اس آدمی کے احساسات کی طرح ہونگے جو اپنی ملازمت کی زندگی شروع کر رہا ہو — میں اب ایک کم سن لڑکا باقی نہیں رہا تھا — اب میں ایک عاشق تھا — میں نے کہا کہ میرے جذبے کا آغاز اس دن سے ہوا لیکن مجھے یہ بھی بتانا چاہئے کہ اسی دن سے میری مصیبتیں بھی شروع ہوئیں — زینائیدا کے بغیر میں کسی چیز میں جی نہ لگا پاتا، دن دن بھر اس کے بارے میں سوچتے رہنے کے سوا میں اور کچھہ نہ کر پاتا... جب میں اس سے دور ہوتا تو میں بڑا دکھی رہتا، لیکن جب اس کے پاس ہوتا تو اس وقت بھی دل کو چین نہ پڑتا — میں حسد کی آگ میں جل رہا تھا، مجھے اپنے بے معنی اور حقیر ہونے کا احساس تھا — میں احمقانہ طور پر منہ بنائے رہتا اور اسی حماقت کے ساتھہ اس کے قدموں پر سجدے کرتا — لیکن ایک نا قابل تسخیر قوت مجھے اس کی طرف کھینچے لئے جا رہی تھی اور جب کبھی میں اس کی دھلیز پار کرتا میرے دل میں ایک مسرت انگیز کسک پیدا ہوتی — جلد ہی زینائیدا پر یہ کھل گیا کہ میں اس پر جان دیتا ہوں — اور سچی بات تو یہ ہے کہ مجھے اسے چھپانے کا خیال بھی نہ تھا — وہ باری باری سے میرے والہانہ پن پر کبھی خوش ہوتی، کبھی بدھو بناتی، کبھی چمکارتی اور تھپکیاں دیتی اور کبھی ستاتی — کسی دوسرے شخص کی سب سے زبردست مسرت یا زبردست ترین رنج کا واحد ذریعہ یا واحد اور ناقابل انکار سبب ہونے کا احساس بڑا شیریں احساس ہے — اور زینائیدا نے دیکھا کہ میں اس کے ہاتھہ میں موم کی طرح

ہوں — لیکن میں اکیلا اس کی محبت میں گرفتار نہیں تھا — اس گھر میں آنے والے سبھی اس پر فریفتہ تھے اور وہ ان سب کو انگلیوں پر نچاتی تھی اور اپنے قدموں پر سجدہ ریز رکھتی تھی —باری باری سے ان میں کبھی امید اور کبھی مایوسی پیدا کرنے میں اور اپنی ننھی سی انگلی پر ان سب کو نچانے میں اس کو بڑا مزا آتا تھا (وہ اسے لوگوں کو ایک دوسرے سے ٹکراتے رہنے کا نام دیتی تھی) اور ان کو اس کا مقابلہ کرنے کا کبھی خیال بھی نہ آتا تھا اور وہ خوشی سے اس کے سامنے ہتیار ڈال دیتے تھے — اس کے ہشاش بشاش اور دل ربا وجود میں چالاکی اور بے نیازی، بناوٹ اور سادگی، سکون اور وحشت کی ایک مسحور کن گھلاوٹ تھی — وہ جو کچھ بھی کہتی اور کرتی، اس میں، اس کی ایک ایک ادا میں، ایک بڑی نرم اور لطیف نزاکت سانس لیتی ہوئی معلوم ہوتی تھی — ہر ادا اور انداز میں ایک عجیب قوت اپنا جادو جگا رہی تھی — اس کے مستقل بدلتے ہوئے رنگ میں بھی ایک عجیب سیمابی کیفیت تھی — اس سے بیک وقت جنون و فکر اور جذبات کی گرمی کا اظہار ہوتا تھا — لگتا تھا کہ حددرجہ متضاد جذبات، ایک روشن اور تیز ہوا والے دن میں اڑتے ہوئے بادلوں کی طرح، مستقل اس کی آنکھوں اور ہونٹوں پر کھیل رہے ہیں —

اس کا ہر شیدائی اس کے لئے ضروری تھا — بیلوزوروف جسے وہ « میرے درندے » یا صرف «میرے» کہتی تھی اس کے لئے آگ میں کود سکتا تھا — اسے اپنی دماغی اور دوسری صلاحیتوں پر اعتماد نہ تھا اس لئے برابر شادی کے لئے اپنا ہاتھ بڑھاتا رہتا اور بات بات میں اشارہ کرتا کہ باقی دوسرے لوگ سنجیدہ نہیں ہیں —

مئیدانوف اس کی شاعرانہ طبیعت کی تسکین کرتا تھا — حالانکہ تمام دوسرے مصنفوں کی طرح فطرتاً ٹھنڈا ہوتے ہوئے، وہ سچے دل سے، اس کو اور شاید اپنے آپ کو بھی یہ یقین دلاتا رہتا کہ وہ اس کو پوجتا ہے اور وہ اپنی کبھی ختم نہ ہونے والی شاعرانہ قصیدہ خوانیوں سے زمین و آسمان کے قلابے ملا دیتا اور قصیدے اس کے سامنے ایک عجیب وجدانی کیفیت اور بے خودی کے ساتھ پڑھ کر سناتا جس میں بیک وقت دکھاوا بھی ہوتا اور خلوص بھی — اور وہ، اپنے دل میں اس کے لئے قدرے ہمدردی محسوس کرتی اور اس کے ساتھ کچھ ایسا سلوک کرتی جس میں ہلکی سی تمسخر کی چاشنی بھی ہوتی — اس کو مئیدانوف پر اعتماد نہ تھا — اور اس کے قصیدے سننے کے بعد وہ اس سے کہتی کہ اب پشکن کی چیزیں سناؤ تاکہ فضا صاف ہو جائے — مسخرا ڈاکٹر لوشین، جس کی باتوں سے عجیب سنک اور خبطی پن ٹپکتا تھا، اسے اوروں سے بہتر طور پر سمجھتا تھا اور اسے اوروں سے زیادہ چاہتا تھا — حالانکہ وہ اس کے پیٹھ پیچھے اور اس کے منہ پر، اسے خوب برا بھلا کہتا تھا — وہ اس کی عزت کرتی تھی، لیکن اسے بھی ذرا نہ بخشتی اور اس پر بھی یہ جتانے میں کینے سے بھری ہوئی راحت محسوس کرتی کہ وہ بھی اس کی مٹھی میں ہے — ایک بار اس نے میری موجودگی میں اس سے کہا «میں ہرجائی ہوں، میرے سینے میں دل نہیں ہے، میں پیدائیشی ایکٹرس ہوں — اچھا تو پھر یہی سہی! لاؤ، اب تم اپنا ہاتھ مجھے دو اور میں اس میں سوئی چبھوؤنگی — تم اس نوجوان کے سامنے اپنی ہتک محسوس کروگے، تمہیں تکلیف ہوگی، اور پھر تم ایک بھلے آدمی کی طرح ہنسوگے — کیوں جناب حق گو صاحب!» لوشین

کا رنگ اڑ گیا اور اس سے نظر ملانے سے کترانے اور اپنے ہونٹ چبانے لگا لیکن انجام کار اس نے اپنا ہاتھہ اس کی طرف بڑھا دیا — اس نے ہاتھہ میں سوئی چبھوئی اور وہ واقعی ہنستا رہا... وہ بھی اس کے گوشت میں سوئی پیوست کرتی اور اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی ہنستی رہی جن کو اس کے چہرے سے ہٹانے کی وہ ناکام کوشش کر رہا تھا... کاؤنٹ مالیوسکی اور اس کے تعلقات تو میرے پلے اور بھی کم پڑتے تھے — وہ ایک وجیہہ، چاق و چوبند اور ذہین آدمی تھا — لیکن اس میں کچھہ نہ کچھہ مشتبہ سا نظر آتا تھا — اس میں کوئی چیز غلط اور بناوٹی تھی — اور میں بھی، سولہ برس کا ایک لڑکا، اس کو محسوس کر سکتا تھا اور میں اس پر حیران ہوتا تھا کہ زینائیدا اس چیز کو دیکھنے میں کیسے ناکام رہی — لیکن کون جانے اس نے اس فریب کو دیکھہ لیا ہو لیکن اس کی پروا نہ کرتی ہو — اس کی تعلیم کی خامیوں نے، اس کے عجیب و غریب دوستوں اور ملاقاتیوں اور عادتوں نے، اس کی ماں کی مستقل موجودگی اور گھر میں غربت اور افراتفری نے، ان میں سے ہر چیز نے اور ساتھہ ہی ارد گرد منڈلاتے ہوئے لوگوں کے مقابلے میں، اس لڑکی میں جو احساس کمتری پیدا ہو گیا تھا، ان سب باتوں نے مل کر اس میں ایک نیم حقارت آمیز بے نیازی اور اخلاقی سنگ دلی سی پیدا کر دی تھی — گھر میں چاہے جو کچھہ بھی ہو، خواہ وونی‌فاتی یہ اعلان کرنے آئے کہ گھر میں شکر نہیں، یا کوئی گندی قسم کی افواہ کان میں پڑے، یا مہمان آپس میں لڑ پڑیں اور جوتیوں میں دال بٹنے لگے، وہ صرف اپنی لٹوں کو جھٹکتی اور بس اتنا کہتی «بکواس!» اور کسی قسم کا اثر قبول کرنے سے انکار کر دیتی —

جہاں تک میرا تعلق تھا، جب کبھی مالیوسکی اس کے قریب پھٹکتا میرا خون کھول اٹھتا — لومڑی کی طرح چالاک، وہ جھٹ بڑے وقار سے اس کی کرسی کی پشت پر جاتا اور جھک کر خوش خوش دانت نکال کر کچھ کھسر پھسر شروع کر دیتا اور وہ اپنے ہاتھ باندھے ہوئے بڑی سنجیدگی سے اسے دیکھتی، مسکراتی اور سر ہلاتی —

«آخر تم کاؤنٹ مالیوسکی سے کیوں ملتی ہو؟» میں نے ایک بار اس سے پوچھا —

«ہائے تم دیکھتے نہیں اس کی ننھی ننھی مونچھیں کتنی پیاری ہیں؟» اس نے جواب دیا — «لیکن خیر تمہاری سمجھ میں یہ بات نہیں آئیگی —»

«تم یہ تو کہنا نہیں چاہتے کہ تم یہ سمجھتے ہو کہ میں اس سے محبت کرتی ہوں؟» اس نے ایک دوسرے وقت خود ہی ذکر چھیڑا — «نہیں، اس قسم کے آدمی سے کبھی محبت نہیں کر سکتی — ایک ایسے آدمی سے جس کو حقارت بھری نظروں سے دیکھنے پر میں مجبور ہوں — مجھے کسی ایسے آدمی کی ضرورت ہے جو میری آن توڑ دے — لیکن خدا کا شکر ہے کہ میرا کبھی کسی ایسے آدمی سے پالا نہیں پڑیگا! میں کسی کے چنگل میں آنے والی نہیں — ہاں میں نہیں آنے والی!»

«کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ تم کبھی کسی سے محبت نہیں کروگی؟»

«لیکن تم جو ہو؟ کیا میں تمہیں نہیں چاہتی؟» اس نے میری ناک کو اپنے دستانے سے چھوتے ہوئے تیکھا جواب دیا —

اوہ، ہاں، زینائیدا کو میری ذات سے تفریح کا کافی سامان مہیا ہوتا تھا — میں تین ہفتے تک برابر اس سے ملتا رہا اور اس کی انگلی کے اشارے پر ناچتا رہا — وہ ہمارے گھر اکثر نہ آتی اور مجھے اس کا افسوس نہ تھا کیوں کہ جب کبھی وہ آتی چھوٹی بیگم بن جاتی، پوری شہزادی اور میں شرمانے لگتا — میں اپنی ماں کے سامنے کھل کھیلنے سے ڈرتا تھا جو زینائیدا کو بالکل ناپسند کرتی تھیں اور بپھری بپھری نظروں سے اسے گھورتی رہتی تھیں —

میں اپنے ابا کا اتنا خیال نہ کرتا تھا — وہ مجھے نظر انداز کر دیتے تھے اور اس سے کبھی کبھار ہی کوئی بات کرتے تھے اور جب کبھی کچھ کہتے تو بات بڑی عاقلانہ اور معنی خیز ہوتی — میں نے پڑھنا لکھنا بالائے طاق رکھ دیا — میں نے کھیتوں اور میدانوں میں گھومنا پھرنا اور شہسواری بھی بند کر دی — میں ایک بھونرے کی طرح جس کے پر ڈور سے بندھے ہوں، اس پیارے گھر کے چکر لگایا کرتا — اگر ممکن ہوتا تو میں ہمیشہ وہیں جما کھڑا رہتا... لیکن میری اماں بڑبڑاتیں اور کبھی خود زینائیدا مجھے وہاں سے چلتا کر دیتی — جب وہ ایسا کرتی تو میں خود کو کمرے میں بند کر لیتا یا باغ کے سب سے کنارے والے کونے میں چلا جاتا اور وہاں اونچی سی اینٹ کے پودگھر کی ڈھیتی ہوئی دیوار پر چڑھ جاتا اور گھنٹوں سڑک کے رخ والی دیوار پر اپنے پاؤں لٹکا کر بیٹھا رہتا اور اپنے سامنے اندھی آنکھوں سے کچھ گھورتا رہتا — سفید تتلیاں آہستہ آہستہ خاردار جھاڑیوں کے اوپر اڑتیں پھرتیں — ایک شوخ سی ننھی گوریا قریب کے ایک ٹوٹے پھوٹے سرخ اینٹ پر اتری اور اشتعال انگیز طور پر چہچہاتی ہوئی ناچتی رہی، پھدکتی

اور اپنی دم کو پھلاتی رہی — کوے جو ابھی تک مجھے شک کی نظر سے دیکھتے تھے باربار برج کی ننگی پھننگ سے قائیں قائیں کرتے اور دھوپ اور ہوا اس کی پتلی پتلی شاخوں میں کھیلتی — کبھی کبھی دونسکوئی گرجا گھر سے گھنٹوں کی بوجھل اور زوردار گونج میرے کانوں میں پہنچتی اور میں وہاں بیٹھا دیکھتا اور سنتا رہتا اور میرا دل ایک ایسے جذبے سے بھر جاتا جس کی تشریح نہیں کی جا سکتی — اس میں ہر چیز ملی جلی ہوتی: غم اور نشاط، بے چین کر دینے والے اندیشے، زندہ رہنے کی خواہش، اور زندگی کا ڈر — لیکن اس وقت میری سمجھ میں یہ سب کچھ نہ آتا تھا اور جو چیز میرے اندر پک رہی تھی میں اس کو کوئی نام نہیں دے سکتا تھا یا اگر میں اس وقت نام دینے کی کوشش کرتا تو اس کا نام صرف ایک ہو سکتا تھا —— زینائیدا!

اور اس پورے عرصے میں زینائیدا مجھ سے یوں کھیلتی رہی جیسے بلی چوہے سے کھیلتی ہے — وہ خوب رجھاتی مجھے اور میں فوراً پگھل کر رہ جاتا اور مجھ پر ہیجانی کیفیت طاری ہو جاتی یا پھر وہ اچانک مجھے جھٹک کر پرے دھکیل دیتی اور مجھے اس کے پاس جانے اور اسے ایک نظر دیکھنے کی بھی ہمت نہ ہوتی —

مجھے یاد ہے کہ وہ کئی دن تک مجھ سے کافی کٹی کٹی رہی — میرا دل ڈوب گیا — میں ڈرتے ڈرتے اس گھر میں قدم رکھتا اور بوڑھی شہزادی سے چپکے رہنے کی کوشش کرتا حالانکہ اس زمانے میں اس کے مزاج کا پارہ بری طرح چڑھا ہوا تھا — اس کے مالی حالات بہت برے تھے اور اس کو دو بار مقامی کوتوالی میں پولیس کے سامنے اپنی صورت حال کی صفائی پیش کرنی پڑی تھی —

ایک بار اس مانوس باغ کی چہار دیواری کے پاس سے گزرتے ہوئے میری نظر زینائیدا پر پڑی — وہ گھاس پر بے حس و حرکت بیٹھی تھی اور اپنے ہاتھوں پر پیچھے کی طرف ٹیک لگائے ہوئے تھی — میں نے وہاں سے چپ چاپ نکل جانا چاہا — لیکن اس نے یکایک سر اٹھایا اور مجھے التجا آمیز اشاروں سے بلایا — میرے پیر زمین میں گڑ کر رہ گئے — مجھے پورا یقین نہیں تھا کہ اس کے اشارے کا کیا مطلب ہے — اس نے اپنے اشارے کو دہرایا — میں نے فوراً چہار دیواری کو پار کیا اور خوش خوش اس کی طرف دوڑا — لیکن اس نے اپنی آنکھوں سے مجھے روک دیا اور اس راستے کی طرف اشارہ کیا جس سے دو قدم کے فاصلے پر وہ بیٹھی تھی — میں گھبراتے اور کھسیاتے ہوئے گھٹنوں کے بل سڑک کے کنارے بیٹھ گیا — وہ کتنی زرد تھی — اس کے چہرے کی ایک ایک لکیر میں بڑا تلخ دکھ سانس لے رہا تھا — ایک ایسی زبردست تھکن کہ میں دل مسوس کر رہ گیا اور میں یہ پوچھے بنا نہ رہ سکا:

«ماجرا کیا ہے؟»

زینائیدا نے اپنا ہاتھ بڑھایا، گھاس کا ایک تنکا توڑا، اسے چبایا اور دور پھینک دیا —

«تم مجھ سے بہت محبت کرتے ہو کیوں ہے نا؟» اس نے آخر پوچھا «تم بہت محبت کرتے ہو، ہے نا؟»

میں نے جواب نہیں دیا — اس کی کوئی ضرورت نہیں تھی —

«ہاں» اس نے اب بھی مجھے دیکھتے ہوئے کہا — «میں جانتی ہوں تم محبت کرتے ہو — وہی آنکھیں —» سوچ میں ڈوب کر

اپنے ہاتھوں میں منہ چھپاتے ہوئے اس نے کہا۔ «میں اکتا گئی ہوں ان سب باتوں سے —» وہ زیر لب بولی «میں بالکل دنیا کے کنارے چلی جانا چاہتی ہوں — میں اب یہ سب برداشت نہیں کر سکتی، میں یہ نہیں سہہ سکتی... اور آخر میرا کیا ہونے والا ہے؟.. اف میں کتنی نا خوش ہوں، کتنی رنجیدہ! »

«لیکن کیوں؟» میں نے ڈرتے ڈرتے پوچھا —

جواب میں زینائیدا نے صرف اپنے شانے ہلا دیئے — میں اپنے گھٹنوں پر جھکا ہوا، انتہائی دکھ کے ساتھ اسے گھورتا رہا — اس کے منہ سے نکلا ہوا ایک ایک لفظ میرے دل میں پیوست ہو رہا تھا — اس وقت اس کا دکھ دور کرنے کے لئے میں اپنی زندگی کی بھینٹ بھی دے سکتا تھا — میں اب تک یہ سمجھے بنا کہ وہ اتنی غم زدہ کیوں ہے، برابر اسے گھورے جا رہا تھا اور میری تصور کی آنکھوں نے صاف صاف دیکھا کہ وہ ناقابل برداشت رنج و غم سے گھبرا کر باغ میں نکلی اور زمین پر یوں گر پڑی جیسے گولی سے زخمی ہو گئی ہو— ہر طرف کیسی ہریالی پھیلی ہوئی تھی، روشن روشن — ہر بار ہوا کے جھونکے آتے اور پتوں کو سرسراتے اور زینائیدا کے سر پر رس بھری کی ڈالیاں لپلپانے لگتیں —

دور فاختائیں کوں کوں بول رہی تھیں — شہد کی مکھیاں چھدری چھدری گھاس پر نیچے نیچے اڑتی ہوئی گنگنا رہی تھیں — نیلا آکاش اوپر سے اپنی نرم نرم روشنی برسا رہا تھا، لیکن میرا دل کتنا اداس تھا...

«کیا تم اس وقت شعر سنا سکتے ہو؟» زینائیدا نے ایک کہنی پر اپنا بوجھ ڈالتے ہوئے بڑی نرمی سے پوچھا — «مجھے تمہارے

شعر سنانے کا انداز اچھا لگتا ھے — یہ ٹھیک ھے کہ تم اس میں کچھ اپنا ترنم بھر دیتے ھو لیکن میں اس کی پروا نہیں کرتی — اس میں اتنی جوانی ھوتی ھے — «جارجیا کی پہاڑیوں پر» سناؤ — ھاں لیکن پہلے بیٹھ جاؤ —»

میں بیٹھ گیا اور «جارجیا کی پہاڑیوں پر» سنائی —

«'کیونکہ محبت نہ کرنا تو اس کے بس کی بات ھی نہیں،» زینائیدا نے آخری مصرعہ دھرایا — «یہی تو چیز ھے جس کے لئے ھم شاعری پر جان دیتے ھیں — یہ غیر حقیقی چیزوں کو اپنے اندر سموتی ھے اور ان کو ایسا بنا دیتی ھے کہ سننے میں بہتر ھی نہیں بلکہ حقیقی چیزوں سے بھی زیادہ حقیقی لگتی ھیں — 'کیونکہ محبت نہ کرنا تو اس کے بس کی بات ھی نہیں ، یہی تو بات ھے — دل محبت کرنا نہ چاھے اور کئے بنا رہ نہ سکے —» وہ پھر چپ ھو گئی — پھر چونک کر اٹھ کھڑی ھوئی — «آؤ! مئیدانوف میری اماں کے ساتھ بیٹھا ھے — وہ میرے لئے اپنی نظم لایا اور میں چلی آئی — وہ بھی بوکھلا گیا ھے... لیکن مجبوری ھے! ایک دن تمہیں سب معلوم ھو جائیگا — اس وقت مجھ سے ناراض نہ ھونا!»

جلدی سے میرے ھاتھ کو دباتے ھوئے، زینائیدا آگے آگے دوڑی — ھم دونوں ایک ساتھ اس کے گھر واپس گئے — مئیدانوف نے اپنی نظم «قاتل» پڑھنا شروع کی جو تازہ تازہ چھپ کے آئی تھی — لیکن میں اسے سن نہیں رھا تھا — وہ چار چار مصرعوں کے بند، گنگناتی ھوئی آواز سے سنا رھا تھا — بندوں کی بحریں بدل رھی تھیں اور برف پر پھسلنے والی گاڑی کی گھنٹیوں کی طرح بج رھی تھیں — زور زور سے بجتی ھوئی کھوکھلی آواز — اور میں زینائیدا

کے چہرے کو پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا جس سے چھلکا پڑتا تھا کہ وہ ان باتوں کے معنی سمجھنے کی جد و جہد کر رہی ہے جو اس نے مجھ سے کہی تھیں —

یا کہیں ایسا تو نہیں کہ ایک چھپے ہوئے رقیب نے
تمہیں بے بس کر دیا ہو؟

مئیدانوف نے یکایک گنگناتی ہوئی آواز میں پڑھا اور میری آنکھیں زینائیدا کی آنکھوں سے چار ہوئیں — اس کی آنکھیں جھک گئیں اور چہرے پر ہلکا سا رنگ آ گیا — میں نے اس کا رنگ فق ہوتے ہوئے دیکھا اور میں سارے بدن سے سن سا ہو گیا — میں پہلے بھی جلتا تھا لیکن اس سے پہلے کبھی بھی یہ وہم نہیں ہوا کہ وہ کسی کی چاہت میں گرفتار ہو گئی ہے — «ہاں! وہ محبت میں گرفتار ہے! »

۱۰

اور تب میرے اصلی دکھوں کا آغاز ہوا— میں نے بہت بہت اپنا دماغ لڑایا، ذہن میں تمام باتوں کو الٹ پلٹ کر، کھنگال کر دیکھا، اور جہاں تک ممکن ہو سکتا تھا، چھپ چھپ کر زینائیدا پر نظر رکھنی شروع کر دی — اس میں کچھ نہ کچھ تبدیلی تو ہوئی تھی — یہ صاف تھا — وہ اب اکیلی دور دور تک ٹہلتے ہوئے نکل جاتی — کبھی کبھی وہ اپنے یہاں آنے والوں سے ملنے نہ آتی اور گھنٹوں خود کو اپنے کمرے میں بند رکھتی — یہ اس کی ادا نہ تھی — یکایک میری حس کی دھار بہت تیز ہو گئی یا کم از کم مجھے ایسا لگا ضرور — میں بڑی بے چینی سے، زینائیدا کے پجاریوں میں سے کبھی ایک، کو شبہے کی نظر سے دیکھتا اور کبھی دوسرے کو

اور اپنے آپ سے پوچھا کرتا «یہی تو وہ نہیں؟ یا کوئی اور؟» کاؤنٹ مالیوسکی (گرچہ اس اعتراف پر زینائیدا کی خاطر میرا رنگ فق ہو گیا) مجھے سب سے زیادہ خطرناک نظر آیا—

بلا شبہہ میرے اندازے ٹھیک نہیں تھے اور میری خاموشی اور کم آمیزی بھلا کاہے کو کسی کی آنکھوں میں دھول ڈال سکتی تھی— ڈاکٹر لوشین نے سب سے پہلے مجھے تاڑ لیا— لیکن حال میں وہ بھی کافی بدل گیا تھا— وہ دبلا ہو گیا تھا— اور گرچہ وہ پہلے ہی کی طرح خوب ہنستا تھا، اس کا قہقہہ اب کھوکھلا ہو گیا تھا، کڑوا اور مختصر— اس کی پچھلی ہلکی پھلکی پھبتیوں اور چوٹوں اور بناوٹی سنکی پن کی باتوں کی جگہ ایک گھبرائی گھبرائی سی جھنجھلاہٹ نے لے لی تھی جس کو دبانے اور چھپانے میں وہ ناکام نظر آتا تھا—

«میرے نوجوان، آخر تمہیں کون سی چیز یہاں باربار کھینچ لاتی ہے؟» ایک بار جب ہم دونوں شہزادی کے ڈرائنگ روم میں تنہا رہ گئے تو اس نے مجھ سے پوچھا— (چھوٹی شہزادی اپنی سیر سے واپس نہیں آئی تھی لیکن ہم اس کی ماں کی گونجتی گرجتی آواز سن سکتے تھے جو دوچھتی میں خادمہ پر برس رہی تھی—) «ابھی تم کمسن ہو—— اور یہ زمانہ تمہارے پڑھنے لکھنے اور کام کرنے کا ہے—— اور سوچا ہے کبھی کر کیا رہے ہو تم؟»

«تم یہ کیسے جانتے ہو کہ جب میں گھر پر ہوتا ہوں تو میں کام نہیں کرتا؟» اپنے آپ کو بڑا کائیاں ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہوئے میں نے جواب دیا اور میں نے اس طرح اور بھی زیادہ اپنی بوکھلاہٹ کی چغلی کھائی—

«ہاں نہیں جانتا میں؟ نہیں نہیں تم کام کے بارے میں نہیں سوچتے — میں تم سے بحث نہیں کرونگا... تمہاری عمر میں یہ قدرتی بات ہے — لیکن بد قسمتی سے تمہاری پسند ہی غلط ہے — دیکھتے نہیں تم کس قسم کا گھرانہ ہے یہ؟»

«افسوس ہے کہ تمہاری بات میری سمجھہ میں نہیں آتی —» میں نے کہا —

«نہیں آتی؟ یہ تو تمہارے لئے اور بھی برا ہے! میں اسے اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ تمہیں خبردار کر دوں — میرے جیسے گھاگ کنوارے تو بغیر کسی نقصان کے یہاں آ سکتے ہیں — ہم سرد گرم دیکھے ہوئے ہیں — ہمیں کسی چیز سے نقصان نہیں پہنچ سکتا — لیکن تمہاری کھال ابھی نرم و نازک ہے — یہاں کی ہوا تمہارے لئے بری ہے —— میری بات مانو — تمہیں چھوت لگ سکتی ہے —»

«کیا مطلب ہے تمہارا؟»

«بتاتا ہوں میرا کیا مطلب ہے — کیا تم اپنی موجودہ حالت کو صحت مندی کی علامت سمجھتے ہو؟ کیا یہ نارمل بات ہے؟ کیا تم واقعی سمجھتے ہو کہ اس وقت تم جن جذبات سے گزر رہے ہو تمہارے لئے اچھے ہیں؟ کیا تم ایسا سمجھتے ہو؟»

«کیوں، میں کن جذبات سے گزر رہا ہوں؟» میں نے پوچھا حالانکہ دل میں اچھی طرح جانتا تھا کہ ڈاکٹر ٹھیک کہہ رہا ہے —

«نوجوان، نوجوان!» اس نے اس لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا جیسے اس میں میرے لئے کوئی انتہائی توہین آمیز بات چھپی ہوئی

ہو — «بناوٹ تمہاری لائین کی چیز نہیں — اب تک تمہارا چہرہ تمہاری روح کا آئینہ ہے اور اس کے لئے تم خدا کا شکر ادا کرو! لیکن بات کرنے سے کیا حاصل ہوگا! میں یہاں منڈلاتا نہ پھرتا اگر میں...(ڈاکٹر نے اپنے دانت بھینچ لئے) اگر میں خود بھی اسی قسم کا احمق نہ ہوتا — ایک چیز پر میں حیران ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا — اور وہ یہ کہ تمہارے جیسا ذہین آدمی کیسے یہ نہیں بھانپ سکتا کہ یہاں کیا گل کھل رہے ہیں — »

«کیا گل کھل رہے ہیں؟» میں نے فوراً چونک کر دھرایا —

ڈاکٹر نے مجھے تمسخر آمیز ہمدردی کی نظر سے دیکھا —

«بہر حال، کیا خوب آدمی ہوں میں؟» جیسے وہ اپنے آپ سے بول رہا ہو «میں اس کو کیوں بتاؤں؟ مختصر یہ کہ» اس نے اپنی آواز بلند کرتے ہوئے کہا «میں دھراتا ہوں: یہ فضا تمہارے لئے مضر ہے — تم اس کا لطف اٹھا سکتے ہو، لیکن اس سے کیا فائیدہ! پودگھر سے بھی اچھی باس آتی ہے لیکن تم اس میں رہ نہیں سکتے — میری بات مانو میرے دوست اور پھر اپنے کئیدانوف کی کتاب میں غرق ہو جاؤ — »

اسی آن بوڑھی شہزادی ڈاکٹر سے اپنے دانتوں کے درد کا دکھڑا رونے کمرے میں آئی — اس کے بعد زینائیدا آئی —

«لو وہ رہی — » اس کی ماں نے کہا «ڈاکٹر صاحب، ذرا ڈٹ کے ڈانٹ پلاؤ اسے — سارا سارا دن برف کا پانی پیتی رہتی ہے — کیا اس کے کمزور سینے کے لئے یہ اچھا ہے؟»

«تم ایسا کیوں کرتی ہو؟» ڈاکٹر نے پوچھا —

«اور اس سے مجھے کیا نقصان پہنچ سکتا ہے بھلا؟»

«نقصان؟ تمہیں ٹھنڈ لگ سکتی ہے اور مر سکتی ہو—»

«کیا تم سنجیدگی سے کہہ رہے ہو؟ سچ؟ تو پھر میں اس کی زیادہ پروا نہیں کرتی—»

«تو یہ ہے ماجرا» ڈاکٹر بڑبڑایا — اس کی ماں کمرے سے چلی گئی —

«ہاں یہی بات ہے» زینائیدا نے کہا — «لیکن کیا، زندگی اتنی اچھی چیز ہے؟ اپنے چاروں طرف نظر دوڑاؤ... کون سی چیزیں اتنی خوشگوار ہیں؟ کیا تم سمجھتے ہو میں سمجھ نہیں سکتی، محسوس نہیں کر سکتی؟ برف کا پانی پینے سے مجھے راحت ہوتی ہے اور تم آتے ہو اور بھاری بھرکم انداز میں مجھے یقین دلاتے ہو کہ مجھے اپنی زندگی کو خطرے میں نہیں ڈالنا چاہئے —— راحت کے ایک لمحے کے لئے —— ہاں میں مسرت کا ذکر نہیں کرتی —»

«میں سمجھتا ہوں» لوشین نے کہا «من موجی پن اور خودسری —— بس یہ دو لفظ تمہارا پورا وجود ہیں —— تمہاری پوری فطرت ان دو لفظوں میں ہے —»

زینائیدا کچھ گھبرائی گھبرائی سی ہنسی—

«تم وقت سے پچھڑ کر رہ گئے ہو، میرے پیارے ڈاکٹر — تمہارا مشاہدہ کمزور ہے — تم دقیانوسی ہو— تم اپنی عینک لگا لو اور پھر دیکھو تو نظر آئیگا کہ میں اس وقت من موجی موڈ میں نہیں ہوں — تم سب کو الو بنانا اور اس کے بدلے میں خود بھی احمق بننا بڑا دلچسپ مشغلہ ہے —— لیکن جہاں تک خود سر ہونے کا تعلق ہے... موسیو وولدیمار» وہ اپنے ننھے پاؤں پٹک کر اچانک بولی «منہ بسورنا

پند کرو! میں اپنے اوپر ترس کھانا برداشت نہیں کر سکتی!» وہ تیز تیز قدموں سے چلی گئی—

«نوجوان، فضا تمہارے لئے نا ساز گار ہے، بہت ہی نا ساز گار» ڈاکٹر لوشین نے دہرایا—

۱۱

اس شام، زاسیکین خاندان کے گھر، عام طور پر آنے والے مہمان اکٹھے ہوئے— میں بھی ان میں تھا—

مئیدانوف کی نظم کے متعلق بات چل نکلی— زینائیدا نے خلوص سے اس کی تعریف کی— «لیکن میں ایک بات کہوں گی!» اس نے کہا «اگر میں شاعر ہوتی تو میں بالکل مختلف موضوع چنا کرتی— شاید یہ سب بکواس ہو لیکن میرے ذہن میں عجیب عجیب خیال ابھرتے ہیں، خاص طور پر جب میں سو نہیں پاتی اور ٹھیک پو پھٹنے سے پہلے جب آسمان کا رنگ گلابی اور فاختئی ہو جاتا ہے— میں...، لیکن میں ڈرتی ہوں تم ہنس دو گے—»

«نہیں ہم نہیں ہنسینگے!» ہم سب ایک ساتھ چلائے—

«میں یہ بیان کرونگی» اس نے اپنی بانہیں باندھتے ہوئے اور دور دیکھتے ہوئے کہا «رات کا وقت ہے، ایک خاموش ندی میں ایک بڑی سی کشتی، نوجوان لڑکیوں کے جھرمٹ کو اپنی آغوش میں لئے، تیر رہی ہے— چاند چمک رہا ہے— وہ سب سفید جوڑوں میں ہیں اور ان کے سروں پر سفید پھولوں کے تاج ہیں اور وہ ایک روحانی گیت یا کوئی اسی قسم کی چیز گا رہی ہیں—»

«اچھا، اچھا آگے چلو آگے» مئیدانوف نے، خواب آلود اور معنی خیز انداز میں، اپنی آواز کو کھینچ کر کہا۔

«یکایک ـــ ساحل پر، شور اٹھا، قہقہے، مشعلیں اور طنبورے کی آواز... مے خواروں کا ایک گروہ دوڑتا، گاتا اور شور مچاتا آتا ہے ـ جناب شاعر، تصویر کشی آپ کا کام ہے... میں صرف چاہتی ہوں کہ مشعلیں غضب کی سرخ ہوں اور ان سے قیامت کا دھواں اٹھہ رہا ہو، اور مے خواروں کی آنکھیں ان کے پھولوں کے تاج کے سائے میں چمک رہی ہوں، اور ہاں پھولوں کے تاج کالے ہوں ـ ہاں شیر کی کھالیں ہوں، جام و ساغر ہوں اور سونا بہت بہت سا سونا ہو، بھول نہ جانا۔»

«تم سونا رکھوگی کہاں؟» مئیدانوف نے اپنے سیدھے بالوں کو پیچھے جھٹکتے ہوئے اور نتھنوں کو پھڑکاتے ہوئے پوچھا ـ

«کہاں؟ ان کے کندھوں پر، بازوؤں پر، پیروں پر، تمام! کہتے ہیں پرانے زمانے میں عورتیں سونے کی پازیب پہنتی تھیں ـ ہاں مےخوار کشتی میں بیٹھی ہوئی دوشیزاؤں کو آواز دیتے ہیں ـ دوشیزاؤں نے گانا بند کر دیا ہے ـــ وہ آگے نہیں جا سکتیں ـــ لیکن وہ چپ بیٹھی رہتی ہیں ـ ان کی کشتی ساحل کی طرف تیرنے لگتی ہے ـ اور یکایک ان کے درمیان سے ایک دوشیزہ ہولے ہولے اٹھتی ہے ـ اس کے بیان اور تشریح کے لئے بڑی اچھوتی فنکاری کی ضرورت ہے ـ جس طرح وہ، چاندنی میں، خاموشی سے اٹھتی ہے اور اس کی سہیلیوں میں ایک ہلچل سی مچ جاتی ہے... وہ قدم اٹھاتی ہے اور کشتی کے ایک کنارے آ جاتی ہے ـ مے خوار اس کے چاروں طرف جمع ہو جاتے ہیں اور اسے اٹھا لے جاتے ہیں، رات کی گہرائیوں

میں، اندھیرے میں... میں دیکھ سکتی ہوں— دھواں، دھوئیں کے بادل، ہلچل... اور ان کے درمیان ابھرتی ہوئی سے خواروں کی چیخیں اور دوشیزہ کا سفید پھولوں کا تاج ساحل پر یوں پڑا ہوا —»

زینائیدا چپ ہو گئی — «وہ محبت کرتی ہے!» میں نے اپنے آپ سے کہا —

«بس؟» مئیدانوف نے پوچھا —

«بس!» اس نے جواب دیا —

«یہ موضوع بڑی نظم کے لئے نہیں ہے» مئیدانوف نے شان و شوکت کے ساتھ کہا «لیکن میں تمہارے خیال کو ایک غنائی تخلیق میں استعمال کر سکتا ہوں —»

«رومانی لہر میں؟» مالیوسکی نے پوچھا —

«رومانی انداز میں، بائیرن کے انداز میں — »

«میں بائیرن پر وکٹر ہیوگو کو ترجیح دیتا ہوں» نوجوان کاؤنٹ نے بے پروائی سے کہا «وہ زیادہ دلچسپ ہے — »

«وکٹر ہیوگو ایک اعلی درجے کا ادیب ہے» مئیدانوف نے کہا «اور میرے دوست تونکوشیئیف نے اپنے اسپینی ناول «ایل تروادور» میں... »

«کیا تمہاری مراد اس کتاب سے ہے جس میں الٹا سوالیہ نشان بنا ہوا ہے؟» زینائیدا نے بات کاٹ کر پوچھا —

«یہ اسپینی قاعدہ ہے — میں کہہ رہا تھا کہ تونکوشیئیف... »

«اب تم پھر کلاسیکیت اور رومانیت کی بحث شروع کرنے والے ہو!» اس کی بات کاٹتے ہوئے پھر زینائیدا نے کہا — «بہتر ہوگا کہ ہم کچھ کھیلیں... »

«تاوان؟» لوشین نے پوچھا —

«نہیں میں تاوان سے اکتا چکی ہوں — آؤ ہم تشبیہ کھیلیں — (یہ کھیل خود زینائیدا کی ایجاد تھا — کوئی موضوع چن لیا جاتا اور ہر شخص اس کی تشبیہ بتاتا اور جس کی تشبیہ سب سے اچھی ہوتی، اس کو انعام ملتا —) وہ ٹہلتی ہوئی کھڑکی کے پاس گئی — آفتاب ابھی ابھی غروب ہوا تھا — لمبے لمبے سرخ بادل دور آسمان کی بلندیوں میں پھیلے ہوئے تھے —

«یہ بادل کیسے معلوم ہوتے ہیں؟» زینائیدا نے پوچھا اور کسی کا انتظار کئے بغیر خود ہی کہنا شروع کر دیا «مجھے تو یوں لگتے ہیں جیسے یہ قلوپطرہ کی سنہری کشتی کے سرخ بادبان ہیں جب وہ انتونی سے ملنے گئی تھی — زیادہ عرصہ نہیں ہوا، مئیدانوف تمہیں یاد ہے، تم نے اس کے متعلق بتایا تھا؟»

اور ہم سب نے، «ہملٹ» کے پولونیس کی طرح، اسی آن یہ فیصلہ کر لیا کہ یہ بادل بالکل ان بادبانوں کی طرح ہیں اور یہ کہ کوئی دوسرا اس سے بہتر تشبیہ تلاش نہیں کر سکتا —

«اس وقت انتونی کی عمر کیا تھی؟» زینائیدا نے پوچھا —

«شاید وہ بالکل جوان تھا» مالیوسکی نے کہا —

«ہاں وہ نوجوان تھا» مئیدانوف نے اثباتی طور پر کہا —

«معاف کرنا» لوشین بولا «اس کی عمر چالیس کے اوپر تھی —»

«چالیس کے اوپر!» زینائیدا نے لوشین پر ایک تیز نگاہ ڈالتے ہوئے دہرایا —

اس کے بعد جلد ہی میں گھر چلا گیا — «وہ محبت کرتی ہے» میں بے اختیار بڑبڑایا «لیکن وہ کس سے محبت کرتی ہے؟»

۱۲

دن بیتتے رہے — زینائیدا زیادہ سے زیادہ عجیب نظر آنے لگی اور میری سمجھہ سے بالا، بہت بالا ہوتی گئی — ایک بار میں اس کے کمرے میں گیا تو دیکھا کہ وہ بید کی کرسی پر بیٹھی ہے اور اس کا سر میز کے سخت کنارے پر رکھا ہوا ہے — وہ اٹھہ بیٹھی اور میں نے دیکھا کہ اس کے گال آنسوؤں سے بھیگے ہوئے ہیں —

«ارے تم ہو؟» وہ بولی اور جلانے کے انداز میں مسکرائی — «ادھر آؤ!»

میں اس کے پاس گیا — اس نے اپنا ہاتھہ میرے سر پر رکھا اور میرے بالوں کی ایک لٹ کو پکڑکر مڑوڑنے لگی —

«مجھے تکلیف ہو رہی ہے» میں نے آخر کہا —

«اوہ اس سے تکلیف ہوتی ہے، واقعی؟ اور کیا تم سمجھتے ہو کہ میں دکھہ نہیں اٹھاتی؟» اس نے کہا —

«اوہ!» جب اس نے دیکھا کہ اس نے بالوں کا ایک گچھا جڑ سے نوچ لیا ہے تو اچانک چلا اٹھی — «ذرا دیکھنا میں نے کیا کر دیا! بیچارا موسیو وولدیمار!»

احتیاط سے اس نے گچھے کو برابر کیا اور اپنی انگلی کے گرد لپیٹ کر اس کی انگوٹھی بنا لی —

«میں تمہارے بال اپنے تعویذ میں رکھہ کر پہنونگی» اس نے کہا اور اس کی آنکھیں آنسوؤں سے چمک رہی تھیں — «شاید اس سے تمہارے دل پر کچھہ پھایا پڑے... اب جاؤ!»

میں گھر پہنچا تو وہاں ایک ہنگامہ کھڑا تھا — ابا اور اماں کے درمیان کسی بات پر جھگڑا چھڑا ہوا تھا — اماں ان کو برا

بھلا کہہ رہی تھیں اور انہوں نے بدستور، سرد مہری سے اپنی بات کہی اور جلد ہی چل دئے — میں یہ نہیں سن سکا کہ اماں نے کیا کہا — دوسرے میرے سوچنے کو دوسری باتیں پڑی تھیں — مجھے صرف اتنا یاد ہے کہ اس جھگڑے کے بعد اماں نے مجھے اپنے کمرے میں بلایا اور شہزادی کے گھر میرے باربار جانے پر رنج کا اظہار کیا —— جو ان کے خیال میں une femme capable de tout * تھی — میں نے ان کا ہاتھہ چوما (جب کبھی میں یہ بتانا چاہتا تھا کہ بات چیت ختم تو میں یہی کرتا تھا) اور اپنے کمرے میں چلا گیا — زینائیدا کے آنسوؤں نے مجھے بالکل چکرا دیا تھا — میری سمجھہ میں نہیں آتا تھا کہ اس کا کیا مطلب سمجھوں اور میں خود رونے پر تلا ہوا تھا — عمر تو خیر تھی ہی سولہ برس، میں اب تک بچہ تھا — میں اب مالیوسکی کے بارے میں نہیں سوچ رہا تھا — گرچہ بیلوزوروف روز بروز زیادہ سے زیادہ وحشیانہ رنگ اختیار کرتا جا رہا تھا — وہ گدگدے کاؤنٹ کو یوں نفرت سے گھورتا تھا جیسے بھیڑیا بھیڑ کے بچے کو دیکھتا ہے — سچی بات تو یہ ہے کہ میں کسی چیز یا کسی کے بارے میں نہیں سوچ رہا تھا — میں اپنے خیالات میں کھویا ہوا تھا اور سنسان اور تنہا جگہوں کی تلاش میں رہتا — ٹوٹے پھوٹے پود گھر سے مجھے خاص رغبت ہو گئی — میں اس کی اونچی دیوار پر چڑھہ جاتا اور ایک دکھی اور اکیلے نوجوان کی طرح بیٹھا رہتا اور خود اپنے لئے بہت رنج اٹھاتا —— اور میں غم کے ان احساسات کا کتنا لطف اٹھاتا، میں گرد اور مٹی پر کس طرح لوٹا کرتا!

---

* ہر جائی عورت —

ایک دن میں دیوار پر بیٹھا، دور دیکھ رہا تھا اور گرجا گھر کے گھنٹوں کی گونج سن رہا تھا... یکایک میرے جسم میں ایک کپکپی اور سنسنی سی دوڑ گئی—— یہ گزرتی ہوئی ہوا کی موج کا لمس یا جھرجھری نہ تھی، یہ ایک احساس تھا کہ کوئی میرے قریب ہے ... میں نے نیچے دیکھا— میرے نیچے، زینائیدا، بھورے لباس میں تیز تیز قدموں سے چلی جا رہی تھی— اس کے کندھے پر دھوپ سے بچنے کے لئے گلابی رنگ کی چھتری رکھی ہوئی تھی— اس نے بھی مجھے دیکھ لیا اور رک گئی— اس نے اپنی تنکوں والی ٹوپی کا کنارا اوپر سرکاتے ہوئے اور اپنی مخملیں آنکھوں کو اوپر اٹھاتے ہوئے مجھے دیکھا—

«تم وہاں کیا کر رہے ہو؟» اس نے کچھ عجیب انداز سے مسکراتے ہوئے پوچھا— «ہاں!» وہ بولی «تم ہمیشہ میرے سامنے اپنی محبت کا دم بھرتے رہتے ہو—— چلو وہاں سے سڑک پر کود جاؤ تو میں جانوں کہ تم سچ مچ مجھے چاہتے ہو—»

مشکل سے ابھی الفاظ اس کے منہ سے نکلے ہی تھے کہ میں نے نیچے چھلانگ لگا دی، جیسے کسی نے پیچھے سے مجھے دھکیل دیا ہو— دیوار کوئی چودہ فٹ اونچی تھی— میں اپنے پیروں پر گرا، لیکن چوٹ اتنی زوردار تھی کہ میں کھڑا نہ رہ سکا اور گر کر ایک لمحے کو بے ہوش ہو گیا— جب میں ہوش میں آیا تو اپنی آنکھیں کھولے بغیر ہی میں نے زینائیدا کو اپنے قریب محسوس کیا— «اف میرے پیارے!» وہ میرے اوپر جھکی ہوئی کہہ رہی تھی— اس کی آواز میں بے قراری اور محبت تھی— «تم نے ایسا کیوں کیا؟»

تم نے میری بات سنی کیوں؟ تم جانتے ہو کہ میں تمہیں چاہتی ہوں — اٹھو ! »

میں نے اپنے قریب اس کے سینے کے زیر و بم کو اور اس کے ہاتھ کو اپنے سر پر سرکتے ہوئے محسوس کیا اور پھر — اف پھر! اس کے نرم، شاداب ہونٹوں نے میرے منہ پر پیار کی بارش شروع کر دی ... ان ہونٹوں نے میرے ہونٹوں کو بھی چھوا ... لیکن زینائیدا نے میرے چہرے کی کیفیت سے جان لیا ہوگا کہ میں اب بے ہوش نہیں ہوں — اس لئے کہ وہ یکایک یہ کہتی ہوئی اٹھ کھڑی ہوئی :

«اچھا، اے شریر لڑکے اب اٹھو، دیوانے کہیں کے! وہاں گرد و غبار میں مت پڑے رہو ! » میں اٹھ کھڑا ہوا — «لاؤ میری چھتری دو» زینائیدا نے کہا «ذرا دیکھنا کہاں گرایا میں نے اسے ! اور مجھے یوں دیکھنا بند کرو... یہ حماقت ہے ! کیا تمہیں چوٹ لگی ؟ ارے تمہیں کانٹے تو نہیں چبھے! میں کہہ رہی ہوں مجھے یوں نہ دیکھو ! لیکن لو وہ تو میری سنتا ہی نہیں، منہ سے پھوٹتا بھی نہیں » اس نے جیسے اپنے آپ سے کہا ہو — «موسیو وولدیمار اب گھر جاؤ — اپنے کپڑے جھاڑو، اور خیال رہے میرا پیچھا مت کرنا ورنہ میں ناراض ہو جاؤنگی اور پھر کبھی ... »

اپنا جملہ پورا کئے بغیر وہ تیز تیز قدم اٹھاتی ہوئی چل دی اور میں سڑک کے کنارے بیٹھا رہا کیونکہ میرے گھٹنے کانپ رہے تھے — میرے ہاتھوں میں کانٹے چبھ گئے تھے، میری پیٹھ دکھ رہی تھی اور میرا سر چکرا رہا تھا لیکن اس کے بعد مجھے پھر کبھی وہ روحانی انبساط نصیب نہیں ہوا جو اس وقت ہو رہا تھا — میں

نے محسوس کیا کہ تمام جوڑوں میں میٹھا میٹھا درد ہو رہا ہے اور آخر میں اس کا اظہار خود فراموشی میں ڈوبی ہوئی ہچکیوں اور چیخوں کے روپ میں ہوا — واقعی میں اب تک ایک بچہ ہی تھا —

۱۳

اس روز، دن بھر، میں اتنا نازاں نازاں اور خوش خوش رہا — زینائیدا کے بوسوں کا لمس میرے منہ پر اب تک تازہ تھا — مجھے ایک ایک لفظ یاد آ رہا تھا جو اس نے مجھ سے لرزاں لرزاں سی خودفراموشی کے عالم میں کہا تھا، میں اپنی خوش نصیبی کو اتنے چاؤ اور جذبے سے یاد کر رہا تھا کہ میں کچھ ڈر سا گیا اور — اس کو دیکھنے کو بھی جی نہ چاہتا تھا — اس کو، جو ان تمام نئے احساسات کا سر چشمہ تھی — میں نے محسوس کیا جیسے مجھے اپنی قسمت سے اور کچھ نہیں مانگنا — جیسے یہ وہ لمحہ ہو جب «مجھے آخری سانس لے کر مر جانا چاہئے» — بہر حال، جب دوسرے دن میں شہزادی کے گھر کی طرف چلا تو اندر ہی اندر دل میں کھدبد ہو رہی تھی اور میں نے بیکار اسے ایک انکسار آمیز بے تکلفی کے پردے میں چھپانے کی کوشش کی — میرے خیال میں یہ کوشش ایک ایسے آدمی کے لئے مناسب تھی جو یہ دکھانا چاہتا ہو کہ وہ راز کو دل میں چھپا کر رکھنے کا گر جانتا ہے — زینائیدا حسب معمول مجھ سے ملی — ذرا سا بھی کسی قسم کے جذبات کو چھلکنے نہ دیا — اس نے صرف انگلی ہوا میں لہرائی اور مجھ سے پوچھا کہ کہیں مجھے خراش وراش تو نہیں آئی — میری انکسار آمیز بے تکلفی اور پراسرار کیفیت فوراً ہی رفو چکر ہو گئی اور اس کے ساتھ ہی

میری خود آگہی اور جھینپوپن بھی کا فور ہو گیا — ظاہر ہے مجھے زینائیدا سے کسی جذباتی نمائش کی توقع تو نہ تھی، پھر بھی زینائیدا کے ملنے جلنے کے پرسکون انداز نے ٹھنڈے فوارے کا کام کیا — میں نے محسوس کیا کہ میں اس کی نظروں میں ایک بچے کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہوں —— اور اس سے دل پر جو اوس پڑی ہے، کیا بتاؤں! زینائیدا فرش پر ٹہلتی رہی اور جب کبھی اس کی آنکھیں میرے چہرے پر جمتیں اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ ابھرتی اور غائب ہو جاتی — لیکن اس کے خیالات کہیں دور تھے — میں یہ صاف دیکھ رہا تھا — «کیا میں خود کل والی بات کا ذکر چھیڑوں؟» میں نے سوچا «کیا، محض اپنے شبہوں کو ختم کرنے کے لئے ہی سہی، اس سے پوچھ دیکھوں کہ وہ اتنی جلدی میں کہاں جا رہی تھی ...» لیکن میں نے اس خیال کو دماغ سے نکال دیا اور کمرے کے تاریک کونے میں خاموش بیٹھا رہا —

بیلوزوروف اندر آیا اور اسے دیکھ کر مجھے واقعی خوشی ہوئی —

«میں تمہاری شہسواری کے لئے کوئی سدھا ہوا گھوڑا حاصل نہ کر سکا» اس نے ذرا تیکھے انداز میں کہا — «فرائیتاگ (٤) ایک گھوڑے کا وعدہ تو کرتا ہے — لیکن مجھے اس کے مزاج کا حال معلوم نہیں — میں ڈرتا ہوں — »

«اور تمہیں ڈر کس بات کا ہے؟» زینائیدا نے پوچھا «ذرا اس پر روشنی تو ڈالو مہربانی سے — »

«کیوں؟ تم جانتی ہو کہ تم واقعی سواری نہیں کر سکتیں — خدا نخواستہ تمہیں کچھ ہو جائے تو! اور آخر یکایک تمہیں شہسواری کا شوق کیسے چرایا؟»

«میرے پیارے جناب مجنوں، اس سے تمہیں کوئی سروکار نہیں — لیکن ہاں میں پیوتر وسیلئیوچ سے کہہ سکتی ہوں...» (میرے ابا کا نام پیوتر وسیلئیوچ تھا — اس نے اتنی بیساختگی اور بے پروائی سے ان کا نام لیا کہ میں حیران رہ گیا جیسے اسے اس کا پورا یقین ہو کہ وہ اس کی درخواست پوری کرنے کے لئے فوراً تیار ہو جائینگے —)

«سمجھا» بیلوزوروف نے کہا — «اچھا تو ان کے ساتھہ تم شہسواری کے لئے جانا چاہتی ہو؟»

«چاہے میں ان کے ساتھہ شہسواری کے لئے جاؤں یا اور کسی کے ساتھہ، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا — بہر حال میں تمہارے ساتھہ نہیں جاؤنگی — »

«میرے ساتھہ نہیں» بیلوزوروف نے دہرایا — «جیسی تمہاری مرضی — اچھا، میں تمہارے لئے ایک گھوڑا لے آؤنگا — »

«یاد رہے، گھوڑا ہونا چاہئے گھوڑا، گائے نہیں — میں جتائے دیتی ہوں کہ میں شہسواری کرنا چاہتی ہوں — »

«جاؤ تو پھر کرو شہسواری تم! کیا تم مالیوسکی کے ساتھہ شہسواری کرنا چاہتی ہو؟»

«اور مالیوسکی کے ساتھہ کیوں نہ جاؤں، میرے بہادر سپاہی؟ اچھا، بس، بس، آپے میں آؤ اور اس طرح مجھے نہ گھورو! میں تمہیں بھی لے جاؤنگی — تم جانتے ہو اب مالیوسکی میری نظر میں کیا حیثیت رکھتا ہے... آخ!» اس نے اپنے سر کو پیچھے جھٹک دیا —

«یہ تم محض میرا دل رکھنے کو کہتی ہو» بیلوزوروف بڑبڑایا —

زینائیدا نے اس کو آنکھیں میچ کر دیکھا —

«اور اس سے تمہارے دل پر پھایا پڑتا ہے؟ اوہ تم...، سپاہی!»
اس نے یہ لفظ یوں ادا کیا جیسے وہ کوئی اور گالی دینے میں ناکام رہ گئی ہو — «اور تم، موسیو وولدیمار، کیا تم ہمارے ساتھ چلوگے؟»

«میں ... میں بہت زیادہ لوگوں کے ہجوم میں ہونا پسند نہیں کرتا...» میں بڑبڑایا اور مجھے آنکھیں اٹھانے کی جرأت نہ ہوئی —

«اوہ، تم تو شاید tête-à-tête...* پسند کروگے؟ اچھا، بہت اچھا، جیسی روح ویسے فرشتے» اس نے ٹھنڈی سانس لی — «اچھا تو، اب بیلوزوروف جاؤ اور دیکھو کیا کر سکتے ہو تم! میں کل گھوڑا چاہتی ہوں —»

«اور روپیہ کہاں سے آئیگا؟» بڑی شہزادی نے بیچ میں ٹپکتے ہوئے پوچھا —

زینائیدا کی تیوریاں چڑھ گئیں —

«میں تم سے نہیں مانگونگی — بیلوزوروف مجھ پر بھروسہ کریگا —»

«بھروسہ، بھروسہ...» شہزادی بڑبڑائی اور پھر یکایک پورے زور سے چیخی «دونیاشکا!»

«Maman میں نے تمہیں گھنٹی کس واسطے دی ہے؟» اس کی بیٹی بولی —

«دونیاشکا!» عورت پھر چلائی —

بیلوزوروف رخصت ہوا — میں بھی اس کے ساتھ ہی باہر چلا گیا... زینائیدا نے مجھے روکنے کی کوئی کوشش نہیں کی —

---

* کانوں میں کھسر پھسر کرنا —

١٤

میں اگلی صبح، سویرے ہی اٹھا، اپنے لئے ایک چھڑی کاٹی اور شہر کے پھاٹک سے باہر نکل گیا — «میں باہر جاؤنگا — » میں نے اپنے آپ سے کہا «اور اپنا غم غلط کرنے کی کوشش کرونگا — » دن شاندار تھا روشن لیکن زیادہ گرم نہیں — زمین پر تازہ ہوا کھیل رہی تھی، ہولے ہولے دوڑتی ہوئی سرسرا رہی تھی، اور ہنگامہ مچائے بغیر ہر چیز کو گدگدا رہی تھی، چھیڑ رہی تھی — میں دیر تک پہاڑیوں اور جنگلوں میں گھومتا رہا — مجھے خوشی محسوس نہ ہوئی کیونکہ میں تو گیا ہی اس ارادے سے تھا کہ خود کو اپنے غم کے سپرد کر دوں — لیکن جوانی، حسین فضا، تازہ ہوا، تیز تیز چلنے کی راحت اور گھنی گھاس پر تنہائی میں اطمینان بخش آرام —— ان سب نے مل کر اپنا کام کیا — ان کبھی نہ بھلائی جانے والی باتوں اور ان بوسوں کا خیال میری روح میں رچنے لگا — میں بڑی طمانیت کے احساس کے ساتھ غور کرتا رہا کہ زینائیدا اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکیگی کہ مجھ میں عزم بھی ہے اور ہمت بھی ... «وہ دوسروں کو مجھ پر ترجیح دیتی ہے —— اچھا! لیکن دوسرے محض باتیں بناتے ہیں کہ وہ کیا کچھ کر سکتے ہیں... جبکہ میں نے یہ واقعی کر دکھایا! اور یہ تو اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں جو میں اس کی خاطر کر سکتا ہوں!..»

میں نے اپنے تصور کی لگام ڈھیلی چھوڑ دی — میں نے دیکھا کہ میں اس کو دشمنوں کے چنگل سے بچا رہا ہوں، میں سر سے پاؤں تک خون میں نہایا ہوا ہوں، اس کو کسی قلعے کے تہہ خانے سے چھٹکارا دلانے کے بعد، اس کے قدموں پر جان دے رہا ہوں —

مجھے اپنے ڈرائنگ روم میں لٹکی ہوئی ایک تصویر یاد آئی جس میں ملک عادل اپنے گھوڑے پر ماتلدے کو بٹھائے سرپٹ بھاگا چلا جارہا ھے — اس کے بعد میری نظریں ایک دھبےدار کھٹ بڑھئی پر پڑی، جو بڑے زورشور سے برچ کے ایک پتلے لمبے پیڑ کے تنے پر چڑھتی تھی اور پھر بڑے اشتیاق سے کبھی ایک طرف جھانک کر دیکھتی اور کبھی دوسری طرف — ایک کھرجدار آواز والے گوئیے کی طرح جو اپنے ساز کے پیچھے بیٹھا ھو —

پھر میں نے تان اڑائی «یہ سفید برف تو نہیں تھی »— اس کے بعد میں ایک آلھا گانے لگا جو اس وقت بہت مشہور تھا «میں تمہارا انتظار کر رہا ھوں جبکہ اٹھلاتی ھوئی ھوا — » اس کے بعد میں نے، خومیاکوف کی المیہ تخلیق سے یرماک والا وہ حصہ زور زور سے پڑھنا شروع کیا جس میں وہ ستاروں سے بات کرتا ھے — میں نے خود ایک جذباتی لہر کے ساتھہ ایک نظم کہنے کی کوشش کی یہاں تک کہ میں نے وہ مصرعہ بھی کہہ لیا جس پر نظم کو ختم ھونا تھا : «آہ زینائیدا ،واہ زینائیدا! » لیکن اس کاوش کا کوئی نتیجہ نہ نکلا — اور اب کھانے کا وقت قریب آ گیا تھا — میں وادی میں اترا جس کے ساتھہ ساتھہ ایک ریتیلا بل کھاتا ھوا راستہ شہر کی طرف چلا گیا تھا — ابھی میں اسی راستے پر چل رہا تھا کہ مجھے اپنے پیچھے ٹاپوں کی خالی خولی آوازیں سنائی دیں — پیچھے مڑکر دیکھتے ھوئے میں نے غیر ارادی طور پر اپنی ٹوپی اتار لی اس لئے کہ سوار زینائیدا اور ابا تھے — دونوں کے گھوڑے ایک دوسرے کے برابر برابر چل رھے تھے — میرے ابا، اپنا ھاتھہ اپنے گھوڑے کی گردن پر جمائے اور اپنی زین پر ذرا جھکے ھوئے، اس سے کچھہ کہہ رھے

تھے — وہ مسکرا رہے تھے — زینائیدا خاموشی سے ان کی بات سن رہی تھی، اس کی آنکھیں بڑے تیکھے انداز میں جھکی ہوئی تھیں اور اس کے لب بھنچے ہوئے تھے — شروع میں میں نے صرف ان دونوں کو دیکھا لیکن چند لمحے بعد مجھے بیلوزوروف بھی نظر آیا جو راستے کے بل کھانے کی وجہ سے چھپا ہوا تھا — وہ دھکتے ہوئے کوئلے کی طرح سیاہ گھوڑے پر سوار تھا اور ہساروں کی وردی اور سمور کے کنارے والا لبادہ پہنے ہوئے تھا — اس کا گھوڑا اپنا سر جھٹک رہا تھا اور نتھنے پھڑکا اور چھینک رہا تھا اور اس کا سوار بیک وقت اس کی لگام بھی کھینچ رہا تھا اور اسے مہمیز لگا کر آگے بھی بڑھا رہا تھا — میں راستے کے کنارے ہٹ گیا — میرے ابا نے لگام بسنبھالی اور زینائیدا کے پاس سے ہٹ گئے — زینائیدا نے اپنی نرم رو نظروں سے ان کا پیچھا کیا اور دونوں میرے پاس سے گزر گئے — ان کے پیچھے بیلوزوروف بھاگا — اس کی تلوار سے جھنکار پیدا ہو رہی تھی... «ارے یہ تو جھینگا مچھلی کی طرح لال ہو رہا ہے» میں نے سوچا «اور وہ... وہ اتنی زرد کیوں ہے؟ ساری صبح وہ شہسواری کرتی رہی ہے اور پھر بھی اتنی زرد؟»

میں نے اپنے قدم تیز کئے اور کھانے پر، ٹھیک وقت سے پہنچ گیا — ابا کپڑے بدل چکے تھے اور منہ ہاتھ دھوکر تازہ‌دم، میری اماں کی کرسی کے پاس بیٹھے تھے اور «Journal des Débats»* سے ایک مضمون اپنی نرم اور ہموار آواز میں سنا رہے تھے — میری ماں کچھ کھوئی کھوئی سی سن رہی تھیں اور جیسے

---

* فرانسیسی اخبار کا نام —

ھی میں نظر آیا مجھہ سے پوچھنے لگیں اس پورے وقت میں کیا کرتا رہا تھا اور ساتھہ ھی انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ ایسے لوگوں سے نفرت کرتی ھیں جو جانے کہاں کہاں اور کیسی کیسی صحبتوں میں مارے پھرتے ھیں — یہ بات میری زبان پر آکے رہ گئی کہ میں تن تنہا ٹہلنے کے لئے باھر گیا تھا — لیکن ابا پر نظر پڑتے ھی میں نے اپنی زبان پر تالا ڈالنے کا فیصلہ کر لیا —

۱۵

اگلے پانچ چھہ دن زینائیدا کی ھلکی سی جھلک بھی نظر نہ آئی — اس نے بیماری کا بہانہ کیا لیکن حسب معمول آنے والے مہمان (بقول خود) اپنا فرض بجا لانے سے باز نہ آتے —— وہ سب آتے سوائے مئیدانوف کے — جہاں کہیں جوش و خروش کی کمی ھوتی، اس کا دل ٹوٹ جاتا اور اس پر افسردگی طاری ھو جاتی — بیلوزوروف، گردن تک بٹن لگائے، منہ لال کئے، آزردہ آزردہ اور روٹھا روٹھا بیٹھا رھتا — کاؤنٹ مالیوسکی کے نرم چہرے پر ایک ناخوشگوار مسکراھٹ ابھرتی ڈوبتی رھتی — وہ زینائیدا کے عتاب میں تھا اور وہ بوڑھی شہزادی کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے پہلے سے بھی زیادہ کھویا ھوا تھا — واقعہ تو یہ ھے کہ وہ ایک کرائے کی گاڑی میں اس کو گورنر جنرل کے یہاں لے گیا — لیکن ملاقات ناکام رھی اور اس کا نتیجہ خود مالیوسکی کے لئے ناخوشگوار نکلا — اس کو ایک واقعہ کی یاد دلائی گئی جس میں ریل گاڑی کے کئی افسروں کا ھاتھہ تھا اور اس نے اپنی صفائی میں اس زمانے کی دفاعی تجربے کی کمی کا عذر پیش کیا — اوشین دن میں ایک یا دو بار آ جاتا لیکن کبھی زیادہ دیر نہیں

ٹھہرتا — اس سے اپنی پچھلی بات چیت کے بعد سے ذرا خوف زدہ رہنے لگا تھا لیکن ساتھہ ھی میں صحیح معنی میں اس کی طرف کھنچ رہا تھا — ایک بار وہ میرے ساتھہ نسکوچنی باغ میں چہل قدمی کے لئے گیا اور بڑی دوستی اور خوش دلی سے پیش آیا — اس نے مختلف قسم کے پودوں اور پھولوں کے نام بتائے — پھر یکایک خود اپنی بات کاٹ کر، اپنی بھویں جوڑتا اور بے ربط طور پر بول اٹھتا «میں واقعی بیوقوف تھا، میں اسے محض فلرٹ سمجھتا تھا — ظاھر ھے ابھی ایسے لوگ ھیں جو اپنی قربانی سے لطف اٹھاتے ھیں — »

«اس سے تمہارا کیا مطلب ھے؟» میں نے پوچھا —

«کچھہ بھی نہیں —— خاص طور پر تمہارے کانوں کے لئے!» لوشین نے ذرا تیزی سے کہا —

زینائیدا مجھہ سے دامن بچاتی تھی — میں یہ دیکھے بنا نہ رہ سکا کہ مجھے دیکھنا اسے بھاتا نہ تھا — ایسا معلوم ھوتا تھا کہ مجھے دیکھتے ھی اس کا منہ خود بخود میری طرف سے پھر جاتا ھے اور یہی تو اتنی درد انگیز اور نا قابل برداشت چیز تھی — لیکن اس پر اپنا کوئی بس نہ تھا اور میں اس کی نظروں سے دور رھنے کی کوشش کرتا — صرف دور سے میں اسے دیکھا کرتا لیکن اس میں مجھے ھمیشہ کامیابی نہیں ھوتی تھی — اب بھی اس کے اندر کوئی نا قابل فہم چیز پک رھی تھی — اس کا چہرہ کچھہ سے کچھہ ھو گیا، اس کا پورا وجود بدل کر رہ گیا تھا — اس کی تبدیلی کا رنگ تو ایک گرم اور خاموش شام کو مجھہ پر بڑی شدت کے ساتھہ کھلا — میں سفید پھولوں والے بوزینہ کے گھنے پیڑ تلے ایک نیچی سی بنچ

پر بیٹھا تھا — یہ میری محبوب جگہ تھی — میں وہاں سے زینائیدا کی کھڑکی کو دیکھ سکتا تھا — میں وہاں بیٹھا تھا اور ایک چھوٹی سی چڑیا، اندھیر میں کھوتی ہوئی پتیوں میں میرے سر کے اوپر پھر پھر اڑ رہی تھی — ایک بھوری بلی، اپنی پیٹھ کو تانتی ہوئی، دبے پاؤں باغ کے اندر گھسی، گرچہ اب روشنی مر چکی تھی پھر بھی بھونرے صاف اڑتے ہوئے نظر آ رہے تھے اور فضا ان کی بوجھل بھنبھناہٹ سے بھری ہوئی تھی — میں بیٹھا، اس امید میں کہ شاید کھڑکی کھل جائے، اس کو گھورتا رہا — اور جلد ہی واقعی یہ کھل گئی اور اس میں زینائیدا نظر آئی — وہ سفید لباس میں تھی اور وہ خود —— اس کا چہرہ، اس کے شانے، اس کی بانہیں —— قریب قریب اس کے لباس کی طرح سفید تھیں — بہت دیر تک وہ بےحس و حرکت کھڑی رہی اور اپنی جڑی ہوئی بھوؤں کے ساتھ اپنے سامنے ٹکٹکی باندھ کر دیکھتی رہی — میں نے کبھی اس کو اس طرح گھورتے ہوئے نہیں دیکھا تھا — پھر اس نے اپنے ہاتھ زور سے جکڑ لئے اور ان کو اپنے ہونٹوں تک لائی اور اس کے بعد اپنی پیشانی پر اور یکایک اپنی انگلیوں کو پھیلاتے ہوئے اس نے اپنے بالوں کو پیچھے کی طرف جھٹکا، اور بڑے پرعزم انداز میں اپنے سر کو ایک بار ہلایا اور دھڑاک سے کھڑکی بند کر دی —

تین دن بعد اس سے میری مڈبھیڑ باغ میں ہوئی — میں مڑنے والا تھا لیکن اس نے مجھے روک لیا —

«آؤ اپنا ہاتھ دو مجھے» اس نے اپنے پہلے والے محبت بھرے لہجے میں کہا «صدیوں سے میری اور تمہاری بڑھیا گپ نہیں ہوئی ہے —»

میں نے اس کو دیکھا — اس کی آنکھوں میں ایک نرم روشنی تھی — ایسا لگا کہ وہ دھند کے پیچھے سے مسکرا رہی ہے —

«کیا تم اب تک بیمار ہو؟» میں نے پوچھا —

«نہیں، نہیں — بیماری ختم ہو چکی» اس نے سرخ گلاب کا ایک چھوٹا سا پھول توڑتے ہوئے کہا — «میں اب تک ذرا تھکی تھکی سی ہوں لیکن یہ تھکن بھی دور ہو جائیگی — »

«اور کیا تم پھر ویسی ہی بن جاؤگی جیسی پہلے تھیں؟» میں نے پوچھا —

زینائیدا نے پھول کو اپنے چہرے تک اٹھایا اور مجھے لگا کہ تابناک پنکھڑیاں اس کے گالوں پر اپنا سایہ ڈال رہی ہیں —

«کیوں، کیا میں بدل گئی ہوں؟»

«تم بدل گئی ہو» میں نے آہستہ سے کہا —

«تمہاری طرف میرا سلوک بڑا برا تھا — میں جانتی ہوں» زینائیدا نے کہا «لیکن تمہیں اس کی پروا نہیں کرنی چاہئے تھی... میں مجبور تھی ... لیکن اس کے بارے میں بات کرنے کا فائدہ ہی کیا ؟ »

«تم یہ نہیں چاہتیں کہ میں تم سے محبت کروں — یہی بات ہے نا! » میں نے جذبات کی ایک لہر سے مجبور ہوکر اپنی دھن میں کہا —

«اوہ، ہاں، میں چاہتی ہوں، لیکن اس طرح نہیں جس طرح تم پہلے کرتے تھے — »

«پھر کیسے؟ »

« آؤ ہم دوست بن جائیں — بس اس طرح » زینائیدا نے میرے

سونگھنے کے لئے گلاب کا پھول بڑھایا — «میں تم سے اتنی بڑی ہوں — تم جانتے ہو میں تمہاری خالہ بن سکتی تھی یا تم چاہو تو تمہاری بڑی بہن — اور تم ... »

«اور میں تمہارے لئے ایک بچہ ہوں ... »

«بے شک تم بچے ہو — مگر پیارے، بھولے بھالے، اچھے، ذہین بچے جسے میں دل سے چاہتی ہوں — میں بتاؤں تمہیں ! آج سے میں تمہیں اپنا بانکا سردار بناتی ہوں — اور یہ نہ بھولنا کہ ایک سردار کو ہرگز ہرگز اپنی ملکہ کا پہلو نہیں چھوڑنا چاہئے — یہ رہا تمہارا بلا — » اس نے میرے بٹن کے کاج میں گلاب کا پھول اٹکاتے ہوئے کہا «تمہاری طرف ہماری نیک خواہشات کی نشانی — »

«تم نے اس سے پہلے بھی اپنی دوستی کی نشانیاں دی ہیں — » میں بڑبڑایا —

«اوہ! » زینائیدا نے کہا «کیا حافظہ پایا ہے ! اچھا اس وقت بھی ایک نشانی دینے میں مضایقہ نہیں ... »

اور میرے اوپر جھکتے ہوئے اس نے میرے بھوؤں پر پاکیزہ اور پرسکون بوسہ ثبت کر دیا —

میں صرف اسے دیکھتا رہ گیا اور وہ یہ کہتی ہوئی مڑی «میرے بانکے سردار اب تم میرے پیچھے آؤ — » اور اپنے گھر کی طرف چلی — میں حیرانی میں کھویا ہوا اس کے پیچھے پیچھے چل دیا — «کیا ایسا ہو سکتا ہے » میں نے سوچا «کہ یہ نرم دل اور سمجھدار لڑکی وہی زینائیدا ہے جسے میں پہلے جانتا تھا؟ » اس کا طرز خرام مجھے اب زیادہ تھما تھما، اس کا پیکر زیادہ پروقار اور طرحدار نظر آیا ...

لیکن اے خدا، میری محبت کے شعلے کس طرح بھڑک اٹھے!

۱۶

کھانے کے بعد، حسب دستور، مہمان شہزادی کے گھر میں اکٹھے ہوئے اور نوجوان شہزادی ان کے استقبال کو کمرے سے نکلی— وہ سب کے سب پورے طمطراق سے وہاں موجود تھے —— اس ناقابل فراموش شام کی طرح — نرماتسکی تک وہاں کشاں کشاں چلا آیا تھا — اس بار سب سے پہلے مئیدانوف آیا اور اپنے ساتھہ ایک نئی نظم لایا — ہم نے پھر تاوان والا کھیل کھیلا — لیکن ابکے یہ کھیل پہلے والی اچھل کود اور کلیل، اوٹ پٹانگ حرکتوں اور شور وھنگامے کے بغیر کھیلا گیا — ابکے ھماری رنگ رلیوں سے خانہ بدوشوں والا عنصر غائب تھا — زینائیدا نے محفل میں ایک نئی کیفیت پیدا کر دی تھی — اس کے بانکے سردار ھونے کی حیثیت سے میں اس کے پہلو میں بیٹھا تھا — اور دوسری سزاؤں میں ایک سزا اس نے یہ تجویز کی کہ جو کوئی بھی نشان والا پرچہ اٹھایگا اس کو اپنا خواب بتانا پڑیگا — مگر اس کا کوئی نتیجہ نہ نکلا — یہ خواب یا تو بوجھل پھیکے اور بے جان ثابت ھوئے (بیلوزوروف نے خواب دیکھا تھا کہ وہ اپنے گھوڑے کو کارپ مچھلی کھلا رہا ھے اور اس کے گھوڑے کا سر لکڑی کا ھے) یا غیر فطری اور کھلی ھوئی من گھڑت کہانیاں... مئیدانوف نے باضابطہ ایک ناول سے ھماری تفریح کا سامان فراھم کیا جو مردوں کے تہہ خانوں، اپنے ھاتھوں میں چنگ و رباب لئے ھوئے فرشتوں اور بولنے والے پھولوں سے بھرا ھوا تھا... انہونی باتوں کا تو خیر ذکر ھی نہیں ... زینائیدا نے اسے روک دیا — «اگر من گھڑت باتیں ھی کہنی ھیں تو» اس نے کہا «آؤ پھر ھم میں سے ھر ایک

کوئی ایسی بات کہے جو کبھی ہوئی ہی نہیں — » ابکے پھر بیلوزوروف کے نام فال نکلی —

نوجوان ہسار بالکل بوکھلا گیا «مجھے کسی ایسی چیز کا خیال نہیں آتا — » وہ بولا —

«بکواس! » زینائیدا چلائی — «یہ تصور کر لو کہ تم شادی شدہ ہو یا اس قسم کی کوئی بات اور ہمیں یہ بتاؤ کہ تم اپنی بیوی کے ساتھہ کیا برتاؤ کروگے — کیا تم اسے تالے میں جکڑکر رکھوگے؟ »

«ہاں میں تالے میں جکڑکر رکھونگا — »

«اور کیا تم خود اس کے ساتھہ بیٹھوگے؟ »

«یقینی میں بیٹھونگا — »

«بہت اچھا — مان لو کہ وہ اس سے اکتا گئی اور تمہیں دغا دے گئی ؟ »

«میں اسے مار ڈالونگا — »

«اور اگر بھاگ نکلی ؟ »

«میں اس کا پیچھا کرونگا اور مار ڈالونگا — »

«بہت اچھا — اور اب یہ مان لو کہ میں تمہاری بیوی ہوں — اس صورت میں تم کیا کرتے؟ »

بیلوزوروف ایک منٹ خاموش رہا —

«میں خودکشی کرلونگا — »

زینائیدا ہنسی —

«اچھا میں دیکھتی ہوں کہ تمہاری داستان زیادہ لمبی نہیں — » اس نے کہا —

دوسرا فرعہ زینائیدا کے نام نکلا — اس نے سوچتے ہوئے چھت کی طرف دیکھا —

«اچھا سنو» اس نے آخر کہا «میں نے یہ من گھڑت کہانی سوچی ہے — مان لو کہ ایک حسین محل ہے — گرمیوں کی رات ہے اور ناچ کی شاندار محفل گرم ہے — جوان سال ملکہ اپنے مہمانوں کا خیر مقدم کر رہی ہے — ہر طرف، سونا، مرمر، آبگینے، ریشم، روشنیاں، ہیرے جواہر، پھول، خوشبوئیں، عیش و طرب کی ہر دولت جس کی خواہش دل کو ہو سکتی ہے وہاں بکھری ہوئی ہے — »

«تم عیش و عشرت پسند کرتی ہو، ہے نا؟» لوشین نے بیچ میں کہا —

«عیش و عشرت میں شان اور آن بان ہے» اس نے جواب دیا «اور میں شان اور آن بان پسند کرتی ہوں — »

«حسن و جمال سے زیادہ؟» اس نے پوچھا —

«تمہاری عقل و فراست میری سمجھ سے بالا ہے — میں نہیں جانتی تمہارا مطلب کیا ہے — اب بیچ میں نہ ٹوکنا — اچھا تو ہاں — محفل رقص شاندار ہے — بہت بہت سے مہمان ہیں — سب کے سب جوان، خوش رو، جیالے، اور سب ملکہ کے عشق میں دیوانے —»

«کیا مہمانوں میں عورتیں نہیں ہیں؟» مالیوسکی نے پوچھا —

«نہیں . . . ہاں ذرا سوچنے دو — ہاں ہیں تو سہی —»

«اور سب بہت سادہ ہیں ؟ »

«سب دل لبھانے والی ہیں لیکن سارے مرد ملکہ کی محبت میں گرفتار ہیں — وہ لمبی اور نازک ہے... وہ اپنے کالے بالوں پر سونے کا تاج پہنے ہوئے ہے — »

میں نے زینائیدا کو دیکھا اور اس لمحے وہ ہم سب سے زیادہ لمبی لگی — اس کی گوری گوری پیشانی اور سیدھی سیدھی بھوؤں سے ایسی تابندہ ذہانت اور قوت چھلکی پڑ رہی تھی کہ میں نے سوچا: «تم ہی وہ ملکہ ہو» —

«ہر شخص اس کے ارد گرد منڈلا رہا ہے» زینائیدا نے اپنی بات جاری رکھی «اور نہایت ہی خوشامدانہ باتیں کر رہا ہے — »

«اچھا تو وہ خوشامد پسند کرتی ہے؟» لوشین نے پوچھا —

«اوہ تم بھی ایک مصیبت ہو — سارے وقت بیچ میں ٹپکتے رہتے ہو... خوشامد کسے نہیں بھاتی؟»

«بس ایک آخری سوال» مالیوسکی نے بیچ میں کہا «کیا ملکہ کا شوہر بھی ہے؟»

«میں نے اس کے بارے میں نہیں سوچا — نہیں، اسے شوہر کی ضرورت کیا ہے؟»

«بےشک» مالیوسکی نے لقمہ دیا «ہاں بھلا اسے شوہر کی ضرورت کیا ہے؟»

*«Silence!» مئیدانوف چلایا — وہ انتہائی بھیانک فرانسیسی بولتا تھا —

«Merci» زینائیدا نے کہا — «ہاں تو ملکہ بیٹھی ان کی خوشامدانہ لن‌ترانیاں اور موسیقی سنتی رہتی ہے مگر اپنے کسی مہمان کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھتی — چھ چھ لمبی کھڑکیاں چھت سے فرش تک کھلی ہوئی ہیں اور ان میں سے اندھیرا آسمان بڑے بڑے

---

* خاموش —

ستاروں سے جڑا ہوا نظر آ رہا ہے — ایک اندھیرا باغ ہے جس میں بڑے بڑے درخت ہیں — ملکہ باہر باغ کو دیکھتی ہے — وہاں درختوں کے درمیان تاریکی میں سفید سفید سا ایک فوارہ چمک رہا ہے — یہ بہت لمبا بہت ہی اونچا ہے، دیو کی طرح — ملکہ، آوازوں اور باجوں گاجوں کے درمیان پانی کی چھپ چھپ کی آواز سنتی ہے — کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے وہ دل ہی دل میں سوچتی ہے «ہاں، صاحبان، آپ سب نیک دل ہیں، دانش مند، امیر، آپ سب میرے گرد ہالہ ڈالے ہوئے ہیں، میرے منہ سے نکلے ہوئے ایک ایک لفظ کو آپ پلکوں سے چنتے ہیں اور کلیجے میں رکھ لیتے ہیں، آپ میں سے ہر ایک میرے قدموں پر نثار ہونے کو تیار ہے — آپ سب میری مٹھی میں ہیں... لیکن وہاں، فوارے کے پاس، جہاں پانی کی چھپ چھپاہٹ ابھر رہی ہے، میرا محبوب، میرے دل کا راجہ، کھڑا میرا انتظار کر رہا ہے — اس کے پاس نہ تو قیمتی لباس ہے، نہ ہیرا جواہر، کوئی اسے جانتا نہیں، لیکن وہ میرا انتظار کر رہا ہے اور وہ جانتا ہے کہ میں اسی کے پاس آ جاؤنگی — اور میں جاؤنگی اس کے پاس — اگر میں اس کے پاس جانا چاہوں، اس کے پاس رہنا چاہوں، اس کے ساتھ وہاں کھو جانا چاہوں — وہاں باغ کے اندھیرے میں، جہاں درخت سرسرا رہے ہیں اور فوارہ پانی کو فضا میں اچھال رہا ہے — ہاں اگر میں یہ سب کرنا چاہوں تو کوئی طاقت مجھے نہیں روک سکتی... »

زینائیدا چپ ہو گئی —

«کیا یہ بالکل ہی من گھڑت کہانی ہے؟» مالیوسکی نے معنی خیز انداز سے پوچھا —

زینائیدا نے اس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنے کی بھی ضرورت نہیں سمجھی —

«حضرات میں تو حیران ہوں کہ» لوشین نے دفعتاً کہا «اگر ہم مہمانوں میں ہوتے اور یہ جانتے کہ فوارے کے پاس کھڑا کون خوش نصیب ہے تو ہم کیا کرتے؟»

«ٹھہرو ٹھہرو!» زینائیدا نے بات کاٹ کر کہا «میں خود ہی بتاؤنگی کہ تم میں سے ہر ایک کا رویہ کیا ہوتا — تم، بیلوزوروف، تم نے اسے للکارا ہوتا... تم، مئیدانوف، اس پر ایک منظوم ہجو لکھ مارتے... نہیں نہیں، تم نہیں لکھتے، تم ہجو نظم نہیں کر سکتے — تم ایک مخمس باربیئے (٥) کی طرز میں لکھ مارتے اور اس کو «ٹیلی گراف» (٦) میں چھپوا دیتے — نرماتسکی تم اس سے روپیہ ادھار لیتے، نہیں، نہیں تم اسے روپیہ قرض دے دیتے اور بھاری سود وصول کرتے — جہاں تک تمہارا تعلق ہے — ڈاکٹر...» وہ ذرا سا رکی «میں نہیں جانتی کہ تم کیا کرتے —»

«درباری ڈاکٹر ہونے کی حیثیت سے» لوشین نے جواب دیا «شاید میں ملکہ کو یہ مشورہ دیتا کہ اگر مہمانوں کی خاطر تواضع کو جی نہ چاہ رہا ہو تو پھر ناچ کی محفل نہ بلاؤ —»

«شاید تمہارا مشورہ ٹھیک ہوتا — ہاں کاؤنٹ تم کیا کرتے؟..»

«میں؟» کاؤنٹ نے اپنی کدورت بھری مسکراہٹ کے ساتھ کہا —

«تم اسے زہر بھرا چاکلیٹ پیش کرتے —»

مالیوسکی کو ایک جھرجھری آئی اور وہ بڑا ہی مکار نظر آیا لیکن دوسرے ہی لمحے وہ زور زور سے قہقہے لگانے لگا —

«جہاں تک تمہارا تعلق ہے وولدیمار...» زینائیدا نے اپنی بات جاری رکھی «لیکن میں سمجھتی ہوں کہ کافی ہو چکا — آؤ ہم کچھہ اور کھیلیں —»

«موسیو وولدیمار، نہایت فرماں بردار بانکے سردار کی طرح اس وقت ملکہ کا سایہ پکڑے ہوئے پیچھے بھاگتے جب وہ باغ کے اندر جاتی» مالیوسکی نے زہر بھرے لہجے میں کہا —

میں سرخ ہو گیا لیکن زینائیدا اپنا ہاتھہ میرے شانے پر رکھتے ہوئے کھڑی ہو گئی اور لرزتی ہوئی آواز میں بولی «کاؤنٹ میں نے تمہیں ہرگز ہرگز گستاخی کرنے کا حق نہیں دیا ہے اور اس لئے میں تم سے درخواست کرتی ہوں کہ میرے گھر سے چلے جاؤ —» اس نے دروازے کی طرف اشارہ کیا —

«معاف کیجئے، شہزادی —» مالیوسکی زرد پڑتے ہوئے بڑبڑایا —

«شہزادی حق بجانب ہے!» بیلوزوروف نے بھی اٹھتے ہوئے کہا —

«میں قسم کھاتا ہوں مجھے کبھی توقع نہیں تھی» مالیوسکی بولتا رہا «مجھے کبھی خیال نہیں آیا کہ میرے الفاظ میں کوئی ایسی چیز تھی... میں نے ایک لمحے کو بھی یہ نہیں سوچا کہ کوئی صدمہ پہنچاؤں... میں معافی چاہتا ہوں —»

زینائیدا نے اس کو برف جیسی ٹھنڈی اور تیکھی نظر سے دیکھا اور سرد مہری کے ساتھہ ہنسی — «جی چاہے تو ٹھہر سکتے ہو —» اس نے بے نیازی کا روپ دھارن کرتے ہوئے کہا — «موسیو وولدیمار کو اور مجھے بپھرنا نہیں چاہئے تھا — تم گانے کے شوقین ہو — تو پھر اپنا زہر نکالو!»

«میں معافی چاہتا ہوں» مالیوسکی نے دھرایا اور میں نے زینائیدا کے طرز عمل کا تصور کرتے ہوئے اپنے آپ سے کہا کہ ایک سچی ملکہ کسی مجرم کو اس سے زیادہ جاہ و جلال کے ساتھہ نہیں دھتکار سکتی تھی —

اس حادثے کے بعد، زیادہ دیر تک تاوان کا کھیل نہیں چل سکا — ہر شخص کو کچھہ عجیب سا محسوس ہو رہا تھا — اس کی وجہ اتنا زیادہ وہ چھوٹا سا واقعہ نہیں تھا جو ابھی ابھی رونما ہوا تھا — بلکہ ایسا لگتا تھا کہ یہ کیفیت کسی نا قابل بیان مگر کربناک جذبات سے پیدا ہو رہی ہے — کسی نے اس کا ذکر نہیں کیا لیکن ایسا لگتا تھا کہ ہر شخص کو ان جذبات کا احساس ہے اور اس کو معلوم ہے کہ اس کا ہم نشیں بھی ان جذبات میں اس کا شریک ہے — مئیدانوف نے اپنی نظم سنائی اور مالیوسکی نے مبالغہ کے ساتھہ واہ وا کی —

«وہ خود کو خوش طینت ظاہر کرنے کے لئے کتنا بے قرار ہے! » لوشین نے میرے کان میں کہا —

ہم سب جلد ہی گھر چلے گئے — زینائیدا یکایک سوچ میں ڈوب گئی اور اس کی ماں نے کہلوا بھیجا کہ اس کے سر میں درد ہے — نرماتسکی نے گٹھیا کے درد کی شکایت کی —

میں دیر تک سو نہ سکا، زینائیدا کی داستان نے مجھہ پر بڑا اثر کیا تھا — «کیا وہ اشارہ کرنا چاہتی تھی؟» میں نے اپنے آپ سے پوچھا — «اگر ایسا ہے تو وہ کس کی طرف اشارہ کر رہی تھی؟ اور اگر اس میں کوئی سچائی تھی تو یقینی اس نے اس کی جرأت نہ کی ہوتی... نہیں نہیں، ناممکن —» میں نے مستقل طور پر، اپنے جلتے

ہوئے گالوں کے ساتھہ تکیے پر مچلتے ہوئے، زیر لب کہا... لیکن مجھے زینائیدا کی وہ کیفیت یاد آئی جو اپنی کہانی سناتے ہوئے اس کے چہرے سے چھلکی پڑتی تھی... اور مجھے نسکوچنی باغ میں، ٹہلتے ہوئے لوشین کے منہ سے نکلی ہوئی بے اختیار باتیں یاد آیں — میرے ساتھہ اس کا دفعتاً بدلا ہوا برتاؤ یاد آیا —— اور میں اپنی قیاس آرائیوں کے چکر میں پھنس کر نڈھال ہو گیا — .

«وہ ہے کون؟» یہ الفاظ برابر میری آنکھوں میں ابھرے چلے آ رہے تھے جیسے اندھیرے کی پیشانی پر آگ کے حروف میں لکھہ دئے گئے ہوں — ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میرے اوپر بہت قریب منحوس اور ڈراؤنے بادل چھائے ہوئے ہیں —— میں ہر لمحہ ان کے پھٹ پڑنے کا انتظار کر رہا تھا — میں حال میں بہت سی ایسی باتوں کا عادی ہو چکا تھا، میں نے زاسیکین خاندان کی بہت سی حیران کن چیزیں دیکھی تھیں — افراتفری، موم بتیوں کے جلے اور پگھلے ہوئے آخری حصے، ٹوٹی ہوئی چھریاں اور کانٹے، بجھا بجھا سا ووڈکا، میلی کچیلی خادمائیں، بوڑھی شہزادی کی عجیب و غریب حرکتیں، اب اس ہیجان پرور گھرانے کی کوئی بات بھی مجھے اچنبھے میں نہیں ڈال سکتی تھی — لیکن میرا دل اس چیز کو قبول کرنے کو تیار نہ تھا جو میں مبہم مبہم سہی، مگر زینائیدا کے اندر محسوس کرنے لگا تھا ... «زمانہ ساز!» میری اماں نے اس کو ایک بار اس نام سے یاد کیا تھا — وہ، میری دیوی، میری رانی —— اور ایک زمانہ‌ساز! یہ لفظ میرے سینے میں چبھنے لگا اور میں نے اپنا منہ تکیئے میں چھپا کر اس سے بچنے کی کوشش کی، میں پیچ و تاب کھا رہا تھا... اور

پھر بھی، میں فوارے کے پاس والا خوش نصیب «وہ» بننے کے بدلے کیا کچھ قیمت ادا نہ کر سکتا تھا!

میرا خون پوری وحشت سے میری رگوں میں دوڑ رہا تھا — «باغ... فوارہ...» میں نے سوچا «مان لو کہ میں باغ میں چلا جاؤں؟» میں نے ایک لمحے میں کپڑے بدلے اور چپکے سے نکل گیا — رات اندھیری تھی — درخت اتنا آہستہ آہستہ سرگوشی کر رہے تھے کہ ان کی آواز سنی نہ جا سکتی تھی — ایک خاموش ٹھنڈک اوپر سے برس رہی تھی اور ترکاری کے باغ سے سویا کی خوشبو ہوا میں بسی چلی آ رہی تھی — میں نے سب راستے دیکھے — میرے ہلکے ہلکے قدموں کی آہٹ بیک وقت مجھے چونکا بھی رہی تھی اور خوش بھی کر رہی تھی — میں خود اپنے دل کی دھڑکن سننے کو رک گیا — بھرپور، تیز تیز دھڑکن — آخر میں احاطے کے گھیرے کے پاس پہنچا اور پتلے پتلے تاروں پر اڑ گیا — دفعتاً — یا یہ میرا وہم تھا؟ ایک عورت کا پیکر میرے پاس سے گزر گیا... میں نے اپنی سانس روک کر اندھیرے میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا... یہ کیا تھا؟ یہ قدموں کی چاپ تھی یا دوبارہ میرے دل کی دھڑکن؟ «کون ہے؟» میں نے آہستہ سے کہا — پھر! یہ گھٹا ہوا قہقہہ تھا... یا شاخوں کی سرسراہٹ ... یا کسی نے بالکل میرے کانوں کے پاس ٹھنڈی سانس لی تھی؟ میں بالکل گھبرا گیا — «کون ہے؟» میں نے اور بھی زیادہ دھیرے سے دھرایا —

ایک لمحے کو ہلکی سی ہوا کے جھونکے آئے — آکاش میں کوئی چیز کوند گئی — ایک ٹوٹا تارا — «کیا یہ زینائیدا ہے؟» میں پوچھنا چاہتا تھا لیکن الفاظ ہونٹوں پر ہی مر گئے — اور یکایک،

جیسا کہ آدھی رات کو اکثر ہوتا ہے، ایک اتھاہ خاموشی چھا گئی... ٹڈے بھی جھاڑیوں میں بولنا بھول گئے اور کہیں سے ایک کھڑکی کے بند ہونے کی آواز آئی — میں تھوڑی دیر تک وہاں کھڑا رہا — پھر اپنے کمرے میں، اپنے ٹھنڈے بستر پر واپس آ گیا — میں نے اپنے دل میں ایک عجیب ہیجان محسوس کیا جیسے کسی سے وصل کا وعدہ ہو لیکن وقت مقررہ پر میں اکیلا رہ گیا ہوں، اور کسی دوسرے کی مسرت کو چھوتا ہوا گزر رہا ہوں —

۱۷

دوسرے دن میں زینائیدا کی ایک ہلکی سی جھلک دیکھ سکا — وہ اور اس کی ماں میرے سامنے گاڑی میں گزر گئیں — میں نے لوشین کو دیکھا جس نے بہت سرسری طور پر علیک سلیک کی — میں مالیوسکی سے بھی ملا -- نوجوان کاؤنٹ مجھے دیکھ کر مسکرایا اور دوستانہ انداز سے بولا — شہزادی کے گھر آنے والوں میں وہ واحد شخص تھا جو میرے گھر میں رسائی اور میری اماں کی خوشنودی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا تھا — ابا کو اس سے کوئی سروکار نہ تھا اور اس کے ساتھ قریب قریب اہانت آمیز اخلاق سے پیش آتے تھے —

«Ah, monsieur le page»* مالیوسکی بولا «تم سے مل کر خوشی ہوئی! تمہاری حسین ملکہ کیا کر رہی ہے؟»

اس کا خوبصورت اور صحت مند چہرہ، اس وقت مجھے اتنا نفرت انگیز معلوم ہوا اور اس نے مجھ پر جو نگاہ ڈالی اس میں اتنی توہین آمیز ہنسی چھپی ہوئی تھی کہ میں جواب نہ دے سکا —

* اخاہ بانکے سردار صاحب ہیں!

«کیا تم اب تک مجھ سے روٹھے ہوئے ہو؟» اس نے کہا — «تمہیں مجھ سے ناراض نہیں ہونا چاہئے — میں نے تمہیں کبھی بانکا سردار نہیں کہا اور تم جانتے ہو عام طور پر بانکے سردار ملکہ کے پاس ہوتے ہیں — لیکن میں بتانا چاہتا ہوں کہ تم ذرا اپنے فرایض کی طرف سے غافل ہو —»

«میرے فرایض؟»

«ہاں — ایک بانکے سردار کو اپنی ملکہ کے پہلو سے کبھی الگ نہیں ہونا چاہئے — اس کو معلوم ہونا چاہئے کہ ملکہ سارے وقت کیا کرتی رہتی ہے — اس کی تمام حرکات وسکنات پر نظر رکھنی چاہئے —» اس نے اپنی آواز ہلکی کرتے ہوئے کہا — «رات دن، رات دن!»

«اس سے تمہارا کیا مطلب ہے؟»

«مطلب؟ میرا خیال تھا کہ میرا مطلب کافی صاف ہے — دن اور رات اور رات اور دن — دن کی کوئی ایسی اہمیت نہیں — دن کے وقت روشنی ہوتی ہے اور ہر وقت بہت سارے لوگ ہوتے ہیں — لیکن رات کے وقت —— ہاں رات کے وقت ہی تمہیں بہت چوکس رہنا چاہئے — میں تو تمہیں صلاح دونگا کہ رات کے وقت اپنی آنکھ نہ لگنے دو اور دیکھتے رہو، دیکھتے رہو، دیکھتے رہو، جی بھرکے نگرانی کرو — یاد رکھو، باغ، رات اور فوارہ —— تمہیں یہیں پر نگہبانی کرنی چاہئے — ایک دن اس کے لئے تم میرے شکر گزار ہوگے —»

مالیوسکی نے قہقہہ لگایا اور میری طرف اپنی پیٹھ کر لی — ہر طرح سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ خود اپنی باتوں کو کوئی

زیادہ اھمیت نہیں دیتا تھا — اس کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ نمبر ایک جھانسے باز ھے اور نقاب پوش ناچنے والوں کی محفل میں لوگوں کو چکمہ دینے میں اسے جو ملکہ حاصل تھا اس کا بڑا چرچا تھا اور اس میں جھوٹ اس کا ھاتھہ بٹاتا تھا — یہ تو اس کی فطرت ثانیہ بن چکا تھا... وہ مجھے محض حلا رہا تھا لیکن اس کا ایک ایک لفظ زھر کا ایک ایک قطرہ بن کر میری رگوں میں سرایت ھو رہا تھا — خون سر کی طرف دوڑنے لگا — «تو یہ بات ھے!» میں اپنے آپ سے بولا — «بہت اچھا! تو اس کا مطلب یہ ھے کہ میں بیکار ھی باغ کی طرف نہیں کھنچ رہا تھا! لیکن ایسا ھوگا نہیں!» میں نے اپنے سینے پر ھاتھہ مارتے ھوئے زور سے کہا گرچہ میں یہ ٹھیک ٹھیک نہیں بتا سکتا تھا کہ کیا نہیں ھوگا — «نہیں ایسا تو نہیں کہ خود مالیوسکی سے میری مڈبھیڑ ھو جائیگی؟» میں نے اپنے آپ سے کہا (شاید اس نے خود اپنا راز منہ سے اگل دیا تھا، وہ اتنا بے شرم تھا کہ وہ ایسا کر سکتا تھا) «یا کوئی اور (ھمارے باغ کے چاروں طرف چہار دیواری بہت نیچی تھی اور اس کو پار کرنے میں کوئی دقت نہیں ھو سکتی تھی) چاھے کوئی ھو، وہ اپنی جان کی خیر منائے، ایسے ویسے سے نہیں، مجھہ سے اس کا پالا پڑیگا!.. میں دنیا کو دکھا دونگا اور اس دغاباز کو بھی، (ھاں میں نے شہزادی کو اسی نام سے یاد کیا) ھاں میں اپنا انتقام لینا جانتا ھوں!»

میں واپس اپنے کمرے میں گیا — اپنی میز کی دراز سے ایک انگریزی چاقو نکالا جو میں نے چند ھی دن پہلے خریدا تھا، اپنی انگلی سے اس کی دھار دیکھی، اور جڑی ھوئی بھوؤں اور پراطمینان

اور اٹل قصد کے ساتھہ اسے اپنی جیب میں ڈال لیا جیسے میں اس دشت کا پرانا سیاح ہوں — میرا دل پوری برھمی سے دھڑکا اور پھر پتھر بن گیا — میں دن بھر اپنے چڑھے تیور اور بھنچے ہوئے ہونٹوں کے ساتھہ گھومتا رہا، اپنے کمرے کے فرش پر ٹہلتا رہا — میں باربار اپنے چاقو کو چھوچھو کر، جو میری جیب میں پڑا پڑا کافی گرم ہو گیا تھا، آنے والے زبردست واقعہ کے لئے خود کو تیار کر رہا تھا — یہ احساسات اتنے نئے تھے، اتنے اجنبی کہ کافی لطف آیا اور انہوں نے مجھے اتنا مگن کر دیا کہ میں نے مشکل ہی سے کچھہ زینائیدا کے بارے میں سوچا ہو — میں اپنے ذھن میں الیکو اور نوجوان خانہ بدوش کی تصویر ابھارتا رہا — «کہاں میرے نوجوان؟ وھاں لیٹ جاؤ!..» اور پھر «تم خون میں لت پت ہو! ارے تم نے کیا کیا؟..» «کچھہ نہیں!» میں نے کس بے رحم مسکراھٹ کے ساتھہ یہ الفاظ دھرائے: «کچھہ نہیں!» میرے ابا گھر پر نہیں تھے — لیکن اماں نے، جن پر اب ھمیشہ دبی دبی سی جھنجھلاھٹ سوار رھنے لگی تھی میری مرنے مارنے کی کیفیت کو بھانپ لیا اور کھانے کے وقت بولیں:

«تم تو ایک بلی کی طرح دکھائی پڑ رھے جو کسی چوھے کی تاک میں ہو — ماجرا کیا ھے؟»

اس کا جواب میں نے ایک عاجزانہ مسکراھٹ سے دیا اور اپنے آپ سوچا «اگر انہیں ذرا معلوم ہوتا!» گیارہ بجے — میں اپنے کمرے میں گیا لیکن میں نے اپنے کپڑے نہیں اتارے — میں بارہ بجنے کا انتظار کر رہا تھا — اور آخر بارہ بج ھی گئے — «اب!» میں نے بھنچے ہوئے دانتوں کے درمیان آھستہ سے کہا اور باغ کی طرف

گیا پہلے حفاظتی تدبیر کے طور پر اپنے جیکٹ کے بٹن لگا لئے اور کسی وجہ سے اپنی آستینیں چڑھا لیں —

میں نے پہلے ہی سے وہ جگہ تلاش کر لی تھی جہاں سے مجھے نگرانی کرنی تھی — باغ کے آخری کنارے پر، جہاں زاسیکین کے احاطے کو ہمارے احاطے سے الگ کرنے والی دیوار اس دیوار کے پاس ختم ہو جاتی تھی جو دونوں احاطوں کو اپنے گھیرے میں لئے ہوئے تھی —— فر کا اکیلا درخت تھا — اس کی گھنی گھنی اور نیچی نیچی شاخوں کے سائے میں کھڑے ہوکر میں اپنے چاروں طرف، اندھیرے میں جہاں تک ممکن تھا، دیکھ سکتا تھا — یہاں ایک چھوٹا سا راستہ تھا جو ہمیشہ مجھے پراسرار نظر آتا تھا — یہ احاطے کی دیوار کے نیچے سانپ کی طرح بل کھاتا چلا گیا تھا — اس خاص جگہ پر جہاں لوگ احاطے کی دیوار کو پھاندتے تھے، لوگوں کے قدموں نے اپنے نشان چھوڑ دئے تھے — اس سے آگے یہ راستہ اس طرف جاتا تھا جہاں کیکر کی شاخوں سے بنا ہوا ایک دائرہ نما کنج تھا — فر کے اس پیڑ کے پاس پہنچ کر میں اس کے تنے کے سہارے کھڑا ہو گیا اور نظریں دوڑانے لگا —

پچھلی رات کی طرح یہ رات بھی پرسکون اور خاموش تھی — لیکن آسمان میں بادل اتنے گہرے نہ تھے اور جھاڑیوں اور لمبے لمبے پھولوں والے پیڑوں کے خطوط اور زیادہ صاف نظر آ رہے تھے — انتظار کے شروع کے لمحے تو بہت تھکانے والے بلکہ اکتا دینے والے محسوس ہوئے — میں کچھ بھی کرنے کو تیار تھا! لیکن میں نے یہ کچھ طے نہیں کیا تھا کہ میرا پورا طرز عمل کیا ہوگا — کیا مجھے گرج کر پوچھنا چاہئے؟ «کہاں جا رہے ہو؟ رک جاؤ! بتاؤ یا

موت کے گھاٹ اتر جاؤ! » یا صرف اندھیرے میں چھرا گھونپ دوں؟ ہر آواز، ہر سرسراہٹ، ہر پھڑپھڑاہٹ مجھے انوکھی لگ رہی تھی، بڑی معنی خیز... میں آگے کو جھکتے ہوئے جست لگانے کی تیاری کرنے لگا... لیکن آدھا گھنٹہ بیتا، اس کے بعد ایک گھنٹہ گزر گیا — اب میرا ہیجان دور ہو گیا تھا اور میں پر سکون تھا — یہ احساس کہ میں جو کچھہ کر رہا ہوں بیکار ہے، میں صرف حماقت کر رہا ہوں، اور مالیوسکی محض مجھے الو بنا رہا تھا، آہستہ آہستہ مجھہ پر چھاتا چلا گیا — میں نے اپنی شب خون کی جگہ چھوڑ دی اور باغ کا ایک چکر لگایا — ایسا لگتا تھا کہ سناٹے کو بھی مجھے چڑانے کی سوجھی ہے — کہیں کوئی آواز سنائی نہ دے رہی تھی — ہر طرف سکوت تھا — ہمارا کتا بھی، ایک کٹھوت میں سمٹا سمٹایا پڑا سو رہا تھا — میں ٹوٹے پھوٹے پود گھر کی دیوار پر چڑھہ گیا اور نیچے دور دور تک پھیلے ہوئے کھیت کو گھورنے لگا — مجھے زینائیدا سے اپنی ملاقات یاد آئی اور میں تصورات میں کھوکر رہ گیا —

یکایک میں چونک گیا... مجھے ایسا لگا کہ دروازے کے کھلنے کی آواز کانوں میں آ رہی ہے — اس کے بعد شاخوں کے چٹخنے کی ہلکی ہلکی آواز آئی... میں دو ہی جست میں زمین پر تھا اور میں وہیں جم کر رہ گیا — باغ میں ہلکے ہلکے، تیز تیز اور دبے دبے قدموں کی آواز صاف سنائی دے رہی تھی... یہ قدم میری طرف آ رہے تھے — «یہ رہا وہ آخرکار! » میرے دماغ میں کوند گیا — میں نے پوری وحشت سے اپنی جیب سے چاقو نکالا اور کھولا — میری آنکھوں کے سامنے سرخ چنکاریاں ناچنے لگیں،

مارے ڈر اور غصے کے میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے... قدموں کی آہٹ ٹھیک اسی طرف آ رہی تھی جہاں میں کھڑا تھا — میں اپنے کان اس طرف لگائے ہوئے جھک گیا...ایک مرد کا ہیولا نظر آیا... خدا پناہ! یہ تو ابا تھے!

میں نے فوراً انہیں پہچان لیا حالانکہ وہ ایک کالا لبادہ اوڑھے ہوئے تھے اور ان کی ہیٹ پیشانی پر بالکل نیچے جھکی ہوئی تھی — وہ پنجوں پر چلتے ہوئے میرے پاس سے گزرے — وہاں پر میرے چھپنے کو کچھ بھی نہ تھا — لیکن انہوں نے مجھے نہیں دیکھا، کیونکہ میں زمین سے ایسا چمٹ گیا تھا اور خود کو ایسا سمیٹ رکھا تھا کہ بالکل زمین کا حصہ بن گیا تھا — ایک ہی آن میں رشک و حسد میں جلتا ہوا خون کا پیاسا اوتھیلو اسکول کا لڑکا بن گیا... غیر متوقع طور پر ابا کے ہیولے کو دیکھ کر کچھ ایسی سٹی گم ہوئی کہ شروع میں مجھے یہ دیکھنے کا ہوش بھی نہیں رہا کہ وہ آ کہاں سے رہے تھے اور کس سمت میں غائب ہو گئے — پھر دوبارہ اس وقت، جب ہر طرف خاموشی چھا گئی، میں نے اپنے پٹھوں کو ڈھیلا چھوڑا اور خود سے پوچھا کہ آخر اس وقت رات گئے ابا باغ میں کیا کر رہے تھے — وحشت کے مارے میں نے اپنا چاقو گھاس میں گرا دیا تھا لیکن اب اتنا شرمندہ تھا کہ اسے تلاش کرنے کی ہمت نہ تھی — فوراً ہی میرا جنون رفو چکر ہو گیا — بہر حال، گھر کی طرف واپس جاتے ہوئے میں، سفید پھولوں والی جھاڑی کے نیچے اپنی بنچ تک گیا اور زینائیدا کی کھڑکی کی طرف دیکھا — رات کے اندھیرے میں بھیگے ہوئے آکاش کے ہلکے ہلکے سائے میں کھڑکی کے نیم محدب

شیشے ہلکے نیلے رنگ کے نظر آ رہے تھے — دفعتاً ان کا رنگ بدلنے لگا... اور ان کے پیچھے — میں نے صاف صاف دیکھا — ہلکے رنگ کا پردہ بڑی احتیاط اور نرمی سے نیچے گر گیا یہاں تک کہ یہ کھڑکی کے نچلے سرے تک برابر ہو گیا اور وہاں اسی طرح بے حس و حرکت لٹکا رہا —

«آخر ان سب باتوں کا مطلب کیا ہے؟» جب میں اپنے کمرے میں پہنچا تو میں نے بے اختیار زور سے کہا — «ایک خواب، ایک حادثہ یا؟..» اب میرے دماغ میں جو شبہے ابھرنا شروع ہوئے وہ اتنے نئے اور عجیب تھے کہ ان کو ماننے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی —

۱۸

اگلی صبح میں اٹھا تو سر دکھہ رہا تھا — پچھلے دن کا ہیجان غائب ہو چکا تھا — اس کی جگہ ایک درد انگیز گم کردگی اور اداسی کے احساس کے سوا اور کچھہ نہ تھا جیسے اندر کوئی چیز دم توڑ رہی ہو —

«تم تو ایک ایسے خرگوش کی طرح نظر آ رہے ہو جس کا آدھا بھیجا غائب ہو گیا ہو —» دوسرے دن اتفاق سے جب لوشین سے مڈبھیڑ ہوئی تو وہ بولا —

میں نے ناشتے کی میز پر، چوری چوری سے، اماں اور ابا کو دیکھا — ابا ہمیشہ کی طرح پرسکون تھے — اور اماں، ہمیشہ کی طرح دبی دبی جھنجھلاہٹ سے بھری ہوئی تھیں — مجھے کچھہ امید تھی کہ ابا مجھہ سے کوئی شفقت کا لفظ کہینگے جیسا کہ

وہ کبھی کبھی کرتے تھے... لیکن ابکے انہوں نے مجھے اپنی روزانہ کی طرح ٹھنڈی مگر شفیق نظر سے بھی نہیں دیکھا — «کیا میں زینائیدا کو سب کچھ بتا دوں؟» میں نے سوچا... «اس لئے کہ اب کسی چیز کی پروا نہیں — ہمارے درمیان اب کچھ بھی باقی نہیں رہا —» میں اس کے پاس گیا لیکن نہ صرف یہ کہ میں اسے کچھ نہ بتا سکا، مجھے تو اس سے اچھی طرح بات چیت کا موقع بھی نہیں ملا — بوڑھی عورت کا لڑکا، جو بارہ برس کا فوجی طالبعلم تھا، چھٹیوں میں پیٹرس برگ سے آیا ہوا تھا — زینائیدا نے فوراً اپنے بھائی کو میرے سپرد کر دیا — «پیارے ولودیا، یہ رہا تمہارا ایک ساتھی — (اس نے پہلے کبھی مجھے ولودیا کہہ کر نہیں پکارا تھا) اس کا نام بھی ولودیا ہے — امید ہے کہ تم اسے پسند کروگے — یہ کچھ شرمیلا لڑکا ہے لیکن اس کا دل بہت اچھا ہے — اس کو ذرا نسکوچنی باغ دکھا دو، اس کے ساتھ سیر کو جایا کرو، مختصر یہ کہ تم اسے اپنے سائے میں لے لو — تم ایسا کروگے، ہے نا؟ تم خود ایک نیک دل اور بھلے لڑکے ہو!» اس نے بڑے پیار سے اپنے ہاتھ میرے کندھوں پر رکھ دئے اور ایک بار پھر میرا دل اس کا ہو گیا — اس لڑکے کی آمد نے مجھے ایک بار پھر لڑکا بنا دیا — میں نے اس فوجی طالبعلم کو خاموشی سے دیکھا — اس نے بھی جواب میں خاموشی سے مجھے دیکھا — زینائیدا نے قہقہہ مارا اور ہم دونوں کو ایک دوسرے کی طرف دھکیل دیا — «آؤ، بچو، گلے ملو!» ہم نے تعمیل کی —

«کیا تم پارک دیکھنا چاہتے ہو؟» میں نے اس فوجی طالبعلم سے پوچھا —

«ہاں، جناب، مہربانی» اس نے ایک سچے فوجی طالبعلم کی طرح کھسکھساتی ہوئی آواز میں کہا — زینائیدا پھر ہنسی... میں نے محسوس کیا کہ اس کا رنگ اتنا پیارا کبھی نظر نہ آیا تھا جتنا کہ اس دن نظر آ رہا تھا — میں اور وہ فوجی طالبعلم ساتھ باہر چل دئے — ہمارے باغ میں ایک پرانا جھولا تھا — میں نے اس کو چھوٹے سے تختے پر بیٹھایا اور پینگ دینے لگا — وہ موٹے کپڑے کی اپنی نئی وردی میں، جس پر سونے کے چوڑ چوڑے پٹے لگے ہوئے تھے، اپنی پوری طاقت سے رسیوں کو پکڑے ہوئے بے حس و حرکت بیٹھا تھا —

«تم اپنا گلا کیوں نہیں کھول لیتے؟» میں نے پوچھا —

«اوہ، ہم اس کے عادی ہیں —» اس نے اپنا گلا صاف کرتے ہوئے کہا — وہ اپنی بہن سے بہت زیادہ ملتا جلتا تھا — خاص طور پر اس کی آنکھیں ان آنکھوں کی یاد دلا رہی تھیں — مجھے اس کی خبرگیری میں لطف آیا مگر پرانا غم اب تک دل کو کرید رہا تھا — «آج میں صرف ایک بچہ ہوں —» میں نے اپنے آپ سے کہا «اور کل ہی...» مجھے وہ جگہ یاد آ گئی جہاں میں نے چاقو گرایا تھا اور اس کی تلاش میں گیا — مجھے چاقو مل گیا — اس فوجی طالبعلم نے چاقو مجھ سے مانگا، شیکران کی ایک چھوٹی سی ڈالی کاٹی، اپنے لئے ایک باجا بنایا اور پھونک پھونک بجانے لگا — خود اوتھیلو نے بھی باجا بجایا —

لیکن شام کے وقت بیچارا اوتھیلو زینائیدا کی بانہوں میں اس وقت پھوٹ پھوٹ کر رویا جب اس کو باغ کے ایک تنہا گوشے میں دیکھ کر زینائیدا نے اس سے پوچھا کہ آخر تم اتنے

غم گین کیوں ہو — میری آنکھوں سے آنسوؤں کا دریا کچھہ اتنے زوروں پر امڈ آیا کہ وہ ڈر گئی — «کیا بات ہے ولودیا؟ کیا بات ہے؟» وہ پوچھتی رہی — اور جب مجھہ سے اسے کوئی جواب نہیں ملا اور جب اس نے دیکھا کہ میں رونا بند نہیں کر رہا ہوں تو اس نے میرے بھیگے ہوئے گال کو چومنے کی کوشش کی — لیکن میں نے سسکیوں کے درمیان بڑبڑاتے ہوئے اپنا منہ دوسری طرف پھیر لیا «میں سب جانتا ہوں — تم کیوں کھیلتی رہیں مجھہ سے؟ تمہیں میری محبت کی کیا ضرورت تھی؟»

«ہاں، ولودیا اس کا بہت کچھہ الزام میرے سر آتا ہے...» زینائیدا بولی — «ہاں، میں جانتی ہوں میں مجرم ہوں —» اور اس نے اپنے ہاتھہ باندھہ لئے — «مجھہ میں بہت سی برائیاں، سیاہیاں ہیں، میں گناہ گار ہوں... لیکن میں اس وقت تمہاری محبت سے نہیں کھیل رہی ہوں — میں سچ مچ تمہیں بہت چاہتی ہوں — تمہیں کوئی اندازہ نہیں ہو سکتا کہ میں کیوں... لیکن... تمہیں کیا معلوم؟»

میرے کہنے کو کیا رہ گیا تھا؟ وہ میرے سامنے کھڑی مجھے دیکھہ رہی تھی اور جب کبھی وہ مجھے دیکھتی تھی، میں اس کا بن جاتا تھا، سر تا پا اس کا... کوئی پندرہ منٹ بعد، میں فوجی طالبعلم اور زینائیدا کے ساتھہ دوڑنے کا مقابلہ کر رہا تھا — میں ہنس رہا تھا، میں رو نہیں رہا تھا — لیکن قہقہے سوجے سوجے پپوٹوں سے آنسو ٹپکانے لگتے — میرے گلے میں ٹائی کے بجائے زینائیدا کا ایک فیتہ تھا اور جب کبھی میں زینائیدا کو کمر سے پکڑ لینے میں کامیاب ہو جاتا تو مارے خوشی کے چیخ پڑتا — وہ جو چاہتی میرے ساتھہ کرتی —

اگر کوئی مجھ سے، اپنی رات والی ناکام مہم کے بعد کے ہفتے کی مفصل روداد سنانے کو کہتا تو میری سمجھ میں نہ آتا کس طرح شروع کروں — یہ ایک عجیب ہیجانی زمانہ تھا، ایک قسم کا ہنگامی زمانہ، جس میں انتہائی متضاد قسم کے جذبات، خیالات، شبہات، امیدیں، سکھ اور دکھ ایک جنوں انگیز بھنور میں پھنسے ہوئے تھے — اگر سولہ برس کے لڑکے سے خود اپنے دل میں اتر کر جھانکنے کی توقع کی جا سکتی ہے تو میں کہونگا کہ میں اپنے دل میں جھانکتے ہوئے ڈرتا تھا، کسی چیز کے بارے میں بھی سنجیدگی سے سوچنے سے ڈرتا تھا — میں کس طرح تڑپتا کلپتا دن کاٹ دیتا — لیکن مجھے نیند اچھی طرح آتی... یہاں میرا بچپن آڑے وقتوں کام آیا — میں یہ جاننا نہیں چاہتا تھا کہ آیا مجھ سے محبت کی جا رہی ہے یا نہیں — میں یہ اعتراف کرنا نہیں چاہتا تھا کہ مجھ سے محبت نہیں کی جا رہی ہے — میں اپنے ابا سے کتراتا رہتا لیکن زینائیدا سے میں کترا نہ سکتا تھا... اس کی موجودگی شعلے کی طرح مجھے جھلسے ڈالتی تھی — اور مجھے کیا پروا تھی کہ کون سی آگ مجھے جلا اور پگھلا رہی ہے جب تک کہ جلتے اور پگھلتے رہنے میں ایک شیریں لطف کا احساس ہو رہا ہو؟ ہر تاثر کے سامنے ہتیار ڈالتے ہوئے، میں خود اپنی ذات سے آنکھ مچولی کھیل رہا تھا، یادوں کو بھلا رہا تھا اور مستقبل میں میرا جو انجام ہونے والا تھا اس کی طرف سے آنکھیں بالکل بند کر لی تھیں... یہ ہیجانی کیفیت زیادہ دنوں تک جاری نہیں رہ سکتی تھی — ایک ناگہانی

واقعہ نے یکایک اس کا خاتمہ کر دیا؛ اور میری زندگی کے دھارے کا رخ بالکل بدل دیا —

ایک دن دیر تک صحرانوردی کے بعد جب میں ذرا دیر سے کھانے کے لئے گھر پہنچا تو مجھے یہ جان کر تعجب ہوا کہ مجھے اکیلے ہی کھانا کھانا ہے — ابا باہر چلے گئے تھے اور اماں کی طبیعت ناساز تھی، وہ کھانا نہیں چاہتی تھیں اور انہوں نے خود کو سونے کے کمرے میں اندر سے بند کر لیا تھا — میں نے ملازموں کے چہروں سے بھانپ لیا کہ کوئی غیر معمولی بات ہوئی ہے... مجھے ان سے پوچھنے کی ہمت نہ ہوئی — ان میں سے ایک سے، جس کا نام فلپ تھا، میرا دوستانہ تھا — وہ نوجوان بیرا تھا، شاعری کا شیدائی — وہ بڑی استادی سے بربط بجاتا تھا — میں نے اس سے پوچھا — معلوم ہوا کہ ابا اور اماں کے درمیان بڑا زبردست جھگڑا ہوا تھا (اس جھگڑے کا ایک ایک لفظ خادموں کے کمرے میں سنائی دیا — زیادہ تر بات چیت فرانسیسی زبان میں ہو رہی تھی لیکن ماشا نے، جس نے پیرس کی ایک درزن کے گھر کام کیا تھا، سب کچھ سمجھ لیا) — اماں نے ابا پر یہ الزام دھرا تھا کہ انہوں نے بے وفائی کی ہے اور پڑوس والی جوان لڑکی سے عشق لڑا رہے ہیں — پہلے تو ابا نے الزام سے بچنے کی کوشش کی لیکن بعد میں بھڑک اٹھے اور کوئی ایسی بات کہی جو اماں «کی عمر کی خاتون کے لئے» بہت بری تھی — اس پر اماں رونے لگیں — میری اماں نے ایک قبالے کا بھی ذکر کیا جو ابا نے بوڑھی شہزادی کو دیا تھا اور اس بڑھیا کے بارے میں اور ساتھ ہی جوان لڑکی کے بارے میں کچھ سخت کلمے منہ سے نکالے — اسی پر ابا نے وہ بے رحمی کی سخت باتیں کہی تھیں —

«اور یہ سب» فلپ نے اپنی بات ختم کی «ایک گمنام خط سے شروع ہوا — کوئی نہیں جانتا کہ یہ خط لکھا کس نے — اس طرح یہ سارا بھانڈا پھوٹا — اگر یہ خط نہ آتا تو یہ کبھی طشت از بام نہ ہوتا —»

«کیوں تمہارا مطلب یہ ہے کہ —— دال میں کچھہ کالا تھا؟» میں نے خود پر جبر کرکے پوچھا — میرے ہاتھہ اور پاؤں ٹھنڈے پڑ گئے اور میرے اندر ایک کپکپی سی دوڑ گئی — فلپ نے معنی خیز انداز میں آنکھہ ماری —

«ہاں تھا تو سہی — اس قسم کی بات چھپائی نہیں جا سکتی — آپ کے ابا جان ابکے بڑی احتیاط برت رہے تھے — لیکن ہمیشہ گاڑی کرائے پر لانی پڑتی ہے یا اور کچھہ... نوکروں بنا کام کب چلتا ہے —»

میں نے فلپ کو چلتا کیا اور بستر پر گر پڑا — میری آنکھوں سے آنسو نہیں چھلکے اور نہ میں نے خود کو غم کی آگ میں جھونک دیا — میں نے اپنے آپ سے یہ سب کچھہ نہ پوچھا کہ یہ سب کیسے اور کب ہوا — میں نے خود سے یہ بھی نہیں پوچھا کہ یہ کیوں کر ممکن تھا کہ میں نے آخر خود ہی یہ سب کچھہ بہت پہلے کیوں نہ تاڑ لیا —— میں اپنے ابا کے خلاف بڑبڑایا بھی نہیں... جو کچھہ ابھی ابھی مجھے معلوم ہوا تھا میرے لئے بہت زیادہ تھا — اس اچانک افشائے راز نے مجھے کچل کر رکھہ دیا... سب کچھہ ختم ہو کر رہ گیا — میرے سارے پھول نوچ لئے گئے تھے اور ساری پنکھڑیاں میرے چاروں طرف بکھری اور روندی پڑی تھیں —

دوسرے دن میری اماں نے اعلان کیا کہ وہ واپس شہر جانے کا ارادہ رکھتی ھیں — میرے ابا صبح کو ان کے سونے کے کمرے میں گئے اور دیر تک ان سے باتیں کرتے رھے — کسی نے یہ نہ سنا کہ ان سے انہوں نے کیا کہا لیکن اماں نے اس کے بعد آنسو بہانا بند کر دیا — وہ کچھہ ٹھنڈی پڑیں اور اپنا ناشتہ لانے کو کہا — لیکن اپنے کمرے سے نکلیں نہیں اور نہ اپنا فیصلہ بدلا — مجھے یاد ھے کہ میں دن بھر ٹہلتا رھا — لیکن باغ میں نہ گیا — اور شہزادی کے گھر کی طرف ایک نظر اٹھاکر بھی نہ دیکھا — اور اس شام کو میں نے ایک عجیب و غریب تماشا دیکھا: کاؤنٹ مالیوسکی کو بازو سے پکڑکر میرے ابا ڈرائنگ روم سے ھال میں لے گئے اور ایک بیرے کی موجودگی میں بڑی سرد مہری سے بولے «چند ھی دن قبل حضور عالی کے لئے ایک گھر کا دروازہ وا ھوا اور مجھے اس وقت یہ حق حاصل ھے کہ میں کوئی وجہ بتائے بغیر آپ کی خدمت میں عرض کر دوں کہ اگر آئندہ کبھی آپ نے یہاں قدم رکھنے کی کوشش کی تو میں آپ کو اٹھا کر کھڑکی سے باھر پھینک دونگا — مجھے آپ کی لکھائی بالکل نہیں بھاتی —» کاؤنٹ بے غیرتی سے جھکا، اپنے دانت بھینچے اور کندھے ھلاتے ھوئے چلتا بنا —

شہر میں، اربات اسٹریٹ میں اپنے گھر واپس جانے کی تیاریاں شروع ھوئیں — شاید ابا کو بھی اب گاؤں میں رھنے کی کوئی خواھش نہیں تھی — لیکن جیسا کہ ظاھر تھا کہ وہ اماں کو اس پر راضی کرنے میں کامیاب ھو گئے تھے کہ وہ معاملے کو

دبا دیں اور بدنامی نہ ہونے دیں — ہر کام خاموشی سے ہوا، بغیر کسی جلد بازی کے — یہاں تک کہ اماں نے شہزادی کو سلام بھجوایا اور یہ پیغام کہ انہیں افسوس ہے کہ کچھہ طبیعت نا ساز ہونے کی وجہ سے اس سے رخصت بھی نہ ہو سکینگی — میں مارا پھرتا جیسے مجھہ پر بھوت سوار ہو — میرے دل میں صرف ایک خواہش تھی —— یہ سب کچھہ جلد از جلد ختم ہو جائے — ایک خیال مجھے نہ چھوڑتا تھا —— کہ وہ، ایک جوان لڑکی اور بہر حال ایک شہزادی، یہ سب کچھہ کرنے پر آمادہ ہوئی، اور جب اس کو معلوم تھا کہ میرے ابا آزاد آدمی نہیں تھے —— اور جبکہ اس کو اچھی طرح معلوم تھا کہ وہ بہ‌آسانی مثال کے طور پر، بیلوزوروف سے شادی کر سکتی تھی! آخر اس نے سوچا کیا تھا کہ اس کا انجام کیا ہوگا؟ کیا اسے اپنا پورا مستقبل تباہ و برباد کر دینے کا ڈر بھی نہ ہوا؟ «یہی تو» میں نے سوچا «یہی تو محبت ہے، یہی جذبہ ہے، یہی سپردگی ہے!» اور لوشین کی باتیں میرے دماغ میں گونج گئیں: «معلوم ہوتا ہے کہ ابھی ایسے لوگ ہیں جنہیں اپنی قربانی دینے میں لطف آتا ہے —» اس زمانے میں مجھے ایک دن، اس گھر کی ایک کھڑکی میں کچھہ پیلا پیلا سا دھبہ نظر آیا... «کیا یہ زینائیدا کا چہرہ ہو سکتا ہے؟» میں نے حیرانی سے سوچا... اور واقعی یہ زینائیدا کا چہرہ ہی تھا — میں خود کو قابو میں نہ رکھہ سکا — میں اسے برداشت نہ کر سکا کہ خدا حافظ کہے بغیر اس سے جدا ہو جاؤں — میں موقع کی تاک میں رہا اور اس کے گھر چل دیا —

بوڑھی شہزادی نے ڈرائنگ روم میں اپنی حسب معمول بے نیازی اور بیہودہ انداز سے میرا استقبال کیا —

«جناب آخر کیا ہوا کہ تمہارے گھر والے اتنی جلدی پر تولنے لگے؟» اپنے دونوں نتھنوں میں نسوار جھونکتے ہوئے اس نے پوچھا — میں نے اسے دیکھا اور میرے سینے سے ایک بوجھ ٹل گیا — فلپ نے جس قبالے کا ذکر کیا تھا وہ مجھے برابر ستا رہا تھا — اسے کچھ شبہہ نہ تھا، یا کم از کم اس وقت مجھے ایسا ہی لگا — زینائیدا دوسرے کمرے سے نمودار ہوئی — وہ سیاہ لباس میں تھی — اس کا چہرہ زرد تھا اور اس کے بال بغیر گھونگھر کے لٹک رہے تھے — اس نے خاموشی سے اپنا ہاتھہ میرے ہاتھہ میں لیا اور مجھے الگ لے گئی —

«میں نے تمہاری آواز سنی» اس نے کہا «اور فوراً باہر آ گئی — میرے سنگدل لڑکے، کیا ہمیں اس طرح چھوڑ جانا تمہارے لئے اتنا آسان ہے؟»

«شہزادی، میں تمہیں خدا حافظ کہنے آیا ہوں —» میں نے جواب میں کہا «اور شاید ہمیشہ کے لئے—تم نے سنا ہوگا کہ ہم واپس شہر جا رہے ہیں؟»

زینائیدا نے مجھے استفسار بھری نظر سے دیکھا —

«ہاں میں نے سنا ہے — تم آئے، اس کا شکریہ — میں تو یہ سوچنے لگی تھی کہ اب میں تمہیں کبھی نہیں دیکھہ پاؤنگی — اگر ہو سکے تو میرے بارے میں نرم دلی سے سوچنا — میں نے کبھی کبھی تمہیں ستایا اور کڑھایا بھی ہے — میں جانتی ہوں — لیکن میں وہ نہیں ہوں جو تم سمجھتے ہو —»

اس نے منہ پھیر لیا اور کھڑکی کے پٹ کے سہارے کھڑی ہو گئی—

«نہیں سچ میں وہ نہیں ہوں— میں جانتی ہوں تم میرے بارے میں بری رائے رکھتے ہو—»

«میں؟»

«ہاں، تم... تم—»

«میں؟» میں نے غمزدہ آواز میں دھرایا اور میرا دل اسی طرح لرز اٹھا جیسے پہلے اس کی ناقابل تسخیر اور ناقابل بیان دلربائی کے جادو سے لرز اٹھا تھا — «میں؟ زینائیدا الیکساندروونا، مجھ پر یقین کرو، تم نے جو کچھ بھی کیا ہو، تم نے جتنا کچھ بھی مجھے ستایا ہو، میں اپنی زندگی کے آخری دنوں تک تم سے محبت اور تمہاری پوجا کرتا رہونگا—»

وہ تیزی سے مڑی— اس نے اپنی بانہیں پھیلا دیں اور پھر ان کو میری گردن میں حمایل کرتے ہوئے اس نے پوری گرمی اور شدت سے پیار کیا— خدا جانے، وہ لمبا الوداعی بوسہ کس کے لئے تھا لیکن میں اس کی شربتی شیرینی کو ایک ہی سانس میں بڑے شوق سے پی گیا— میں جانتا تھا یہ دھرایا نہ جائیگا — «خدا حافظ، خدا حافظ» میں باربار کہہ رہا تھا—

اس نے خود کو مجھ سے الگ کیا اور کمرے سے باہر چلی گئی— میں بھی چلا گیا— میں ان احساسات کو نہیں بیان کر سکتا جن کے ساتھ میں نے اس گھر کو چھوڑا— میں دوبارہ ان احساسات سے نہیں گزرنا چاہتا اور ساتھ ہی یہ بھی ہے کہ

ان احساسات سے گزرے بغیر میں خود کو ایک بدنصیب آدمی تصور کرتا —

ہم شہر واپس چلے گئے — ماضی سے دامن چھڑاتے چھڑاتے دوبارہ اپنا کام شروع کرتے کرتے ایک عرصہ بیت گیا — میرا گھاؤ آہستہ آہستہ بھر رہا تھا — لیکن مجھے اپنے ابا سے کوئی گلہ یا شکوہ نہ تھا — اس کے برعکس میری نظر میں ان کی قدر بڑھ گئی تھی — اب ماہرین نفسیات جیسے چاہیں اس گتھی کو سلجھائیں — ایک دن میں شاہراہ پر جا رہا تھا کہ لوشین سے مڈبھیڑ ہو گئی — میں مارے خوشی کے پھولا نہ سمایا — میں اس کی صافگوئی اور مخلصانہ برتاؤ کی وجہ سے اسے پسند کرتا تھا اور اس کو دیکھ کر جو یادیں تازہ ہوئیں ان کی وجہ سے بھی وہ مجھے عزیز تھا — میں لپک کر اس کے پاس پہنچا —

«اخاہ!» اس نے اپنی بھویں جوڑتے ہوئے کہا — «اچھا تم ہو، نوجوان تم؟ ذرا دیکھوں تو تمہیں نظر بھر کے! اب تک ذرا زرد زرد سے دکھائی پڑتے ہو مگر تمہاری آنکھوں میں وہ اداسی نہیں رہی — اب تم انسان نظر آتے ہو — پالتو کتا نہیں — یہ اچھا ہے — اچھا کیسے ہو تم؟ کام کر رہے ہو؟»

میں نے ایک ٹھنڈی سانس لی — میں جھوٹ نہیں کہنا چاہتا تھا اور سچ کا اعتراف کرتے ہوئے ندامت ہو رہی تھی —

«پروا نہ کرو» لوشین نے کہا «جی نہ ہارو! بس گر کی بات یہ ہے کہ آدمی نارمل زندگی گزارے اور جذبات میں خود کو بہنے نہ دے — اس لئے کہ اس کا فایدہ ہی کیا ہے؟ موجیں جہاں چاہیں لئے پھریں — یہ بری بات ہے — لیکن جب تک کہ

انسان کے پاؤں تلے پتھر کا ایک ٹکڑا بھی ہو — تو وہ کم از کم اپنے پاؤں پر کھڑا تو ہو سکتا ہے — میں کچھہ نہیں کرتا بس کھانستا رہتا ہوں... اور بیلوزوروف — تم نے کچھہ اس کے بارے میں نہیں سنا؟»

«کیوں، کیا ہوا اس کو؟»

«بالکل غائب ہو گیا— لوگ کہتے ہیں کہ وہ قفقاز چلا گیا— میرے نوجوان، اس سے عبرت پکڑو! اور یہ سب صرف اس لئے کہ لوگوں کو یہ نہیں معلوم کہ کب بچ نکلنا چاہئے، کب جال کو چیرکر نکل جانا چاہئے — ایسا لگتا ہے کہ تم اس جال سے بغیر کسی خراش کے نکل آئے — یاد رہے دوبارہ نہ پھنسنا! خدا حافظ!»

«میں پھر کبھی نہیں پھنسونگا» میں نے سوچا «میں اسے پھر کبھی نہیں دیکھونگا —» لیکن میری قسمت میں ایک بار اور زینائیدا کو دیکھنا لکھا تھا —

۲۱

میرے ابا کو روزانہ شہسواری کی عادت تھی — ان کے پاس بھورا انگریزی نسل کا گھوڑا تھا جس کی گردن اور ٹانگیں لمبی تھیں — یہ ایک بڑا وحشی اور قابو میں نہ آنے والا جانور تھا — اس کا نام تھا «بجلی» — وہ سوائے ابا کے کسی کے قابو میں نہ آتا تھا — ایک دن ابا ہشاش‌بشاش میرے کمرے میں آئے — اب وہ کبھی کبھار ہی اتنے ہشاش بشاش نظر آتے تھے — وہ شہسواری کے لئے باہر جا رہے تھے اور مہمیز چڑھائے ہوئے تھے — میں نے التجا کی کہ مجھے بھی ساتھہ لے چلئے —

«بہتر یہ ہو کہ ہم مینڈک والا کھیل کھیلیں» ابا نے جواب دیا «اپنے چھوٹے سے جرمن ٹٹو پر میرا ساتھہ نہیں دے سکوگے—»

«اوہ میں ضرور ساتھہ دونگا — میں مہمیز چڑھاتا ہوں — »

«آؤ تو پھر آؤ چلو!»

ہم چل دئے — میرے پاس جھبرے ایال والا کالا ٹٹو تھا — چال اس کی زوردار اور ہموار تھی — یہ ٹھیک ہے کہ «بجلی» کی دلکی چال کا ساتھہ دینے کے لئے اسے بگ ٹٹ بھاگنا پڑ رہا تھا — لیکن میں پیچھے نہیں رہا — میں نے کبھی اپنے ابا جیسا شہسوار نہیں دیکھا — وہ اتنی بےنیازی بھرے اطمینان اور چستی اور شان سے بیٹھتے تھے — اور ایسا لگتا تھا کہ گھوڑے کو اس کا احساس ہے اور وہ اپنے سوار پر نازاں ہے — ہم سایہ‌دار کشادہ سڑک پر سے گزرے، کچھہ دیر دیوی‌چئے پولے میں رکے، کئی ٹیٹوں کو پھاند گئے (شروع میں تو مجھے چھلانگ لگانے میں ڈر لگا، لیکن میرے ابا ڈرنے والے لوگوں سے نفرت کرتے تھے — اس لئے میں نے اپنے ڈر کو دور کر دیا)، دوبار دریائے ماسکو کو پار کیا اور میں نے یہ سوچنا ہی شروع کیا تھا کہ ہم واپس جا رہے ہیں، (خاص طور پر اس وقت جبکہ ابا کو میرا گھوڑا کچھہ تھکا تھکا نظر آیا) کہ یکایک انہوں نے اپنے گھوڑے کو موڑا ، تیزی سے مجھہ سے ٹوٹے اور اپنے گھوڑے کو دریا کے کنارے کنارے سرپٹ دوڑاتے ہوئے، کریمسکی گھاٹ کی طرف تیر کی طرح بھاگنے لگے — میں نے بھی اپنے گھوڑے کو بھگایا — جب ہم لکڑی کے کندوں کے ایک اونچے ڈھیر کے پاس پہنچے تو وہ بڑے سبک انداز سے «بجلی» کی پیٹھہ سے اترے، مجھے اترنے کو کہا، اپنے گھوڑے کی لگام میرے ہاتھہ میں تھمائی، اور

مجھ سے لکڑی کے کندوں کے پاس انتظار کرنے کے لئے کہا — پھر وہ ایک پتلی گلی میں مڑے اور اوجھل ہو گئے — میں دونوں گھوڑوں کی لگام تھامے، دریا کے کنارے ٹہلتا رہا اور «بجلی» کو کوستا رہا جو برابر اپنا سر جھٹکتے ہوئے، پورے بدن سے تھرتھرا رہا تھا، نتھنے پھڑکا رہا تھا اور ہنہنا رہا تھا — جب کبھی میں خاموش کھڑا ہوتا، وہ زمین پر ٹاپ مارنے لگتا، ہنہناتا اور میرے ٹٹو کی گردن پر منہ مارنے لگتا — غرض وہ pur sang* کے بگڑے ہوئے گھوڑے کی تمام شرارتیں، تمام ادائیں دکھا رہا تھا — اب تک ابا لوٹ کر نہ آئے تھے — دریا سے ایک ناخوشگوار نمی ابھر رہی تھی — بےآواز پھواریں پڑ رہی تھیں اور ان بھوری لکڑیوں کے ڈھیر پر کالے کالے اور چھوٹے چھوٹے دھبے ابھار رہی تھیں جن کے ارد گرد چکر لگاتے لگاتے میں ان کی صورت سے جی بھر کے اکتا چکا تھا — مجھے بڑی بوریت ہو رہی تھی اور جی اداس ہو رہا تھا لیکن پھر بھی ابا کو نہ آنا تھا نہ آئے — پولیس کا ایک سپاہی، جو دیکھنے میں فنلینڈ کا معلوم ہوتا تھا، اور جو لکڑی کے کندوں کی طرح بھورا تھا، سرپر بڑی سی لمبی ٹوپی شاکو پہنے ہوئے اور تیز کلہاڑا ہاتھ میں اٹھائے (اور خدا جانے دریائے ماسکو کے کنارے اس پولیس کے سپاہی کا کیا کام تھا؟) میرے پاس آیا، اور جھریوں بھرا بوڑھا چہرہ میری طرف کرتے ہوئے بولا:

«جناب آپ ان گھوڑوں کے ساتھ یہاں کیا کر رہے ہیں؟ لائیے میں ان کو پکڑ لوں آپ کی خاطر — »

میں نے جواب نہیں دیا — اس نے تمباکو کی التجا کی — اس سے

---

* اصل نسل —

چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے (اور اس لئے بھی کہ اب میرے صبر کا پیمانہ چھلکنے لگا تھا) میں نے چند قدم اس سمت میں بڑھائے جس طرف ابا گئے تھے — اس کے بعد میں کنارے والی گلی میں نکڑ پر مڑا، اور وہیں ٹھٹھک کر جم گیا — کیا دیکھتا ہوں کہ وہاں سے کوئی چالیس قدم کے فاصلے پر، لکڑی کے ایک مکان کی کھڑکی میں ابا کھڑے نظر آ رہے ہیں — ان کی پشت میری طرف تھی — وہ کھڑکی کے سہارے کھڑے تھے — اور اندر، پردے کے پیچھے کچھ کچھ چھپی ہوئی ایک عورت سیاہ لباس میں بیٹھی ہوئی تھی اور میرے ابا سے بات کر رہی تھی — عورت زینائیدا تھی —

میں بھونچکا رہ گیا — مجھے ہرگز اس کی توقع نہ تھی — پہلی خواہش تو یہ ہوئی کہ دم دبا کر کھسک جاؤں — «اگر ابا نے دیکھ لیا تو میں مارا گیا — » میں نے سوچا — لیکن ایک عجیب جذبے نے، جو تجسس سے زیادہ طاقتور، رشک سے زیادہ زوردار اور ڈر سے بھی زیادہ مضبوط تھا، میرے قدموں کو وہیں جکڑے رکھا — میں کھڑا ان کو گھورتا اور ان کی باتیں سننے کی کوشش کرتا رہا — ایسا لگتا تھا کہ ابا کسی چیز پر اصرار کر رہے ہیں اور زینائیدا اس پر راضی نہیں ہو رہی ہے — میں اب بھی اس کا چہرہ دیکھ سکتا ہوں —— غم‌زدہ، گمبھیر، حسین — اس پر سپردگی، اداسی، اور محبت کی عجیب ملی جلی کیفیت چھائی ہوئی —— ایک قسم کی دل شکستگی کی کیفیت —— میرے پاس اس کے لئے اور کوئی دوسرا لفظ نہیں — وہ بہت آہستہ آہستہ ہاں اور نہیں کے انداز میں بول رہی تھی جیسے اپنے آپ سے بات کر رہی ہو — وہ مستقل آنکھیں اٹھائے بغیر بول رہی تھی البتہ اس کے ہونٹوں پر ایک نیازمند اور سرکش مسکراہٹ بکھری ہوئی تھی — صرف یہ

مسکراہٹ ہی مجھے بتا دیتی کہ یہ زینائیدا ہے — میرے ابا نے اپنے شانے جھٹکائے اور اپنی ٹوپی درست کی — جو ان کی بےصبری کا یقینی ثبوت تھا... پھر میں نے یہ الفاظ سنے «Vous devez vous séparer de cette...»* زینائیدا کھڑی ہو گئی اور اس نے اپنے بازو پھیلا دئے... یکایک میری آنکھوں کے سامنے عجیب ڈرامہ ہوا: میرے ابا نے اپنا چابک اٹھایا، جس سے وہ اب تک اپنے کوٹ کے دامن سے گرد جھاڑتے رہے تھے، اور پھیلی ہوئی ننگی بانہہ پر سڑاپ سے دے مارا — میں بڑی مشکل سے خود کو چیخنے سے باز رکھہ سکا، لیکن زینائیدا صرف چونکی، خاموشی سے میرے ابا کو دیکھا، آہستہ آہستہ اپنے بازو کو اپنے ہونٹوں تک لائی اور بازو پر ابھرتے ہوئے سرخ نشان کو چوم لیا — ابا نے چابک پھنک دیا، اور برساتی کے زینے پر چڑھے اور گھر کے اندر تیز قدم اٹھاتے ہوئے چلے گئے... زینائیدا کھڑکی سے ہٹ گئی ، اس کی بانہیں پھیلی ہوئی تھیں اور سر پیچھے کی طرف ڈھلکا ہوا...

میں لوٹ گیا، ڈر سے ہوش اڑا جا رہا تھا اور دل ایک درد انگیز حیرانی سے بھرا ہوا تھا — میں گلی کے کنارے کی طرف بھاگا اور «بجلی» لگام تڑاکر بھاگتا بھاگتا رہ گیا اور میں دریا کے کنارے واپس آگیا — میرے دماغ میں خیالات بالکل گڈمڈ سے ہوکر رہ گئے تھے — میں پہلے بھی ابا کو جانتا تھا — وہ عام طور پر اتنے ٹھنڈے مزاج اور رکھہ رکھاؤ کے نظر آتے تھے — لیکن کبھی کبھی یکایک ان پر غصے کا دورہ پڑتا پھر بھی ابھی جو کچھہ میں نے دیکھا تھا

---

*آپ کو اس سے اپنا ناتا توڑ لینا چاھئے —

اس کو سمجھنا میرے لئے نا ممکن تھا... لیکن میں جانتا تھا کہ جب تک زندہ رہونگا، زینائیدا کی ادا، اس کی نظر اور مسکراہٹ کو نہیں بھلا سکونگا — میں جانتا تھا کہ اس کا تصور، جو اتنا اچانک ایک نئے پہلو کے ساتھہ میرے سامنے اجاگر ہوا تھا، میری یادوں میں ہمیشہ جگمگاتا رہیگا — میں بےخیالی میں دریا کی طرف دیکھتا رہا، مجھے اپنے گالوں پر بہتے ہوئے آنسوؤں کا ذرا ہوش نہ تھا — «انہوں نے مارا اسے...» میں دہراتا رہا «اسے مارا، اسے مارا...»

«چلو، لاؤ لگام دو — کیوں، نہیں دینا چاہتے؟» میرے پیچھے سے ابا کی آواز آئی —

میں نے میکانکی طور پر لگام ان کے ہاتھہ میں دے دی — وہ اچھل کر «بجلی» پر سوار ہو گئے... دیر تک انتظار کی وجہ سے بجھا ہوا گھوڑا ایک ذرا اڑا اور پھر جو آگے بڑھا تو کوئی دس فٹ کی چھلانگ لگا گیا — لیکن ابا نے جلد ہی، اس وحشی جانور کے پیٹ میں مہمیز مار مارکر اور اس کی گردن پر گھونسے رسید کرکے ، اسے قابو میں کرلیا — «اف! میرا چابک نہیں!» وہ بڑبڑائے —

مجھے خیال آیا کس کڑک کے ساتھہ چابک زینائیدا کی بانہہ پر گرا تھا —— اور میں لرز گیا —

«آپ نے اپنا چابک کیا کیا؟» ذرا رک کر میں نے ابا سے پوچھا —

وہ جواب دئے بغیر اپنا گھوڑا آگے آگے بھگاتے رہے — میں نے ان کو جالیا — بس میرا جی چاہا کہ ان کا چہرہ ضرور دیکھنا چاہئے —

«کیا تم انتظار کرتے کرتے تھک گئے؟» میرے ابا نے دانت بھنچ کر پوچھا —

«کچھہ کچھہ — لیکن آپ نے اپنا چابک کہاں گرا دیا؟»
میں نے اصرار کرتے ہوئے پوچھا —

ابا نے ایک تیز نظر سے مجھے دیکھا —

«میں نے اسے گرایا نہیں» انہوں نے کہا «میں نے اسے پھینک دیا — »

وہ سوچ میں ڈوب گئے اور اپنا سر جھکا لیا... اور اس وقت شاید پہلی اور آخری بار میں نے دیکھا کہ ان کے درشت خط و خال میں کتنی شفقت اور دردمندی کے اظہار کی قوت تھی —

انہوں نے پھر اپنا گھوڑا بگ ٹٹ دوڑایا اور ابکے میں ان کی گرد بھی نہ پا سکا — میں ان کے پہنچنے کے پندرہ منٹ بعد گھر پہنچا —

«یہی محبت ہے!» اس رات ، اپنی میز پر بیٹھے ہوئے، جس پر رفتہ رفتہ کتابوں اور کاپیوں کا انبار لگتا جا رہا تھا، میں نے اپنے آپ سے ایک بار پھر کہا — «یہ جذبہ ہے! آپ سوچینگے چوٹ کھاکر کوئی بھی بپھر جائیگا، کوئی بھی گھونسہ کھاکر خاموش نہیں رہیگا — چاہے مارنے والا ہاتھہ کتنا ہی عزیز کیوں نہ ہو! لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس کے دل میں چاہت ہے وہ یہ بھی برداشت کر سکتا ہے... اور میں... اور میں نے سوچا... »

گذشتہ ایک مہینے نے مجھہ میں خاصی پختگی پیدا کر دی تھی اور میری اپنی محبت ، اپنے تمام‌تر ہیجان اور دکھہ کے باوجود، اب مجھے، اس انجانی چیز کے مقابلے میں حقیر، طفلانہ اور بےمعنی لگتی تھی جس کے بارے میں میں بس مبہم مبہم باتیں سوچا کرتا تھا، وہ چیز جو ایک غیر مانوس چہرے کی طرح دہشت انگیز تھی،

دل آویز مگر کٹھور، ایک ایسا چہرہ جسے آدمی اندھیرے میں پہچاننے کی بے سود کوشش کرتا ہے —

میں نے اس رات ایک عجیب اور بھیانک خواب دیکھا — میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک اندھیرے اور نیچی چھت والے کمرے میں گیا... میرے ابا وہاں کھڑے تھے، ان کے ہاتھ میں چابک تھا اور وہ فرش پر اپنے پاؤں پٹک رہے تھے — زینائیدا ایک کونے میں سمٹی سمٹائی فرش پر پڑی تھی، اس کی بانہہ پر نہیں بلکہ پیشانی پر ایک سرخ نشان تھا جو اس کی بھوؤں کو چیرتا چلا گیا تھا — ان دونوں کے پیچھے، بیلوزوروف کا ہیولا ابھرتا ہوا نظر آیا — وہ بھی خون میں نہایا ہوا تھا — اس نے اپنے زرد ہونٹ کھولے اور بپھربپھر کر ابا کو دھمکیاں دیں —

دو مہینے بعد میں یونیورسٹی میں داخل ہو گیا اور اس کے چھہ مہینے بعد پیٹرس‌برگ میں، جہاں ہم حال ہی میں اٹھہ آئے تھے، ابا چل بسے (ایک دورے نے ان کی جان لے لی) — اپنی موت سے چند دن پہلے ان کو ماسکو سے ایک خط ملا جس نے ان کے جذبات میں ایک زبردست ہیجانی تلاطم پیدا کر دیا — وہ میری اماں کے پاس گئے اور کسی چیز کی التجا کی — لوگ کہتے ہیں کہ وہ رو پڑے — میرے ابا رو پڑے! جس دن ان پر دورہ پڑا، اس کی صبح کو انہوں نے مجھے فرانسیسی زبان میں ایک خط لکھنا شروع کیا... «میرے بیٹے» انہوں نے لکھا تھا «ایک عورت کی محبت سے خبردار رہنا، اس مسرت ونشاط سے ہوشیار رہنا، اس زہر سے...» ان کی موت کے بعد اماں نے ایک بہت بڑی رقم ماسکو بھجوائی —

تین چار برس بیت گئے — میں نے ابھی ابھی یونیورسٹی سے سند لی تھی لیکن یہ طے نہ کر پایا تھا کہ میں کیا کام کرونگا، کون سا دروازہ کھٹکھٹاؤنگا — اس اثنا میں یونہی بےکار وقت کاٹتا رہا — ایک شام تھیٹر میں میری ملاقات مئیدانوف سے ہوئی — اس نے شادی کر لی تھی اور ایک سرکاری دفتر میں ملازم تھا لیکن مجھے اس میں تبدیلی نظر نہ آئی — وہ اب تک فضول قسم کے جوش و خروش کا مظاہرہ کرتا تھا اور یکایک اس پر اداسی اور پژمردگی کا دورہ پڑ جاتا تھا —

اس نے سرسری طور پر کہا «تم جانتے ہو کہ مادام دولسکایا یہیں ہے؟»

«کون مادام دولسکایا؟»

«تم بھول گئے؟ وہی پچھلی شہزادی زاسیکینہ، جس کے عشق میں، تمہارے سمیت، ہم سب گرفتار تھے — یاد ہے، گاؤں میں، نسکوچنی باغ کے پاس —— یاد آیا؟»

«کیا اس کی شادی دولسکی سے ہو گئی؟»

«ہاں —»

«اور کیا وہ یہاں تھیٹر میں موجود ہے؟»

«نہیں، لیکن چند ہی دن پہلے وہ پیٹرس برگ آئی ہے — وہ یہاں سے باہر جا رہی ہے —»

«اور اس کا شوہر کس قسم کا آدمی ہے؟»

«اوہ وہ تو ایک لاجواب آدمی ہے، امیر بھی ہے — ہم دونوں ماسکو میں ایک ساتھ ہی کام کرتے تھے — تم سمجھتے ہو —— اس

معاملے کے بعد . . . لیکن تم تو خود ھی اس کے بارے میں سب کچھہ جانتے ھو . . . (مئیدانوف ایک معنی خیز انداز سے مسکرایا) اس کے لئے شوھر ڈھونڈنا اتنا آسان نہ تھا . . . گل تو کھلنا ھی تھا، کھلا . . . لیکن اس قسم کی چتر عورت سب کچھہ کر سکتی ھے — جاؤ اور اس سے ملو — تم سے مل کر بہت خوش ھوگی وہ — اب تو پہلے سے بھی زیادہ نکھار آگیا ھے اس پر — »

مئیدانوف نے مجھے زینائیدا کا پتہ دیا — وہ « دیموت » ھوٹل میں ٹھہری ھوئی تھی — پرانی یادیں جاگ پڑیں . . . میں نے دل میں طے کیا کہ اگلی صبح ھی میں اپنے پرانے شعلۂ دل سے ملاقات کرونگا — لیکن کچھہ ایسا سلسلہ بندھا مختلف باتوں کا کہ ایک ھفتہ گزر گیا اور پھر دوسرا ھفتہ ، اور جب میں آخرکار «دیموت» ھوٹل گیا اور مادام دولسکایا کے بارے میں پوچھہ گچھہ کی تو پتہ چلا کہ چار دن پہلے وہ اس دنیا سے سدھار گئی — اچانک — زچگی کے دوران میں —

مجھے ایسا محسوس ھوا کہ کسی نے میرے دل پر بھرپور گھونسہ جما دیا ھے — یہ خیال کہ میں اسے دیکھہ سکتا تھا اور نہ دیکھہ سکا اور اب کبھی نہیں دیکھہ سکونگا — یہ تلخ خیال میری روح میں کچوکے لگا رھا تھا اور بڑی بےدردی سے اندر ھی اندر مجھے گھن کی طرح کھائے جا رھا تھا — « مر گئی! » میں نے کھوکھلی نظروں سے دربان کی طرف دیکھتے ھوئے دھرایا اور پھر چپ چاپ سڑک پر نکل گیا اور چلتا رھا، چلتا رھا — مجھے معلوم نہ تھا کہ میں کہاں جا رھا ھوں — پورا ماضی اپنے تمام تر تلاطم کے ساتھہ ابھر آیا — تو اس پرشباب، درخشاں اور پرشوق زندگی کا

حشر یہ ہونا تھا — یہی تھی وہ منزل جس کی طرف وہ اتنی جلدی اور افراتفری کے ساتھہ لپکی تھی! اس طرح سوچتے ہوئے، مجھے وہ پیارے خدوخال، وہ آنکھیں، وہ کاکل، یاد آئے — وہ سب کچھہ، جو اب، کہیں مجھہ سے قریب ہی، نم اور اندھیری زمین کے اندر، چھوٹے سے تابوت میں بند پڑے ہیں — مجھہ سے قریب ہی، جو اب تک زندہ ہے، شاید میرے ابا سے چند ہی گز کے فاصلے پر... ان ساری باتوں کو دل ہی دل میں سوچتا ہوا میں نے اپنی توجہ ان باتوں پر جمانے کی کوشش کی، لیکن یہ الفاظ:

بےنیاز ہونٹوں نے میرے بےنیاز کانوں کو
میری قسمت کے لکھے کی خبر دی...

میری روح میں گونجتے رہے — آہ، جوانی، جوانی! تو کسی چیز کو خاطر میں نہیں لاتی، لگتا ہے کہ دنیا کی تمام دولتوں پر تیرا قبضہ ہے، دکھہ خود تیرے لئے تفریح کا ذریعہ ہے، غم بھی تیرے شایان شان ہے! تو پورے اعتماد اور دیدہ دلیری سے للکارتی ہے: دیکھو، میں اکیلی زندہ رہتی ہوں، جبکہ تمہارے دن بھاگے چلے جاتے ہیں، انجانے طور پر غائب ہو جاتے ہیں اور اپنے پیچھے کوئی نشان بھی نہیں چھوڑتے، اور تمہارے اندر ہر چیز معدوم ہو جاتی ہے، جس طرح دھوپ میں موم پگھلتی ہے، جس طرح دھوپ میں برف پگھلتی ہے... اور ہو سکتا ہے کہ تمہارے جادو کا سارا راز، اپنی مرضی کے مطابق سب کچھہ حاصل کر لینے کی صلاحیت میں نہیں، بلکہ تمہارے یہ یقین کر لینے کی صلاحیت میں پوشیدہ ہو کہ کوئی چیز بھی تمہاری دسترس سے باہر نہیں، اس حقیقت میں پوشیدہ ہے

کہ تم اتنے مجنونانہ طور پر ان قوتوں کو لٹاتے ہو جن کو کام میں لانے کے لئے تمہارے پاس اور کوئی طریقہ نہیں، اور یہ کہ ہم میں سے ہر ایک اس بات کا پکا یقین رکھتا ہے کہ اسے یہ کہنے کا حق حاصل ہے: «اگر میں اپنا وقت یوں نہ گنواتا تو کیا کچھ نہ کر لیتا!»

مثال کے طور پر مجھ ہی کو لیجئے... میری توقعات کی بنیاد کس پر تھی، میں کس چیز کی امید کرتا تھا، میں کس درخشاں مستقبل کی راہ دیکھ رہا تھا جب میں نے اپنی پہلی محبت کے خیالی پیکر کو خدا حافظ کہا تو میں نے مشکل سے ایک ٹھنڈی سانس لی ہوگی، مشکل سے ایک لمحاتی درد محسوس کیا ہوگا؟

اور مجھے جس چیز کی امید تھی سچ ثابت ہوئی؟ اور اب جبکہ سانجھ بھئی اور سائے میرے راستے پر پھیلنے لگے ہیں، کیا میرے لئے اس موسم بہار میں صبح سویرے دو گھڑی کے لئے اٹھنے والے طوفان کی یادوں سے زیادہ روشن اور قیمتی کوئی دوسری چیز ہو سکتی ہے؟

لیکن میں خود کو ختم کیوں کرنا چاہتا ہوں؟ جوانی کے ان بے پروا دنوں میں بھی، میرے کان اس غم و الم کی آواز کے لئے بہرے نہیں تھے جو مجھے پکار رہی تھی، اس مقدس آواز کے لئے جو مجھے قبر سے پکار رہی تھی — مجھے یاد ہے کہ زینائیدا کی موت کی خبر کے چند دن بعد، دل کی ایک دبائے نہ دبنے والی خواہش کے زیر اثر، میں خود، ایک غریب بڑھیا کے بستر مرگ پر جھکا رہا — وہ اسی عمارت میں رہتی تھی جس میں ہم رہتے تھے — وہ وہاں نزع کے عالم میں پڑی تھی — چتھڑوں کے ڈھیر تلے، وہ تختوں کے بستر

پر پڑی اور ٹاٹ کے تکیئے پر سر رکھے، اپنی زندگی کے لئے ہاتھہ پیر مار رہی تھی — ساری زندگی اس نے اپنی بےپناہ غربت سے دانت پیس کر جدوجہد کی تھی — اسے کبھی کوئی خوشی نصیب نہ ہوئی تھی، اس نے مسرت کا میٹھا پھل کبھی نہ چکھا تھا —— اس سے امید کی جا سکتی تھی کہ وہ موت کا خیر مقدم کریگی اور اس میں اپنے سکون اور مکتی کا راستہ دیکھیگی — اور پھر بھی جب کہ اس کا مریل ڈھانچہ موت سے لڑ رہا تھا، اس کا سینہ اس کے برف جیسے شل ہاتھوں کے نیچے بڑے درد انگیز طور پر ابھر اور دب رہا تھا، جب تک اس میں طاقت کی ایک رمق بھی باقی تھی، وہ عورت برابر صلیب کا نشان بناتی رہی اور بدبداتی رہی « یا معبود —— میرے گناہ بخش دے . . . » اور موت کی سراسیمگی، موت کا ڈر اسی وقت غائب ہوا جب ہوش و حواس کی آخری چنگاری بھی بجھہ گئی . . . مجھے یاد ہے کہ اس غریب بڑھیا کے بستر مرگ کے سرھانے، میں نے درد و کرب کے ساتھہ زینائیدا کے بارے میں سوچا اور بے اختیار جی چاھا کہ ہاتھہ اٹھاؤں اور اس کےلئے، اپنے ابا کے لئے اور خود اپنے لئے دعا مانگوں —

۱۸۶۰ ء

جھونکے بہار کے

ایسے مسرت انگیز دن،
ایسے نشاط بخش سال،
موسم بہار کے جھونکوں
کی طرح یونہی بیت گئے
پرانا گیت

جب وہ رات ڈھلے اپنے مطالعے کے کمرے میں واپس آیا تو اس وقت ایک سے کچھ اوپر ہو چکا تھا — جو ملازم موم بتیاں جلانے آیا اسے اس نے لوٹا دیا اور آتش‌دان کے پاس کرسی پر لاش کی طرح گر گیا اور اپنا چہرہ دونوں ہاتھوں سے ڈھانپ لیا — اس سے پہلے کبھی اس نے اتنی تھکن نہیں محسوس کی تھی —— روحانی تھکن اور جسمانی بھی — پوری شام اس نے دل لبھانے والی عورتوں اور شائیستہ اور مہذب مردوں کے جلو میں بتائی تھی — بعض عورتیں خوبصورت تھیں اور قریب قریب تمام کے تمام مرد ذہن و فراست کی وجہ سے امتیازی شان کے مالک تھے — اور بات چیت کے دوران میں اس نے خود اپنا جھنڈا بلند رکھا تھا اور اپنی ذہانت اور تیزی سے چکا چوند بھی پیدا کی تھی — اتنا سب کچھ ہونے پر بھی اسے وہ زبردست تھکن اور کوفت «taedium vitae» ستا رہی تھی جس کا ذکر خود قدیم زمانے کے رومیوں نے بھی کیا ہے — زندگی سے بیزاری کے جذبے نے اس سے پہلے کبھی بھی اس کو گھٹن کی حد تک اتنا بےبس نہیں کیا تھا — اگر اس کی عمر کچھ اور کم ہوتی تو وہ اس دکھہ، اکتاہٹ اور کوفت سے رو پڑتا — اس کا دل، نیم کی طرح تیز کڑواہٹ سے لبالب تھا — ایسا لگتا تھا کہ ہر سمت سے خزاں

کے اندھیرے کی طرح کوئی بیزار کن اور اذیت ناک سایہ بڑھتا آ رہا ہے اور اسے دبا رہا ہے — اور اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اس تاریکی اور تلخی سے کیسے جان بچائے — نیند کی امید فضول تھی — اسے یقین تھا نیند نہیں آئیگی، نہیں آئیگی —

وہ اپنے خیالات میں ڈوب گیا . . . سست رو، پھیکے اور تلخ خیالات —

اس نے تمام انسانی ٹیم‌ٹام، سطحیت اور بے معنی خود فریبی پر غور کیا — وہ یکے بعد دیگرے انسانی عمر کی تمام منزلوں سے گزرا (وہ باون سے کچھ اوپر تھا) اور اسے ان میں سے کسی بھی دور میں کوئی خاص جاذبیت نہیں محسوس ہوئی — ہمیشہ وہی کبھی ختم نہ ہونے والی بےمعنی سرگرمیاں، قوت کی وہی فضول بربادی، وہی نیم واجب سی مگر جھوٹی خود فریبی — دھیان بٹانے کے لئے کوئی نہ کوئی بات ! اور پھر ناگہاں آدمی پر بڑھاپا اپنا ہاتھ ڈال دیتا ہے — اور پھر ہر چیز کی تہہ میں موت کا ہمیشہ بڑھتا ہوا اور گھلا گھلا کر مار ڈالنے والا ڈر رینگتا رہتا ہے اور پھر . . . وہ اتھاہ خندق ! غنیمت ہو جو اسی پر بس ہو جائے — لیکن، بہر حال، انجام سے پہلے کمزوری اور دکھ تو آئیگا — جس طرح لوہے پر زنگ جمتا ہے . . . جیون کا سمندر اس کے سامنے پر شور طوفانی موجوں کے روپ میں نہیں ابھرا تھا، جیسا کہ شاعروں نے کہا ہے — اس کی نگاہوں میں جس سمندر کی تصویر ابھرتی تھی، وہ ایک پرسکون، ہموار اور خاموش سمندر تھا جس کی تہہ تک سب کچھ شیشے کی طرح جھلملا رہا تھا — وہ خود ایک کمزور سی کشتی میں سوار تھا اور سمندر کی تہہ میں جمی ہوئی کالی کالی گاد میں بڑی بڑی

مچھلیوں کی طرح اژدھا نما درندے نظر آ رہے تھے — یہ تھے دکھہ جن کو انسان کی زندگی سے الگ نہیں کیا جا سکتا —— بیماریاں، بدنصیبیاں، جنون، غربت، اندھاپن... اس نے اور غور سے آنکھہ پھاڑ پھاڑکر دیکھا اور لو ایک درندہ گہرے اندھیرے سے ابھرا، اور ابھرتا چلا گیا اور زیادہ سے زیادہ صاف، بیزارکن حد تک صاف نظر آنے لگا... ایک لمحہ -— اور یہ درندہ ناؤ کو الٹ دیگا — لیکن یکایک پھر یہ دھندلا پڑنے لگتا ہے، دور ہٹتا جاتا ہے اور سمندر کی تہہ میں ڈوبتا چلا جاتا ہے جہاں وہ پڑا پڑا اپنے پنکھہ چلاتا رہتا ہے —— اتنی خاموشی سے کہ پتہ بھی نہیں چلتا... لیکن مقررہ گھڑی آئیگی اور وہ ابھر کر کشتی کو الٹ دیگا —

اس نے اپنے سر کو پیچھے کی طرف جھٹکا، اچھل کر کھڑا ہو گیا، دو تین بار کمرے میں ٹہلا اور پھر اس کے بعد لکھنے کی میز کے پاس گیا اور یکے بعد دیگرے درازیں کھینچ کھینچ کر اپنے کاغذوں کو الٹ پلٹ کرنے لگا — یہ پرانے خط تھے اور زیادہ‌تر ان میں عورتوں کے خط تھے — اس کے لئے یہ طے کرنا مشکل تھا کہ وہ کیا ڈھونڈ رہا ہے — اس کے دل میں صرف ایک خواہش تھی اور وہ یہ کہ اس طرح مصروفیت نکال کر ان خیالات سے جان چھڑائے جو اس کو ستا رہے تھے — کئی خطوں کو بے ارادہ الٹ‌پلٹ کرتے ہوئے (ان میں سے ایک میں دھندلے فیتے میں ایک مرجھایا ہوا پھول بندھا ہوا تھا) اس نے اپنے شانے ہلائے اور آتش دان کی طرف دیکھتے ہوئے، اس نے ان کو ایک طرف رکھا — غالباً اس کی نیت یہ تھی کہ اس فضول ردی پلندے کو آگ میں جھونک دے — جلدی جلدی ایک دراز کے بعد دوسری دراز میں ہاتھہ ڈالتے ہوئے یکایک اس کی

آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں ـــــ آھستہ آھستہ وہ ایک چھوٹا سا پرانی وضع کا ھشت پہل ڈبہ نکال کر روشنی میں لایا اور اس کا ڈھکن کھولا ـــ ڈبے میں زرد پڑتی ھوئی روئی کی دو تہوں کے نیچے یاقوت کی ایک ننھی سی صلیب رکھی تھی ـــ

وہ کئی منٹ تک، تعجب بھری نظروں سے اس صلیب کو گھورتا رہا ـــــ اور اس کے منہ سے آھستہ سے کچھہ نکلا ـــ اس کے چہرے پر کچھہ افسوس اور کچھہ خوشی کی کیفیت پیدا ھوئی ـــ ایسی کیفیت ایک ایسے شخص کے چہرے پر پائی جاتی ھے جو ایک زمانے کے بچھڑے ھوئے دوست سے خلاف توقع ملتا ھے، ایسا دوست جس کو ایک زمانہ پہلے وہ دل سے چاھتا تھا ـــ وہ خلاف امید اس کے سامنے آ جاتا ھے اور بالکل ویسا ھی نظر آتا ھے جیسا کہ وہ اس بھولے بسرے زمانے میں تھا ـــــ لیکن ھزار نہ بدلنے پر بھی زمانے نے اس میں کچھہ تبدیلی ضرور پیدا کر دی ھے ـــ

وہ اٹھا اور آتش دان کے پاس گیا اور کرسی پر بیٹھہ گیا ـــ وہ بار بار اپنے ھاتھوں سے منہ ڈھانپ لیتا... «آج کیوں؟ آخر آج ھی کیوں؟» وہ اپنے آپ سے پوچھتا رھا اور اسے وہ واقعات یاد آتے رھے جو پہلے، بہت پہلے رونما ھوئے تھے ـــ

اس کو جو باتیں یاد آئیں یہ ھیں...

لیکن پہلے اس کا نام اور خاندانی لقب بتا دینا چاھئے... اس کا نام تھا دمتری پاولووچ سانن ـــ

ھاں اسے جو باتیں یاد آئیں یہ ھیں:

۱۸۴۰ء کی گرمیاں تھیں — ابھی ابھی سانن کی بائسویں سالگرہ گزری تھی — اور اس وقت وہ فرانک‌فرٹ میں، دریائے مائین کے کنارے تھا — وہ اٹلی سے روس واپس جا رہا تھا — وہ معمولی قسم کی جائداد کا مالک اور بڑا آزاد مرد تھا — دور دور اس کا کوئی قریبی رشتہ دار نہ تھا — دور کے ایک رشتہ دار کی موت کے بعد اسے چند ہزار روبل ہاتھ آئے — اور اس نے فیصلہ کیا کہ سرکاری نوکری اختیار کرنے سے پہلے، اور آخرکار سرکاری جوئے میں جتنے سے پہلے، (جس کے بغیر اس کی روزی کا ٹھکانا ممکن نہ تھا) یہ روپیہ ملک کے باہر سیر و سیاحت میں خرچ کر آئے — سانن نے اپنا ارادہ حرف بہ حرف پورا کیا اور کچھ اتنے حسن و خوبی سے سارا انتظام کیا کہ جب وہ فرانک فرٹ پہنچا تو اس کے پاس بس اتنی پونجی بچ رہی تھی جو اسے پیٹرس‌برگ تک پہنچانے کے لئے کافی تھی — ۱۸۴۰ء میں یورپ میں شاید ہی کہیں ریلیں پائی جاتی تھیں اور سیاحوں کو ڈاک گاڑی سے سفر کرنا پڑتا تھا — سانن نے گاڑی میں اپنے لئے جگہ مقرر کرائی لیکن گاڑی شام کو دس بجے سے پہلے روانہ ہونے والی نہ تھی اور اس کے سامنے ایک لمبے انتظار کا مرحلہ تھا — خوش قسمتی سے موسم اچھا تھا — اس وقت کے مشہور ہوٹل «سفید ہنس» میں کھانا کھانے کے بعد سانن شہر کی سیر کو نکل پڑا — وہ دانیکر اریادنا دیکھنے گیا جس نے اسے کوئی خاص متاثر نہیں کیا — اس نے گوئٹے کا گھر دیکھا جس کی تخلیقات میں سے اس نے صرف «ورتھر کا غم» پڑھا تھا اور وہ بھی فرانسیسی ترجمہ — وہ دریائے مائین کے

کنارے کنارے ٹہلتے ٹہلتے اکتا گیا جیسا کہ ہر شریف سیاح کے ساتھہ ہوتا ہے— آخرکار، شام کے چھہ بجتے بجتے وہ فرانک‌فرٹ کی ایک گمنام ترین سڑک پر پہنچا —— تھکا ہارا، جوڑ جوڑ چور چور، جوتے گرد سے اٹے ہوئے— اس سڑک کو ایک زمانے تک اس کی یادوں میں تازہ رہنا تھا — ان چند مکانوں میں سے ایک پر، بالکل سامنے ایک سائن بورڈ لگا ہوا تھا جو راہگیروں کو یہ بتاتا تھا کہ یہ دوکان، اطالوی حلوائی گیوانی روسیلی کی ہے— سانن ایک گلاس لمونیڈ پینے کے لئے اندر گیا لیکن سامنے والے کمرے میں ایک معمولی سے کاؤنٹر کے پیچھے رنگین الماری کی شلفوں میں، جو دوا کی دوکانوں کی یاد تازہ کر رہی تھیں، چند بوتلیں رکھی تھیں جن پر گلٹ کے لیبل چپکے ہوئے تھے — اتنی ہی تعداد شیشے کے مرتبانوں کی تھی جو رسک، چاکلیٹ اور لیمون چوس سے بھرے ہوئے تھے — دوکان میں کسی آدمی کا پتہ نہ تھا — صرف، ایک بھوری بلی، آنکھیں میچتی اور خرخراتی ہوئی، کھڑکی کے نزدیک بید کی اونچی کرسی سے اپنے پنجے نکال اور سمیٹ رہی تھی — دھکتے ہوئے سرخ رنگ کے اون کا ایک بڑا سا گولہ، ڈوبتے سورج کی ترچھی کرنوں میں، فرش پر، لکڑی کے اوندھے ہوئے ایک نقشیں بکس کے پاس پڑا، چمک رہا تھا — دوسرے کمرے سے مبہم مبہم آوازیں آ رہی تھیں — سانن کھڑا دروازے کی گھنٹی کی ٹن ٹن کے بند ہونے کا انتظار کرتا رہا تاکہ پوچھہ سکے «ہے کوئی؟» ٹھیک اس وقت دوسرے کمرے کا دروازہ کھلا اور اس نے جو کچھہ دیکھا اس نے اس کے ہوش اڑا دئے -

۲

کوئی انیس برس کی ایک لڑکی، جس کی کالی گھنگھریالی لٹیں شانوں پر جھول رہی تھیں، اپنی ننگی باھیں پھیلائے ہوئے سامنےوالے کمرے میں داخل ہوئی — وہ سانن کو دیکھه کر، اس کی طرف دوڑی، اس کا ھاتھه پکڑا اور اسے کھینچتے ہوئے ھانپتی ہوئی آواز میں بولی «جلدی، جلدی، اس کی جان بچاؤ!» اس کی تعمیل میں سانن کو کوئی جھجک نہیں تھی مگر حیرت کی وجہ سے وہ شروع میں اس کے پیچھے پیچھے نہ چل سکا اور یوں کھڑا رہا جیسے اس کے پیر زمین میں گڑے ہوئے ہوں — اس نے زندگی بھر ایسا حسن کاھے کو دیکھا تھا — وہ اس کی طرف مڑی اور بولی «آؤ، آ بھی جاؤ!» اور اس کی آواز میں، اس کی نگاھوں میں، اس کے زرد گالوں پر بھنچے ہوئے اس کے اضطراری ھاتھوں کی حرکت میں کچھه ایسی نا امیدی تھی کہ ایک لمحے کو بھی جھجکے بغیر، وہ اس کے پیچھے پیچھے کھلے ہوئے دروازے میں بھاگا —

اس کمرے میں جہاں وہ لڑکی کے پیچھے پیچھے پہنچا تھا، پرانی وضع کے گھوڑوں کے بالوں والے ایک صوفے پر، کوئی چودہ برس کا ایک لڑکا پڑا تھا — اس کے ناک نقشے میں لڑکی کی بہت زیادہ شباھت تھی — غالباً وہ اس کا بھائی تھا — اس کا چہرہ مردے کی طرح زرد تھا —— سفیدی جس میں زردی کی ھلکی سی جھلک تھی، موم یا پرانے مرمر کی طرح — اس کی آنکھیں بند تھیں — اس کے کالے اور گھنے بالوں کا سایہ چھینی سے ترشی ہوئی پیشانی اور بے حس و حرکت تنی ہوئی خوب صورت بھوؤں پر پڑ رہا تھا — اس کے نیلے پڑے

ہوئے ہونٹوں کے پیچھے بھنچے ہوئے دانت نظر آ رہے تھے — ایسا لگتا تھا کہ وہ سانس نہیں لے رہا ہے — ایک ہاتھ فرش پر لٹکا ہوا تھا اور دوسرا اس کے سر کے پیچھے پڑا تھا — لڑکا کپڑے پہنے ہوئے تھا اور اس کی کسی ہوئی جیکٹ کے بٹن لگے ہوئے تھے — اس کا گلا ایک کسی ہوئی ٹائی سے دبا ہوا تھا —

لڑکی زور سے بین کرتی ہوئی اس کی طرف جھپٹی «وہ مر گیا، مر گیا!» وہ چلائی... «بس ایک منٹ پہلے وہ یہاں بیٹھا مجھ سے باتیں کر رہا تھا اور یکایک وہ گر گیا اور سن پڑا رہا... پیارے معبود! کیا اب ہم اس کے لئے کچھ بھی نہیں کر سکتے! اور ممی باہر ہیں — پنتالیونے، پنتالیونے، کہاں ہے ڈاکٹر؟» اس نے اطالوی زبان میں کہا «کیا تم ڈاکٹر کے ہاں گئے؟»

«میں خود نہیں گیا، سینیورینا — میں نے لوئی‌زا کو بھیج دیا» دروازے سے ایک کھرج‌دار آواز آئی اور ایک چھوٹاموٹا بوڑھا آدمی سرخ فراک کوٹ پہنے، جس میں کالے بٹن لگے ہوئے تھے، گردن میں اونچا گلو بند لپیٹے، نانکین کا بریجز پہنے، نیلے اونی موزے چڑھائے، اپنی جھکی جھکی ٹانگوں کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا — اس کا چھوٹا سا چہرہ لوہے کے رنگ کے بالوں کی جھاڑی میں کچھ کھو سا گیا تھا — یہ بال جو ہر طرف چپکے ہوئے تھے اور بٹی بٹی سی زلفوں کی شکل میں پیچھے لٹک رہے تھے، اس بڈھے کے خدوخال گچھے دار پروں والی مرغی جیسے نظر آتے تھے — یہ شباہت اور بھی زیادہ نمایاں اس وجہ سے ہو گئی تھی کہ اس سیاہی مائل سرمئی جھاڑ جھنکاڑ سے صرف ایک نوکیلی ناک اور گول گول پیلی آنکھوں کے سوا اور کچھ جھانکتا نظر نہ آتا تھا —

«لوئی‌زا وهاں جلدی پہنچ جائیگی — میں دوڑ نہیں سکتا»
بڈھے نے اطالوی زبان میں اپنی بات جاری رکھی اور اپنے تھپکے
تھپکے سے گٹھیا زدہ پیروں کو بدلتا رہا جن پر فیتہ دار پھندنوں‌والے
جوتے چڑھے ہوئے تھے — «میں ذرا سا پانی لایا ہوں — »

وہ اپنی گھٹے دار بوڑھی انگلیوں سے پانی سے بھری ہوئی
بوتل کی لمبی گردن کو زور سے دبوچے ہوئے تھا —

«لیکن اس کے یہاں آنے تک ایمیل ختم ہو جائیگا!» لڑکی بولی
اور اس نے اپنے ہاتھہ سانن کی طرف پھیلائے —«جناب o mein Herr!
آپ رحم دل آدمی ہیں — کیا آپ اس کے لئے کچھہ نہیں کر سکتے!»

«اس کا خون بہنا چاہئے — یہ ایک دورہ ہے» بڈھے نے کہا
جس کو اس نے پنتالیونے کہہ کر پکارا تھا —

گرچہ سانن کو ڈاکٹری سے دور کا بھی واسطہ نہ تھا، پھر
بھی اسے اتنا ضرور معلوم تھا کہ چودہ برس کے لڑکوں کو دورہ نہیں
پڑتا —

«یہ بے ہوشی ہے، دورہ نہیں» اس نے پنتالیونے سے کہا —
«کیا تمہارے پاس کوئی برش ہے؟»

بوڑھے نے اپنا سر اٹھایا — «کیا؟»

«برش، برش» سانن نے پہلے جرمن میں دہرایا اور بعد میں
فرانسیسی میں — «برش» اس نے پھر کہا اور اشارہ کرتے ہوئے اپنے
کوٹ کو رگڑ کر دکھایا —

آخر بڈھا اس کا مطلب سمجھہ گیا —

«اوہ برش! Spazzette یقینی ہے تو سہی!»

«لاؤ یہاں برش لاؤ — ہم اس کا کوٹ اتار کر ذرا برش سے اس کا بدن رگڑینگے — »

«خوب... Benone! کیا یہ اچھا نہ ہوگا کہ ہم اس کے سر پر پانی ڈالیں؟»

«نہیں، بعد میں! ابھی جاؤ اور جہاں تک جلدی ہو سکے دوڑ کر برش لاؤ — »

پنتالیونے نے بوتل کو فرش پر رکھا اور دوڑ کر کمرے سے باہر چلا گیا اور دوسرے ہی لمحے دو برش، ایک سر کا برش اور دوسرا کپڑوں کا برش لے کر لوٹ آیا — اس کے پیچھے پیچھے گھنگھریالے بالوں والا ایک جھبرا کتا آیا اور زور سے دم ہلاتے ہوئے بڈھے، لڑکی اور سانن کو سوالیہ نظروں سے گھورنے لگا جیسے وہ جاننا چاہتا ہو کہ آخر یہ ہنگامہ کیا ہو رہا ہے —

سانن نے پھرتی سے، لیٹے ہوئے لڑکے کا کوٹ اتارا، کالر ڈھیلے کئے اور آستنیں چڑھائیں اور پھر ایک برش ہاتھ میں لے پوری قوت سے اس کے سینے اور بازوؤں کو رگڑنے لگا — پنتالیونے نے دوسرے برش سے، جو سر کا برش تھا، اسی جوش و خروش سے لڑکے کے بوٹوں اور پتلون کو رگڑنا شروع کر دیا — لڑکی صوفے کے کنارے اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گئی اور اپنے سر کو اپنے دونوں ہاتھوں سے تھامتے ہوئے ٹکٹکی باندھے اپنے بھائی کے چہرے کو گھورنے لگی —

سانن برش سے لڑکے کے بدن کو رگڑتے ہوئے چوری چوری ترچھی نظروں سے لڑکی کو دیکھتا بھی جا رہا تھا — خدا کی پناہ — کتنی من موہنی لڑکی ہے!

۳

اس کی ناک ذرا لمبی تھی، طوطے جیسی خوبصورت جھکی ہوئی — اس کے اوپر والے لب پر بہت ہی ہلکی ہلکی مسیں بھیگی نظر آتی تھیں —— لیکن اس کے چکنے اور دودھیالے رنگ کی تشبیہ ہاتھی دانت یا پیلے کہربا سے دی جا سکتی تھی — اس کی زلفوں کی چمکتی ہوئی لہریں، پلاتسوپیتی میں الوری کی جوڈتھہ سے ملتی جلتی تھیں اور خاص طور پر اس کی آنکھیں، گہری بھوری آنکھیں، جن کی پتلیوں کے گرد ایک کالا ہالہ سا پڑا ہوا تھا —— اب بھی جبکہ ان کی درخشانی ڈر اور غم سے ماند پڑ گئی تھی، حیران حیران اور ہر چیز پر چھائی ہوئی دکھائی دیتی تھیں — سانن کا خیال اس شاندار ملک کی طرف پلٹ گیا جس کو اس نے ابھی ابھی چھوڑا تھا... لیکن اٹلی میں بھی اس نے اس کے مقابلے کا کوئی حسن نہ دیکھا تھا — لڑکی رک رک کر، تھوڑے تھوڑے وقفے سے سانس لے رہی تھی جیسے اسے اپنی ہر سانس کے ساتھہ اپنے بھائی کے سانس لینے کا انتظار ہو —

سانن رگڑتا رہا، لیکن اس کی نظر لڑکی کے علاوہ بھی کسی اور چیز پر پڑی — پنتالیونے کے عجیب و غریب ہیولے نے بھی اس کو اپنی طرف متوجہ کیا — بڈھا محنت سے تھک کر چور، ہانپ رہا تھا — وہ برش کی ہر رگڑ کے ساتھہ اچھلتا اور دل دوز آواز میں کراہتا — اس کے بالوں کا بڑا سا گچھا، پسینے میں بھیگا ہوا، زور زور سے ایک کنارے سے دوسرے کنارے کی طرف اس بڑے سے پودے کی جڑوں کی طرح جھٹکے کھاتا جسے پانی نے دھوکر بالکل صاف کر دیا ہو —

«کم از کم اس کے جوتے تو اتار لو» سانن کہنے ہی والا تھا — بلاشبہہ، ان سب غیر معمولی باتوں کی وجہ سے، کتے کے دل میں کچھہ ایسی کھلبلی مچی کہ وہ اپنے اگلے پیروں پر بیٹھہ کر بھونکنے لگا — «Tartaglia — canaglia!»* ڈھے نے شی شی کرتے ہوئے کہا —

لیکن اسی لمحہ لڑکی کے چہرے کا رنگ بدل گیا — اس کی بھویں چڑھہ گئیں اور اس کی آنکھیں بڑی ہوتی ہوئی معلوم ہوئیں اور اس کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا...

سانن نے مڑکر دیکھا... اس نوجوان کے چہرے پر پھر رنگ آنے لگا تھا — اس کی پلکیں پھڑک رہی تھیں، اس کے نتھنے تھر تھرا رہے تھے — اب تک بھنچے ہوئے دانتوں کے ساتھہ سانس کھینچتے ہوئے اس نے ایک ٹھنڈی سانس لی...

«ایمیل!» لڑکی چلائی — «ایمیلیو، میو!»

بڑی بڑی کالی آنکھیں آہستہ آہستہ کھلیں — نگاہیں اب تک خالی خالی تھیں — لیکن اب ان میں ایک کھوکھلی مسکراہٹ جاگنے لگی تھی — وہی مدھم مدھم سی مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر تیر گئی — پھر اس نے لٹکتے ہوئے ہاتھہ کو ایک تیز جھٹکے سے اٹھاکر اپنے سینے پر رکھہ لیا —

«ایمیلیو!» لڑکی نے دھرایا اور اچھل پڑی — اس کے چہرے پر جذبات اتنی تابناکی اور شدت سے چھلکے پڑتے تھے کہ لگتا تھا کہ یا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیگی یا اس کے ہونٹوں سے قہقہہ پھٹ پڑیگا —

---

* تارتالیا — بدمعاش —

«ایمیل! کیا ہے یہ؟ ایمیل!» دروازے کی دوسری طرف سے آواز آئی اور صاف شفاف خوش وضع لباس میں ایک خاتون، جن کے بال چاندی کی طرح سفید تھے اور رنگ سانولا تھا، تیز تیز قدموں سے کمرے میں داخل ہوئیں — ان کے بالکل پیچھے پیچھے ایک عمر رسیدہ سا آدمی داخل ہوا جس کے پیچھے خادمہ کا سر ابھرا اور غائب ہو گیا —

لڑکی ان کی طرف لپکی —

«وہ بچ گیا ممی، وہ زندہ ہے!» وہ لرزتی ہوئی خاتون سے لپٹ گئی اور چلائی —

«لیکن ہوا کیا؟» خاتون پھر بولیں — «میں گھر آؤں اور اچانک ڈاکٹر اور لوئی‌زا سے ملاقات ہو —»

لڑکی نے اپنی ماں کو سارا ماجرا سنانا شروع کیا اور ڈاکٹر مریض کے پاس گیا جو رفتہ رفتہ ہوش میں آ رہا تھا اور برابر مسکرائے جا رہا تھا — لگتا تھا کہ وہ اس تشویش اور پریشانی پر شرما رہا ہے جو اس کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی —

«اچھا، یہ بات ہے، معلوم ہوتا ہے کہ تم اس کو برش سے رگڑ رہے تھے» ڈاکٹر نے سانن اور پنتالیونے سے کہا «اور یہ تم نے بڑا اچھا کیا... خوب سوجھی تمہیں... آؤ، اب دیکھیں اور کیا کچھ دوائیں دی جا سکتی ہیں...»

اس نے مریض کی نبض دیکھی — «ہوں — ذرا اپنی زبان دکھاؤ —»

خاتون بےقراری کے ساتھ لڑکے پر جھک گئیں — اس کی مسکراہٹ اور بھی پھیل گئی — اس نے اپنی نگاہیں ماں پر ڈالیں اور اس کا منہ سرخ ہو گیا —

سانن کو محسوس ہوا کہ ممکن ہے وہ کباب میں ہڈی نظر آ رہا ہو اور وہ واپس دوکان کی طرف چل دیا — لیکن ابھی اس نے مشکل سے باہر والے دروازے کا دستہ ہی چھوا تھا کہ لڑکی پھر ایک بار اس کے سامنے نمودار ہوئی اور اس کو روک کر کھڑی ہو گئی —

«جا رہے ہیں آپ؟» اس نے نرمی سے اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا «میں آپ کو روکنا نہیں چاہتی — مگر آپ کو وعدہ کرنا پڑیگا کہ آپ آج شام کو واپس آئینگے — ہم آپ کے اس قدر شکرگزار ہیں — آپ نہ ہوتے تو میرا بھائی مرجاتا — ہم آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں —— ممی چاہتی ہیں —— آپ کو بتانا پڑیگا آپ کون ہیں، اور پھر ہم ایک ساتھہ خوشی منائینگے...»

«لیکن میں آج ہی برلن جا رہا ہوں» سانن نے ہکلاتے ہوئے کہا —

«ارے بہت وقت پڑا ہے» لڑکی نے ذرا زور باندھتے ہوئے جواب دیا — «ایک گھنٹے میں آئے، اور ہمارے ساتھہ چاکلیٹ کی ایک پیالی پیجئے — اب وعدہ کیجئے! میں بھائی کے پاس جاتی ہوں — آپ آئینگے، ہے نا؟»

اب سانن کے سامنے راستہ کیا تھا؟

«میں آؤنگا» وہ بولا —

اس حسینہ نے تیزی سے اس کا ہاتھہ دبایا اور پھر سے غائب —— دوسرے لمحہ وہ سڑک پر تھا —

٤

جب سانن دوبارہ دیڑھہ گھنٹے کے بعد حلوائی کی دوکان میں واپس آیا تو اس کا خیر مقدم یوں ہوا جیسے وہ خاندان کا ھی فرد ھو — ایمیلیو اب تک اسی صوفے پر بیٹھا تھا جہاں اس کا مساج ہوا تھا — ڈاکٹر نے اس کے لئے کچھہ دوا تجویز کی تھی اور کہا تھا کہ «جذباتی ہیجان کے سلسلے میں خاص احتیاط برتی جائے» کیونکہ مریض آعصابی بیماری کا شکار تھا جس کا رجحان دل کی بیماری کی طرف تھا — اکثر پہلے بھی اس پر بیہوشی کا دورہ پڑ چکا تھا — لیکن اس سے پہلے کبھی یہ حملہ اتنا لمبا اور شدید نہیں ہوا تھا — بہر حال، ڈاکٹر نے کہا تھا کہ اب وہ خطرے سے بالکل باھر ھے — ایمیل ایک روبہ صحت آدمی کی طرح، ڈھیلا ڈھالا ڈریسنگ گاؤن پہنے ہوئے تھا — اس کی ماں نے ایک نیلا اونی رومال اس کی گردن میں لپیٹ دیا تھا — لیکن وہ خوش خوش بلکہ چہکتا ہوا نظر آ رہا تھا — صوفے کے پاس، ایک صاف شفاف میز پوش سے ڈھکی ہوئی گول میز پر، ایک بڑا سا چینی کا قہوہدان رکھا تھا اور پوری میز پر خوشبودار چاکلیٹ سے بھری ہوئی پیالیاں، شربت سے بھری ہوئی صراحی، بسکٹ اور مکھن بھرے رول رکھے تھے اور ساتھہ ھی پھول بھی — چاندی کی دو قدیم شمع دانوں میں چھہ موم بتیاں جل رہی تھیں — صوفے کے ایک طرف اونچی پشت والی ایک کرسی اپنے بازو پھیلائے آرام کی دعوت دے رہی تھی — اس پر سانن کو بٹھایا گیا — مٹھائی کی اس دوکان میں سارے رہنے والے جن سے اس دن اس کی ملاقات ہوئی تھی، وھاں موجود تھے جن میں کتا تارتالیا اور

بلی بھی شامل تھے — ہر چیز ناقابل بیان طور پر مسرت انگیز معلوم ہوئی — کتا خوشی میں خاصے دھوم دھڑکے سے چھینکے چلا جا رہا تھا — صرف بلی متاثر نہ تھی — وہ اسی طرح آنکھیں میچ رہی تھی اور کھیسیں کاڑھ رہی تھی — سانن کو بتانا پڑا کہ وہ کون ہے، کہاں سے آیا ہے اور اس کا نام کیا ہے — جب اس نے یہ بتایا کہ وہ روسی ہے تو دونوں خواتین نے ہلکے سے تعجب کا اظہار کیا اور حیرانی بھری سانس بھی لی، اور ساتھ ہی جلدی سے، دونوں نے ایک ساتھ بولتے ہوئے اس کو یقین دلایا کہ اس کی جرمن زبان لاجواب ہے، لیکن اگر وہ فرانسیسی میں بولنا چاہتا ہے تو وہ ایسا کر سکتا ہے اس لئے کہ وہ دونوں بھی پوری طرح وہ زبان سمجھتی اور بولتی تھیں — سانن اس پیش کش کا فائدہ اٹھانے سے نہ چوکا — «سانن؟ سانن!» خواتین نے کبھی یہ نہ سوچا تھا کہ روسی نام کا تلفظ اتنا آسان ہو سکتا ہے — اس کا دینی نام —— دمتری —— وہ بھی بہت اچھا تھا — بڑی بی نے کہا کہ انہوں نے اپنی جوانی میں ایک اوپیرا «Demetrio e Polibio» سنا تھا — لیکن اسے «Dimitri» تو «Demetrio» سے بھی زیادہ پسند تھا — سانن ایک گھنٹے تک اسی طرح گپ لڑاتا رہا — اور خواتین نے اپنی باری میں، اپنی نجی زندگی کی تفصیلات اس کو کہہ سنائیں — ماں، چاندی جیسے سفید بالوں والی خاتون، گفتگو کے زیادہ حصے پر حاوی رہی — سانن کو معلوم ہوا کہ اس کا نام لیونورا روسیلی ہے — اپنے شوہر، گیوانی بتستا روسیلی کی موت کے بعد، جو فرانک‌فرٹ میں دریائے مائین پر، حلوائی کی حیثیت سے، پچیس برس قبل آن بسا تھا، ایک بیوہ کی زندگی بسر کرتی رہی تھی — گیوانی بتستا وسنزا کا رہنے والا تھا — ذرا بگڑے دل اور

لڑاکو مزاج کا آدمی تھا لیکن تھا خوب آدمی ـــ سر سے پاؤں تک رپبلکن! ان الفاظ کے ساتھہ مادام روسیلی نے روغنی پینٹنگ کی طرف اشارہ کیا جو صوفے کے اوپر دیوار پر آویزاں تھی ـ مصور ـــ (جیسا کہ مادام روسیلی نے ایک ٹھنڈی سانس کے ساتھہ بتایا «وہ بھی ایک رپبلکن تھا») اس سے بہتر شباہت شاید ھی پیدا کر سکتا تھا... اس لئے کہ مرحوم گیوانی بتستا چہرے سے اس تصویر میں سخت گیر ڈاکو معلوم ھوتا تھا ـــ کچھہ رینالدو رینالدینی* کی طرح ـ مادام روسیلی خود «قدیم اور خوبصورت شہر پارما کی رہنے والی تھی جہاں گرجے کا ایک ایسا شاندار گنبد ھے اور اس میں غیر فانی کوریگیو کے کمال فن کے ایسے نمونے زندہ ھیں ـ » جرمنی میں اتنے طویل قیام کی وجہ سے وہ بالکل جرمن عورت جیسی بن گئی تھی ـ اس نے افسردگی کے ساتھہ اپنا سر ھلاتے ھوئے کہا کہ سوائے اس کی لڑکی اور لڑکے کے اس کا اپنا پرایا کوئی نہیں (اس نے یکے بعد دیگرے دونوں کی طرف اشارہ کیا) ـ لڑکی کا نام تھا جیما اور لڑکے کا ایمیل ـ وہ اچھے اور فرماں بردار بچے تھے، دونوں، خاص طور پر ایمیل ـ («اوہ، کیا میں فرماں‌بردار نہیں ھوں؟» لڑکی نے بیچ میں پوچھا... «اوہ، تم بھی رپبلکن ھو!» ماں نے جواب دیا) ـ ھاں دھندا البتہ اتنا اچھا نہیں رہا تھا جیسا کہ اس کے شوھر کی زندگی میں تھا جو مٹھائی بنانے کے معاملے میں واقعی ایک فنکار تھا... («Un grand'uomo!»** پنتالیونے نے اپنے چہرے پر بڑی سختی پیدا کرتے ھوئے کہا) ـ لیکن اسے کوئی شکوہ نہیں، سب خدا کا شکر ھے ـ

---

* ایک ضرب المثل مشہور ڈاکو ـ

** ایک بڑا آدمی ـ

جیما اپنی ماں کی بات سنتی رہی، مسکراتی رہی، ٹھنڈی سانس بھرتی رہی، ماں کے شانوں کو سہلاتی رہی، اپنی ماں کی طرف انگلی اٹھا اٹھا کر دھمکی دیتی رہی اور باربار سانن کو اچٹتی ہوئی نظروں سے دیکھتی رہی — کچھہ دیر کے بعد وہ اٹھی — اس نے اپنی ماں کے گرد باھیں ڈالیں اور اس کی گردن پر، ٹھوڑی کے ٹھیک نیچے، پیار کیا اور ماں ھنس کر چیخنے لگی — سانن سے پنتالیونے کا تعارف بھی ھوا — معلوم ھوا کہ وہ ایک زمانے میں اوپیرا میں مدھم آواز میں گاتا تھا — لیکن عرصہ ھوا اس نے اسٹیج کو خیرباد کہہ دیا تھا اور روسیلی کنبے کا فرد بن گیا تھا . . . اس کی حیثیت خاندان کے دوست اور ملازم کے بیچ بیچ کی تھی — جرمنی میں لمبے عرصے تک قیام کرنے کے باوجود جرمن بری بولتا تھا اور اس زبان میں صرف قسمیں کھا سکتا تھا اور کوس سکتا تھا — لیکن اس میدان میں بھی، چند گالیاں جو اس نے سیکھی تھیں، ان کا خون بہانے سے باز نہ آتا تھا — «Ferroflucto spiccebubbio»* کی اصطلاح ھر جرمن کے لئے استعمال کرتا تھا — اطالوی زبان نوک پلک سے درست بولتا تھا کیونکہ وہ سنی گا گلیا کا رھنے والا تھا جہاں** «lingua toscana in bocca romana!» اب بھی سنی جا سکتی ھے —

---

* «کمبخت بدمعاش» (جرمن verfluchte Spitzbube کی بگڑی ھوئی شکل —)

** توسکانیہ کی زبان اطالوی لہجے میں —

ایمیلیو ایک نرم‌رو سی روحانی خوشی کے عالم میں تھا — وہ اس شخص کے تمام خوشگوار احساسات کا لطف اٹھا رہا تھا جو ابھی ابھی خطرے کے منہ سے نکلا ہو یا نکل رہا ہو — یہ صاف تھا کہ وہ گھر بھر کی آنکھوں کا نور تھا — اس نے شرماتے ہوئے سانن کا شکریہ ادا کیا لیکن زیادہ‌تر شربتوں اور مٹھائیوں کی داد دیتا رہا — سانن کو بہترین چاکلیٹ کے دو بڑے بڑے گلاس خالی کرنے پڑے اور ڈھیروں بسکٹ کھانا پڑے — ابھی وہ مشکل سے ایک بسکٹ ختم بھی نہ کر پاتا کہ جیما دوسرا بسکٹ لے آتی اور انکار ناممکن تھا — جلد ہی وہ خانہ بےتکلف سا محسوس کرنے لگا اور وقت ناقابل یقین برق رفتاری سے پرواز کرتا رہا — سانن کو انہیں اتنا کچھ بتانا پڑا — خود روس کے بارے میں، روس کی آب و ہوا کے بارے میں، روسی سوسائیٹی کے بارے میں، روسی کسان — اور خاص طور پر کزاکوں کے بارے میں، پھر ۱۸۱۲ء کی جنگ تھی، پیوتر آعظم، کریملن، روسی گیت، گرجا کے گھنٹے تھے — دونوں خواتین کو، ہماری بیکراں اور دور افتادہ سرزمین کے بارے میں بہت کم، بہت ہی دھندلی دھندلی سی واقفیت تھی — مادام روسیلی، یا فراؤ لینورے نے (عام طور پر انہیں جس نام سے یاد کیا جاتا تھا) سانن سے یہ پوچھ کر اسے اچنبھے میں ڈال دیا کہ کیا وہ برف گھر اب تک قائم ہے جو پچھلی صدی میں پیٹرس‌برگ میں تعمیر ہوا تھا — اس نے اس قسم کا ایک دلچسپ مضمون حال ہی میں، اپنے مرحوم شوہر کی ایک کتاب *«Bellezze delle arti» میں پڑھا تھا — اور سانن کے اس تعجب‌آمیز

---

* فنون لطیفہ —

جملے کے جواب میں کہ «کیا آپ سمجھتی ھیں کہ روس میں کبھی گرمیوں کا موسم نہیں آتا؟» فراؤ لینورے نے تسلیم کیا کہ اب تک روس کے متعلق اس کا خیال یہ تھا کہ یہ جاوداں برف کی سرزمین ھے، جہاں ھر شخص سمور کے کوٹوں میں گھومتا پھرتا ھے اور جہاں کے سارے مرد فوجی ھیں ـــ لیکن لوگ بڑے مہمان نواز اور کسان بڑے سیدھے سادے ـــ سانن نے ماں بیٹی دونوں کو کچھہ ٹھیک ٹھیک معلومات بہم پہنچانے کی کوشش کی ـــ جب روسی موسیقی کا ذکر آیا تو فوراً اس سے التجا کی گئی کہ ایک روسی گیت سنائے، اور ایک چھوٹے اور سادہ سے پیانو کی طرف اشارہ کیا گیا جو کمرے میں رکھا تھا جس کی پٹریاں سفید کے بجائے کالے رنگ کی تھیں ـــ مکرر سہ کرر کا انتظار کئے بغیر اس نے درخواست مان لی اور سیدھے ھاتھہ کی دو انگلیوں اور الٹے ھاتھہ کی تین انگلیوں (انگوٹھا، بچلی انگلی اور چھنگلی) سے پیانو بجاتے ھوئے اس نے اونچی آواز میں پہلے تو «سرخ سارافان» گایا اور پھر «راستے کے کنارے کنارے» ـــ خواتین نے اس کی آواز اور موسیقی کی تعریف کی اور سب سے زیادہ تو روسی زبان کی نرمی اور گھلاوٹ کی داد دی اور گیت کے بول کا ترجمہ کرنے کا مطالبہ کیا ـــ سانن نے ان کی خواھش پوری کر دی لیکن چونکہ «سرخ سارافان» اور اس سے بھی کم «راستے کے کنارے کنارے» (اصل نظم کے مفہوم کا ترجمہ ان الفاظ میں کیا ـــ sur une rue pavée une jeune fille allait à l'eau) کے لفظی ترجمے سے سننے والوں کے دلوں میں روسی شاعری کے متعلق شاید ھی کوئی اچھی رائے قائم ھو سکتی تھی، اس لئے اس نے پہلے تو پشکن کی نظم «راحت کا ناقابل فراموش لمحہ» پڑھی، اس کا ترجمہ کیا اور آخر میں گاکر

سنائی جس کا نغمہ گلنکا نے تیار کیا تھا — اس بار خواتین میں جوش و خروش پیدا ہوا — فراؤ لینورے نے تو واقعی روسی اور اطالوی زبانوں میں زبردست یکسانیت ڈھونڈ نکالی — پشکن (جس کا تلفظ وہ «پسیکن» کرتی تھی) اور گلنکا کے نام اس کے کانوں کو مانوس لگے — اس کے بعد اب سانن کی باری آئی اور اس نے خواتین سے گانے کی درخواست کی — انہوں نے بھی کسی تکلف کے بغیر درخواست قبول کرلی — فراؤ لینورے پیانو کے پاس بیٹھ گئی اور فراؤ لینورے اور جیما دونوں نے مل کر کئی «دیوتینو» اور «استورنیلو» سنائیں — ماں کی آواز کسی زمانے میں بڑی زوردار رہی ہوگی اور لڑکی کی آواز بھی، اتنی زوردار تو نہیں، مگر دلکش ضرور تھی —

٦

لیکن سانن، جیما کی آواز سے زیادہ خود اس کا گرویدہ تھا — وہ ان سے ذرا پیچھے ایک طرف بیٹھا اپنے آپ سے کہہ رہا تھا کہ کوئی بھی پام کا پیڑ — اس وقت کے روسی شاعر، بینی‌دیکتوف (۷) کی نظموں میں بھی جو پام کے پیڑ ہیں وہ بھی... اس کے پیکر کی نزاکت اور بانکپن کا مقابلہ نہیں کر سکتے — جب جذباتی ٹکڑوں کو ادا کرتے ہوئے وہ چھت کی طرف اپنی نگاہیں اٹھاتی تو اسے لگتا کہ خود آسمان بھی ان نگاہوں کی تاب نہیں لا سکتا — بوڑھا پنتالیونے بھی — جو دروازے سے ٹیک لگائے کھڑا تھا، اور جس کی ٹھوڑی اور منہ چوڑے گلوبند سے ڈھکے ہوئے تھے اور جو ایک ماہر موسیقی کی شان اور گمبھیرتا کے ساتھ سن رہا تھا — ہاں وہ بھی لڑکی کی من موہنی صورت دیکھ کر پگھلتا ہوا معلوم ہوتا تھا — اور ظاہر

ھے وہ تو اس صورت کا عادی تھا — جب وہ دیوتینو کے آخری حصے پر پہنچی تو فراؤ لینورے نے کہا کہ ایمیل کی آواز لاجواب ھے، کھنکتی چاندی ھے، چاندی — لیکن وہ اپنی عمر کے ایک ایسے موڑ پر پہنچ گیا تھا جب آواز بدلنا شروع ھو جاتی ھے (واقعی وہ پھٹی پھٹی سی بھاری آواز میں بولتا تھا)، اور اس لئے گانا اس کے لئے ممنوع سا ھو گیا تھا — لیکن اگر، مہمان کے اعزاز میں، پنتالیونے بھی ماضی کی یاد تازہ کردے تو کیسا رھے؟ پنتالیونے نے فوراً نا پسندیدگی کی کیفیت چہرے پر طاری کرلی، تیوریاں چڑھا لیں، اور اپنے بالوں پر ھاتھوں کو دوڑاتے ھوئے کہا کہ ایک زمانہ ھوا کہ وہ یہ سب کچھ چھوڑ چکا ھے، گرچہ اپنی جوانی میں خاصا رنگ جما لیتا تھا — بہرحال اس کا تعلق اس دور سے تھا جب کہ ابھی حقیقی، کلاسیکی موسیقی زندہ تھی اور اس کا بھلا اس زمانے کی ٹیں ٹیں اور چیں چیں سے کیا مقابلہ — وہ دور تھا جب واقعی نغمے کے فن کا اپنا ایک مدرسہ تھا — اس کو، واریزے کے پنتالیونے چپاتولا کو، مودینہ میں پھولوں کا ھار پیش کیا گیا تھا اور ساتھ ھی ساتھ تھیٹر کے اندر سفید فاختائیں اڑائی گئی تھیں — ایک تھا شہزادہ، تاربوسکی، ھاں وہ روسی تھا — « il principe Tarbusski »—اس سے اس کے تعلقات بڑے دوستانہ تھے، وہ اسے ھمیشہ کھانے پر مدعو کیا کرتا تھا اور روس چلنے کی دعوت دیا کرتا تھا اور کیا کیا وعدے کیا کرتا تھا، سونے کے پہاڑ دونگا سونے کے پہاڑ! لیکن وہ اٹلی کو، دانتے کی دھرتی کو il paese del Dante! —چھوڑنے کا خیال برداشت نہیں کر سکتا تھا — بعد میں، البتہ، برے واقعات رونما ھوئے، اور وہ کافی احتیاط سے کام نہ لے سکا... یہاں پہنچ کر بڈھا

خاموش ہو گیا . . . اس کی پلکیں جھک گئیں، دو تین بار اس نے ٹھنڈی سانس لی اور پھر فن نغمہ کے کلاسیکی دور کے بارے میں اور گارسیا کے اونچے سر میں مشہور کمال فن کے بارے میں باتیں کرنے لگا جس کے لئے اس کے دل میں بے پناہ قدر و قیمت تھی —

«وہ تھا یکتائے روزگار!» وہ چلایا «il gran Garcia» اس نے کبھی بھی — آج کے اونچے سر میں گانے والوں کی طرح فالسیتو نہیں گایا — اس کے سکے سارے کے سارے کھرے تھے — «voce di petto. sil* اس نے اپنی چھوٹی اور سوکھی ہوئی مٹھی اپنی قمیص کی جھالر پر مارتے ہوئے کہا — «اور واہ کیا اداکار تھا! ایک جوالا مکھی Signori miei ** — ایک جوالا مکھی، lun Vesuvio Dell'illustrissimo maestro *** روسینی کے اوپیرا «اوتھیلو» میں مجھے اس کے ساتھ گانے کی مسرت اور عزت حاصل ہوئی تھی — گارسیا اوتھیلو کا نغمہ گا رہا تھا اور میں ایاگو کا — اور جب وہ پہنچا ہے ان الفاظ پر . . . » یہاں پہنچ کر پنتالیونے نے ایک خاص پوز اختیار کیا اور بھاری بھاری سی تھرتھراتی ہوئی آواز میں گانے لگا جو اب تک پراثر تھی:

L'i ... ra daver ... so daver ... so il fato
Io più no ... no ... no non temerò! ****

---

* دل کی آواز، ہاں —
** جناب من —
*** مشہور استاد —
**** میں اب قسمت کے ہنس سے نہیں ڈرونگا —

«سارا تھیٹر لرز اٹھا... Signori miei! لیکن میں نے اپنے قدم جمائے رکھے اور اس کے بعد گایا:

L'i ... ra daver ... so daver ... so il fato
Temèr più non dovró!*

«اور اچانک وہ پھٹ پڑا — بجلی کی طرح، شیر کی طرح:

'Morro! .. ma vendicato!'**

«اور جب «Matrimonio segreto»*** کے مشہور ہوا والا حصہ وہ گاتا تھا... اور جب وہ ان الفاظ پر پہنچتا تھا... L'cavalli di galoppo**** تو ذرا تم اس il gran Garcia کو گاتے ہوئے سنتے... Senza posa caccierá ...اف کتنا شاندار !.. com'é stupendo! وہ...» بڈھے نے غیر معمولی «فیوریتورا» گانا شروع کیا، لیکن نو یا دس بند کے بعد رک گیا — اپنا گلا صاف کیا اور بڑبڑاتا ہوا ایک طرف ہٹ گیا «مجھے ستاتی کیوں ہو؟» جیما فوراً اپنی کرسی سے اچھل پڑی اور تالیاں بجانے لگی اور «شاباش! شاباش!» کہتی ہوئی ایک طرف کھڑے ہوئے بدنصیب ایاگو کی طرف دوڑی اور اپنے دونوں ہاتھوں سے اس کے کندھے تھپتھپائے — صرف ایمیل بے رحمی کے ساتھ ہنستا رہا — لیکن ایک

---

* مجھے ہرگز اب قسمت کے ہنس سے خوف نہیں کھانا چاہئے!

** میں مرونگا!.. لیکن انتقام کے بعد—

*** اٹلی کے نغمہساز (۱۷۰۱ء—۱۷۴۹ء) دومی نیکو چیماروزے کا اوپیرا «خفیہ شادی» —

**** برق رو گھوڑا—

*) ہم گھوڑے دوڑاتے رہینگے — ہم دم نہ لینگے —

زمانہ پہلے لا فونتین نے لکھا تھا : Cet âge est sans pitié —— اس دور کو نہیں معلوم رحم کیا چیز ہے —

سانن نے بڈھے مغنی کو دلاسا دینے کی کوشش کی اور اس سے اطالوی زبان میں بات کرنے لگا (اس نے اپنے سفر کے دوران میں تھوڑی بہت سیکھ لی تھی) — اس نے *«paese del Dante, dove il si suona» کا ذکر کیا — اس کے ساتھ ایک جملہ **«Lasciate ogni speranza» اطالوی شاعری کے متعلق اس نوجوان سیاح کی کل معلومات ان دو جملوں پر مشتمل تھی — لیکن پنتالیونے پر اس کی اس دلجوئی کا کوئی اثر نہ ہوا — اس نے اپنی ٹھوڑی کو گلوبند میں چھپا لیا اور اداس اداس نظروں سے دیکھنے لگا — وہ اور بھی زیادہ چڑیا کی طرح، غصے سے بھری ہوئی چڑیا کی طرح دکھائی دینے لگا —— کوا یا چیل! پھر ایمیل، ایک شوخ اور لاڈلے بچے کی طرح اپنے چہرے پر ہلکی سی سرخی لاتے ہوئے اپنی بہن کی طرف مڑا اور بولا کہ اگر مہمان کے لئے دلچسپی کا سامان فراہم کرنا چاہتی ہو تو پھر مالتس کی کوئی مزاحیہ چیز سناؤ —— اس سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہو سکتی... تم اتنا بڑھیا پڑھتی ہو — جیما ہنسی اور اس کے ہاتھ پر ہاتھ مارا اور بولی کہ وہ ہمیشہ مسخراپن کیا کرتا ہے — لیکن پھر بھی وہ فوراً اپنے کمرے میں گئی اور ایک چھوٹی سی کتاب کے ساتھ واپس آئی اور میز پر چراغ کے پاس بیٹھ

---

* دانتے کے دیس میں جہاں لفظ «ہاں» کی جگہ اطالوی زبان میں «si» گونجتا ہے —

** ہمیشہ کے لئے، امید کا دامن چھوڑ دو» (دانتے) —

گئی، چاروں طرف نظر دوڑائی، ایک انگلی اٹھائی جیسے خالص اطالوی انداز میں «براہ کرم خاموش!» کہہ رہی ہو — اور پڑھنا شروع کر دیا —

۷

مالتس ایک ادیب تھا جو ۱۸۳۰ء اور اس کے بعد کے زمانے میں فرانکفرٹ میں رہتا تھا اور مقامی بولی میں، ہلکی پھلکی قسم کی، چھوٹی چھوٹی مزاحیہ چیزیں لکھتا تھا — وہ مقامی مثالی کرداروں کو ایسے مزاحیہ رنگ میں پیش کرتا جو گہرا اور پاکیزہ نہ سہی، پر لطف اور دلچسپ ضرور ہوتا تھا — مجھے محسوس ہوا کہ جیما واقعی خوب پڑھتی ہے — بالکل پیشہ‌ور اکٹرس کی طرح — وہ ہر کردار کی خصوصیتوں کو نمایاں کرتی اور شروع سے آخر تک نقل اتارنے کے فن کو اپناتے ہوئے، اجاگر رکھتی — یہ تو وہ فن تھا جو اس کے اطالوی خون میں دوڑ رہا تھا — جب ایک نیم‌پاگل یا احمق قسم کے داروغہ شہر کی نقل اتارنے کی نوبت آئی تو اس نے نہ اپنی دلکش آواز پر رحم کیا اور نہ اپنے حسین خد و خال پر... منہ بگاڑ بگاڑ کر، حددرجہ مضحکہ خیز چہرے بنائے، کبھی اپنی آنکھیں گول گول بنا کر نچائیں، کبھی ناک سکیڑی، کبھی تتلا کر بولی، کبھی چیخیں مار کر... پڑھتے ہوئے وہ ایک بار بھی خود نہیں ہنسی لیکن ہاں جب اس کے سننے والوں نے (سوائے پنتالیونے کے جو quel ferroflucto Tedesco* کا سوال اٹھتے ہی وہاں سے چل دیا تھا) اپنے

---

* کمبخت جرمن کے بارے میں —

قہقہوں سے مداخلت کی تو اس کے منہ سے قہقہہ پھٹ پڑا، اس کے ہاتھ سے کتاب چھوٹی اور گھٹنوں پر آ رہی، اس نے اپنا سر پیچھے کی طرف جھٹکا اور گونجتے ہوئے قہقہوں میں کھو گئی — اس کی گردن اور لرزتے ہوئے شانوں پر، اس کے سیاہ بالوں کے نرم نرم گھونگھر ناچنے لگے — جیسے ہی کمرے میں قہقہے بند ہوئے، اس نے اپنی کتاب پھر اٹھائی اور پھر ایک بار اپنے چہرے پر وہی کیفیت پیدا کرتے ہوئے سنجیدگی سے پڑھنے لگی — سانن پر جادو ہو گیا تھا —— وہ مبہوت تھا، جو چیز اسے سب سے زیادہ متاثر کر رہی تھی، یہ تھی کہ کلاسیکی حد تک یہ حسین چہرہ کتنی آسانی سے مزاحیہ اور کبھی کبھی بالکل روزمرہ کے عام چہرے کا رنگ اختیار کر لیتا ہے — نام نہاد «jeunes premières» —— نوجوان لڑکیوں کا پارٹ —— ادا کرنے میں جیما کو خاطر خواہ کامیابی نہیں حاصل ہو رہی تھی — اسے خود اس کا احساس تھا اس لئے وہ ایسے مناظر کو ہلکے سے مذاق اڑانے کے انداز میں پڑھ رہی تھی — جیسے اسے ان مقدس قسموں اور بلند بانگ تقریروں پر یقین نہ ہو جن سے دامن بچانے کی کوشش جہاں تک ممکن تھا خود مصنف نے کی تھی —

سانن کو پتہ بھی نہ چلا کہ شام کس طرح گزر گئی اور اسے صرف اس وقت اپنے سفر کا خیال آیا جب گھڑی نے دس بجائے — وہ اچھل کھڑا ہوا جیسے کسی چیز نے اسے ڈس لیا ہو —

«کیا بات ہے؟» فراؤ لینورے نے کہا —

«ارے —— آج تو مجھے برلن روانہ ہونا ہے —— میں ڈاک گاڑی میں اپنے لئے ایک جگہ کا انتظام کرا چکا ہوں!»

«ڈاک گاڑی روانہ کب ہوتی ہے؟»

«ساڑھے دس بجے!»

«پھر تو بہرحال اب وقت نہیں رہا» جیما نے کہا «رک جاؤ . . . میں ابھی اور پڑھ کر سناؤنگی — »

«تم نے پورا روپیہ ادا کر دیا ہے یا صرف پیشگی ادا کی ہے؟» فراؤ لینورے نے پوچھا —

«سارا روپیہ!» سانن منہ بناتے ہوئے اور زور دے کر کراہتے ہوئے کہا —

جیما نے اپنی آنکھیں میچ کر اسے دیکھا اور ہنسی — اس کی ماں نے اسے ڈانٹ بتائی —

«اس نوجوان نے اپنا روپیہ مفت میں گنوا دیا اور تم ہنس رہی ہو!»

«پروا نہیں» جیما نے کہا «اس سے دل تو نہیں ٹوٹ جائیگا بیچارے کا — ہم دل پر پھایا رکھنے کی کوشش کرینگے — آؤ لیمونیڈ پیو — »

سانن نے ایک گلاس لیمونیڈ پیا اور جیما نے مالتس کو پڑھ کر سنانا شروع کیا اور پھر وقت پہلے ہی کی طرح خوشگوار کٹنے لگا — گھڑی نے بارہ بجائے — سانن رخصت ہونے کے لئے کھڑا ہو گیا —

«اب تمہیں چند دن اور فرانک‌فرٹ میں رکنا پڑیگا» جیما نے کہا «اتنی جلدی کرنے کی ضرورت نہیں — کسی اور شہر میں اس سے زیادہ اچھا تو ہوگا نہیں — » وہ ذرا رکی — «واقعی اس سے زیادہ اچھا نہ ہوگا» اس نے مسکراتے ہوئے کہا —

سانن نے کوئی جواب نہ دیا لیکن دل ھی دل میں بولا چاھے میں چاھوں یا نہ چاھوں، خالی جیب مجھے فرانکفرٹ میں اس وقت تک رکنے پر مجبور کریگی جب تک کہ برلن سے میرا دوست روپیہ نہ بھجوائے جس سے میں اب قرض منگوا ؤنگا —

«ھاں ضرور ٹھہرو» فراؤ لینورے نے کہا — «ھم جیما کے منگیتر سے تمہاری ملاقات کرائینگے —— ھیر کارل کلیوبر سے — آج وہ نہیں آ سکا اس لئے کہ وہ اپنی دوکان میں مصروف تھا... غالباً تم نے اس کو تسیل پر دیکھا ھوگا —— شہر میں کپڑے اور ریشم کی سب سے بڑی دوکان —— وہ اس دوکان کا مالک ھے — لیکن اسے تم سے مل کر خوشی ھوگی —»

خدا جانے کیوں، اس اطلاع نے سانن کے دل کو غم گین بنا دیا — «خوش نصیب آدمی!» اس کے دماغ میں کوند گیا — جیما پر نظر ڈالتے ھوئے اس کی آنکھوں میں سانن کو تمسخر سا جھلکتا نظر آیا — وہ رخصت ھونے لگا —

«کل تک کے لئے؟ کل آؤگے، آؤگے نا؟» فراؤ لینورے نے پوچھا —

«کل تک کے لئے!» جیما نے سوالیہ لہجے میں نہیں بلکہ اثباتی لہجے میں کہا جیسے دوسری بات ھو ھی نہیں سکتی —

«کل تک کے لئے!» سانن نے جواب دیا —

ایمیل، پنتالیونے اور کتا تارتالیا اس کو نکڑ تک چھوڑنے گئے — پنتالیونے، جیما کے پڑھنے پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کئے بغیر نہ رہ سکا —

« اسے شرم آنی چاهئے! منه بنانا، چیخنا —— una carricatura! اسے تو میروپ یا کلاتی‌منسترا کا پارٹ ادا کرنا چاهئے —— کوئی بڑی چیز، المیه، اور وه کسی گھٹیا جرمن کی نقل کرکے خود کو محظوظ کرتی ہے— میں خود یه سب کر سکتا ہوں —— مہرز، کرز، شمرز— » اس نے اپنی ٹھوڑی نکالتے ہوئے اور اپنی انگلیوں کو پھیلاتے ہوئے بھاری لہجے میں کہا —

تارتالیا اس پر بھونکا اور ایمیل قہقہه لگانے لگا — بڈھا یکایک مڑا اور لوٹ گیا —

سانن « سفید ہنس » میں واپس آیا (اس نے اپنی چیزیں وہاں پیش دالان میں چھوڑ دی تھیں) — اسے اپنی آنکھوں میں اندھیرا سا چھاتا ہوا محسوس ہو رہا تھا — اس کے کانوں میں جرمن، فرانسیسی اور اطالوی آوازیں گونج رہی تھیں —

« منگیترا! » اپنے ہوٹل کے سستے کمرے میں بستر پر لیٹتے ہوئے اس نے آہستہ سے کہا — « اف! کیا حسینہ ہے! لیکن میں ٹھہر کیوں گیا؟ »

بہر حال، اگلے دن اس نے اپنے برلن والے دوست کو خط لکھه بھیجا —

۸

ابھی اس نے کپڑے بھی نہیں بدلے تھے کہ ہوٹل کے ملازم نے بتایا کہ دو صاحب اس سے ملنا چاہتے ہیں — ان میں سے ایک تو ایمیل تھا اور دوسرا —— ایک لمبا تڑنگا جوان، پراثر وجیہه صورت اور ترشے ہوئے خد و خال —— یه تھا ہیر کارل کلیوبر، شعله رو جیما کا منگیتر —

غالباً، فرانک‌فرٹ بھر میں، اس کی طرح مہذب، رکھ رکھاؤ والا، سنجیدہ اور خوش اخلاق دوکاندار ایک بھی نہ تھا — اس کا بے داغ صاف ستھرا لباس اس کے حسن سلوک اور چال ڈھال اور ٹپ ٹاپ پر خوب پھب رہا تھا —— یہ ٹھیک ہے کہ اس کی وضع قطع اور برتاؤ میں انگریزی طرز کے مطابق (اس نے دو برس انگلستان میں بسر کئے تھے) تکلف اور رکھ رکھاؤ کا انداز شامل تھا —— لیکن پھر بھی اس کے طرز عمل میں ایک پر کشش خوش سلیقگی تھی — ایک ہی نظر میں یہ صاف معلوم ہو گیا کہ اس شکیل، قدرے درشت، نہائیت شائستہ اور سانچے میں ڈھلے ہوئے پاکیزہ سے نوجوان کو اپنے بالاتر لوگوں سے دبنے اور اپنے ماتحتوں پر سکہ چلانے کی عادت ہے اور یہ کہ دوکان میں جب وہ کاؤنٹر کے پیچھے کھڑا ہوتا ہوگا تو گاہکوں کے دل میں اس کے لئے ضرور عزت و احترام کا جذبہ پیدا ہوتا ہوگا — اس کی مافوق الفطرت حد تک بڑھی ہوئی ایمانداری پر ذرا شبہہ نہ ہو سکتا تھا —— اس کے سخت کلف دار کالر پر ایک نظر ڈالنا ہی اس کا قائل کرنے کے لئے کافی تھا — اور اس کی آواز بالکل ویسی ہی تھی جیسی کہ توقع ہو سکتی تھی —— گھلاوٹ اور ایک پر اعتماد گونج بھری، لیکن زیادہ پاٹ دار نہیں — اس کے لہجے میں ایک نرم دلی تھی — ایسی آواز دوکان میں چھوٹے کارکنوں پر حکم چلانے کے لئے بہت ہی موافق تھی «ذرا وہ سرخ لیون مخمل دکھا دینا!» یا «خاتون کے لئے ذرا وہ کرسی اٹھا لاؤ!»

ہیر کلیوبر نے بات چیت کا آغاز اپنے تعارف سے کیا — تعارف کراتے ہوئے اس نے بڑی شرافت سے اپنا جسم آگے کی طرف جھکا لیا تھا — وہ اپنے پیروں کو عجز و انکسار سے حرکت دے رہا تھا

اور اتنے اخلاق سے ایڑی سے ایڑی ملا کر بات کر رہا تھا کہ آدمی یہ سوچے بغیر نہیں رہ سکتا تھا: «یہ یقینی اعلیٰ ترین روحانی خوبیوں کا آدمی ہوگا!» بائیں ہاتھہ میں جو سویڈ کے دستانے میں چھپا ہوا تھا ایک اونچی دیوار کی ہیٹ تھی جس کی سطح آئینے کی طرح چمک رہی تھی — اس کے اندر دوسرا دستانہ پڑا ہوا تھا — اس کے کھلا ہوا دایاں ہاتھہ، جو اس نے انکسارآمیز حوصلہ افزائی کے ساتھہ سانن کی طرف بڑھایا، ہر وہم و قیاس سے بڑھہ چڑھہ کر نکلا —— ہر ہر ناخن اپنی اپنی جگہ پر ایک فنی کارنامہ تھا — اس نے انتہائی شستہ اور سلیس جرمن میں بتایا کہ وہ اس بدیسی بھلے مانس شریف آدمی کے لئے احترام و ممنونیت کے جذبے کا اظہار کرنا چاہتا ہے جس نے اس کے ہونے والے رشتہ‌دار، اس کے سالے کے لئے اتنا کچھہ کیا — ان الفاظ کے ساتھہ اس نے ہیٹ والا بایاں ہاتھہ ایمیل کی طرف اٹھایا جو منہ میں انگلی دبائے کھڑکی کی طرف مڑ گیا جیسے کچھہ گھبرا اور بوکھلا گیا ہو — ہیر کلیوبر بولا کہ اگر وہ اس پردیسی نیک آدمی کے کام آ سکا تو اسے اپنی خوش نصیبی تصور کریگا — سانن نے اپنی اٹکتی ہوئی جرمن زبان میں جواب دیا کہ اسے بھی خوشی ہوئی اور یہ کہ اس نے جو کچھہ کیا تھا معمولی بات تھی — اور پھر اس نے اپنے مہمانوں سے بیٹھنے کی درخواست کی — ہیر کلیوبر نے اس کا شکریہ ادا کیا اور بجلی کی سی پھرتی سے اپنے کوٹ کے لمبے دامن کو پھیلا کر کرسی میں دھنستے ہوئے بہت آہستہ سے بیٹھا — وہ کرسی پر کچھہ اتنا بے سہارا سا ٹکا ہوا تھا کہ بھانپنے میں ذرا دقت نہ ہو سکتی تھی کہ یہ آدمی یہاں محض اخلاقاً ٹکا ہوا ہے اور ایک لمحے میں یہاں سے

دم دباکر بھاگتا نظر آئیگا — اور واقعی وہ فوراً وہاں سے چلتا بنا — جاتے جاتے اس نے قدرے انکسار کے ساتھہ ناچ کے انداز سے قدم اٹھائے اور کہا کہ بدقسمتی سے وہ زیادہ دیر ٹھہر نہیں سکتا کیونکہ اسے دوکان جلدی پہنچنا ہے — پہلے کاروبار! پھر اور کچھہ! لیکن اگلے دن اتوار ہے — اس لئے اس نے فراؤ لینورے اور فراؤلین جیما کی رضامندی سے ذرا سودن کی سیر کا پروگرام بنایا ہے — اس سیر و تفریح میں شرکت کی دعوت اس نے اس پردیسی مہمان کو بھی دی اور اس امید کے اظہار کی بھی جرأت کی کہ وہ اس موقع کو اپنی موجودگی سے زینت بخشنے سے انکار نہیں کریگا — سانن نے اپنی موجودگی سے سیر و تفریح کے اس موقع کو زینت بخشنے سے انکار نہیں کیا — اور اس کے بعد ہیر کلیوبر، احترام و عزت کے کلمات دہراتے ہوئے وہاں سے چل دیا — اس کی مٹر کی‌طرح ہری پتلون بڑے خوشگوار انداز میں کوند رہی تھیں اور اس کے چمکتے ہوئے جوتوں کی مچ مچاھٹ بھی کچھہ کم خوشگوار نہ تھی —

۹

ایمیل، جو سانن کی طرف سے بیٹھنے کی دعوت کے باوجود اسی طرح کھڑکی کے پاس کھڑا تھا، اپنے ہونے والے نسبتی بھائی کے پیٹھہ پھیرتے ھی اپنی ایڑیوں پر گھوما — اس نے منہ سرخ کرتے ہوئے، اور بچے کی طرح ذرا منہ کو پھلاتے ہوئے سانن سے پوچھا کیا وہ کچھہ دیر اور یہاں رک سکتا ہے — «آج میں اتنا اچھا ہوں» اس نے کہا «لیکن ڈاکٹر کہتے ہیں مجھے کام نہیں کرنا چاہئے —»

«ضرور ٹھہرو! تمہاری وجہ سے میرے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی» سانن فوراً بولا — ایک سچے روسی کی طرح، جو بیکار پڑے رہنے کے لئے بس بہانہ ڈھونڈتا رہتا ہے —

ایمیل نے اس کا شکریہ ادا کیا اور فوراً اس سے شیر و شکر اور کمرے سے مانوس ہو گیا — اس نے سانن کی چیزوں کا جائیزہ لیا — قریب قریب ہر چیز کے بارے میں اس نے پوچھ ڈالا کہ فلاں چیز اس نے کہاں خریدی اور فلاں چیز کا کیا مصرف ہے — اس نے شیو کرنے میں سانن کی مدد کی اور ساتھ ہی کہا کہ اس کے بھی اب مونچھیں نکلنی چاہئیں — اور آخر میں اس نے رازدارانہ طور پر سانن کو اپنی ماں، اپنی بہن، پنتالیونے اور یہاں تک کہ اپنے کتے تارتالیا کے بارے میں بھی بہت سی تفصیلات اور ان کے رہن سہن کے قصے سنا ڈالے — اس میں پچھلی جھجک اور شرم کا شائبہ تک باقی نہ تھا — اس نے اچانک محسوس کیا کہ کوئی طاقت اسے بے بس کئے دے رہی ہے اور اس کا دل سانن کی طرف کھنچ رہا ہے — اور اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ اس نے اس کی جان بچائی تھی بلکہ اس لئے کہ وہ تھا ہی اتنا بھلا، اتنا اچھا آدمی — اس نے اپنا وقت رائگاں نہ جانے دیا اور فوراً اپنے دل کے سارے راز اس کے سامنے کھول کر رکھ دئے — اس نے اس بات پر خاص زور دیا کہ امی اسے دوکاندار بنانے پر تلی ہوئی ہیں لیکن اسے اس کا پورا پورا یقین تھا کہ وہ پیدائیشی فنکار ہے، ایک موسیقار، ایک مغنی، تھیٹر ہی اس کا اصلی میدان ہے — یہاں تک کہ پنتالیونے بھی اس کا حوصلہ بڑھاتا ہے، مگر ہیر کلیوبر امی کی طرف ہے جن پر اس کا بڑا اثر ہے — اس کو ایک دوکاندار بنانے کا خیال کلیوبر کی اپج ہے

جس کے خیال میں سوداگری سے بڑھ کر کوئی دوسرا پیشہ ہو ہی نہیں سکتا! کپڑا اور مخمل بیچنا، گاھکوں کو الو بنانا، «Narren — oder Russen-Preise»* ان کو ٹھگ کر روسیوں کے دام اینٹھنا — یہ تھا اس کا آدرش!

«اچھا اب کافی وقت ہو گیا — آؤ میرے ساتھہ گھر چلو!» جیسے ہی سانن نے کپڑے پہنے اور برلن خط لکھنا ختم کیا، لڑکا بولا —

«ابھی بہت سویرا ہے» سانن بولا —

«ارے کوئی ہرج نہیں» ایمیل نے اس کے قریب جاتے ہوئے کہا «چلنا چاھئے! ہم ڈاک خانے چلیں گے اور وھاں سے گھر — جیما تم سے مل کر کتنا خوش ہوگی! تم ہمارے ساتھہ ناشتہ کر لینا... تم مجھ سے میرے بارے میں، میرے مستقبل کے بارے میں بات کر سکتے ہو...»

«اچھا تو پھر ٹھیک ہے» سانن نے کہا اور دونوں ساتھہ چل دئے —

۱۰

واقعی جیما اسے دیکھہ کر خوش نظر آئی اور فراؤ لینورے نے محبت سے اس کی آؤ بھگت کی — ظاھر تھا کہ پچھلے دن اس نے ان دونوں پر خوشگوار اثر چھوڑا تھا — ایمیل نے پہلے سانن کے

---

* پہلے — (اور ان دنوں بھی ایسا ھی ھوتا ہے) — مئی کے مہینے میں، جب بہت سے روسیوں کا قافلہ فرانکفرٹ آتا تو ساری دوکانوں میں چیزوں کی قیمت چڑھہ جاتی تھی اور اس کو «Russen» (روسیوں کی) یا — افسوس! «Narren — Preise» (احمقوں کی) قیمت کے نام سے یاد کیا جاتا تھا! (مصنف —)

کان میں آہستہ سے کہا «یاد رہے بھولنا مت!» اور ناشتے کو کہنے کے لئے چلا گیا —

«نہیں بھولونگا» سانن نے جواب دیا —

فراؤ لینورے کی طبیعت کچھہ نا ساز تھی — وہ درد سر میں مبتلا تھی — وہ ایک کرسی پر بیٹھی تھی اور کوشش کر رہی تھی کہ بنا ہلے ڈولے بیٹھی رہے — جیما ڈھیلا ڈھالا سا پیلے رنگ کا کرتا پہنے ہوئے تھی جو کمر پر ایک کالی پیٹی سے کسا ہوا تھا — وہ بھی تھکی تھکی نظر آ رہی تھی، ذرا زرد زرد سی — اس کی آنکھوں کے نیچے کالے حلقے سے دکھائی دے رہے تھے لیکن ان کی وجہ سے آنکھوں کی چمک میں کوئی کمی نہیں ہوئی تھی — اس کی ہلکی ہلکی زرد رنگت نے اس کے خد و خال کے کلاسیکی تیکھے پن میں ایک پراسرار سلوناپن پیدا کر دیا تھا — آج اس کے ہاتھوں کی کومل سندرتا سانن کی آنکھوں میں کھب کے رہ گئی —— جب اس نے اپنی زلفوں کے چمکتے ہوئے سیاہ گھونگھر کو سنوارنے کے لئے اپنے ہاتھہ اٹھائے تو سانن اپنی آنکھیں اس کی لمبی، پتلی اور نازک انگلیوں سے ایک پل کو بھی نہ ہٹا سکا — اس کی نظریں جمی کی جمی رہ گئیں — یہ انگلیاں رافیل کی فورنارینا کی انگلیوں کی طرح تھیں —

دن بڑا گرم تھا — ناشتے کے بعد سانن جانے کے لئے اٹھا لیکن اس سے کہا گیا کہ ایسے دن میں بہترین طریقہ یہ ہے کہ آدمی جہاں ہو وہیں دبکا بیٹھا رہے —— اور سانن مان گیا — وہ رک گیا — پچھواڑے کے کمرے میں، جہاں وہ میزبان خواتین کے ساتھہ بیٹھا تھا، ٹھنڈا ٹھنڈا اور اچھا لگ رہا تھا — کھڑکیاں ایک چھوٹے سے باغ میں کھلتی تھیں جو ببول کی جھاڑیوں سے بھرا ہوا تھا —

گھنے پتوں کے جھنڈ کے درمیان، جہاں سنہرے پھول کھلے ہوئے تھے، ان گنت شہد کی مکھیاں، بھونرے اور بھڑ ایک ساتھ بڑے شوق سے گا رہے تھے — مسلسل ان کی بھنبھناہٹ، کھڑکی کے نیم‌وا پٹ اور پردے سے کمرے میں آ رہی تھی — یہ آواز باہر کی چاچلاتی ہوئی گرمی کی چغلی کھا رہی تھی اور چھوٹے سے آرام‌دہ اور محفوظ کمرے کی ٹھنڈک اور بھی راحت بخش محسوس ہو رہی تھی —

سانن بہت سی باتیں کرتا رہا جیسا کہ اس نے پچھلے دن کیا تھا — لیکن آج اس نے صرف روس اور روسی زندگی کی باتیں نہیں کیں — اس کا چھوٹا سا دوست ناشتے کے بعد بہی کھاتے کا گر سیکھنے کے لئے سیدھا ہیر کلیوبر کے یہاں چلتا کر دیا گیا — اس کا جی خوش کرنے کے لئے سانن نے گفتگو کا رخ، آرٹ اور تجارت کے نسبتاً فائدے اور نقصان کی بحث کی طرف پھیر دیا — جب فراؤ لینورے نے تجارت کی طرف داری کی تو اسے ذرا تعجب نہ ہوا — اس کو اسی کی توقع تھی — لیکن جیما نے بھی اپنی ماں کی رائے کا ساتھ دیا —

« اگر تمہیں ایک فنکار ہونا ہے —— خاص طور پر ایک مغنی » اس نے پرزور انداز سے ہاتھ کو نیچے کی طرف جھٹکتے ہوئے کہا « تو پھر تمہیں بہت اونچا فنکار ہونا چاہئے — اس کے علاوہ اور کچھ ہونے سے کام نہ چلے گا — اور کون جانے تم کبھی اس بلندی تک پہنچ بھی سکوگے یا نہیں؟ »

پنتالیونے نے بھی اس بحث میں حصہ لیا (اس کی طویل خدمات اور اس کی عمر نے اس کو اپنے مالکوں کے سامنے بیٹھنے کا حق دے دیا تھا — اور اطالوی تہذیب و ادب کے اتنے پابند بھی نہیں) — قدرتی طور پر پنتالیونے سرتاپا آرٹ کا رسیا تھا — سچی بات تو یہ ہے

کہ اس کی دلیلیں کچھہ کمزور تھیں — اس نے یہ بتانا شروع کیا کہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ d'un certo estro d'inspirazione ہونا چاہئے —— ایک ایسی خواہش جو جذبے اور دلی شوق سے پیدا ہو — فراؤ لینورے نے جواب دیا کہ تم میں خود بلاشبہہ وہ جوش و جذبہ موجود تھا لیکن پھر بھی ...

« میں تو دشمنوں میں گھرا ہوا تھا » پنتالیونے نے منہ بگاڑتے ہوئے کہا —

« اگر ایمیل میں یہ جذبہ پیدا بھی ہو جائے تو تجھے یہ کیسے معلوم ہو گیا کہ اس کے دشمن نہیں ہونگے » بے ساختہ اطالوی انداز سے، فراؤ لینورے « تجھے » کا بے تکلف لب و لہجہ اختیار کرتے ہوئے بولی —

« بہت اچھا تم اسے بنیا بنا دو بنیا» پنتالیونے نے گرم ہوکر کہا «لیکن گیوان بتستا، خود حلوائی ہوتے ہوئے کبھی ایسا نہ کرتے — »

« گیوان بتستا، میرے شوہر، ایک معقول آدمی تھے —— اور اگر وہ اپنی جوانی میں ذرا گرم مزاج تھے تو... »

لیکن بڈھے نے کان دھرنے سے انکار کر دیا اور غصے میں بکتا جھکتا اور یہ دھراتا ہوا چلا گیا «آہ گیوان بتستا! » جیما نے کہا کہ اگر ایمیل کے دل میں دیش بھگتی کا جذبہ ہے، اگر وہ اپنی ساری قوت اٹلی کی آزادی کے لئے تج دینا چاہے تو اسے اتنے بلند اور مقدس آدرش کے لئے ایک یقینی شاندار مستقبل کی قربانی دینے کی اجازت دی جا سکتی ہے —— مگر تھیٹر کے لئے ہرگز نہیں — یہاں پہنچ کر فراؤ لینورے کے چہرے سے پریشانی کی کیفیت جھلکنے لگی اور اس نے اپنی بیٹی سے التجا کی کہ اپنے بھائی کو

گمراہ نہ کرے اور خود ایسی سر پھری ریبلکن بنی رہنے پر اکتفا کرے اور بس — ان الفاظ کے ساتھہ فراؤ لینورے کے منہ سے ایک ہلکی سی کراہ نکلی اور اس نے درد سر کی شکایت کی — اور کہا لگتا ہے کہ سر « پھٹ جائیگا » — (فراؤ لینورے، مہمان کے اعزاز میں اپنی بیٹی سے فرانسیسی زبان میں بات کر رہی تھی —)

جیما نے فوراً اپنی ماں کی تیمار داری شروع کر دی — اس نے پہلے تو اس کے سر کو یوڈی کلون سے ترکیا اور پھر پیشانی پر ہولے ہولے پھونکنا شروع کیا — بڑی نرمی سے اس کے گال کو چومتے ہوئے اس نے اس کا سر تکیئے پر رکھا اور اس کو بولنے سے باز رہنے کی تاکید کی — اور ایک بار پھر اسے چوما — پھر سانن کی طرف مڑتے ہوئے اس نے دل لگی کے لہجے میں کہنا شروع کیا (اور یہ لہجہ اس کے اصلی جذبات کو چھپانے میں ناکام تھا) کہ اس کی ماں کتنی لاجواب ماں ہے اور اف جوانی میں وہ کتنی حسین تھی — « لیکن میں یہ کیوں کہہ رہی ہوں کہ وہ حسین تھیں — اس وقت بھی وہ کتنی پیاری ہیں! ذرا دیکھو ان کو — کتنی حسین ہیں ان کی آنکھیں! »

جیما نے فوراً اپنی جیب سے ایک سفید رومال نکالا اور اس سے اپنی ماں کا منہ ڈھک دیا — اور پھر ایک کونا پکڑکر اسے سرکانے لگی — پہلے تو پیشانی نظر آئی، پھر بھویں، اس کے بعد فراؤ لینورے کی آنکھیں — اس نے ایک لمحہ انتظار کیا اور اپنی ماں سے آنکھہ کھولنے کے لئے کہا — ماں نے آنکھیں کھول دیں — جیما کے منہ سے تعریفی چیخ نکل گئی (فراؤ لینورے کی آنکھیں واقعی بڑی حسین تھیں) اور پھر رومال کو چہرے کے نچلے حصوں پر سے سرکاتے

ہوئے جو اتنے ترشے ہوئے نہ تھے، دوبارہ اپنی ماں کو چومنا شروع کر دیا — فراؤ لینورے نے اپنے سر کو پیچھے جھٹکتے ہوئے اور جھوٹ موٹ اپنی بیٹی کو پرے دھکیلتے ہوئے، قہقہہ بلند کیا — جیما نے بن کر ماں سے کھینچ تان شروع کردی اور ساتھہ ہی اسے چومتی بھی رہی — فرانسیسی میٹھی چھری کے انداز سے نہیں بلکہ اطالوی دلربائی کے ساتھہ جس میں ہمیشہ ایک اندرونی قوت کا احساس ہوتا ہے —

آخر فراؤ لینورے نے اعلان کیا کہ وہ تھک گئی ہے... جیما نے فوراً اسے صلاح دی کہ جہاں ہے وہیں کرسی پر پڑی پڑی سو جائے اور «روسی مہمان اور میں دونوں «avec le monsieur russe» چوہے کی طرح «comme des pitites souris» چپکے بیٹھے رہینگے — » جواب میں فراؤ لینورے مسکرائی اور اپنی آنکھیں بند کر لیں، ایک دو بار ٹھنڈی سانس لی اور اونگھتی ہوئی ہلکی نیند میں کھو گئی — جیما اس کے پہلو میں پڑی ہوئی کرسی پر تیزی سے گری اور بےحس و حرکت بیٹھی رہی — ہاں وہ بار بار ہونٹوں پر اپنی انگلی رکھتی اور دوسرے ہاتھہ سے اپنی ماں کے سر کے نیچے رکھے ہوئے تکیئے کو سہارا دیتی اور منہ سے خبردار کے انداز میں «شی!» کی ہلکی سی آواز نکالتی اور اگر سانن ذرا بھی ہلنے کی جرات کرتا تو ترچھی نظر سے اس کی طرف دیکھتی — آخر میں اس پر بھی کچھہ خواب سا طاری ہو گیا، وہ بھی بے حس و حرکت بیٹھا رہا جیسے اس پر جادو کر دیا گیا ہو — وہ اپنے سامنے کی تصویر کو دیکھنے میں محو تھا — نیم تاریک کمرہ، پرانی قسم کے ہرے گلاسوں میں پوری طرح کھلے ہوئے تازہ گلاب کے پھولوں سے روشن

روشن سا ہو رہا تھا — سوئی ہوئی عورت — بڑے انکسار سے بندھے ہوئے ہاتھ اور تھکا ہوا چہرہ جس سے نرم دلی ٹپک رہی تھی اور جو تکیئے کی برف جیسی سفیدی میں دھنسا ہوا تھا — پھر یہ دوشیزہ جس کا رویاں رویاں جاگ رہا تھا... وہ بھی نرم دل، عقل مند، پاکیزہ اور ساتھ ہی اتنی حسین تھی کہ الفاظ اس کی تعریف کرنے میں بے بس تھے، اس کی آنکھیں اتنی گہری، اتنی کالی تھیں جن میں سایہ سا تیر رہا تھا اور جو پھر بھی اتنی روشن تھیں... آخر یہ سب کیا تھا؟ ایک خواب؟ پریوں کی کہانی؟ اور آخر وہ یہاں کیسے موجود تھا؟

۱۱

باہر کے دروازے پر گھنٹی بجی — سمور کی ٹوپی پہنے اور سرخ جیکٹ چڑھائے ایک کسان لڑکا دوکان میں داخل ہوا — صبح سے ایک بھی گاہک نہیں پھٹکا تھا — «دیکھو کیسا چلتا ہے دھندا اپنا!» جب وہ ناشتہ کر رہے تھے تو فراؤ لینورے نے ایک ٹھنڈی سانس کے ساتھ سانن سے کہا تھا — وہ بے روک ٹوک سوئی رہی — جیما تکیئے کے نیچے سے ہاتھ نکالتے ہوئے ڈر رہی تھی — اس نے سانن کے کان میں کہا «جاؤ اور میری خاطر سے ذرا دوکان پر ایک نظر رکھو!»

سانن فوراً پنجوں پر چلتا ہوا دوکان کے اندر چلا گیا — لڑکے نے تین اؤنس لیمون چوس مانگا —

«میں اس سے کیا لوں؟» سانن نے دروازے میں سے سرگوشی کی آواز میں پوچھا —

«چھ کریوتزر» اس نے سرگوشی کے انداز میں جواب دیا —
سانن نے تین اؤنس لیمون چوس تولا، کاغذ کے لئے چاروں طرف نظریں دوڑائیں، کاغذ کا ایک دونا بنایا، اس میں لیمون چوس بھرا — پڈا کھل گیا، اس نے دوبارہ پڈے کو لپیٹا، پڈا پھر کھل گیا اور اخر اس نے کاؤنٹر پر سے پڈا بڑھایا اور گاھک سے پیسے لئے...
لڑکے نے حیرت سے اسے دیکھا — اس کی ٹوپی اس کے پیٹ پر کچلی پڑی تھی — پچھلے کمرے میں جیما اپنے منہ پر ھاتھہ رکھے ھوئے قہقہوں کو دبانے کی کوشش کر رھی تھی — ابھی پہلا گاھک گیا ھی تھا کہ دوسرا آن دھمکا اور اس کے بعد ایک اور... «ظاھر ھے کہ میرا شگون اچھا ھے!» سانن نے سوچا — دوسرے گاھک نے ایک گلاس شربت مانگا اور اس کے بعد والے نے چھہ اؤنس مٹھائی — سانن نے ان کی مانگ پوری کی، خوب جوش و خروش سے چمچے بجائے، پلیٹوں کو ادھر ادھر کھسکایا اور تیزی سے اپنی انگلیاں کبھی بکسوں میں ڈالیں اور کبھی مرتبانوں میں — حساب لگانے پر معلوم ھوا کہ اس نے شربت تو سستے داموں بیچ دیا تھا لیکن مٹھائی کی قیمت دو کریوتزر زیادہ لے لی تھی — جیما اپنی خوشی کو دبا نہ سکی اور سانن کو بھی ایک ناقابل بیان مسرت کا، جذبات کے امڈ آنے کا احساس تھا — اسے لگا کہ اگر وہ دلربا حسینہ، کھلے ھوئے دروازے سے اپنی ھنستی ھوئی دوستانہ آنکھوں سے جھانکتی ھو، کھڑکی کے سامنے شاہ بلوط کے گھنے پتوں سے دھوپ چھن رھی ھو اور پورے کمرے کو دوپہر کی سبزی مائل سنہری کرنوں اور پرچھائیوں سے بھر رھی ھو تو وہ ابد تک وھاں کاؤنٹر کے پیچھے یونہی کھڑا شربت اور مٹھائی بیچ سکتا ھے — اور اس کا دل ایک

کیف پرور آسودہ خاطری، من ترنگ، جوانی ـــ گنگناتی ہوئی جوانی کی پہلی متلاطم لہر سے سر شار ہو گیا ـ

چوتھے گاھک نے ایک پیالی کافی مانگی ـ اب ضروری ہو گیا کہ پنتالیونے کو آواز دی جائے ـ (ایمیل اب تک ہیر کلیوبر کے ھاں سے واپس نہیں آیا تھا) ـ سانن اندر گیا اور جیما کے پاس بیٹھہ گیا ـ جیما کے دل کو اس سے زبردست تسکین ہوئی کہ اب تک اس کی ماں سو رہی تھی ـ «ممی کا درد سر نیند میں اچھا ہو جاتا ہے» وہ بولی ـ سانن نے اس کو ـــ کھسر پھسر کرتے ہوئے ـــ اپنے «کاروباری کارناموں» کے متعلق بتایا ـ اس نے پوری سنجیدگی سے، مٹھائی کی دوکان میں رکھی ہوئی چیزوں کی قیمتیں معلوم کیں ـ جیما نے اسی سنجیدگی کے ساتھہ قیمتیں بتائیں اور ساتھہ ھی دونوں نے دل ھی دل میں قہقہے بلند کئے جیسے دونوں کو اچھی طرح معلوم تھا کہ وہ ایک دلچسپ مزاحیہ ڈرامہ کھیل رہے ہیں ـ اچانک سڑک پر کسی من چلے نے «دیر فرائی‌شوتز» کے ایک آلھا، «Durch die Felder, durch die Auen ...» * کی تان اڑائی ـ فریاد کناں تانیں خاموش ہوا میں گونج رہی تھیں، تھرتھرا رہی تھیں اور سیٹی سی بجا رہی تھیں ـ جیما چونک گئی ... «بھئی یہ ممی کو جگائیگا!» سانن بھاگ کر سڑک پر گیا اور ساز بجانے والے کی ھتھیلی پر چند کریوتزر رکھے، اسے چپکا کیا اور آگے بڑھنے کے لئے کہا ـ جب سانن لوٹا تو جیما نے سر ھلا کر اس کا شکریہ ادا کیا اور ھونٹوں پر غم‌گین سی مسکراھٹ بکھیرتے ہوئے، بالکل

---

* کھیتوں اور وادیوں کے اس پار ـ

ہلکی ہلکی آواز میں ویبر کا وہ دلکش نغمہ گنگنانا شروع کیا جس میں ماکس پہلی محبت کے سارے حیرت ناک اور شاندار جذبات کا اظہار کرتا ہے — اس کے بعد اس نے سانن سے پوچھا کیا تم «دیر فرائی شوتز» کو جانتے ہو اور ویبر کو پسند کرتے ہو — پھر وہ بولی کہ گرچہ وہ خود اطالوی ہے اسے اس قسم کی موسیقی سب سے زیادہ بھاتی ہے — ویبر سے ہٹ کر گفتگو شاعری اور رومانیت کی طرف پلٹ گئی — پھر ہافمین پر باتیں ہونے لگیں جو ان دنوں وسیع حلقے میں پڑھا جاتا تھا —

اور فراؤ لینورے سوتی رہی — وہ ہلکے ہلکے خراٹے بھی لے رہی تھی — دھوپ کی باریک کرنیں، جھلملی کو چیرکر اندر آ رہی تھیں اور ان کی رفتار کا پتہ نہ چل رہا تھا مگر وہ برابر سرک رہی تھیں، فرش اور فرنیچر پر سے گزرتی ہوئی یہ کرنیں جیما کے لباس پر اور پھولوں کی پنکھڑیوں اور پتیوں پر تیرتی چلی گئیں —

۱۲

بات چیت سے پتہ چلا کہ جیما کو، ہافمین کوئی خاص پسند نہیں اور حقیقت میں وہ اسے ایک بور نظر آتا تھا — اس کی کہانیوں کا پراسرار اور تخئیلی شمالی عنصر اس کے روشن روشن، شاداں شاداں سے جنوبی مزاج کے لئے ایک اجنبی چیز تھا — «یہ محض جن پریوں کی کہانیاں ہیں — یہ صرف بچوں کے لئے لکھی گئی تھیں!» اس نے کہا اور اس کے لہجے میں ایک چبھن تھی — کچھ دھندلا دھندلا سا اس کو یہ احساس بھی تھا کہ ہافمین کے یہاں شاعری کی کمی ہے — لیکن ایک کہانی تھی جس نے اس کا دل موہ لیا تھا —

اس کا عنوان اسے یاد نہ تھا— لیکن، ذرا سوچئے، اس کو صرف اس کا آغاز پسند تھا — انجام یا تو اس نے پڑھا نہیں تھا یا اس کے بارے میں بھول گئی تھی — یہ کہانی ایک نوجوان کے بارے میں تھی جو کسی مٹھائی کی دوکان میں ایک یونانی ماہ پارہ سے ملا — ہر جگہ، پراسرار اور جرائم پیشہ قسم کا ایک عجیب بڈھا سائے کی طرح اس کا پیچھا کر رہا تھا — پہلی ہی نظر میں نوجوان اس لڑکی کو دل دے بیٹھا— اس نے نوجوان کو ایسی التجا بھری نظروں سے دیکھا جیسے آزادی کی بھیک مانگ رہی ہو— ایک لمحے کو وہ وہاں سے باہر آیا اور پھر جب وہ مٹھائی کی دوکان میں لوٹا تو وہاں نہ تو لڑکی موجود تھی اور نہ وہ بڈھا — وہ اس کی تلاش میں مارا مارا پھرا، وہ ہمیشہ ان کو پکڑتے پکڑتے رہ جاتا، وہ ہمیشہ ان کے پیچھے بھاگتا رہا، لیکن اپنے سارے جتن کے باوجود وہ کبھی اور کہیں ان کو جا لینے میں کامیاب نہ ہوا — وہ حسین دوشیزہ ہمیشہ کے لئے کھو چکی تھی لیکن وہ اس کی التجا بھری نظر کو بھلا نہ پاتا تھا اور ہمیشہ اس خیال سے اس کے دل پر آرا سا چلتا رہتا تھا کہ شاید اس نے اپنی مٹھی میں آئی ہوئی مسرت خود ہی گنوا دی تھی—

ممکن ہے کہ ہافمین کی کہانی کا انجام یوں نہ ہوا ہو— لیکن جیما کے حافظے میں یہ قصہ یونہی محفوظ تھا—

«میرا خیال ہے» اس نے کہا «اس قسم کی ملاقاتیں اور جدائیاں، جتنا ہم سمجھتے ہیں اس سے زیادہ ہوا کرتی ہیں—»

سانن خاموش ہو گیا— لیکن ایک دو منٹ کے بعد اس نے بات چیت کا رخ ہیر کلیوبر کی طرف موڑ دیا— یہ پہلی بار اس نے اس کا نام لیا تھا— اس لمحے تک اس نے اس کے بارے میں ذرا نہ سوچا تھا—

اب چپ ہونے کی باری جیما کی تھی — وہ سوچ میں ڈوبی ہوئی اپنی انگلی کو کھرچ رہی تھی اور نگاہیں بچا رہی تھی — پھر اس نے اپنے منگیتر کے گن گانا شروع کر دئے، اس نے اس پکنک کا ذکر کیا جو اگلے دن کے لئے طے تھا، پھر اس نے ایک تیز نگاہ سانن پر ڈالی اور خاموش ہو گئی —

سانن گفتگو کا کوئی موضوع تلاش کرنے کے لئے اپنے دماغ پر زور ڈالتا رہا —

ایمیل شور مچاتے ہوئے کمرے میں داخل ہوا اور اس نے فراؤ لینورے کو جگا دیا... اس کے وہاں آ جانے سے سانن کی جان میں جان آئی —

فراؤ لینورے اپنی کرسی سے اٹھی — پنتالیونے یہ بتانے کے لئے اندر آیا کہ کھانا تیار ہے — خاندان کا یہ دوست، جو کبھی اوپیرا کا مغنی بھی رہ چکا تھا اور اب ملازم تھا باورچی کے فرائیض بھی انجام دیا کرتا تھا —

۱۳

سانن، کھانے کے بعد بیٹھا رہا — جھلس ڈالنے والی گرمی اب تک اس کو جانے سے باز رکھنے کا بہانہ بنی ہوئی تھی اور جب گرمی کچھ کم ہوئی تو انہوں نے اس باغ میں ببول کے سائے میں بیٹھ کر کافی پینے کی دعوت دی — سانن نے دعوت قبول کر لی — اس کا دل خوشی سے جھوم رہا تھا — خاموش، یک رنگ اور زندگی کے ہموار اور پر سکون بہاؤ کی تہوں میں بڑی دل فریب مسرتیں چھپی رہتی ہیں اور وہ خوشی سے ان میں کھو کر رہ گیا —

اسے موجودہ لمحے سے کسی خاص چیز کی خواهش نه تھی، وہ مستقبل سے بے نیاز تھا اور پچھلے دنوں سے غافل — جیما جیسی لڑکی کے پاس ہونا ھی بڑی دولت تھی — وہ بہت جلد اس سے جدا ھو جائیگا اور شاید ھمیشہ ھمیشہ کو — لیکن، اولینڈ* کے آلھا کی طرح جادو کی کشتی زندگی کے پر سکون چشمے میں لے آئی ھے تو. . . پھر، اے مسافر، خوش ھو اور اس کا لطف اٹھا! اس مگن مسافر کو ھر چیز سحر انگیز اور مسرت بخش معلوم ھوئی — فراؤ لینورے نے اسے اپنے اور پنتالیونے کے ساتھه «ترستے» کھیلنے کی دعوت دی، اس نے اس کو تاش کا اطالوی کھیل سکھایا جو کوئی خاص پیچیدہ نه تھا — اس نے اس سے کئی کریوتزر جیتے — اور جی اس کا خوش ھوا — پنتالیونے نے، ایمیل کی درخواست پر، کتے تارتالیا کو دوڑایا، اور تارتالیا نے ایک ڈنڈے پر سے چھلانگ لگائی، «بولا» (مطلب یه که بھونکا)، چھینکا، دروازہ اپنی ناک سے بند کیا، ایک پھٹی پرانی جوتی اپنے مالک کے پاس لایا، اور آخر میں اس نے اپنے سر پر، پرانی قسم کی چونچ جیسی اونچی فوجی ٹوپی پھن کر، مارشل برنادوتے کا پارٹ ادا کیا جس پر شہنشاہ نپولین، اس کی دغابازی کی وجه سے خوب برس رہا ھے — ھاں یه کہنے کی ضرورت نہیں که نپولین کا پارٹ پنتالیونے نے ادا کیا اور اس نے یه رول بڑی خوبی سے ادا کیا — اس نے اپنے ھاتھه سینے پر رکھه لئے، پروں والی ٹوپی اپنی آنکھوں پر جھکا لی اور بڑی سختی اور درشتی سے فرانسیسی زبان میں بولا، مگر کیسی فرانسیسی، خدا پناہ! تارتالیا اپنے مالک کے قدموں میں سمٹا سمٹایا بیٹھا رہا — اس کی دم ٹانگوں کے بیچ دبی ھوئی تھی —

---

* اولینڈ لوڈوگ (۱۸۶۲ ء — ۱۷۸۷ ء) جرمن رومانی شاعر —

وہ مجرم کی طرح آنکھیں جھپک رہا تھا اور سر پر ترچھی چپکی ہوئی فوجی ٹوپی کے نیچے نیچے ترچھی نظروں سے دیکھ رہا تھا — ہر بار جب نپولین کی آواز ذرا تیز ہوتی، برنادوتے اپنی پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جاتا — *«Fuori, traditore!» آخر نپولین چیخ اٹھا اور جذبات میں یہ بھول گیا کہ اسے اپنی فرانسیسی قومیت کو آخر تک برقرار رکھنا تھا اور برنادوتے بھاگ کر صوفے کے نیچے چھپ گیا اور پھر فوراً واپس نکلا اور خوش ہوکر بھونکنے لگا جیسے یہ بتانا چاہتا ہو کہ کھیل ختم ہوا — تماشائی جی بھرکے ہنسے — اور سب سے زیادہ سانن —

جیما کی ہنسی ختم ہونے کو نہ آتی تھی جس کے درمیان کبھی کبھی بہت ہی دلچسپ چیخ سی سنائی دیتی — ہائے اس کی ہنسی! صرف اس ہنسی کی خاطر سانن اس پر بوسوں کے پھول برسا سکتا تھا!

آخر رات آئی — اور اب رخصت ہونے کا وقت تھا — باربار الوداع کہنے کے بعد، جس کے دوران میں وہ ہر ایک سے دھراتا رہا «کل تک کے لئے!» (ایمیل اور اس نے تو ایک دوسرے کو پیار کیا) سانن واپس ہوٹل گیا — وہ گیا لیکن اپنے ساتھ اس لڑکی کا تصور، اس کا مکھڑا لے گیا، کبھی ہنستا ہوا، کبھی مغموم، کبھی خاموش اور کبھی کبھی تو بےنیاز بھی — لیکن ان سب چھبوں میں اتنا ہی دل ربا، اتنا ہی دل کش — کبھی کبھی تو اس کی آنکھیں پھیل جاتیں اور چمکنے لگتیں، دن کی طرح فرحاں فرحاں، کبھی کبھی

---

* غدار یہاں سے دور ہوجا!

پلکوں میں کچھ کچھ چھپی ہوئی، رات کی طرح گہری اور سیاہ — یہ تصور بار بار اس کی آنکھوں میں لہرا رہا تھا اور دوسرے تمام تصورات پر چھاتا چلا جا رہا تھا —— اور اس انداز میں ایک انوکھی شیرینی تھی —

اس نے ہیر کلیوبر کے بارے میں اور فرانک‌فرٹ میں رک جانے کے اسباب کے بارے میں ذرہ بھر نہ سوچا — مختصر یہ کہ اس نے ان سب باتوں کے بارے میں ایک لمحے کو بھی نہ سوچا جو پچھلے دن درد سر بن گئی تھیں —

١٤

لیکن اب وقت آ گیا ہے کہ خود سانن کے بارے میں باتیں ہو جائیں —

سب سے پہلے تو یہ کہ وہ انتہائی دل کش نوجوان تھا — لمبا تڑنگا، چھریرے بدن کا، دلکش اور قدرے دھندلا دھندلا ناک نقشہ، نیکی اور خوش دلی سے بھری ہوئی نیلی آنکھیں، سنہرے بال، سرخ و سپید دمکتا ہوا رنگ، اور سب سے اہم بات یہ کہ اس کے چہرے کی کیفیت سے سادگی اور بے نیازی چھلکتی تھی، اپنا پن اور صاف‌گوئی، پہلی نظر میں تو اس کا چہرہ ذرا غبی بھی معلوم ہوتا تھا، ایک ایسی کیفیت، جس سے اگلے وقتوں میں، معزز اونچے گھرانوں کے بچوں کو فوراً پہچان لیا جاتا تھا، «ماں‌باپ کے یہ لاڈلے» ننھے ننھے بھولے بھالے صاحب بہادر قسم کے بچے، جو چھدرے جنگلوں سے گھرے ہوئے اسٹیپی کے درمیان بیکراں دیہاتی قصبوں میں پیدا ہوتے تھے اور پروان چڑھتے تھے — جھجکی جھجکی چال ڈھال، تتلایا

تتلایا لہجہ، اور اگر آپ ان کی طرف دیکھنے کی زحمت کریں تو ان کے ہونٹوں پر ایک بچکانہ مسکراہٹ کھیل جائے... اور آخر میں تر و تازگی اور صحت مندی ـــــ اور سب سے زیادہ ہر چیز پر چھائی ہوئی نرمی ـــــ اور لیجئے وہ رہا اپنا سانن — دوسرے، وہ احمق نہ تھا اور اس نے کچھہ علم حاصل کرلیا تھا — اس نے دیس دیس کے سیر و سفر کے باوجود اپنی تر و تازگی اور شگفتگی برقرار رکھی تھی — وہ اس کربناک تشویش و تردد سے نا آشنا تھا جن میں اس زمانے کے بعض بہترین نوجوان مبتلا تھے —

ہمارے ادیبوں نے «نئے مثالی کرداروں» کی ناکام کوشش کرنے کے بعد، حال میں ایسے لوگوں کی تصویرکشی شروع کر دی ہے جو ہر قیمت پر تر و تازہ اور شگفتہ رہنے پر تلے ہوئے ہیں اور پیٹرس‌برگ میں برآمد کی ہوئی فلنس‌برگ کی زندہ کستورا مچھلیوں کی طرح تازہ دم ہیں — سانن ان میں سے نہ تھا — جب ہم موازنہ ہی کر رہے ہیں تو ہمیں کہنا چاہئے کہ وہ ہماری کالی مٹی والے باغ میں اگے ہوئے، سیب کے نئے پیڑ کی طرح تھا جس کا قلم حال ہی میں لگایا گیا ہو یا پھر وہ پرانے زمانے کے کسی رئیس کا منہ زور گھوڑا جس کی عمر تین برس سے زیادہ نہ ہو ـــــ ایک ایسا گھوڑا جس کی پرورش بڑی ٹھاٹ دار ہوئی ہو، پھڑکتا چمکتا سا، موٹے موٹے ٹخنے والا گھوڑا ـــــ جس کے منہ میں ابھی‌ابھی لگام ڈالی گئی ہو — جو لوگ بعد کے زمانے میں سانن سے ملے، اس زمانے میں جب زندگی نے اس کو بری طرح بھنبھوڑ اور چیر پھاڑ کر چھوڑ دیا تھا، اور جب اس کے زمانہ شباب کا بھولپن غائب ہو چکا تھا، تو انہیں سانن میں ایک دوسرا آدمی نظر آیا —

دوسرے دن، ابھی سانن بستر ھی میں دراز تھا کہ ایمیل زرق برق لباس پہنے ھاتھہ میں بید کی چھڑی لئے، دندناتا ھوا اس کے کمرے میں داخل ھوا — اس کے بال تیل میں چپڑے ھوئے اور خوب بنے سنورے ھوئے تھے — اس نے اعلان کیا کہ ھیر کلیوبر ایک منٹ میں گاڑی میں وھاں پہنچ جائےگا اور یہ کہ آسمان کا رنگ بتا رھا ھے کہ موسم شاندار رھےگا، سب بالکل تیار ھیں — لیکن ممی نہیں جا رھی ھیں کیونکہ ان کے سر میں پھر درد ھو رھا ھے — اس نے باربار سانن کو یقین دلایا کہ ایک لمحہ بھی ضائع نہیں ھونا چاھئے، اسے بھاگم بھاگ تیار ھونے پر مجبور کیا — اور واقعی ابھی سانن منہ ھاتھہ ھی دھو رھا تھا کہ ھیر کلیوبر آن دھمکا — اس نے دروازے پر دستک دی، کمرے میں داخل ھوا، جھک کر سلام کیا اور کہا کہ جب تک سانن چاھے وہ اس کا انتظار کرنے کے لئے تیار ھے — وہ بیٹھہ گیا اور ھلکے سے ٹوپی گھٹنوں پر رکھہ لی — یہ لائق دوکاندار بڑی سج دھج سے نکلا تھا، بڑے ٹپ ٹاپ کے کپڑوں میں اور سر تا پا عطر میں ڈوبا ھو — اس کی ایک ایک جنبش کے ساتھہ خوشبوؤں کی لپٹیں سی آتیں — وہ ایک بڑی سی کھلی گاڑی میں آیا تھا جس کو لانڈو کے باوقار نام سے یاد کیا جاتا تھا — اس میں دو گھوڑے جتے ھوئے تھے جو اگر خوبصورت نہیں تو لمبے اور مضبوط ضرور تھے — کوئی پندرہ منٹ بعد، سانن، ھیر کلیوبر اور ایمیل، بڑے فاتحانہ ٹھاٹ سے اسی گاڑی میں بیٹھے ھوئے، مٹھائی کی دوکان کی برساتی میں آکر رکے — فراؤ لینورے نے اس تفریح میں حصہ لینے سے زوروں پر انکار کیا — جیما اپنی ماں کے پاس رکنا چاھتی تھی لیکن ماں نے واقعی اسے گھر سے نکال باھر کیا —

«مجھے کسی کی ضرورت نہیں» اس نے ان لوگوں کو یقین دلایا «میں سوؤں گی — میں تو پنتالیونے کو تمہارے ساتھ بھیج دیتی لیکن پھر دوکان میں کون رہے گا — »

«کیا ہم تارتالیا کو بھی اپنے ساتھ لے جائیں؟» ایمیل نے التجا کی —

«بے شک لے جاؤ — »

تارتالیا فوراً اچھل کر، خوش خوش، گاڑی کی اگلی جگہ پر چڑھ گیا اور وہاں بیٹھ کر اپنے ہونٹ چاٹنے لگا — صاف ظاہر تھا کہ وہ اس قسم کی سپاٹ اور بے رنگ سیر کا عادی تھا — جیما تنکے کی ایک بڑی سی ٹوپی پہنے ہوئے تھی جس کے کنارے بھورا فیتہ لگا ہوا تھا — ٹوپی کا اگلا چھجہ نیچے کو جھکا ہوا تھا اور سورج کی کرنوں سے پورے چہرے کا بچاؤ کئے ہوئے تھا — اس کا سایہ اس کے ہونٹوں تک پہنچ کر ختم ہو جاتا تھا جو گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح گلابی، اچھوتے اور نازک تھے — اس کے دانت بچے کے دانتوں کی طرح شرمائے شرمائے چمک رہے تھے — جیما پچھلی سیٹ پر سانن کے ساتھ بیٹھی تھی — ہیر کلیوبر اور ایمیل مقابل والی سیٹ پر بیٹھے تھے — فراؤ لینورے کا سفید پیکر کھڑکی میں نظر آیا، جیما نے ہوا میں رومال ہلایا اور گھوڑے دوڑنے لگے —

۱۵

فرانک‌فرٹ سے کوئی آدھہ گھنٹے کے فاصلے پر، سودن ایک چھوٹا سا شہر ہے — یہ شہر، تاؤنوس پہاڑیوں کے ڈھلانوں پر بڑی جوب‌صورتی سے بسا ہوا ہے — اور یہ جگہ روس میں اپنے معدنی

چشموں کے لئے مشہور ہے جو کمزور دل والے لوگوں کے لئے بہت مفید سمجھے جاتے ہیں — زیادہ تر فرانک‌فرٹ کے لوگ وہاں سیر و تفریح کے لئے جاتے ہیں، کیونکہ سودن میں ایک بہت ہی عمدہ پارک ہے، کئی ویرت شافت* ہیں جہاں لائم اور میپل کے لمبے لمبے پیڑوں کے سائے میں، بیئر اور کافی کے گھونٹ پئے جا سکتے ہیں — دریائے مائین کے دائیں کنارے پر فرانک‌فرٹ سے سودن کی طرف جو سڑک جاتی ہے اس کے دونوں کناروں پر پھلوں کے درختوں کی قطاریں دوڑتی چلی گئی ہیں — گاڑی شاندار ہموار سڑک پر، بغیر ہچکولے کھائے دوڑتی چلی جا رہی تھی اور سانن خاموش بیٹھا، کنکھیوں سے جیما اور اس کے منگیتر کے تعلقات کا جائیزہ لے رہا تھا — یہ پہلا موقع تھا کہ وہ ان دونوں کو ساتھہ دیکھہ رہا تھا — وہ بالکل مطمئن اور خاموش تھی — گرچہ عام موقعوں کے مقابلے میں زیادہ لئے دئے اور گمبھیر نظر آ رہی تھی — اور کلیوبر ایک شفیق اتالیق نظر آ رہا تھا جس نے اپنے زیر نگرانی شاگردوں کو بے ضرر کھیل کود اور ہلکی پھلکی تفریح کی اجازت دے رکھی ہو — سانن کو اس کی نظر میں جیما کے لئے کوئی خاص دلچسپی اور توجہ نظر نہ آئی جس کو فرانسیسی میں **«empressement» کہتے ہیں — یہ بات بہت صاف تھی کہ ہیر کلیوبر اس معاملے کو طے سمجھتا تھا اور اس لئے اس کو اس کی کوئی ضرورت نظر نہ آتی تھی کہ کوئی خاص جوش و خروش دکھائے اور متاثر نظر آئے — لیکن اس

---

* پر فضا اور خوشنما قدرتی مقام —

** گرم جوشی اور خاطر —

کی خاطر تواضع اور التفات نے ایک منٹ کو بھی اس کا ساتھہ نہ چھوڑا!
کھانے سے پہلے سودن کے آس پاس، جنگل سے بھری ہوئی ڈھلانوں اور وادیوں میں ٹہلتے ہوئے بھی اور اس وقت بھی جب کہ وہ قدرتی مناظر کے حسن و کشش کا لطف اٹھا رہا تھا — قدرتی مناظر کی طرف اس کا رویہ وہی مشفقانہ کرم فرمائی کا تھا جس میں کبھی کبھی افسرانہ کرختگی پیدا ہو جاتی تھی — مثال کے طور پر اس نے ایک چشمے کے بارے میں کہا کہ اس کے بہاؤ کا رخ وادی میں ضرورت سے زیادہ سیدھا ہو گیا ہے اور یہ کہ اسے کچھہ اور خوبصورت بل کھاتے ہوئے بہنا چاہئے تھا — اسے ایک چڑیا، فنچ کی ادا بھی ذرا نہ بھائی جس کی چہچہاہٹ میں اسے اکتاہٹ اور یک رنگی سی محسوس ہوئی — جیما کے چہرے سے کسی تھکن کا اظہار نہیں ہو رہا تھا اور ایسا لگتا تھا کہ دل ہی دل میں لطف اٹھا رہی ہے — لیکن وہ جس جیما کو جانتا تھا وہ جیما اب کہیں نظر نہ آ رہی تھی — ایسا نہ تھا کہ اس کے خد و خال سنولا گئے ہوں — اتنی چمکتی دمکتی اور روشن روشن تو وہ اس سے پہلے کبھی نظر نہ آئی تھی — لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس نے خود کو سمیٹ کر اپنے اندر چھپا لیا ہے — اپنی چھتری کھولے، دستانے چڑھائے، وہ بڑی متانت سے چل رہی تھی، سبک خرامی کے ساتھہ جو ایک شائستہ اور تربیت یافتہ عورت کے شایان شان تھا —— وہ بہت کم بول رہی تھی — ایمیل پر بھی کچھہ بوجھہ سا معلوم ہوتا تھا اور ہاں سانن پر تو اور بھی زیادہ — اور دوسری باتوں کے علاوہ یہ بات بھی کچھہ کچھہ اس کی چپقلش کا باعث تھی کہ بات چیت جرمن زبان میں ہو رہی تھی — اکیلا تارتالیا مگن تھا — کوئی بھی چڑیا اس کے راستے میں آ جاتی

تو وہ پوری وحشت سے بھونکتا، اس پر جھپٹتا، گڑھوں، ٹوٹے ہوئے تنوں اور اکھڑے ہوئے درختوں پر سے چھلانگیں لگاتا ہوا اس کے پیچھے بھاگتا، سیدھا پانی میں کود جاتا، جلدی جلدی تیرتا، باہر آتا، اپنا بدن جھاڑتا، غراتا اور پھر دوسرے ہی لمحہ ـــ تیر کی طرح یہ جا وہ جا، اور اس کی زبان منہ سے نکل کر اس کے شانے پر لٹکنے لگتی ـ اپنے طور پر ہیر کلیوبر، اپنے مہمانوں کی دل چسپی اور تفریح کے لئے، جو کچھ بھی ضروری سمجھتا، کر رہا تھا ـ اس نے ان کو ایک سایہ‌دار شاہ بلوط کے نیچے بیٹھنے کی دعوت دی ـ اس نے اپنی بغلی جیب سے ایک چھوٹی سی کتاب نکالی «Knallerbsen ---- oder du sollst und wirst lachen!» انتہائی قاتل قسم کے چٹپٹے مزیدار لطیفے اور چٹکلے (جن سے کتاب بھری پڑی تھی) زور زور سے پڑھ کر سنانے لگا ـ اس نے کوئی دس بارہ لطیفے سنائے مگر وہ بہت کم خوشی پیدا کر سکے ـ صرف سانن، محض اخلاقاً، دانت نکالنے کی کوشش کرتا رہا ـ اور خود ہیر کلیوبر، ہر لطیفے کے ختم پر، ایک مختصر سا، کاروباری اور ساتھ ہی مشفقانہ قہقہہ بلند کرتا ـ بارہ بجے کے قریب یہ قافلہ واپس سودن کی بہترین سرائے میں پہنچا ـ

کھانے کے لئے کہنے کا وقت آ گیا تھا ـ

ہیر کلیوبر نے تجویز پیش کی کہ کھانا «im Gartensalon» میں کھایا جائے ـ یہ موسم گرما کا ایک آرام گھر تھا جو چاروں طرف سے گھرا ہوا تھا ـ لیکن اس بات پر خلاف توقع جیما نے بغاوت کر دی ـ اس نے کہا کہ وہ تو صرف کھلی ہوا میں بیٹھ کر کھانا کھائے گی، سرائے کے سامنے والی کسی چھوٹی سی میز پر ـ اس نے کہا کہ ایک ہی قسم کے چہرے دیکھتے دیکھتے اکتا

چکی ہے اور اب کچھ نئے چہرے دیکھنا چاہتی ہے — بعض میزوں پر نووارد مہمانوں کی ٹولیاں پہلے ہی سے جم چکی تھیں —

جب ہیر کلیوبر ، «اپنی منگیتر کی خواہش» کے سامنے کمال محبت سے سر تسلیم خم کرتے ہوئے ہڈ ویٹر سے بات کرنے گیا تو جیما بالکل خاموش کھڑی رہی — اس کی آنکھیں جھکی ہوئی تھیں اور ہونٹ بھنچے ہوئے — اس نے محسوس کیا کہ سانن اسے ٹکٹکی باندھے سوالیہ نظروں سے دیکھ رہا ہے اور ایسا لگا کہ اس چیز سے اسے کوفت ہو رہی ہے — آخرکار ہیر کلیوبر واپس آ گیا اور بولا کہ آدھے گھنٹے میں کھانا تیار ہوگا اور پھر اس اثنا میں اسکٹل کھیلنے کی تجویز پیش کی — اور کہا کہ اس طرح بھوک بھی کھل جائے گی! وہ گیند پھینکنے میں یکتا تھا — گیند پھینکنے سے پہلے وہ بڑا ہیرو جیسا پوز اختیار کرتا، اپنے پٹھوں کی نمائش کرتا، بڑی صفائی سے اپنے بازو ہوا میں بلند کرتا اور خود کو ایک پیر پر تولتا — وہ اپنے طور پر ایک کھلاڑی تھا اور اس کے جسم کی بناوٹ شاندار تھی — اس کے ہاتھ کتنے سفید اور خوبصورت تھے — وہ اپنے ہاتھوں کو ہندوستانی ریشمی رومال سے پونچھ رہا تھا جس پر جھلمل گلٹ کی ابھری ابھری سی گہری گلکاری تھی —

کھانے کا وقت آ گیا اور یہ ٹولی اپنی میز پر آ بیٹھی —

۱۶

ہر شخص بخوبی واقف ہے کہ جرمن کھانا کیا چیز ہوتا ہے — پانی سا شوربہ، اس میں گری دار پڈنگ اور دارچینی تیرتی ہوئی، کاگ کی طرح سخت جان ابلا ہوا گوشت اور اس پر چربی

کی تہیں چپکی ہوئی، چقندر کی پلپلی قاشیں، بالکل قیمہ بنی ہوئی ولائتی مولی، کباب اور سر کے میں پڑی ہوئی نیلی نیلی بام مچھلیاں، اور گوشت کے دور کے ساتھ جیلی اور پھر کھانے کا لاذمی جز «Mehlspeise»، ایک قسم کی پڈنگ جس میں کھٹی کھٹی لال رنگ کی چٹنی پڑی ہوتی ہے — لیکن بیئر اور شراب کا کیا کہنا! سودن کی سرائے کے نگہبان نے سی قسم کے کھانے سے اپنے گاہکوں کی خاطر تواضع کی — بہر حال کھانے کا دور خاصی اچھی طرح چل رہا تھا — یہ سچ ہے کہ وہاں کوئی خاص زندگی اور ہماہمی نظر نہ آتی تھی — اس وقت بھی کوئی خاص جوش و خروش پیدا نہیں ہوا جبکہ ہیر کلیوبر نے «اس چیز کے نام جام اٹھایا جسے ہم سب سے زیادہ چاہتے ہیں!» («Was wir lieben!») ہر چیز اتنی نفیس اور پروقار تھی — کھانے کے بعد کافی کا دور شروع ہوا — یہ پتلی، زنگ کے رنگ کی اصلی جرمن کافی تھی — ہیر کلیوبر نے، ایک سچے شریف آدمی کی طرح، سگار پینے کے لئے جیما کی اجازت چاہی — لیکن دفعتاً ایک غیر متوقع واقعہ رونما ہوا، ایک ایسا واقعہ جو رکیک نہیں تو ناخوشگوار ضرور تھا —

پاس کی ایک میز پر مائین کے فوجی دستے کے چند افسر بیٹھے تھے — ان کی دزدیدہ نگاہوں اور سرگوشیوں سے یہ صاف عیاں تھا کہ ان پر جیما کے حسن کا جادو چل گیا ہے — ان میں ایک جو غالباً فرانکفرٹ کا رہنے والا تھا، اسے برابر گھورتا رہا جیسے اس نے اسے پہلے بھی دیکھا ہو — اس کو ضرور معلوم ہوگا کہ وہ کون ہے — یکایک وہ ہاتھ میں جام لئے اپنی جگہ سے اٹھا — (یہ فوجی صاحبزادے دیر سے جام پر جام چڑھا رہے تھے — ان کی میز پر بوتلوں

کی قطاریں آراستہ تھیں) —— اور اس میز کے قریب آیا جس پر جیما بیٹھی تھی — وہ حد درجہ گورے اور دمکتے ہوئے رنگ کا آدمی تھا — اس کے ناک نقشے میں بڑی کشش تھی — سچی بات تو یہ ہے کہ اس کے خد و خال میں غضب کا سحر تھا — لیکن انتہائی مےنوشی اور بدمستی کی وجہ سے اس کے نقوش بگڑ گئے تھے، اس کے گالوں کی ہڈیاں چٹختی ہوئی لگ رہی تھیں اور اس کی شعلہ فشاں آنکھیں بڑے گستاخانہ انداز سے گول گول ناچ رہی تھیں — شروع میں اس کے ہم مشربوں نے اسے روکنے کی کوشش کی لیکن جلد ہی انہوں نے اسے چھوڑ دیا —— حقیقت میں وہ یہ دیکھنا چاہتے تھے کہ اس کا نتیجہ کیا نکلتا ہے —

افسر کچھہ کچھہ ڈگمگاتے اور چکراتے ہوئے جیما کے مقابل آکر رک گیا اور چلایا — اس کی آواز میں زبردستی کا زور تھا، ایک ایسی آواز جو اس کی کوشش کے باوجود اس کی اندرونی کشمکش کی چغلی کھا رہی تھی «میں فرانک‌فرٹ کی بلکہ دنیا کی سب سے حسین شاپ گرل کا جام صحت پیتا ہوں!» (اس نے ایک سانس میں اپنا جام خالی کر دیا) «اور خود کو اس پھول سے سرفراز کرتا ہوں جو اس کی ملکوتی انگلیوں نے توڑا ہے!» اس نے جیما کی پلیٹ کے پاس رکھا ہوا ایک گلاب کا پھول اٹھایا — شروع میں تو جیما حیران ہوئی اور سہم سی گئی اور اس کا رنگ موت کی طرح زرد ہو گیا... اس کے بعد اس کے ڈر کی جگہ جلال نے لےلی اور پھر دفعتاً مارے غصے کے اس کا رنگ سر تا پا سرخ ہو گیا، اس کی آنکھیں مجرم پر جم گئیں — بیک وقت اس کی آنکھوں میں اندھیرا بھی چھا رہا تھا اور آگ بھی بھڑک رہی تھی — کبھی ان میں سے رات کی سیاہی

چھلکنے لگتی اور کبھی غیض و غضب کے دبائے نہ دبنے والے شعلے لپکنے لگتے — افسر ان نگاہوں سے کچھہ کھسیا سا گیا، وہ منہ ھی منہ میں کچھہ بڑبڑایا، جھکا اور اپنے دوستوں کے پاس لمٹ گیا — دوستوں نے اس کا خیر مقدم قہقہوں اور نقلی تالیوں سے کیا...

ھیر کلیوبر یکایک اچھل کر کھڑا ھو گیا اور اپنی ٹوپی پہنتے ھوئے، بہت زوردار نہ سہی مگر باوقار شان سے بولا «انسانیت سوز، انسانیت سوز آزادی!» («Unerhört! Unerhörte Frechheit!») ساتھہ ھی اس نے درشت آواز میں ویٹر کو بلایا اور فوراً ھی بل کا مطالبہ کیا... اور اسی پر بس نہ کی — اس نے گاڑی تیار کرنے کا حکم دیا اور بولا کہ شریف آدمی سرائے میں نہیں جا سکتے اس لئے کہ وھاں ان کی تذلیل اور توھین کا اندیشہ رھتا ھے — ان الفاظ پر جیما نے، جو بے حس و حرکت بیٹھی تھی اور جس کے سینے میں ایک ھیجانی زیر و بم پیدا ھو رھا تھا ، اس کو ان ھی قہر بھری نظروں سے گھورنا شروع کر دیا، جن نظروں سے اس نے افسر کو گھورا تھا — ایمیل تو غصے میں تھرتھرا رھا تھا —

«اٹھو، میئن فراؤلین» ھیر کلیوبر نے کہا جس کی آواز میں اب تک سختی باقی تھی «تمھارے لئے یہ مناسب نہیں کہ یہاں ٹھہرو — چلو ھم سرائے کے اندر چلیں — »

جیما خاموش اٹھی — اس نے اپنی کہنی اسے پیش کی، جیما نے اپنا ھاتھہ اس کے بازو میں ڈال دیا اور وہ شاھانہ قدم اٹھاتے ھوئے اسے سرائے کے اندر لے چلا اور وہ کھانے کی جگہ سے جتنا دور ھوتا گیا اس کے قدم، اس کے پورے ھیولے کی طرح، زیادہ سے زیادہ شاھانہ اور پر جلال بنتے گئے — بیچارا ایمیل ان کے پیچھے پیچھے دم چھلا بنا چلتا رھا —

لیکن اس وقت جب ہیر کلیوبر ویٹر کا حساب چکا رہا تھا جسے اس نے بطور سزا بخشش میں ایک پیسہ بھی نہ دیا، سانن تیز تیز قدموں سے اس میز کی طرف گیا جہاں افسر بیٹھے تھے اور جیما کی توہین کرنے والے کو مخاطب کیا (اس وقت وہ باری باری سے اپنے دوستوں کو گلاب کا پھول سونگھنے کے لئے پیش کر رہا تھا) اور بہت ہی مدھم آواز میں فرانسیسی میں بولا: «موسیو آپ نے ابھی ابھی جو کچھ کیا ہے ایک ایمان دار آدمی کے شایان شان نہیں، یہ آپ کی وردی کے شایان شان نہیں، اور میں آپ سے یہ کہنے آیا ہوں کہ آپ ایک غیر مہذب اور ناشائستہ آدمی ہیں!» نوجوان اچھل کر کھڑا ہوگیا، لیکن اس کے ایک ساتھی نے جو ذرا بڑی عمر کا تھا اسے ہاتھ کے اشارے سے روکا اور اسے بیٹھنے پر مجبور کیا —— اس کے بعد اس نے سانن سے مخاطب ہوتے ہوئے فرانسیسی میں پوچھا «آپ کون ہیں؟ اس جوان خاتون کے رشتہ‌دار ہیں آپ، اس کے بھائی یا منگیتر؟»

«میں صرف اس کا ملاقاتی ہوں» سانن چلایا «میں ایک روسی ہوں — لیکن میں اس قسم کی گستاخی کا خاموش تماشائی نہیں بن سکتا — یہ رہا میرا کارڈ اور پتہ —— موسیو افسر کو میں اسی پتے پر ملونگا — »

ان الفاظ کے ساتھ سانن نے ایک کارڈ میز پر پھینک دیا اور ساتھ ہی جیما کا گلاب چھین لیا جو ایک افسر نے اپنی پلیٹ میں گرا دیا تھا — نوجوان نے پھر اچھل کر کھڑے ہونے کی کوشش کی مگر اس کے ساتھی نے پھر اسے ان الفاظ کے ساتھ روک لیا «خاموش ہو جاؤ دون‌ہوف!» (Dönhof, sei still) — پھر وہ خود اٹھا، اس نے

سختی سے تن کر سلامی دی، اور سانن سے بولا (اس کی آواز اور طرز عمل میں احترام کا ذرا بھی شائبہ نہ تھا) کہ اگلی صبح، ان کی رجمنٹ کا ایک افسر سانن کے کمرے میں اس سے ملنے کی عزت حاصل کرےگا — سانن نے سر کو ذرا سا خم دیا اور تیز تیز قدموں کے ساتھہ اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچ گیا —

ہیر کلیوبر کچھہ ایسا بن گیا جیسے اسے سانن کی غیر موجودگی اور افسروں سے اس کی بات چیت کا کچھہ پتہ ہی نہ چلا ہو — وہ اس آدمی کی سست رفتاری پر برستے ہوئے جو گھوڑوں کو جوت رہا تھا، جلدی کرنے کو کہہ رہا تھا — جیما نے بھی سانن سے کچھہ نہ کہا — اس کی طرف ایک نظر اٹھاکر بھی نہ دیکھا — لیکن اس کی جڑی ہوئی بھویں، اس کے پیلے پڑے ہوئے اور بھنچے ہوئے ہونٹ، اس کی خاموشی، اس کے اندرونی ہیجان کی غماز تھی — ایمیل ہی واحد فرد تھا جو سانن سے بات چیت کرنا، اس سے سوال کرنا چاہتا تھا — اس نے سانن کو افسروں کے پاس جاتے اور ان کی طرف کوئی سفید سی چیز بڑھاتے ہوئے دیکھا تھا... بیچارے لڑکے کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا، اس کے رخسار جل رہے تھے، وہ تو سانن کے گلے میں بازو حمائل کرنے کے لئے بیتاب تھا، وہ رونا چاہتا تھا یا پھر وہ اس پر تلا ہوا تھا کہ اسی آن وہ سانن کے ساتھہ جائے اور ان بدمعاش افسروں کو بوٹی بوٹی کرکے رکھہ دے — لیکن اس نے اپنی اس خواہش پر قابو پا لیا اور اس پر اکتفا کیا کہ اپنے نیک روسی دوست کی ایک ایک حرکت پر گہری نظر رکھے —

آخر کوچبان نے گھوڑوں کو جوتنے کا مرحلہ طے کیا اور

پوری ٹولی گاڑی میں جا بیٹھی — ایمیل تارتالیا کے بعد اچھل کر کوچبان کے پاس والی جگہ پر بیٹھ گیا — اسے وہاں زیادہ سکون محسوس ہوا جہاں وہ ہیر کلیوبر کو دیکھنے پر مجبور نہ تھا جس سے اب وہ اپنے دل کی گہرائی سے نفرت کرنے لگا تھا —

ہیر کلیوبر راستے بھر بولتا رہا... اکیلا بولتا رہا — کسی نے اس کی تردید نہ کی — لیکن کسی نے اس کی تائید بھی نہیں کی — وہ اپنی لن ترانی کے دوران میں زیادہ تر یہ کہتا رہا کہ یہ اس غلطی کا نتیجہ ہے کہ جب اس نے موسم گرما کے بند آرام گھر میں کھانا کھانے کی تجویز رکھی تو اس پر کان نہ دھرا گیا — اگر اس کی بات مان لی جاتی تو یہ نا خوشگوار واقعہ رونما ہی نہ ہوتا — پھر اس نے اپنے انداز میں کچھ آزادانہ روشن خیالی کی چاشنی پیدا کرتے ہوئے اس طرز عمل پر کڑی نکتہ چینی کی کہ حکومت ان افسروں کے بہت ناز اٹھاتی ہے، ان کی ڈسپلن کا خیال نہیں کرتی اور یہ افسر سماج کے مہذب عناصر کے لئے مناسب عزت و احترام کا مظاہرہ نہیں کرتے (das bürgerliche Element in der Societät)! اور اس کی بنا پر بے اطمینانی کتنی بڑھتی جا رہی ہے اور اس بے اطمینانی سے کسی وقت بھی انقلاب کی جوالا پھوٹ سکتی ہے جس کی افسوسناک مثال فرانس میں ملتی ہے — (یہاں اس نے ایک ٹھنڈی سانس لی جو بیک وقت ہمدردانہ بھی تھی اور سخت بھی) — بہر حال وہ یہ کہنے سے نہ چوکا کہ وہ خود اثر و رسوخ کا بڑا احترام کرتا ہے اور وہ کبھی بھی، ہرگز ہرگز، ایک انقلابی نہیں بن سکتا — ہاں وہ ایسے موقع پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کئے بغیر

نہیں رہ سکتا جب اس قسم کی بے راہروی سے دو چار ہونا پڑے — یہاں پر اس نے اخلاق اور اخلاق سوزی اور عزت اور عزت نفس کے متعلق وہی باتیں دہرائیں جو عام طور پر کہی جاتی ہیں —

اس پوری لن ترانی کے دوران میں، جیما کو جو کھانے سے پہلے چہل قدمی کے وقت بھی ہیر کلیوبر سے نالاں سی نظر آتی تھی (اور یہی وجہ تھی کہ وہ سانن سے دور دور اور اس کی موجودگی سے کچھہ پریشان سی تھی)—— اب صاف طور پر اپنے منگیتر پر شرم آ رہی تھی — سفر کے ختم ہوتے ہوتے تو اس کا دل واقعی بہت ہی دکھی ہو گیا اور گرچہ وہ پہلے کی طرح اب بھی مہر بہ لب تھی، ایک لمحہ ایسا آیا جب اس نے یکایک سانن پر ایک التجا بھری نظر ڈالی... جہاں تک سانن کا تعلق تھا، ہیر کلیوبر پر غصے سے زیادہ اسے جیما پر رحم آ رہا تھا — دل ہی دل میں اسے دن کے واقعات پر مبہم مبہم سی خوشی محسوس ہو رہی تھی —— حالانکہ اگلی صبح اسے چیلنج کی توقع تھی —

آخر یہ partie de plaisir تکلیف دہ سیروتفریح کا سفر ختم ہوا — سانن نے مٹھائی کی دوکان کے سامنے جیما کو اترنے میں سہارا دیتے ہوئے، چپکے سے اس کے ہاتھہ میں وہ گلاب کا پھول پکڑا دیا جو اس نے واپس لے لیا تھا — جیما کا چہرہ سرخ ہو گیا — اس نے سانن کا ہاتھہ دبایا اور گلاب کا پھول چھپا لیا — وہ گھر کے اندر جانا نہ چاہتا تھا حالانکہ ابھی شام کا دھندلکا پھیلنا شروع ہوا تھا — جیما نے بھی اسے اندر آنے کی دعوت نہ دی — دوسرے پنتالیونے دروازے میں نمودار ہوا اور بولا کہ فراؤ لینورے سوئی ہوئی ہے — ایمیلیو شرماتے ہوئے سانن سے رخصت ہوا — ایسا لگتا

تھا کہ سانن نے اس کی آنکھوں میں چکا چوند سی مچا دی تھی ـــــ وہ سانن کے طرز عمل پر اتنا حیران جو تھا! کلیوبر نے گاڑی میں سانن کو اس کے ہوٹل پہنچایا اور رسمی تکلف اور اخلاق کے ساتھہ اسے خدا حافظ کہا ـــ یہاں تک کہ اس متوازن جرمن کو بھی، اپنی تمام‌تر خود اعتمادی کے باوجود، کچھہ عجیب سا محسوس ہو رہا تھا ـــ واقعہ تو یہ ہے کہ ہر ایک دل میں یہ احساس تھا ـــ

لیکن سانن نے جلد از جلد کوفت کے اس احساس کو دل سے نکال دیا ـــ اس کی جگہ ایک ایسے موڈ نے لے لی جو مبہم مگر خوش گوار ـــــ بلکہ نشاط بخش تھا ـــ وہ اپنے دماغ سے ہر خیال کو نکال کر، اپنے آپ پر نازاں، سیٹی بجاتے ہوئے خوش خوش کمرے میں ٹہل رہا تھا ـــ

۱۷

اگلی صبح ، منہ ہاتھہ دھونے کے بعد، اپنے آپ سے بولا «میں دس بجے تک افسر کے آنے کا انتظار کروں گا ـــ دیکھوں کیا کہتا ہے ـــ اس کے بعد مجھے ڈھونڈنا اس کا کام ہوگا ـــ» لیکن جرمن بہت سویرے اٹھتے ہیں ـــ ابھی مشکل سے نو بجے تھے کہ ویٹر نے سانن کو اطلاع دی کہ سکنڈ لیفٹیننٹ (der Herr Seconde Lieutenant) فون رختر اس سے ملنے آیا ہے ـــ سانن نے جلدی جلدی کوٹ پہنے ہوئے ویٹر سے کہا کہ افسر کو اندر بھیج دو ـــ وہ اپنے مہمان کے چہرے پر نوجوانی کی تر و تازگی دیکھہ کر حیران رہ گیا ـــ وہ ایک تو عمر لڑکا نظر آ رہا تھا ـــ ہیر فون رختر نے اپنے صفا چٹ چہرے میں رکھہ رکھاؤ کی کیفیت پیدا کرنے کی کوشش

ضرور کی مگر اس میں اسے ذرا کامیابی نہیں ہوئی — وہ تو اپنی بوکھلاہٹ بھی نہ چھپا سکا اور کرسی پر بیٹھتے ہوئے وہ خود اپنی تلوار سے الجھا اور گرتے گرتے بچا — اس نے نہایت ہی بری فرانسیسی میں ہکلا ہکلا اور رک رک کر سانن کو اطلاع دی کہ اس کے دوست بارن فون دون ہوف نے اس کے سپرد یہ فرض کیا ہے کہ وہ ہیر فون زانن سے ان الفاظ کے لئے معافی مانگنے کا مطالبہ کرے جو اس نے پچھلے دن اس کی شان میں کہے تھے اور اگر وہ معافی مانگنے پر آمادہ نہ ہو تو بارن فون دون‌ہوف دوسری طرح تسلی کا مطالبہ کرتا ہے — سانن نے جواب دیا کہ معافی مانگنے کا تو اس کا کوئی ارادہ نہیں لیکن وہ اس کی تسلی کرنے کے لئے تیار ہے — ہیر فون رختر نے اس پر اسی طرح ہکلاتے ہوئے پوچھا کہ وہ اس سلسلے میں کس سے، کس وقت اور کس جگہ ضروری باتیں اور شرطیں طے کرسکتا ہے — سانن نے جواب دیا کہ وہ دو گھنٹے میں دوبارہ اس کے یہاں آ جائے اور اس اثنا میں وہ اپنا گواہ تلاش کرنے کی کوشش کرے گا — («آخر میں کس کمبخت کو تلاش کروں‌گا؟» اس نے اپنے آپ سے پوچھا —) ہیر فون رختر اٹھ کھڑا ہوا اور اس سے رخصت ہونے لگا... لیکن دروازے پر پہنچ کر وہ رک گیا جیسے اس کو افسوس و رنج نے اچانک آ دبوچا ہو — وہ سانن کی طرف مڑا اور بڑبڑاتی ہوئی آواز میں بولا کہ اس کا دوست، بارن فون دون‌ہوف اپنے آپ سے یہ اعتراف کرنے پر مجبور ہے کہ ... کسی حد تک... کل کے واقعے کی ذمہ داری اس پر عائد ہوتی ہے... اس لئے وہ ایک معمولی معذرت سے بھی مطمئن ہونے پر آمادہ ہے — «des exghizes léchères» — اس پر سانن نے جواب دیا کہ اس کا معافی مانگنے کا کوئی

ارادہ نہیں، خواہ وہ معافی معمولی ہو یا سخت، کیونکہ وہ کسی طرح بھی خود کو قصوروار تصور نہیں کرتا —

«اس صورت میں» فون رختر نے اور زیادہ لال ہوتے ہوئے جواب دیا «دونوں طرف سے دوستانہ طور پر گولیاں چلنی چاہئیں —— «des goups de bisdolet à l'amiaple!

«مجھے افسوس ہے کہ میں سمجھنے سے قاصر ہوں» سانن بولا «کیا ہم محض ہوائی گولی چلائیں؟»

«اوہ، نہیں یہ نہیں!» سکنڈ لفٹیننٹ نے بالکل پانی پانی ہوکر ہکلاتے ہوئے کہا «میں نے سوچا کہ چونکہ دونوں باعزت آدمی ہیں... لیکن میں آپ کے گواہ سے بات کروں گا —» یہاں اس نے اپنی بات ادھوری چھوڑ دی اور چلا گیا —

ادھر لفٹیننٹ باہر نکلا اور ادھر سانن کرسی میں دھنس گیا اور ٹکٹکی باندھ کر فرش کو گھورنے لگا — «آخر یہ سب کس لئے ہو رہا ہے؟ دفعتاً میری زندگی نے کون سا رخ اختیار کرلیا ہے؟ میرا پورا ماضی، میرا سارا مستقبل یکایک بالکل بے معنی لگ رہا ہے اور اب اس کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا کہ فرانکفرٹ میں مجھے ڈوئل لڑنا ہے —» اسے اپنی وہ پگلی چچی یاد آئیں جو مستقل ان بولوں کی دھن پر ناچا کرتی تھیں:

یہاں آؤ!
میرے پیارے!
لفٹیننٹ پیارے!
تم میرے ننھے بانکے بن جاؤ!

اور قہقہے لگا کر اسی طرح گانے لگا جیسے بڑھیا گایا کرتی تھی:

لفٹیننٹ پیارے
تم میرے ننھے بانکے بن جاؤ!

«لیکن مجھے اس سلسلے میں کچھہ کرنا چاھئے، زیادہ وقت نہیں !» وہ زور سے بولا اور جو اچھلا تو سامنے پنتالیونے کھڑا تھا — اس کے ھاتھہ میں ایک پرچہ تھا —

«میں نے کئی بار دستک دی مگر تم نے جواب نہیں دیا — میں سمجھا تم باھر ھو» بڈھا بڑبڑایا اور اس کے ھاتھہ میں پرچہ تھما دیا — «یہ سینیورینا جیما نے دیا ھے —»

سانن نے میکانکی طور پر پرچہ لیا، اسے کھولا اور اس پر نظریں دوڑانے لگا— جیما نے لکھا تھا کہ ایک خاص واقعے کے متعلق جس سے سانن واقف ھے وہ سخت پریشانی میں مبتلا ھو گئی ھے اور اس سے فوراً ملنا چاھتی ھے —

«سینیورینا بہت پریشان ھے» پنتالیونے نے کہنا شروع کیا جو خط کے مضمون سے واقف معلوم ھوتا تھا «اس نے مجھہ سے کہا کہ میں جاؤں اور دیکھوں کہ تم کیا کر رھے ھو اور اپنے ساتھہ لے آؤں —»

سانن نے اس بوڑھے اطالوی پر ایک نظر ڈالی —— اور سوچنے لگا — ایک خیال اچانک اس کے دماغ میں کوند گیا — شروع میں تو یہ خیال کچھہ بے ربط اور ناممکن سا لگا...

«لیکن پھر بھی... لیکن کیوں نہیں ؟» اس نے اپنے آپ سے پوچھا —

«موسیو پنتالیونے !» اس نے زور سے کہا —

بڈھا چونک گیا — اس نے اپنی ٹھوڑی اپنے گلوبند میں چھپا لی اور سانن کو غور سے دیکھنے لگا —

«تم جانتے ھو کل کیا ھوا ؟» سانن بولا —

پنتالیونے منہ ہی منہ ہونٹوں میں کچھ بڑبڑایا اور آگے لٹکتی ہوئی بال کی موٹی سی لٹ کو جھٹک کر پیچھے کر لیا —

«ہاں، میں جانتا ہوں —»

(ایمیل نے گھر پہنچتے ہی اس کو سارا ماجرا کہہ سنایا تھا—)

«اوہ تم جانتے ہو! پھر تو ٹھیک ہے — ایک افسر ابھی ابھی مجھ سے ملنے آیا تھا — پاجی نے ڈوئل کے لئے للکارا ہے مجھے — میں نے اس کا چیلنج قبول کر لیا ہے — لیکن میرا کوئی گواہ نہیں — کیا تم میرے گواہ بنوگے ؟»

پنتالیونے بالکل چونک گیا — اس نے اپنی بھویں اوپر اٹھاتے ہوئے دیکھا یہاں تک کہ بھویں ہلتی ہوئی لٹوں میں غائب ہو گئیں —

«اور کیا تمہارا لڑنا واقعی ضروری ہے؟» آخر اطالوی میں اس کی زبان سے نکلا — وہ اس لمحے تک فرانسیسی بولتا رہا تھا —

« ہاں مجھے ضرور لڑنا چاہئے — کوئی اور راستہ اختیار کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رسوائی مول لے لوں — »

«ہوں — اور اگر میں تمہارا گواہ بننے سے انکار کر دوں تو... کیا تم کوئی اور تلاش کروگے؟»

«یقینی، میں کوئی اور ڈھونڈوں گا — »

پنتالیونے نے اپنی آنکھیں جھکا لیں — «لیکن، سینیور دے تسانینی مجھے یہ پوچھنے کی اجازت دیجئے کہ کیا آپ کا ڈوئل کسی خاص شخص کی عزت پر دھول نہیں ڈالے گا؟»

«میں نہیں سمجھتا کہ ایسا ہوگا — ہاں خیر ایسا ہو بھی سکتا ہے — لیکن کوئی اور چارہ ہی نہیں —»

«ہوں» — پنتالیونے کا چہرہ اور بھی زیادہ گلو بند میں چھپ گیا۔ «اور اس ferroflucto Cluberio کے بارے میں کیا خیال ہے؟» اس نے اپنا منہ اٹھاتے ہوئے اچانک پوچھا —

«وہ؟ کچھ بھی نہیں!»

*«Che!» پنتالیونے نے حقارت سے اپنے شانے ہلائے — «بہر حال میں تمہارا شکریہ ادا کرنے کے لئے خود کو مجبور پاتا ہوں» اس نے ایک ذرا رکنے کے بعد تھرتھراتی ہوئی آواز میں کہا «کہ تم نے مجھے میری شرمناک حالت میں بھی ایک شریف آدمی کی حیثیت سے دیکھا — un galant' uomo! اس طرز عمل سے تم نے خود کو ایک سچا شریف آدمی galant'uomo ثابت کر دیا ہے — لیکن مجھے تمہاری تجویز پر غور کرنا چاہئے —»

«غور کرنے کا وقت کہاں ہے پیارے موسیو چی... چپا...»

«تولا...» بڈھے نے لقمہ دیا — «میں سوچنے کے لئے صرف ایک گھنٹے کی مہلت چاہتا ہوں — میرے محسنوں کی لڑکی کا معاملہ ہے — اور مجھے اس پر سوچنا چاہئے... میرا فرض ہے — تمہیں ایک گھنٹے میں میرا فیصلہ معلوم ہو جائیگا... پینتالیس منٹ میں —»

«اچھا! میں انتظار کروں گا —»

«اور اب... سینیورینا جیما کو کیا جواب دینا ہے مجھے؟»

سانن نے کاغذ کا ایک ورق اٹھایا اور اس پر لکھنا شروع کیا:

«میری پیاری دوست، پریشان نہ ہو، میں تین گھنٹے میں تمہارے پاس

---

* اطالوی زبان میں تحقیر اور ملامت کی آواز — جیسے — چھی — (مصنف —)

ہونگا اور تمہیں سب کچھہ بتاؤں‌گا — تمہاری ہمدردی کے لئے دل سے شکریہ —» اس نے یہ پرچہ پنتالیونے کو دیا —

بڈھے نے بڑی احتیاط سے اس پرچے کو اپنی بغلی جیب میں رکھا اور دروازے کی طرف یہ دھراتا ہوا بڑھا «ایک گھنٹے میں !» لیکن یکایک وہ واپس مڑا، دوڑکر سانن کے پاس آیا، اس کا ہاتھہ پکڑا اور صدری سے لگایا اور بولا «نیک نوجوان! بڑا دل ہے! (Nobil giovanotto! Gran cuore!) ایک کمزور بوڑھے آدمی کو (a un vecchiotto) اپنا جرأت آزما ہاتھہ دبانے کی اجازت دو! (la vostra valorosa destra!)» وہ اچھل کر ایک قدم پیچھے ہٹا، اپنے دونوں ہاتھہ ہوا میں بلند کئے اور وہاں سے چل دیا —

سانن نے اس کے پیچھے پیچھے نظریں دوڑائیں... ایک اخبار اٹھایا اور اسے پڑھنے کے لئے بیٹھہ گیا — لیکن اس کی آنکھیں سطروں پر بیکار دوڑتی رہیں، وہ ایک لفظ بھی نہیں سمجھہ سکا...

۱۸

ایک گھنٹے کے بعد پھر ویٹر سانن کے پاس آیا اور اپکے اس نے اس کے ہاتھہ میں ایک پرانا، میلا میلا سا دھبوں والا کارڈ دیا — اس پر لکھا تھا: «پنتالیونے چپاتولا، واریزے، عالی جاہ ڈیوک اف مودینہ کے درباری مغنی (cantante di camera) —» اور ویٹر کے پیچھے پیچھے خود پنتالیونے بھی آن پہنچا — اس نے سر سے پاؤں تک کپڑے بدل لئے تھے — اب وہ کالے لمبے کوٹ اور سفید ویسٹ کوٹ میں تھا جس پر نقلی سونے کی ایک زنجیر بڑی آب و تاب سے لٹک رہی تھی — چست کالی پتلون پر ایک بھاری مہر لٹک رہی

تھی — اس کے داھنے ھاتھہ میں ایک کالی ٹوپی تھی جو خرگوش کے روئیں سے تیار ھوئی تھی اور اس کے بائیں ھاتھہ میں سویڈ کے موٹے دستانے تھے — اس کا گلوبند معمول سے بھی زیادہ چوڑا اور اونچا تھا اور اس کی صدری میں «بلی کی آنکھہ» (oeil de chat) کے پتھر کا ایک پن لگا ھوا تھا — اس کے داھنے ھاتھہ کی بڑی انگلی میں ایک مہر لگی ھوئی انگوٹھی تھی جس میں دو ھاتھہ ایک شعلہ فشاں دل کو تھامے ھوئے تھے — بڈھے کے لباس سے بڑی تیز بو آرھی تھی — کافور اور مشک کی ملی جلی بو — اس کی وضع قطع کی اضطراری گمبھیرتا بےنیاز سے بےنیاز آدمی کو متوجہ کئے بغیر نہ رہ سکتی تھی — سانن اس سے ملنے کے لئے کھڑا ھو گیا —

«میں تمہارا گواہ ھوں» کمر سے جھکتے ھوئے اور رقاصوں کی طرح جوتوں کے پنجوں کو ایک دوسرے سے دور رکھہ کر کھڑے ھوتے ھوئے پنتالیونے نے فرانسیسی میں اعلان کیا — «میں ھدایات کے لئے آیا ھوں — کیا تم خوفناک انجام تک لڑنا چاھتے ھو؟»

«خوفناک انجام تک کیوں موسیو چپاتولا؟ میں نے جو الفاظ کل کہے تھے ان کو واپس لینے کے لئے میں تیار نہیں ھوں لیکن میں خون کا پیاسا نہیں ھوں — ٹھہرو، میرے حریف کا گواہ ایک منٹ میں یہاں آتا ھوگا — میں دوسرے کمرے میں جاتا ھوں اور تم اور وہ ایک دوسرے سے بات کرکے شرائط طے کرو — یقین کرو، میں تمہاری خدمات کبھی نہیں بھولوں‌گا اور میں دل سے تمہارا شکرگزار ھوں —»

«عزت ھر چیز پر بھاری ھے!» پنتالیونے نے جواب دیا اور سانن کی درخواست کا انتظار کئے بغیر کرسی میں دھنس گیا — «اگر وہ

«ferroflucto spiccebubbio» اس نے اطالوی اور فرانسیسی الفاظ کا مالیدہ تیار کرتے ہوئے کہا «اگر وہ دوکاندار کلوبیریو یہ نہیں سمجھ سکتا کہ اس کا فرض کیا ہے یا اگر وہ نامرد ہے — تو پھر تو اس کے حق میں اور بھی برا ہے! وہ ایک بےکار آدمی ہے — اور بس!.. جہاں تک ڈوئل کی شرائط کا تعلق ہے — میں تمہارا گواہ ہوں اور تمہارا مفاد میرے لئے مقدس ہے! جب میں پادوا میں رہتا تھا تو سفید گھوڑسواروں کا ایک رسالہ وہاں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا اور کئی افسروں سے میرا یارانہ ہو گیا تھا اور ان سے میری گاڑھی چھنتی تھی — ان کی لغت میں عزت کیا چیز ہے میں اس سے خوب واقف ہوں — میں نے اکثر ان سوالوں پر تمہارے شہزادے تاربوسکی سے بات‌چیت کی تھی... کیا وہ گواہ جلد ہی آئیگا؟»

«میرے خیال میں تو وہ منٹوں میں آیا چاہتا ہے... اوہ وہ رہا!» سانن کھڑکی سے باہر نظر دوڑاتے ہوئے بولا —

پنتالیونے اٹھا، اپنی گھڑی پر نظر ڈالی اور جلدی سے پتلون کے ایک پائنچے سے لٹکتے ہوئے فیتے کو اپنے جوتے کے اوپر والے حصے میں اندر کو گھسا لیا — نوجوان سکنڈ لفٹیننٹ اندر داخل ہوا — وہ اب تک سرخ تھا اور گھبرایا گھبرایا سا —

سانن نے گواہوں کو ایک دوسرے سے ملایا —

«M-r Richter, souslieutenant! M-r Zippatola, artiste!»*

سکنڈ لفٹیننٹ کو اس بڈھے کو دیکھ کر کچھ تعجب ہوا — اس وقت وہ کیا کہتا اگر کسی نے اس کے کان میں آہستہ سے

---

* رختر — افسر! چپاتولا — اداکار!

پھونک دیا ہرتا کہ وہ «فنکار» جس کا ابھی ابھی اس سے تعارف ہوا ہے کھانا پکانے کے فن میں بھی ماہر ہے؟ لیکن پنتالیونے نے کچھہ ایسا رویہ اختیار کیا جیسے ڈوئل کا انتظام وغیرہ کرانے میں حصہ لینا اس کا روز مرہ کا معاملہ ہے — بلا شبہہ اس کا تھیٹر والا ماضی اس کے آڑے آیا اور اس نے گواہ کا رول بالکل اس طرح ادا کیا جیسے یہ تھیٹر کا رول ہو — دونوں فریق ایک لمحے کو چپ رہے —

پنتالیونے نے پہلے مہرسکوت توڑی —

«تو ہم شروع کریں؟» اس نے اپنی مہر سے کھیلتے ہوئے پوچھا —

«بے شک» سکنڈ لفٹیننٹ نے جواب دیا — «لیکن... دونوں ڈوئل لڑنےوالوں میں سے ایک کی موجودگی...»

«حضرات! میں ابھی ابھی آپ سے رخصت ہو جاؤں‌گا!» سانن نے کہا اور جھک کر رخصت ہوتے ہوئے اور دروازہ بند کرتے ہوئے اپنی خواب گاہ میں چلا گیا —

خود کو بستر پر گراتے ہوئے وہ جیما کے بارے میں سوچنے لگا... لیکن دونوں گواہوں کی بات چیت کی آواز بند دروازوں سے آرہی تھی — بات چیت فرانسیسی میں ہو رہی تھی — دونوں فریق بڑی بےدردی سے اپنے اپنے ڈھنگ سے زبان کا خون کر رہے تھے — پنتالیونے نے پھر پادوا کے گھوڑسواروں کے رسالے اور شہزادے تاربوسکی کا ذکر چھیڑا اور سکنڈ لفٹیننٹ نے «exghizes léchères» اور «goups á l'amiaple» کا حوالہ دیا — لیکن بڈھا کسی exghizes کا ذکر سننے کو تیار نہ تھا! بڈھے نے اچانک اپنے فریق کو ایک نوجوان اور معصوم لڑکی کے بارے میں بتانا شروع کر دیا جس کی

ایک چھنگلی دنیا بھر کے سارے افسروں سے بھی زیادہ قیمتی ہے...
(oune zeune damigella innoucenta, qu'a ella sola dans soun péti doa vale piu que toutt le zouffissié del mondo!) یہ سن کر سانن بالکل چکرا گیا — بڈھا پورے جلال سے باربار دھرانے لگا «یہ شرمناک ہے! شرمناک ہے یہ!» (E ouna onta, ouna onta!) شروع میں تو سکنڈ لفٹیننٹ نے اس کی کوئی پروا نہ کی لیکن جلد ہی اس کی آواز میں تھرتھراہٹ پیدا ہو گئی اور اس نے کہا کہ میں یہاں اخلاقیات پر لکچر سننے نہیں آیا ہوں...

«میاں تمہاری عمر میں حق بات سننا ہمیشہ مفید رہتا ہے!» پنتالیونے بولا —

تھوڑی تھوڑی دیر پر، معزز گواہوں کی بات چیت گرم ہو جاتی — یہ بات چیت ایک گھنٹے سے زیادہ جاری رہی لیکن آخرکار یہ شرطیں طے پائیں: «بارن فون دون ہوف اور موسیو دے سانن کا سامنا اگلی صبح دس بجے ہناؤ کے آس پاس ایک چھوٹے سے جنگل میں ہوگا اور دونوں بیس قدم کے فاصلے سے ایک دوسرے پر گولی چلائیں گے— دونوں فریق اپنے گواہوں کا اشارہ پاکر دو بار گولی چلائیں گے — پستول ایک ہی گھوڑے والے ہونگے اور ان کی نالیں رائیفل کی نہیں ہونگی»— ہیر فون رختر رخصت ہوا اور پنتالیونے نے بات چیت کے نتیجے سے آگاہ کرنے کے لئے بڑے طمطراق سے خواب گاہ کا دروازہ کھولا اور بولا: *Bravo, Russo! Bravo giovanotto» تم غازی ہوگے!»

---

* مرحبا، اے روسی! مرحبا!

چند منٹ بعد دونوں روسیلی کی دوکان کی طرف چل دئے — سانن نے پنتالیونے سے وعدہ لیا کہ وہ ڈوئل کے معاملے کو ایک زبردست راز بناکر رکھیگا — جواب میں بڈھے نے صرف اپنی انگلی اٹھائی اور آنکھیں میچ کر جلدی جلدی بولا «Segredezza!» (راز!) ایسا لگا کہ اس کی عمر کم ہو گئی ہے — خود اس کے قدم بہت سبک رو ہو گئے تھے — ان غیر معمولی واقعات نے، خواہ وہ ناخوش گوار ہی سہی، اس کو اس بیتے زمانے میں پہنچا دیا جب وہ خود چیلنج قبول کرتا تھا اور دوسروں کو للکارتا تھا —— ہاں یہ ٹھیک ہے کہ یہ سب اسٹیج پر ہوتا تھا — جیسا کہ معلوم ہی ہے، مدھم آواز میں گانےوالوں میں غضب کی اکڑفوں تو ہوتی ہی ہے —

۱۹

ایمیل دوڑتا ہوا سانن کے خیرمقدم کو آیا —— وہ ایک گھنٹے سے بھی زیادہ عرصے سے اس کے آنے کا انتظار کر رہا تھا —— اور اس نے جلدی جلدی اس کے کان میں کہا کہ اس کی ماں کو کل کے ناخوشگوار حادثے کے بارے میں کچھ بھی معلوم نہیں اور اس کے کان میں اس کی ذرا بھی بھنک نہیں پڑنی چاہئے — اس نے یہ بھی کہا کہ اسے پھر دوکان میں بھیجا جا رہا ہے لیکن وہاں جانے کا اس کا بالکل ارادہ نہیں — وہ کہیں دبک رہےگا — چند لمحوں کے دوران اسے یہ سب کچھ بتانے اور سڑک پر بھاگنے سے پہلے اس نے خود کو سانن کے شانے پر دباتے ہوئے بڑے جذبات سے اس کو چوم لیا — سانن کی ملاقات دوکان میں جیما سے ہوئی — جیما اس سے کچھ کہنا چاہتی تھی پر کہہ نہ سکی — اس کے ہونٹ بہت ہلکے سے تھرتھرائے

اور اس کی آنکھیں مچ سی گئیں اور اس کی نظریں ایک طرف سے دوسری طرف بھٹکنے لگیں — اس نے جلدی جلدی اس کو دلاسا دیا اور ڈھارس بندھائی کہ معاملہ رفع‌دفع ہو گیا —

«کیا آج کوئی تم سے ملنے نہیں آیا تھا؟» اس نے پوچھا —

«ایک آدمی آیا تو تھا — ہم نے اس معاملے پر بات‌چیت کی — اور... ہم حد درجہ اطمینان بخش نتیجے پر پہنچے —»

جیما کاؤنٹر کے پیچھے چلی گئی —

«وہ میرا یقین نہیں کرتی» اس نے اپنے آپ سے کہا... بہرحال وہ پچھلے کمرے میں گیا اور وہاں اسے فراؤ لینورے نظر آئی —

اس کے سر کا درد بہتر تھا لیکن اس پر ایک افسردگی کا موڈ طاری تھا — وہ خلوص سے مسکرائی لیکن ساتھ ہی اس نے جتا دیا کہ اس کی صحبت آج ناخوشگوار ثابت ہوگی اس لئے کہ آج وہ اس کا دل بہلانے کے موڈ میں نہیں ہے — جب وہ اس کے پاس بیٹھا تو اس نے دیکھا کہ اس کے پپوٹے لال اور سوجے ہوئے ہیں —

«کیا ہوا ہے تمہیں فراؤ لینورے؟ تم آنسو تو نہیں بہاتی رہی ہو؟»

«ہش...» اس نے اس کمرے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا جس میں اس کی لڑکی تھی — «زور سے نہ بولو... زور سے نہیں —»

«لیکن تمہیں رونا آیا کس بات پر؟»

«آہ موسیو سانن، میں خود نہیں جانتی —»

«کیا کسی نے تمہارے دل کو ٹھیس لگائی ہے؟»

«اوہ نہیں!.. نہ جانے کیوں یکایک دل بھر آیا — مجھے گیوان یتستا یاد آئے... میری اپنی جوانی کا زمانہ یاد آیا... اور سب کچھ

کتنی جلدی بیت گیا — میں بڑھیا ہونے کو آئی — میرے دوست —— اور میں اس خیال کو اپنا نہیں سکتی اور بس — میں تو ہمیشہ کی طرح ہی محسوس کرتی ہوں... لیکن بڑھاپا —— سر پر منڈلا رہا ہے، سر پر!» فراؤ لینورے کی آنکھیں بھر آئیں — «میں دیکھ رہی ہوں تم مجھے حیران نظروں سے دیکھ رہے ہو... لیکن تم بھی، میرے دوست، بوڑھے ہوگے اور جب جانوگے یہ کتنا کڑوا گھونٹ ہے!»

سانن نے اس کی دل جوئی کی کوشش کی، اس کو اپنے بچوں کی یاد دلائی جن کی جوانی میں وہ اپنی جوانی پا سکتی ہے، اس نے اس کا مذاق اڑانے کی کوشش بھی کی، اور کہا کہ وہ اپنی تعریف سننا چاہتی ہے... لیکن اس نے اس کو روکا — اس کے لہجے میں ہنسی مذاق کا ذرا شائبہ نہ تھا — اور اس نے زندگی میں پہلی بار محسوس کیا کہ اس قسم کے دکھ پر جو بڑھاپے کے احساس سے پیدا ہو، پھایا نہیں رکھا جا سکتا اور اس سے دھیان نہیں بٹایا جا سکتا ہے — صرف ایک راستہ ہے اور وہ یہ کہ اس غم کے خود بخود دور ہونے کا انتظار کیا جائے — اس نے ترستے کھیلنے کی صلاح دی اور اس سے بہتر کوئی اور بات اسے سوجھی ہی نہیں — اس نے شوق سے یہ بات مان لی اور ایسا لگا کہ اس پر خوشی کا رنگ آ گیا ہے —

سانن کھانے تک اور پھر کھانے کے بعد بھی اس کے ساتھ تاش کھیلتا رہا — پنتالیونے نے بھی کھیل میں حصہ لیا — اس کی آگےوالی لٹ، اس سے پہلے اتنا زیادہ نہیں لٹکی تھی — اس سے پہلے اس کی ٹھوڑی کبھی بھی اس بری طرح اس کے گلوبند میں دفن نہیں ہوئی تھی — اس کی حرکت میں اتنا وقار اور اتنا رکھ رکھاؤ تھا اور اس رکھ رکھاؤ میں ایسا تناؤ تھا کہ کوئی بھی یہ سوچے بغیر نہیں

رہ سکتا تھا کہ آخر وہ کون سا راز ہے جس کو وہ اتنے جان جوکھوں سے اپنے کلیجے میں چھپاکر رکھہ رہا ہے —

لیکن —— Segredezza, segredezza!

سارے دن، ہر ممکن طریقے سے اس نے کوشش کی کہ وہ سانن کے لئے زبردست احترام کا اظہار کرے— میز پر اس نے ایک پر عزم گمبھیرتا کے ساتھہ خواتین کو نظرانداز کرتے ہوئے، سب سے پہلے اس کی طرف کھانا بڑھایا — تاش کے کھیل کے دوران میں اس نے ساری رقم اس کے آگے رکھہ دی اور جب رنگ کا پتہ ہوتے ہوئے بھی وہ رنگ نہ چلا تو منہ سے ایک لفظ نہ نکالا اور بغیر کسی ربط کے یہ اعلان کر ڈالا کہ روسی دنیا بھر میں سب سے زیادہ وسیع القلب، بلند ہمت اور بات کے دھنی ہوتے ہیں —

«گھاگ!» سانن نے دل میں کہا —

اسے مادام روسیلی کی دماغی کیفیت پر اتنی زیادہ حیرت نہیں ہوئی جتنی کہ اپنی طرف اس کی لڑکی کے رویئے پر — وہ اس سے کترائی تو نہیں، بلکہ الٹا پورے وقت وہ اس کے پاس ہی بیٹھی رہی، اور جب وہ بولتا تو توجہ سے اس کی بات سنتی اور اس کو دیکھتی — لیکن وہ پوری ہٹ دھرمی کے ساتھہ اس سے بات چیت کرنے سے دامن بچاتی رہی — اور جب کبھی وہ اسے مخاطب کرتا وہ چپکے سے اٹھتی اور چند منٹ کے لئے کمرے سے باہر چلی جاتی — پھر وہ اندر آتی اور کہیں ایک طرف کونے میں بیٹھہ جاتی اور بالکل خاموش رہتی جیسے سوچ میں کھوئی ہوئی ہو —— اور جیسے دل ہی دل میں کسی بات پر حیران ہو رہی ہو— آخر فراؤ لینورے نے اس کے غیرمعمولی رویئے کو تاڑ لیا اور اس سے پوچھا کہ آخر ماجرا کیا ہے —

«کچھہ نہیں» جیما نے جواب دیا — «تم جانتی ہو میں کبھی کبھی یونہی بن جاتی ہوں — »

«یہ بالکل ٹھیک ہے» اس کی ماں نے اتفاق کیا —

اس طرح ایک پورا دن بیت گیا، ایک ایسا دن، جس میں نہ تو بڑی ہماہمی تھی اور جو نہ بہت بےجان تھا، ایسا دن جو نہ تو بہت ہی طرب ناک تھا اور نہ بہت بجھا بجھا — اگر جیما کا رویہ ذرا مختلف ہوتا تو سانن دل کھول کر بیباکی دکھانے کی اندرونی اکساہٹ پر قابو پانے میں ناکام رہتا —— یا ایک ایسی جدائی کے لمحے میں جو ہمیشہ ہمیشہ کی جدائی کا لمحہ بن سکتا تھا، شاید وہ غم و الم کے جذبات میں ڈوب کر رہ جاتا — لیکن چونکہ اسے جیما سے بات کرنے کا موقع نہیں ملا اس لئے کافی سے پہلے پندرہ منٹ کا وقفہ اس نے پیانو کو چھیڑ کر ننھے ننھے سر جگانے میں بتایا —

ایمیل دیر سے واپس آیا اور جلدی ہی وہاں سے ٹل گیا تاکہ ہیر کلیوبر کے بارے میں پوچھہ گچھہ کی نوبت نہ آئے — سانن کے رخصت ہونے کا لمحہ آیا —

اس نے جیما کو خدا حافظ کہنا شروع کیا — کسی وجہ سے اسے اس وقت پشکن کی نظم «یوگینی اونیگن» میں لینسکی اور اولگا کے بچھڑنے کا منظر یاد آگیا — اس نے جیما کا ہاتھہ مضبوطی سے دبایا اور اس کے چہرے کو دیکھنے کی کوشش کی لیکن وہ اپنی انگلیوں کو چھڑاتے ہوئے ایک طرف مڑ گئی —

۲۰

جب وہ برساتی میں پہنچا تو سارے ستارے جگمگ جگمگ کر رہے تھے — اف کتنے ستارے، سمندر کا سمندر —— بڑے، چھوٹے، پیلے، لال، نیلے اور سفید! وہ سب کے سب جگمگا اور جھلملا رہے تھے،

آنکھیں جھپکا رہے تھے — چاند نہ تھا لیکن چاند کے بنا بھی پرچھائیوں سے بےنیاز شام کے باریک دھندلکے میں ہر چیز صاف نظر آ رہی تھی — سانن ٹہلتا ہوا سڑک کے نکڑ تک گیا — اس وقت سیدھے اپنے کمرے میں جانے کا اس کا کوئی ارادہ نہ تھا — اس کے من میں صرف ایک خواہش تھی کہ ذرا گھومے گھامے اور صاف ستھری ہوا کا لطف اٹھائے — وہ پلٹا اور ابھی مشکل سے وہ اس مکان کے پاس ہی پہنچا تھا جس میں روسیلی کی دوکان تھی، کہ اچانک دھڑ سے اس کی ایک کھڑکی سڑک کی طرف کھلی اور اس کے خالی سیاہ چوکھٹے میں (کمرے میں روشنی نہ تھی) ایک عورت کا پیکر ابھرا اور اس نے اپنا نام پکارتے ہوئے سنا:

«Monsieur Dimitri!»*

وہ لپک کر کھڑکی کے پاس پہنچا... یہ تو جیما تھی!

وہ کھڑکی پر ٹیک لگائے ہوئے تھی اور اس کا دھڑ باہر جھکا ہوا تھا —

«Monsieur Dimitri» اس نے احتیاط کے ساتھ کہنا شروع کیا «میں پورے دن چاہتی رہی کہ تمہیں ایک چیز دوں... لیکن میں طے نہ کر سکی کہ دوں یا نہ دوں — لیکن تمہیں اچانک دیکھ کر مجھے ایسا لگا کہ جو ہونی ہے سو ہو کر رہے گی...»

جیما اس لفظ پر پہنچ کر بےاختیار رک گئی — وہ آگے نہ کہہ سکی — اور اس وقت ایک انوکھی بات ہوئی —

زبردست سناٹے میں، جب آسمان بادلوں سے بالکل خالی تھا، یکایک ہوا کا ایک زوردار جھونکا اٹھا — یہ جھونکا اتنا زوردار تھا

---

* موسیو دمتری!

کہ پوری زمین تھرتھراتی ہوئی محسوس ہوئی، ستارے لرزنے اور جھلملانے لگے اور خود ہوا چکرانے لگی — یہ جھونکا ٹھنڈا نہیں، گرم تھا، بلکہ اس میں امس تھی — ہوا کے جھونکوں نے درختوں کو جھنجھوڑا، مکانوں کی چھتوں اور دیواروں کو پیٹا، سڑک پر اودھم مچائی، سانن کے سر سے ہیٹ اڑا لے گئی اور جیما کی گھونگھریالی لٹوں کو بکھیر کر رکھ دیا — سانن کا سر کھڑکی کے نچلے حصے کے برابر تھا اور وہ بے اختیار اس سے اور قریب اور قریب ہوتا گیا اور جیما نے اس کے شانوں کو اپنے دونوں ہاتھوں سے دبوچا اور اپنا سینہ اس کے سر پر دبایا — ہوا کی قیامت خیز چیخ پکار کوئی ایک منٹ جاری رہی اور پھر پر پھڑپھڑا کر پرواز کر جانے والے پرندوں کی طرح یہ آندھی نڈھال ہو کر سو سی گئی... اور پھر زبردست سناٹا چھا گیا —

اپنا سر اٹھاتے ہوئے، سانن نے اس چہرے کو دیکھا جو اتنا پیارا تھا، اتنا سہما سہما، اتنا ہیجان سے بھرا ہوا — اس نے بڑی بڑی آنکھوں میں دیکھا، ایسی شاندار آنکھیں جن کو دیکھ کر دل لرز جائے — اس کی آنکھوں نے ایک ایسا حسن دیکھا کہ اس کا دل ایک لمحے کو دھڑکنا بھول گیا — اس کے بالوں کی ایک ریشمیں لٹ کو جو اس کے سینے پر جھول رہی تھی، اپنے ہونٹوں سے چھوتے ہوئے، اس نے صرف اتنا کہا «اف جیما!»

«یہ کیا تھا؟ بجلی؟» اس نے پوچھا، اس کی نگاہیں فضائے بسیط میں تیرتی چلی گئیں لیکن اس کی بانہیں اب تک اس کے شانے پر تھیں —

«جیما!» سانن نے دہرایا —

اس نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور کمرے میں پلٹ کر دیکھا اور تب اس نے تیزی سے اپنے گریبان سے گلاب کا ایک مرجھایا ہوا پھول نکالا اور سانن کی طرف پھینک دیا —

«میں تمہیں یہ پھول دینا چاہتی تھی...»

اس نے گلاب کے اس پھول کو پہچان لیا جو اس نے پچھلے دن افسروں سے چھینا تھا —

لیکن کھڑکی کے پٹ بند ہو گئے اور اب کھڑکی کے اندھیرے شیشے کے پیچھے کچھ نظر نہ آ رہا تھا، کچھ بھی نہیں، سفید رنگ کی ہلکی سی جھلک بھی نہیں...

سانن اپنی ہیٹ کے بغیر ہوٹل لوٹا ... اسے پتہ بھی نہ چلا کہ وہ اپنی ہیٹ کھو آیا تھا —

۲۱

پوپھٹتے پھٹتے اسے نیند آئی — بھلا اس میں تعجب کی بات کیا تھی کہ گرم ہوا کے چکراتے ہوئے جھونکے کے زیر اثر اس نے اسی آن محسوس کیا — (یہ نہیں کہ جیما ایک حسین لڑکی ہے، یہ نہیں کہ اسے وہ انتہائی دل ربا معلوم ہوئی، یہ اسے پہلے ہی سے معلوم تھا) — اور کچھ ہو نہ ہو، وہ اس کی محبت میں گرفتار ہے — عشق نے اسے ہوا کے طوفانی جھونکے کی طرح ناگہاں آلیا تھا — اور لو وہ نامعقول ڈوئل سامنے ہے! اسے انتہائی مایوس کن وسوسے ستانے لگے — اگر وہ مارا نہ بھی گیا تو — بھلا اس لڑکی سے محبت کا نتیجہ کیا نکلےگا جو ایک دوسرے آدمی کی منگیتر ہو؟ اور اگر وہ «دوسرا» زیادہ خطرناک حریف نہ ثابت ہوا اور جیما بھی اس سے محبت

کرنے لگے یا شاید ابھی ھی اس سے محبت کرتی ھو... کیا خیال ھے اس کے بارے میں؟ واہ کیا سوال ھے! —— ایسی حسینہ...

وہ کمرے میں ٹہلتا رھا— پھر میز پر بیٹھا، کاغذ کا ایک ٹکڑا لیا، اس پر چند سطریں گھسیٹیں، —— اور فوراً ھی سب کچھ کاٹ چھانٹ کر رکھہ دیا... اس نے جیما کے بارے میں سوچا، وہ کھڑکی کے اندھیرے چوکھٹے سے جھانکتا ھوا اس کا حسین پیکر، ستاروں کی مدھم مدھم روشنی میں گرم ھوا کے جھونکوں سے الجھے اور بکھرے ھوئے بال — اسے اس کے مرمریں ھاتھہ یاد آئے، یونانی دیوی کی بانھوں جیسی بانھیں، اور اسے پھر اپنے شانوں پر ان بانھوں کا بوجھہ محسوس ھوا... پھر اس نے گلاب کا وہ پھول اٹھایا جو اس نے کھڑکی سے پھینک کر دیا تھا اور اسے لگا کہ اس پھول کی مرجھائی ھوئی پنکھڑیوں سے پھوٹتی ھوئی خوشبو گلاب کے عام پھولوں سے زیادہ کومل ھے —

«اور اگر میں مر جاؤں یا زخمی ھوکر اپاھج ھو جاؤں تو؟»

وہ بستر پر نہ لیٹا بلکہ سارے کپڑے پہنے ھوئے صوفے ھی پر سو گیا —

کسی نے اس کے شانوں کو تھپتھپایا...

اس نے آنکھہ کھولی تو سامنے پنتالیونے نظر آیا —

«اوہ یہ تو اس طرح سوتا ھے جیسے سکندر اعظم بابیلون کی لڑائی سے پہلے سویا تھا —» بڈھا بولا —

«کیوں کیا وقت ھے؟» سانن نے پوچھا —

«سات بجنے میں پندرہ منٹ ھیں — یہاں سے ھناؤ تک دو گھنٹے کا راستہ ھے اور ھمیں وھاں پہلے پہنچنا چاھئے — روسی

ہمیشہ اپنے حریفوں سے آگے رہتے ہیں — میں نے فرانک‌فرٹ کی سب سے اچھی گاڑی کرائے پر لی ہے!»

سانن نے منہ ہاتھ دھونا شروع کیا —

«اور پستول کہاں ہیں؟»

«وہ ferroflucto Tedesco پستول لائے گا — وہی ڈاکٹر بھی لائے گا —»

پنتالیونے پچھلے دن کی طرح جوش و خروش اور ہمت دکھانے کی کوشش کر رہا تھا — لیکن جب گاڑی میں سوار ہوا اور سانن کے پہلو میں بیٹھا، جب کوچ‌بان نے چابک کڑکایا اور گھوڑے سرپٹ دوڑنے لگے تو پادوا کے گھوڑسواروں کے اس دوست کا رنگ یکایک بدل گیا — وہ کچھ گھبرایا گھبرایا اور بدحواس سا نظر آنے لگا — ایسا لگا، اس کے اندر کوئی چیز ٹوٹ پھوٹ کر رہ گئی ہو جیسے جیسے دیوار کی طرح سلسلا کر بیٹھ گئی ہو —

«خدا کی پناہ، ہم کر کیا رہے ہیں — *santissima Madonna!»

وہ اپنے بالوں کو جڑ سے پکڑتے ہوئے زور سے چلایا «میں کیا کر رہا ہوں، خرانٹ احمق اور سڑی جو ٹھہرا میں frenetico?»

سانن نے حیرت کے ساتھ قہقہہ بلند کیا اور پنتالیونے کی کمر میں اپنا ہاتھ ڈال دیا اور اسے فرانسیسی کہاوت سنائی : «Le vin est tiré — il faut le boire» (وعدہ تو ہر قیمت پر وفا کرنا ہوگا!)

«ہاں ہاں» بڈھے نے جواب دیا «ہاں میں اور تم اس زہر کے پیالے کا ایک ایک قطرہ پیئیں گے — لیکن میں ہوں پاگل کا پاگل! ہر چیز اتنی اچھی بھلی تھی، اتنی پر سکون — اور لو اچانک یہ — ٹھائیں، ٹھائیں، ٹھائیں!»

---

* — کنواری مریم!

«جس طرح ارکسٹرا چھڑتا ہے ـــ ٹا ٹا ٹا» سانن نے زبردستی مسکراتے ہوئے کہا ـ «لیکن اس میں تمہارا کوئی قصور نہیں ـ»

«میں جانتا ہوں، میرا قصور نہیں ـ میں امید تو یہی کرتا ہوں ـ لیکن ہے یہ دیوانگی ـ *Diavolo! Diavolo!» پنتالیونے نے اپنی لٹ کو پیچھے جھٹکتے ہوئے اور ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے دھرایا ـ گاڑی چلتی رہی، دوڑتی رہی ـ

صبح شاندار تھی ـ فرانک فرٹ کی سڑکیں، جن پر ابھی ابھی زندگی کے اثار پیدا ہونا شروع ہوئے تھے، صاف ستھری چمک رہی تھیں ـ کھڑکیاں پنیوں کی طرح جھلملا رہی تھیں، اور جب وہ چنگی کے پھاٹک کے پاس پہنچے تو ان کے کانوں میں نیلے مگر اب تک زردی مائل آسمان میں پرواز کرتے ہوئے چکاوکوں کے گانے کی آواز آنے لگی ـ دفعتاً ایک موڑ پر،سفیدے کے لمبے پیڑ کے پیچھے سے ایک مانوس ہیولا ابھرا اور اس نے ان کی طرف چند قدم اٹھائے ـ سانن نے دوبارہ دیکھا... میرے خدا! ایمیل!

«کیا! کیا وہ اس کے بارے میں جانتا ہے؟» سانن نے پنتالیونے کی طرف مڑتے ہوئے پوچھا ـ

«میں نے تم سے کہا تھا کہ میں پاگل ہوں» بدنصیب اطالوی منمناتی ہوئی آواز میں بولا ـ اس کی آواز انتہائی نا امیدی کی چیخ بنتے بنتے رہ گئی ـ «اس نالائق لڑکے نے رات بھر مجھے چین لینے نہ دیا اور آخر آج صبح مجھے اگلنا ہی پڑا ـ»

---

* شیطان، شیطان!

«یہ ھے تمہارا segredezza!» سانن نے اپنے آپ سے کہا۔

گاڑی اس جگہ پہنچی جہاں ایمیل کھڑا تھا — سانن نے گاڑی روکنے کا حکم دیا اور «اس نالائق لڑکے» کو قریب بلایا — ایمیل جھجکتے ہوئے قدموں کے ساتھہ پاس آیا — وہ زرد ھو رھا تھا، ویسا ھی زرد جیسا کہ وہ دل کے حملے کے روز نظر آ رھا تھا — وہ مشکل سے خود کو سنبھال پا رھا تھا —

«تم یہاں کیا کر رھے ھو؟» سانن نے سختی سے پوچھا — «تم اس وقت گھر پر کیوں نہیں ھو؟»

«مجھے اپنے ساتھہ لے چلو!» ایمیل نے کانپتی ھوئی آواز میں ھاتھہ جوڑتے ھوئے التجا کی — اس کے دانت بج رھے تھے جیسے بخار میں جھلس رھا ھو — «میں تمہارے راستے میں نہیں آؤں گا! مجھے اپنے ساتھہ لے چلو، بس مجھے اپنے ساتھہ لے چلو!»

«اگر تمہارے دل میں میرے لئے ذرہ برابر بھی محبت یا عزت ھے تو» سانن نے کہا «تم اسی آن گھر یا ھیر کلیوبر کی دوکان چلے جاؤ، کسی سے ایک لفظ نہ کہو اور میری واپسی کا انتظار کرو!»

«تمہاری واپسی!» ایمیل نے رندھی ھوئی آواز میں کراھتے ھوئے کہا «اور اگر تم...»

«ایمیل!» سانن نے کوچبان کو معنی خیز نظروں سے دیکھتے ھوئے کہا «تم جی کڑا کرو! گھر جاؤ ایمیل، میں تم سے التجا کرتا ھوں! میرے دوست تم میری بات مان جاؤ — تم یہ کہتے نہیں تھکتے کہ تم مجھے چاھتے ھو — اچھا تو پھر گھر جاؤ — میری خاطر!»

اس نے اپنا ہاتھہ بڑھایا — ایمیل لپک کر آگے بڑھا، سبکیاں بھرتے ہوئے اس نے سانن کے ہاتھہ کو ہونٹوں سے لگایا اور سڑک سے ہٹ کر کھیتوں میں دوڑتا ہوا سیدھا سرپٹ فرانکفرٹ کی طرف بھاگا —

«ایک اور نیک بخت!» پنتالیونے بڑبڑایا لیکن سانن نے اس کو آزردگی بھری نظروں سے دیکھا اور بڈھا سمٹ سمٹا کر ایک کونے میں کھسک گیا — وہ جانتا تھا کہ وہی قصوروار ہے — اس کی حیرانی ہر لمحہ بڑھتی رہی — کیا یہ واقعہ ہے کہ وہ گواہ کا رول ادا کر رہا ہے، وہ جس نے گاڑی کا حکم دیا تھا اور سارا معاملہ طے کیا تھا اور جو تڑکے چھہ بجے اپنے گھر سے چل پڑا تھا؟ اور سب پر طرہ یہ کہ اس کے دکھتے ہوئے پیروں میں ٹیس سی اٹھہ رہی تھی —

سانن نے سوچا کہ اس میں کچھہ جان پیدا کرنی چاہئے اور اس نے تیر بہدف لہجے اور ایسے مناسب الفاظ میں بولنا شروع کیا جو اس میں جان پیدا کر سکیں —

«عزت مآب، سینیور چپاتولا آپ کے وہ ولولے کہاں ہوا ہو گئے؟» اس نے کہا «وہ جواں مردی کہاں ہوا ہو گئی —
«il antico valor?

سینیور چپاتولا نے خود کو سنبھالا اور تیور چڑھا لئے —

«Il antico valor?» وہ گہری آواز میں چلایا — «Non e ancora spento
(ابھی کچھہ چنگاریاں باقی ہیں!) «il antico valor!

اس نے پھر خود کو سنبھالتے ہوئے اپنی زندگی کا اوپرا کا

اونچے سروں میں گانے والے فنکار گارسیا کا ذکر چھیڑ دیا اور ہناؤ پہنچنے تک وہ ایک دوسرا آدمی تھا — اگر آپ سوچنے پر آئیں تو —— دنیا میں لفظ سے زیادہ بلوان اور بے بس —— اور کوئی چیز نہیں!

۲۲

وہ چھوٹا سا جنگل جہاں یہ لڑائی ہونے والی تھی ہناؤ سے کوئی پاؤ میل کی دوری پر تھا — جیسا کہ پنتالیونے نے اعلان کیا تھا سانن اور پنتالیونے پہلے وہاں پہنچے — انہوں نے کوچبان سے جنگل کے باہر انتظار کرنے کے لئے کہا اور جنگل کی کافی گھنی جھاڑیوں میں گھس گئے — انہیں ایک گھنٹے کے قریب انتظار کرنا پڑا —

سانن کو انتظار کی گھڑی کاٹنے میں کوئی خاص اکتاہٹ یا پریشانی نہیں ہوئی — وہ پتلی سی ڈگر پر ٹہلتا رہا، چڑیوں کی چہچہاہٹ سنتا رہا اور نگاہوں نگاہوں میں اڑتی ہوئی لمبی لمبی تتلیوں کا تعاقب کرتا رہا اور اس قسم کی صورت حال میں پھنسے ہوئے زیادہ تر روسیوں کی طرح ہر قسم کے سوچ بچار سے بچنے کی کوشش کرتا رہا — صرف ایک بار، جب اس کا سامنا لائم کے ایک پیڑ سے ہوا تو سوچے بنا نہ رہ سکا — غالباً یہ پیڑ پچھلی رات کی طوفانی ہوا میں اکھڑ کر گر پڑا تھا — وہ مرتا ہوا دکھائی دے رہا تھا — اس کے پتے مرجھانے اور سکڑنے لگے تھے — «کیا ہے یہ؟ شگون؟» یہ خیال اس کے دماغ میں کوند گیا — لیکن دوسرے ہی لمحے وہ سیٹیاں بجا رہا تھا اور لائم کے گرے ہوئے پیڑ کے تنے کے اوپر سے چھلانگیں لگا رہا تھا اور پگڈنڈی پر ٹہل رہا تھا —

البتہ پنتالیونے مستقل بڑبڑاتا، جرمنوں کو کوستا، کھانستا اور اپنے گھٹنے اور پیٹھ کھجلاتا رہا — واقعہ تو یہ ہے کہ مارے گھبراہٹ کے اسے جماہیاں بھی آئیں اور جماہیوں نے اس کے چھوٹے سے چھوارے کی طرح سوکھے ہوئے چہرے کو مضحکہ خیز بنا دیا — سانن نے جو اسے دیکھا تو اس کے منہ سے قہقہہ نکلتے نکلتے رہ گیا —

آخر کار، نرم نرم سڑک پر دوڑتے ہوئے پہیوں کی آواز ان کے کانوں میں پہنچی — «آ رہے ہیں وہ!» پنتالیونے نے کہا — وہ تن کر مستعدی سے کھڑا ہو گیا — لیکن اس کے بدن میں لمحاتی گھبراہٹ کی کپکپی سی دوڑ گئی جس کو چھپانے کے لئے اس نے جلدی سے «اررر!» کی آواز نکالی اور بولا کہ صبح کافی ٹھنڈی ہے — گھاس اور درختوں کے پتے شبنم میں نہائے ہوئے تھے لیکن ایک امسی ہوئی گرمی جنگل کا دل چیرتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی —

جلد ہی درختوں کے سائے میں دو افسر نظر آئے — ان کے ہمراہ چھوٹے قد کا گول مٹول سا، ایک آدمی اور تھا — اس کے چربی بھرے ٹھس چہرے پر اونگھنے کی کیفیت طاری تھی — یہ تھا رجمنٹل سرجن — اس کے ہاتھ میں پانی سے بھری ہوئی مٹی کی ایک صراحی تھی اور جراحی کے اوزار اور پٹیوں سے بھرا ہوا تھیلا اس کے کندھے سے لٹک رہا تھا تاکہ یہ چیزیں ضرورت پڑنے پر کام آئیں — جیسا کہ ظاہر تھا وہ اس قسم کی مہموں کا عادی تھا —— جو اس کی آمدنی کا ایک ذریعہ تھیں —— ہر ڈوئل سے اس کو آٹھ چرووونتسی ملتے تھے، دونوں فریق سے چار چار — ہیر فون رختر کے پاس پستولوں کا تھیلا تھا — ہیر فون دون ہوف کے ہاتھ میں ایک شکاری ہنٹر تھا —— بلا شبہہ وہ اسے اپنی وضعداری کا کمال سمجھ رہا تھا —

«پنتالیونے» سانن نے بڈھے کے کان میں کہا — «اگر... میں مارا گیا — کچھہ بھی ہو سکتا ہے — تم جانتے ہو — تو میری بغلی جیب سے کاغذ کا ایک پرچہ نکال لینا — اس میں ایک پھول لپٹا ہوا ہے — یہ پھول سینیورینا جیما کو دے دینا — سنی تم نے میری بات؟ تو تم وعدہ کرتے ہو نا؟»

بڈھے نے اسے اداس نظروں سے دیکھا اور سر ہلا کر حامی بھری — لیکن خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ سانن کی بات اس کی سمجھہ میں آئی بھی یا نہیں —

حریفوں اور گواہوں نے جھک جھک کر ایک دوسرے کو سلام کیا — واحد شخص، جس کے کان پر جوں بھی نہ رینگی، ڈاکٹر تھا — وہ گھاس پر بیٹھہ گیا اور جماہیاں لینے لگا جیسے کہہ رہا ہو «مجھے اس قسم کی خوش اخلاقی اور تکلف دکھانے کی کیا پڑی ہے —» ہیر فون رختر نے ہیر «تشبادولا» کو جگہ کا انتخاب کرنے کی دعوت دی — ہیر «تشبادولا» نے اپنی جذبات سے بھرائی ہوئی آواز میں جواب دیا (اس کے دل کے اندر کی دیوار پھر سلسلا کر بیٹھہ گئی —) «جناب من جو بہتر سمجھیں کریں — میں صرف دیکھونگا...»

اور ہیر فون رختر نے مہم شروع کر دی — اس نے خود جنگل کے بیچوں بیچ ایک چھوٹا سا خوش نما میدان ڈھونڈ نکالا جو پھولوں سے بھرا ہوا تھا — اس نے قدم سے فاصلہ ناپا، دونوں سرے پر جلدی جلدی نوک دار چھڑی سے نشان بنایا، تھیلے سے پستول نکالے، اور ان کو بھرنے کے لئے زمین پر دوزانو بیٹھہ گیا — مختصر یہ کہ وہ بہت کچھہ خدمات انجام دیتا رہا اور ایک سفید رومال سے برابر اپنے چہرے سے پسینہ پونچھتا رہا — پنتالیونے جو ہر جگہ سائے

کی طرح اس کے پیچھے پیچھے چل رہا تھا، ایک ایسا آدمی نظر آرہا تھا جسے ٹھنڈنے دبوچ رکھا ہو— ان تمام ابتدائی کارروائیوں کے دوران میں دونوں حریف ایک دوسرے سے ذرا فاصلے پر کھڑے تھے اور اسکول کے لڑکوں کی طرح نظر آ رہے تھے جنہیں کوئی سزا ملی ہو اور وہ اپنے استادوں کے خلاف پیچ و تاب کھارہے ہوں— فیصلہ کن لمحہ آ ہی گیا...

ہر ایک نے اپنا پستول اپنے ہاتھہ میں لے لیا...

یہاں پہنچ کر، ہیر فون رختر نے پنتالیونے سے کہا کہ ڈوئل کرنے کے قانون کے مطابق اسے ہلاکت آفریں «ایک، دو، تین!» کہنے سے پہلے حریفوں سے خطاب کرتے ہوئے صلح صفائی کی تلقین کرنی چاہئے— گرچہ اس قسم کی تلقین کا کبھی کوئی نتیجہ نہیں نکلتا اور یہ محض رسمی چیز تھی، اس طرح ہیر «تشبادولا» اپنے کندھوں سے ذمہ داریوں کا کچھہ بوجھہ ہٹا دینا چاہتا تھا— اس قسم کی رجزیہ تقریر کا فرض ادا کرنا تو نام نہاد «غیر جانب دار قسم کے گواہوں» کا کام ہوتا ہے (unparteiischer Zeuge) لیکن چونکہ یہاں پر کوئی ایسا آدمی موجود نہ تھا اس لئے فون رختر نے اپنی خوشی سے یہ حق اپنے بوڑھے رفیق کار کے سپرد کردیا— پنتالیونے ، جو افسر کو اپنی نگاہوں سے دور رکھنے کی خاطر پہلے ہی سے ایک جھاڑی کی اوٹ میں جا بیٹھا تھا، ہیر فون رختر کی تقریر کا ایک لفظ بھی نہ سمجھہ سکا اور خاص طور پر اس وجہ سے بھی کہ افسر ناک سے بول رہا تھا— لیکن دوسرے ہی لمحہ

وہ اٹھا، لپک کر آگے بڑھا اور اپنے سینے کو مٹھیوں سے ٹھونکتا ہوا، اپنی پھنسی پھنسی سی آواز سے، ایک عجیب قسم کی مضحکہ خیز گڈمڈ سی زبان میں بولنا شروع کر دیا: «A la la la... Che bestialità! Deux zeun'ommes comme ça qué si battono —— perchè? Che diavolo? Andate a casa!»*

«میں صلح صفائی قبول نہیں کرونگا» سانن نے جلدی سے کہا —

«اور نہ میں» اس کے حریف نے اس کے بعد دہرایا —

«اب پکارو —— ایک، دو، تین!» فون رختر نے بوکھلائے ہوئے پنتالیونے سے کہا —

پنتالیونے جلدی سے پھر جھاڑی کے پیچھے چلا گیا اور وہاں سے اپنے اکڑتے ہوئے ہاتھ پاؤں کے ساتھ، آنکھیں میچ کر اپنا سر ایک طرف پھیرتے ہوئے زوروں سے چلایا «Una... due... e trel.»

سانن نے پہلے گولی چلائی اور نشانہ چوک گیا — اس کی گولی ایک درخت کے تنے میں لگی اور اس سے ایک زوردار گونج پیدا ہوئی — بارن فون دون‌ہوف نے اس کے بعد فوراً ہی جان بوجھ کر شانے سے ذرا پرے نشانہ باندھا اور خالی ہوا میں گولی چلا دی —

اس کے بعد ایک تنی ہوئی خاموشی چھائی رہی —— کوئی بھی اپنی جگہ سے نہیں ہلا — پنتالیونے ہلکے سے کراہا —

«کیا تمہاری خواہش ہے کہ اب ہم آگے چلیں؟» دون‌ہوف نے پوچھا —

---

* کیا بربریت ہے! ایسے دو نوجوان لڑتے لڑتے کٹ مریں! اور کس لئے؟ کیا پاگل پن ہے! گھر جاؤ!

«تم نے ہوائی گولی کیوں چلائی؟» سانن نے پوچھا —

«اس سے تمہیں مطلب؟»

«کیا تمہارا ارادہ اگلی بار بھی ہوائی چلانے کا ہے؟» سانن نے پوچھا —

«شاید — میں نہیں جانتا — »

«حضرات ، حضرات!» فون رختر نے کہنا شروع کیا — «ڈوئل لڑنے والوں کو ایک دوسرے سے نہیں بولنا چاہئے — یہ بالکل غلط ہے — »

«میں گولی چلانے کا اپنا حق چھوڑتا ہوں — » سانن نے کہا اور اپنا پستول زمین پر پھینک دیا —

«اور میں بھی ڈوئل جاری رکھنا نہیں چاہتا!» فون دون‌ہوف بھی اپنا پستول زمین پر پھینکتے ہوئے چلایا — «اور اس کے علاوہ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ — اس دن میں غلطی پر تھا — »

وہ ایک لمحے کو تذبذب کے عالم میں کھڑا رہا اور پھر مشکوک انداز میں اپنا ہاتھ سانن کی طرف بڑھایا — سانن تیزی سے اس کی طرف بڑھا اور اس سے ہاتھ ملایا — دونوں نوجوانوں نے مسکراتے ہوئے ایک دوسرے کو دیکھا — دونوں کے رخسار تمتمائے ہوئے سرخ سرخ دھک رہے تھے —

«Bravi! bravi!» پنتالیونے دیوانوں کی طرح چلایا — اور تالیاں بجاتے ہوئے جھاڑیوں سے کبوتر کی طرح نکل آیا — ڈاکٹر، جو ذرا ہٹ کر ایک گرے ہوئے درخت کے تنے پر بیٹھا تھا فوراً ہی اٹھا، صراحی کا پانی بہایا اور سست سست قدم اٹھاتے ہوئے جنگل کے کنارے کی طرف چلنے لگا —

«لاج رہ گئی — اور ڈوئل ختم ہوا!» فون رختر نے اعلان کیا —

«Fuori!» پنتالیونے ایک بار پھر چلایا اور اس کا ذہن ماضی کی طرف مڑ گیا —

افسروں کو جھک جھک کر خدا حافظ کہنے کے بعد اور گاڑی میں بیٹھنے کے بعد، سانن کو اپنے پورے وجود میں ایک سنسنی کی لہر دوڑتی ہوئی معلوم ہوئی — یہ سنسنی ٹھیک ٹھیک راحت کی سنسنی تو نہیں تھی لیکن یہ ایک ایسے آرام کا احساس ضرور تھا جو آدمی اپریشن کے بعد محسوس کرتا ہے — لیکن ساتھہ ہی اس میں ایک اور احساس جاگ اٹھا، ایک ایسا احساس جو شرمندگی کے احساس سے ملتا جلتا تھا — ابھی ابھی اس نے جس مقابلے میں حصہ لیا تھا وہ اس کو بالکل فضول نظر آیا — ایک قسم کے عام سرکاری فرض کی ادائیگی ایک طالبعلم افسر والا معاملہ — اس کو وہ ٹھس ڈاکٹر یاد آیا، اسے اس کی مسکراہٹ یاد آئی اور سانن اور بارن فون دون ہوف کو قریب قریب ایک دوسرے کے ہاتھہ میں ہاتھہ ڈالے جنگل سے نکلتے دیکھہ کر اس نے جس طرح اپنی ناک سکیڑی تھی، وہ منظر یاد آیا — اور وہ منظر جب بعد میں پنتالیونے نے ڈاکٹر کو ضابطے کے مطابق چار چروونتسی ادا کئے... آخ! ان سب چیزوں میں کوئی ناخوشگوار بات ضرور تھی!

ہاں، سانن نے خود کو کچھہ شرمندہ اور قصوروار ضرور محسوس کیا — لیکن وہ آخر کر بھی کیا سکتا تھا؟ وہ اس نوجوان گستاخ

افسر کو اس کی گستاخی کا مزا چکھائے بنا چھوڑ کیسے سکتا تھا — وہ ھیر کلیوبر کے نقش قدم پر تو نہیں چل سکتا تھا — وہ تو جیما کی حفاظت کے لئے سینہ سپر آگے بڑھا تھا... بالکل ٹھیک! پھر بھی اس کی روح میں ایک بے چینی تھی اور وہ خود کو نادم نادم اور گنہگار سا محسوس کر رہا تھا —

جہاں تک پنتالیونے کا تعلق ھے وہ تو غازی بنا ھوا تھا — یکایک اس میں غرور پیدا ھو گیا تھا جیسے ایک فاتح جنرل جو ابھی ابھی میدان کارزار سرکرکے لوٹ رہا ھو — اس کا چہرہ دلی طمانیت سے جتنا دمک رہا تھا اس سے زیادہ دمکنے کی اس میں گنجائش نہ تھی — ڈوئل کے دوران میں سانن کے رویے نے اس کو جوش و خروش سے بھر دیا تھا — اس نے سانن کو ایک ھیرو کا خطاب دیا اور اس پر نہ تو ڈانٹ کا اثر ھوا اور نہ التجاؤں کا — اس نے اس کی تشبیہ مرمر یا تانبے کے مجسمے اور «ڈون جوان» میں کمانڈر کے مجسمے سے دی — اپنے بارے میں اس نے اعتراف کیا کہ اس کے دل میں کچھہ ھول سا پیدا ھو گیا تھا — «لیکن میں ایک فنکار ھوں، سمجھے، میرا مزاج ھی ھیجانی ٹھہرا اور تم تو برف زاروں اور آھن پیکر پہاڑوں کے بیٹے ھو — »

سانن کی سمجھہ میں نہیں آ رہا تھا کہ آخر جوش میں بھرے ھوئے اس اداکار کو کس طرح رام کرے —

سڑک پر، قریب قریب ٹھیک اسی جگہ جہاں دو گھنٹے پہلے ایمیل ملا تھا، ایک درخت کے پیچھے سے خوشی کی چیخیں مارتا ھوا وہ دوبارہ اچھل کر سامنے آ گیا اور اپنی ٹوپی ھلاتا ھوا

اور ہوا میں اچھلتا ہوا سرپٹ گاڑی کی طرف بھاگا اور پہیوں کے نیچے آتے آتے رہا اور گھوڑوں کے رکنے کا انتظار کئے بغیر گاڑی کے پھاٹک میں لٹک گیا اور سانن پر گر پڑا۔

«تم زندہ ہو! تم زخمی تو نہیں ہوئے!» اس نے کہا — «مجھے معاف کرنا — میں نے تمہاری بات نہیں مانی — میں فرانک فرٹ واپس نہیں گیا — میں جاہی نہ سکا! میں یہاں تمہارا انتظار کرتا رہا... مجھے سارا ماجرا سناؤ — کیا تم نے... اس کو مار ڈالا؟»

سانن کو اسے خاموش کرنے اور بیٹھنے پر مجبور کرنے میں کافی مشکل کا سامنا کرنا پڑا۔

پنتالیونے نے دون کی لیتے ہوئے بڑے طمطراق سے اور ڈوئل کی تفصیلات کا نمایاں طور پر لطف اٹھاتے ہوئے، سارا قصہ کہہ سنایا اور ظاہر ہے کہ وہ پھر پیتل کے مجسمے اور کمانڈر کے مجسمے کے ذکر سے باز نہ رہ سکا — واقعہ تو یہ ہے کہ وہ اٹھا اور دونوں پیر چیر کر کھڑا ہو گیا تاکہ توازن قائم رہے اور سینے پر ہاتھہ باندھتے ہوئے کندھوں پر سے ایک افسردہ کن نظر سانن پر ڈالی گویا کمانڈر سانن کی نمائندگی کر رہا ہو — ایمیل بالکل بھونچکا ہوکر قصہ سنتا رہا، کبھی کبھی اس کے منہ سے آہ واہ نکل جاتی یا وہ تیزی سے اپنے ہیرو کو چومنے کے لئے اٹھہ کھڑا ہوتا۔

گاڑی کے پہیئے فرانک‌فرٹ کی سڑکوں پر گھڑگھڑانے لگے اور آخر گاڑی سانن کے ہوٹل کے سامنے رک گئی۔

وہ دوسری منزل پر جانے والے زینے پر چڑھہ رہا تھا اور اس کے دو ساتھی اس کے پیچھے پیچھے آ رہے تھے کہ ایک عورت جس کا چہرہ نقاب سے ڈھکا ہوا تھا، گلیارے کے اندھیرے سے تیزی سے نکلی — وہ ایک لمحے کو سانن کے سامنے رکی، ذرا سی ڈگمگائی، زور سے سانس لی اور بے تحاشا زینے پر سے اترتی ہوئی سڑک پر چلی گئی اور غائب ہوگئی — ویٹر بالکل حیران رہ گیا — اس نے بتایا کہ یہ عورت کوئی ایک گھنٹے سے اس پردیسی مہمان کے لوٹنے کا انتظار کر رہی تھی — یہ چھلاوا ایک ہی لمحے کے لئے نظروں کے سامنے ابھرا لیکن سانن نے جیما کو پہچان لیا تھا — اس نے اس کی بھوری نقاب کی موٹی ریشم کے نیچے اس کی آنکھیں دیکھہ لی تھیں —

«تو کیا فراؤلین جیما کو معلوم تھا؟..» اس نے دکھی آواز میں پوچھا — وہ ایمیل اور پنتالیونے کو مخاطب کرتے ہوئے جرمن میں بولا جو بالکل اس کے پیچھے پیچھے آ رہے تھے —

ایمیل کے چہرے پر رنگ آ گیا اور اس سے گھبراہٹ ظاہر ہونے لگی —

«مجھے اسے یہ سب کچھہ بتانا پڑا» وہ ہکلاکر بولا «اس نے بھانپ لیا تھا —— اور میں... لیکن اب اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا — » اس نے اچانک دمکتے ہوئے کہا — «اور یہ سب اتنی اچھی طرح ختم ہوا اور اس نے دیکھہ لیا کہ تم زندہ اور سلامت ہو!»

سانن نے اس کی طرف پیٹھہ پھیر لی —

«کیسا مہا بکوؤں کا جوڑا ہے یہ!» اس نے کوفت کے ساتھہ کہا اور اپنے کمرے میں چلا گیا اور کرسی پر بیٹھہ گیا —

«مجھه سے خفا نه هونا» ایمیل نے التجا کرتے هوئے کہا —
«بہت اچھا، میں خفا نہیں ہونگا —» (سانن واقعی خفا نه تھا —— اس لئے که آخرکار وہ یه تو نه چاہ سکتا تھا که جیما کو اس معاملے کے بارے میں کچھه معلوم ہی نه هو —) «اچھا، اب هم بہت گلے مل چکے — اب جاؤ — میں تخلیه چاهنا هوں — میں سوؤنگا — میں تھک گیا هوں —»

«بہترین خیال ہے!» پنتالیونے بولا — «تمہیں آرام کی ضرورت ہے — نیک دل سینیور، تم نے جان جوکھوں میں ڈال کر یه حق حاصل کیا ہے — چلو ایمیلیو! دبے پاؤں، دبے پاؤں! شی شی شی!»

سانن نے سونے کا بہانه صرف اس لئے کیا تھا که وہ ان دوستوں سے چھٹکارا حاصل کرنا چاهتا تھا — لیکن تنہائی هوتے هی اسے اپنے جوڑ جوڑ میں درد اور تھکن کا احساس هوا — پچھلی رات شاید هی اس کی آنکھه لگی هوگی اور اب بستر پر گرتے هی، اسے خواب خرگوش نے آلیا —

۲۳

وہ کئی گھنٹے بے خبر سوتا رها — پھر اس نے خواب دیکھا که وہ پھر ڈوئل لڑ رها ہے — ابکے اس کا حریف هیر کلیوبر ہے اور یولکا کے درخت پر ایک طوطا بیٹھا ہے — یه طوطا پنتالیونے ہے — وہ بار بار رٹ لگائے جا رها ہے اور اس کی چونچ بج رهی ہے «ایک —— دو —— تین!»

اور پھر «ایک —— دو —— تین» اسے بہت صاف سنائی دی، اتنی صاف که خواب اس کا متحمل نہیں هو سکتا — اس نے اپنی

آنکھیں کھولیں اور تکیئے سے سر اٹھایا... کوئی دروازے پر دستک دے رہا تھا —

«اندر آ جاؤ!» سانن چلایا —

ویٹر آیا اور بولا کہ ایک عورت اس سے بات کرنے کے لئے بیقرار ھے —

«جیما!» اس کے دماغ میں کوند گیا — لیکن یہ عورت جیما کی ماں نکلی —— فراؤ لینورے —

جیسے ھی وہ کمرے میں داخل ھوئی، وہ ایک کرسی میں دھنس گئی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی —

«پیاری، اچھی سی مادام روسیلی، بات کیا ھے؟» سانن نے اس کے پاس بیٹھتے ھوئے اور اس کو نرمی اور محبت سے چھوتے ھوئے کہا — «کیا ھوا؟ میں التجا کرتا ھوں، سنبھالو خود کو —»

«اوہ، Herr Dimitri، میں بہت... بہت دکھی ھوں!»

«تم دکھی ھو؟»

«اوہ بہت! کون سوچ سکتا تھا کہ ایسا ھو جائیگا؟ یکایک ناگہاں بجلی کی طرح...»

وہ زور زور سے سانس لے رھی تھی —

«لیکن بات کیا ھے؟ بتاؤ تو! پانی پیوگی؟»

«نہیں شکریہ —» فراؤ لینورے نے رومال سے آنکھیں خشک کیں اور زیادہ پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیا — «میں سب جانتی ھوں! سب!»

«کیا مطلب ھے تمہارا —— سب؟»

«آج جو کچھہ ہوا ہے — اور اس کی وجہ —— میں یہ بھی جانتی ہوں — تم نے ایک بڑے دل والے آدمی کی طرح اپنا فرض ادا کیا — لیکن صورت حال کتنی بری ہے! میں بیکار ہی —— سودن کی سیر کے خلاف نہیں تھی —— بے وجہ نہیں!» (فراؤ لینورے نے سیر والے دن یہ نہیں کہا تھا لیکن اب اس کو پکا یقین تھا کہ اس نے «سب کچھہ» پہلے ہی بھانپ لیا تھا —) «اور اب اس وقت تمہارے پاس، ایک باعزت آدمی اور دوست سمجھہ کر آئی ہوں— گرچہ میں تمہیں صرف پانچ دن سے جانتی ہوں... لیکن تم جانتے ہو، میں ایک بیوہ ہوں! اکیلی ہوں... میری بیٹی...»

فراؤ لینورے کی آواز آنسوؤں سے گھٹی ہوئی تھی — سانن کی کچھہ سمجھہ میں نہیں آ رہا تھا — «تمہاری بیٹی؟» اس نے دھرایا —

«میری بیٹی جیما» آنسوؤں میں شرابور رومال کے پیچھے سے فراؤ لینورے کی کراہتی ہوئی آواز آئی —— «اس نے مجھہ سے آج کہا کہ وہ ہیر کلیوبر سے شادی نہیں کریگی — اس نے مجھہ سے کہا کہ میں ہیر کلیوبر کو یہ بتا دوں!»

سانن ذرا چونک گیا —— اسے اس کی توقع نہیں تھی —

«میں ذلت کے بارے میں کچھہ نہیں کہتی» فراؤ لینورے نے اپنی بات جاری رکھی «حالانکہ کاھیکو کسی نے سنا ہوگا کہ ایک لڑکی نے اپنے منگیتر کو یوں ٹھکرا دیا؟ لیکن یہ تو ہماری تباھی ہوگی، Herr Dimitri !» فراؤ لینورے نے جلدی جلدی رومال کو دباکر گیند بنائی جیسے وہ اپنا سارا غم اس میں دبا دینے پر تلی ہوئی ہو — «ہیر دمتری اب ہم اپنی دوکان کی آمدنی پر گزارا نہیں

کر سکتے — اور ہیر کلیوبر بہت دولت مند ہے اور وہ زیادہ سے زیادہ دولت مند بنتا جائیگا — اور اسے ٹھکرایا کیوں جائے؟ صرف اس لئے کہ وہ اپنی منگیتر کی حفاظت میں کھڑا نہیں ہوا؟ ہاں کوئی اچھی بات تو نہیں —— لیکن، بہرحال وہ فوجی آدمی تو ہے نہیں، اس نے یونیورسٹی میں تعلیم نہیں پائی ہے اور اس کے جیسا ایک معزز تاجر کسی گمنام ادنی افسر کی احمقانہ بات کو نفرت سے نظر انداز کر سکتا ہے — اور پھر کیا یہ اتنا بڑا جرم تھا؟»

«معاف کرنا، فراؤ لینورے —— مجھے ایسا لگتا ہے کہ تم مجھ پر الزام دھر رہی ہو...»

«میں تم پر کسی بات کا الزام نہیں دھرتی — تم بالکل مختلف ہو —— تمام روسیوں کی طرح تم ایک فوجی آدمی ہو...»

«معاف کرنا — میں فوجی آدمی نہیں ہوں...»

«تم پردیسی ہو، مہمان ہو، میں تمہاری احسان مند ہوں» سانن کی بات سنی ان سنی کرتے ہوئے فراؤ لینورے نے اپنی باتوں کا سلسلہ جاری رکھا — اس نے زور زور سے بھاری بھاری سانس لی، ہاتھ سے اشارے کئے، اپنا رومال کھول کر برابر کیا اور اپنی ناک صاف کی — وہ جس طرح اپنے رنج و غم کا اظہار کر رہی تھی، اس سے صاف ظاہر تھا کہ وہ شمالی آسمان کے نیچے نہیں پیدا ہوئی تھی—

«اور اگر وہ اپنے گاہکوں سے لڑتا پھرے تو ہیر کلیوبر کاؤنٹر کے پیچھے کھڑا ہوکر اپنا دھندا کیسے چلائے؟ ایسا کبھی کاہیکو سنا ہوگا! اور اب میں یہ کہوں اس سے کہ تم کو ٹھکرا دیا گیا ہے — اور ہم گزارہ کس پر کریں؟ پہلے ہم ہی اکیلے انجل کیک

اور پستے والا نوکات بنایا کرتے تھے، اور ہمارے گاھک بہتیرے تھے — لیکن اب تو ہر شخص انجل کیک بنا لیتا ھے — اور ذرا سوچو —— اس کے علاوہ تمہارے ڈوئل کے بارے میں شہر بھر میں عجیب عجیب چہ میگوئیاں ہونگی —— اس قسم کی چیز کو چھپایا نہیں جا سکتا — اور پھر یکایک منگنی توڑ دی جائے! یہ تو بڑی بدنامی کی بات ھے، بدنامی ھے بدنامی ! جیما بڑی اچھی لڑکی ھے، وہ مجھے بہت چاھتی ھے، لیکن وہ ایک ضدی رپبلکن ھے اور عام لوگوں کی رائے کو نفرت سے دیکھتی ھے — تم ھی اسے سمجھا بجھا سکتے ھو!»

سانن کو اور بھی حیرت ھوئی —

«میں، فراؤ لینورے؟»

«ھاں، تم صرف تم! میں اسی لئے تمہارے پاس آئی ھوں —— اس کے علاوہ مجھے اور کوئی راستہ نظر نہ آیا — تم اتنے دوراندیش ھو، اتنے اچھے ھو — تم اس کے آڑے آئے — وہ تمہارا کہنا مانیگی — وہ ضرور تمہاری باتوں پر یقین کریگی ! تم نے اس کے لئے اپنی جان کی بازی لگا دی — تم اسے قائل کر سکتے ھو —— میں کہہ کہہ کر ھار گئی —— تم خود کو اور ھم سب کو تباہ کردوگی — تم نے میرے بیٹے کو بچایا ھے — اب میری بیٹی کو بچاؤ! تمہیں پاک پروردگار نے بھیجا ھے یہاں . . . میں تمہارے قدموں پر گرکر تمہاری منت کرنے کو تیار ھوں . . . »

اور فراؤ لینورے اپنی کرسی سے کچھہ اس طرح اٹھی جیسے وہ سانن کے قدموں پر گرنا چاھتی ھو . . . سانن نے اس کو روکا —

«فراؤ لینورے ! خدا کےلئے ! تم کیا کر رھی ھو؟»

اس نے زور سے اس کے ھاتھوں کو تھامتے ھوئے کہا «تو تم وعدہ کرتے ھو؟»

«ذرا سوچو تو فراؤ لینورے — میں کیوں کر؟..»

«وعدہ کرتے ہونا؟ کیا تم چاہتے ہو کہ میں اسی آن تمہارے قدموں پر گرکر دم توڑ دوں؟»

سانن کی سمجھہ میں نہ آیا کہ کیا کرے، اس سے پہلے اس نے اطالوی مزاج کو یوں کھل کھیلتے نہ دیکھا تھا —

«جو چاہوگی میں کرونگا!» وہ بولا «میں فراؤلین جیما سے بات کرونگا...»

فراؤ لینورے خوشی سے چیخ اٹھی —

«لیکن میں واقعی جانتا نہیں اس کا نتیجہ کیا نکلیگا...»

«اوہ انکار نہ کرو، انکار نہ کرو!» فراؤ لینورے نے التجا کی — «تم نے وعدہ کیا ہے — اس کا نتیجہ اچھا ہی نکلیگا، مجھے یقین ہے — بہرحال اس سے زیادہ میں کچھہ کر بھی نہیں سکتی — وہ میری بات پر کان نہیں دھریگی!»

«کیا اس نے تم سے سیدھے سیدھے یہ کہا ہے کہ وہ ھیر کلیوبر سے بیاہ نہیں کریگی؟» سانن نے ذرا رکتے ہوئے کہا —

«وہ دوٹوک انکار کرتی ہے — وہ ٹھیک اپنے باپ کی طرح ہے، گیوان بتستا کی طرح — بالکل دماغ چلا ہوا ہے اس کا!»

«جیما کا دماغ چلا ہوا ہے! جیما کا؟» سانن نے آہستہ سے دہرایا —

«لیکن وہ ایک فرشتہ بھی ہے — وہ تمہارا کہنا مانیگی — کیا تم آؤگے — جلدی آؤگے؟ جلدی؟ میرے پیارے روسی دوست!» فراؤ لینورے جذبات سے بھری ہوئی کرسی سے اٹھی اور اسی طرح جذبات کے ساتھہ اس کے گلے میں ہاتھہ ڈال دئے اور سانن کا سر

چوم لیا — «ایک ماں کی دعائیں قبول کرو — اور ذرا ایک گلاس پانی دو مجھے !»

سانن مادام روسیلی کے لئے ایک گلاس پانی لایا — اس نے اپنی عزت کی قسم کھائی کہ وہ فوراً ہی اس کے گھر آئیگا — وہ اس کو زینے کے نیچے جاکر سڑک تک چھوڑنے گیا، واپس اپنے کمرے میں آیا اور وہاں حواس باختہ کھڑا کھڑا یونہی گھورتا رہا —

«معلوم ہوتا ہے کہ اب حالات کسی انتقامی جذبے کے تحت کروٹ لینے لگے ہیں!» اس نے دل میں کہا «اور اتنی تیز رفتاری سے کہ میرا سر چکرانے لگا ہے —» اس نے اپنے دل میں جھانک کر دیکھنے کی بھی کوشش نہیں کی — یہ تو معلوم ہوتا کہ دل پر کیا بیت رہی ہے — اسے صرف اتنا معلوم تھا کہ ہر چیز گڈمڈ ہو رہی ہے — «کیسا دن ہے، کیسا دن !» اس کے ہونٹوں سے بےارادہ یہ الفاظ پھوٹے — «کیا وہ ایک بگڑے دل لڑکی ہے؟ وہ؟ خود اس کی ماں نے یہی کہا — اور مجھے اس کو مشورہ دینا ہے — اس کو صلاح دینی ہے! اور کیا خوب صلاح ؟ !»

سانن کا سر واقعی چکرا رہا تھا اور تمام احساسات، تاثرات، اور ان کہے خیالات کے طوفان میں سب سے بلند، سب پر چھایا ہوا جیما کا تصور تھا — وہ تصور جو اس گرم اور بجلی بھری رات میں، اس کے دماغ پر اسٹ طور پر نقش ہو گیا تھا — وہ چہرہ جو اندھیری کھڑکی سے جگمگاتے ستاروں کی مدھم مدھم روشنی میں جھانک رہا تھا —

سانن جھجکتے قدموں سے مادام روسیلی کے گھر کے قریب پہنچا۔ اس کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا — وہ دل کو صاف پسلیوں سے ٹکراتے ہوئے محسوس کر رہا تھا — وہ تو اس کی آواز بھی سن سکتا تھا — آخر جیما سے کیا کہے؟ اس سے کس طرح بات کرے؟ وہ دوکان کی طرف سے نہیں بلکہ پچھواڑے والے دروازے سے اس گھر میں داخل ہوا — باہر کی طرف والے چھوٹے سے کمرے میں اس کی ملاقات فراؤ لینورے سے ہوئی — وہ اسے دیکھتے ہی بہ یک وقت کھل بھی اٹھی اور ڈر بھی گئی —

«میں تمہارا انتظار ہی کر رہی تھی» اس نے باری باری سے اپنے دونوں ہاتھوں سے اس کا ہاتھہ دباتے ہوئے سرگوشی کی آواز میں کہا — «جاؤ باغ میں، جاؤ — وہ وہیں ہے — یاد رہے — میں تم پر بھروسہ کرتی ہوں ! »

سانن باغ کے اندر گیا —

جیما راستے کے کنارے ایک بنچ پر بیٹھی تھی — وہ ایک بڑی سی ٹوکری سے خوب پکی پکی چیریاں چن رہی تھی اور ان کو ایک پلیٹ میں سجا رہی تھی — سورج بہت نیچے آگیا تھا — کوئی سات بجے شام کا وقت ہوگا — سورج کی جو کرنیں مادام روسیلی کے چھوٹے سے باغ پر کھیل اور دوڑ رہی تھیں ان کا رنگ سنہرا کم، ارغوانی زیادہ تھا — باربار پتے سرگوشی کرتے تھے، اتنا دھیرے دھیرے کہ کچھہ سنائی نہ دے اور شام کے بڑھتے ہوئے اندھیرے میں منزل سے بھٹک جانے والی شہد کی مکھیاں ایک پھول سے دوسرے

پھول پر اڑکر جا رہی تھیں اور اٹوٹ نغمہ بکھیر رہی تھیں اور ایک اکیلی فاختہ ایک ھی انداز سے بےتکان کوکے چلی جا رہی تھی —

جیما کے سر پر وھی بڑی سی ھیٹ تھی جو اس نے سودن جاتے ھوئے پہن رکھی تھی — اس نے اس کے جھکے ھوئے چھجے کے نیچے نیچے سانن کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا اور ایک بار پھر ٹوکری پر جھک گئی —

سانن جیما کے پاس آیا اور غیر ارادی طور پر اس کا ھر نیا قدم پچھلے قدم سے چھوٹا ھوتا جا رہا تھا —— اور . . . اور . . . اور اس وقت اس کی سمجھہ میں یہ پوچھنے کے سوا اور کوئی خیال نہ آیا کہ وہ چیریاں کیوں چن رھی ھے؟

جیما نے اس کا جواب دینے میں کچھہ وقت لیا —

«وہ —— جو سب سے پکی ھوئی ھیں ——» آخر اس کے منہ سے نکلا «جیم کے کام آئینگی اور یہ میٹھے سموسوں کے لئے ھیں — جانتے ھو ھم میٹھے سموسے بیچتے ھیں — »

ان الفاظ کے ساتھہ جیما اور بھی زیادہ جھک گئی اور اس کا دایاں ھاتھہ جس میں ایک جڑواں چیری تھی، پلیٹ اور ٹوکری کے درمیان ھوا میں معلق ھو گئی —

«کیا میں تمہارے پاس بیٹھہ سکتا ھوں؟»

«بیٹھہ سکتے ھو» جیما نے بنچ پر ذرا سا پہلو بدلا — سانن اس کے پاس بیٹھہ گیا — «کس طرح شروع کروں؟» اس نے خود سے پوچھا — لیکن جیما نے اس کو سہارا دیا —

«تم آج ایک ڈوئل لڑے؟» اس نے اپنا خوبصورت چہرہ بالکل اسکی طرف پھیرتے ھوئے جو گھبراھٹ سے گلابی ھو رھا تھا، بڑے

چاؤ سے پوچھا —— اور اس کی آنکھوں میں ممنونیت کے کیسے بے پناہ جذبات چمک رہے تھے ! «تم کتنے مطمئن ہو ! مجھے ایسا لگتا ہے کہ تمہارے لئے خطرہ کوئی چیز نہیں — »

«اوہ چھوڑو بھی! میرے لئے کوئی خطرہ نہ تھا — چلو سارا قصہ نبٹ گیا اور ہلدی لگی نہ پھٹکری — »

جیما نے اپنی آنکھوں کے سامنے اپنی انگلی ہلائی —— جو ایک اور اطالوی انداز تھا —— «نہیں نہیں! یہ نہ کہو! تم مجھے دھوکا نہیں دے سکتے ! پنتالیونے نے مجھے سب کچھہ بتا دیا ہے !»

«اور تم نے اس پر یقین کر لیا — کیا اس نے میرا مقابلہ کمانڈر کے مجسمے سے کیا ؟»

«اس کا انداز گفتگو مضحکہ خیز ہو سکتا ہے لیکن اس کے احساسات میں یا جو کچھہ آج تم نے کیا ہے اس میں کوئی مضحکہ خیز بات نہیں — اور یہ سب میری خاطر... میرے لئے ... میں اسے کبھی نہیں بھولونگی —»

«میں تمہیں یقین دلاتا ہوں فراؤلین جیما ...»

«میں اسے کبھی نہیں بھولونگی» اس نے پوری قطعیت سے دھرایا اور ایک بار پھر اسے غور سے دیکھا اور منہ پھیر لیا —

اب اس نے اس کے چہرے کا ایک رخ دیکھا، اس کے نازک اور دل کش خدوخال دیکھے اور دل ھی دل میں بولا کہ اس نے کبھی ایسا حسن کاھیکو دیکھا ہوگا اور نہ کبھی اس نے وہ سب کچھہ محسوس کیا تھا جو اس وقت محسوس کر رہا تھا — اس کی روح میں شعلے بھڑک رہے تھے —

«اور میرا وعدہ!» اس کے ذھن میں یہ خیال کوند گیا —

«فراؤلین جیما...» اس نے ایک لمحے کی جھجک کے بعد پھر شروع کیا —

«ہاں؟»

وہ اس کی طرف نہیں مڑی بلکہ پکی ہوئی چیریاں چنتی رہی — وہ اپنی انگلیوں کی پوروں سے ان کی ڈنٹھل کو بڑی احتیاط سے پکڑتی اور بڑی توجہ سے ان کی پتیوں کو اٹھاتی... لیکن اس ایک لفظ «ہاں» میں کتنا رازونیاز، کتنی محبت بھری ہوئی تھی!

«کیا تمہاری ماں نے — کچھ نہیں کہا؟»

«کس چیز کے بارے میں؟»

«میرے بارے میں؟»

جیما نے یکایک وہ چیریاں جو ابھی اٹھائی تھیں واپس ٹوکری میں پھینک دیں —

«کیا وہ تم سے کچھ کہہ سن رہی تھیں؟» جیما کی باری آئی تو اس نے پوچھا —

«ہاں —»

«کیا کہا انہوں نے تم سے؟»

«انہوں نے مجھے بتایا کہ تم نے یکایک... اپنا پہلا ارادہ بدل دیا ہے —»

جیما نے پھر اپنا سر جھکا لیا — ایسا لگا کہ وہ اپنی ہیٹ کے چھجوں کے نیچے غائب ہوتی چلی جا رہی ہے — صرف اس کی گردن نظر آ رہی تھی جو کسی بڑے سے پھول کی ڈنٹھل کی طرح نازک اور کومل تھی —

«کیسا ارادہ؟»

«تمہارا ارادہ ... اپنے مستقبل کے بارے میں ...»

«تمہارا مطلب ہے ... تم ہیر کلیوبر کا ذکر کر رہے ہو؟»

«ہاں — »

«ممی نے تمہیں بتایا کہ میں ہیر کلیوبر کی بیوی بننا نہیں چاہتی؟»

«ہاں — »

جیما بنچ پر ذرا کھسک گئی — ٹوکری چکرائی اور گر گئی ... چند چیریاں راستے پر لڑھکتی چلی گئیں — ایک لمحہ بیتا، پھر دوسرا ...

«آخر انہوں نے یہ سب تم سے کیوں کہا؟» جیما کی آواز آئی —

اب بھی سانن کو جیما کی گردن کے سوا اور کچھ نظر نہ آ رہا تھا — اس کے سینے کا زیر و بم تیز ہو گیا تھا —

«کیوں کہا مجھ سے؟ تمہاری ماں نے کہا کہ چونکہ میں اور تم اتنی جلدی دوست بن گئے ہیں، اور تم کو مجھ پر کچھ بھروسہ ہے اس لئے میں تمہیں کوئی اچھا مشورہ دے سکونگا —اور تم میری بات مانوگی —»

جیما کے ہاتھ خاموشی سے اس کی گود میں گر گئے ... اور اس کے لباس کی شکنوں سے کھیلنے لگے —

«تم مجھے کیا مشورہ دیتے ہو monsieur Dimitri؟» اس نے ذرا رک کر پوچھا —

سانن نے دیکھا کہ جیما کے ہاتھ اس کی گود میں تھر تھرا رہے ہیں — وہ اس تھرتھراہٹ کو چھپانے کے لئے کپڑے کی شکنوں سے کھیل

رهی تھی — اس نے بڑی نرمی سے اپنا ہاتھہ ان زرد تھرتھراتے ہوئے ہاتھوں پر رکھہ دیا —

«جیما» اس نے کہا «تم میری طرف کیوں نہیں دیکھتیں؟»

یکایک اس نے اپنی ہیٹ پیچھے گرا دی اور آنکھیں اس پر گاڑ دیں، پہلے کی طرح، اتنی ہی پر اعتماد اور احسان مند آنکھیں — وہ اس کے بولنے کا انتظار کر رہی تھی — لیکن اس کے چہرے کو دیکھہ کر وہ بہ یک وقت کچھہ بوکھلا بھی گیا اور اس کی آنکھوں میں چکا چوند سی بھی مچ گئی — شام کے سورج کی گرم کرنیں اس کے شاداب چہرے کو دمکا رہی تھیں اور اس چہرے سے جذبات کا جو نور چھن رہا تھا وہ خود دھوپ سے زیادہ روشن اور تابناک تھا —

«میں تمہارا مشورہ قبول کرونگی monsieur Dimitri» اس نے بہت ہلکی، بہت ہلکی مسکراہٹ کے ساتھہ اپنی بھوؤں کو بہت ذرا سا اوپر اٹھاتے ہوئے کہا «لیکن میرے لئے تمہارا کیا مشورہ ہے؟»

«مشورہ؟» سانن نے دھرایا «دیکھو، تمہاری ممی کا خیال ہے کہ ہیر کلیوبر کو صرف اس لئے ٹھکرا دینا کہ اس دن اس نے کوئی خاص بہادری کا مظاہرہ نہیں کیا . . .»

«صرف اس لئے؟» جیما جھکتے ہوئے اور ٹوکری کو اٹھاکر اپنے پاس رکھتے ہوئے بڑبڑائی —

«. . . اور یہ کہ . . . عام نقطۂ نظر سے — اس کو اس وجہ سے ٹھکرانا معقول بات نہ ہوگی — اور تمہارے لئے یہ مناسب ہوگا کہ اس قسم کا قدم اٹھانے سے پہلے ذرا تول لو کہ اس کے نتائج کیا ہونگے — اور آخر میں یہ کہ تمہارے گھر کی صورت حال خاندان کے ہر فرد پر کچھہ فرض عائد کرتی ہے —»

«یہ سب ممی کا خیال ہے» جیما نے بیچ میں کہا «یہ ان کے الفاظ ہیں — مجھے یہ سب معلوم ہے — لیکن تمہاری کیا رائے ہے؟»

«میری رائے؟» سانن خاموش ہو گیا — اسے لگا کہ گلے میں کوئی چیز پھنس رہی ہے اور سانس لینا بھی دوبھر ہے — «میں بھی سمجھتا ہوں...» اس نے کوشش کرتے ہوئے کہا —

جیما نے خود کو سمیٹا — «تم بھی؟ تم؟»

«ہاں... میرا مطلب ہے...» سانن کچھ نہ کہہ سکا — واقعی اس کے منہ سے ایک لفظ نہ نکل سکا —

«اچھا» جیما بولی — «اگر تم، میرے دوست کی حیثیت سے مجھے اپنا فیصلہ بدلنے کا مشورہ دیتے ہو — یعنی مجھے اپنا پہلا فیصلہ نہ بدلنے کا مشورہ دیتے ہو تو — پھر میں اس پر سوچونگی — » بےخیالی میں اس نے پلیٹ سے چیریوں کو اٹھا اٹھا کر ٹوکری میں رکھنا شروع کر دیا... «ممی سمجھتی ہیں کہ میں وہی کرونگی جو تم کہوگے... بہت اچھا — شاید میں واقعی ایسا ہی کروں...»

«لیکن، فراؤلین جیما، پہلے وہ وجوہ جاننا چاہتا ہوں جو تمہیں مجبور کر رہی ہیں کہ...»

«جو تم کہوگے میں وہی کرونگی» جیما بولی اور اس کی بھویں جڑ گئیں، اس کے گال زرد ہو گئے اور وہ نچلا لب چبانے لگی — «تم نے میرے لئے اتنا کچھ کیا ہے کہ تمہاری مرضی پوری کرنے پر مجبور ہوں — مجھے تمہاری خواہش پوری ہی کرنی پڑیگی — میں ممی سے کہہ دونگی... میں اس پر سوچونگی — اوہ، وہ تو خود ہی ادھر آ رہی ہیں — »

واقعی فراؤ لینورے گھر کے اس دروازے پر دکھائی دی جو باغ میں کھلتا تھا — اس کے صبر کا پیمانہ چھلک رہا تھا — اب وہ خاموش نہیں بیٹھ سکتی تھی — اس نے اندازہ لگا لیا تھا کہ سانن کب کا اپنی بات ختم کر چکا ہوگا حالانکہ بات چیت شروع ہوئے ابھی پندرہ منٹ ہی ہوئے تھے —

«نہیں، نہیں، نہیں، خدا کے لئے ابھی ان سے کچھ مت کہنا، کچھ بھی نہیں!» سانن نے جلدی جلدی التجا کی، جیسے کسی خوف نے آدبوچا ہو — «ٹھہرو... میں تم سے کہونگا، میں تم کو لکھونگا... اور اس وقت تک کوئی فیصلہ نہ کرو... انتظار کرو!»

اس نے جیما کا ہاتھ دبایا اور بنچ سے اٹھ کھڑا ہوا، فراؤ لینورے حیران و پریشان سی کھڑی تھی — اس کے پاس سے وہ اپنی ہیٹ اٹھاتا ہوا اور منہ ہی منہ میں کچھ کہتا ہوا گزر گیا —— اور غائب ہو گیا —

فراؤ لینورے اپنی بیٹی کے پاس گئی —

«خدا کے لئے بتاؤ جیما...»

جیما یکایک اٹھی اور اپنی ماں سے لپٹ گئی — «پیاری ممی، کیا تم کچھ اور انتظار کر سکتی ہو، بس ذرا سا اور؟ کل تک؟ انتظار کروگی نا؟ اور کل تک کوئی بات منہ سے نہ نکالو —— اوہ!»

یکایک وہ خود اپنے چمکتے ہوئے آنسوؤں میں شرابور ہو گئی اور لگتا تھا کہ وہ خود ان آنسوؤں پر حیران ہے — فراؤ لینورے کو سب سے زیادہ اس بات پر تعجب تھا کہ جیما کے چہرے پر ذرا بھی اداسی نہ تھی، بلکہ اس سے تو خوشی پھوٹ رہی تھی —

«کیا ہوا ہے تم کو؟» اس نے پوچھا — «تم کبھی روتیں نہیں —— اور یکایک...»

«یہ کچھہ بھی نہیں ممی، کچھہ بھی نہیں — بس ذرا سا رک جاؤ! ہم دونوں کو انتظار کرنا چاہئے — کل تک مجھہ سے کچھہ نہ پوچھو — اور آؤ ہم سورج چھپنے سے پہلے پہلے چیریاں چن لیں — »

«لیکن تم سمجھہ بوجھہ سے کام لوگی نا؟»

«اوہ میں بہت ہی معقول لڑکی ہوں!» جیما نے معنی خیز انداز سے سر ہلایا — وہ چیریوں کو اپنے تمتماتے ہوئے سرخ چہرے کے برابر اٹھا کر چھوٹے چھوٹے گچھے بنانے لگی — اس نے اپنے آنسو نہ پونچھے — آنسو اس کے رخساروں پر خشک ہو گئے —

۲۵

سانن قریب قریب دوڑتا ہوا اپنے ہوٹل لوٹا — اس کو لگ رہا تھا بلکہ اس کو یقین تھا کہ صرف وہیں، جب وہ یک و تنہا ہوگا، وہ جان سکیگا کہ اس کے اندر کیا کچھہ ہو رہا ہے — اور ہوا بھی یہی — اس نے ابھی مشکل سے کمرے میں پہنچ کر میز پر اپنی دونوں کہنیاں ٹکاتے ہوئے اپنا چہرہ ہتیلیوں پر رکھا ہی تھا کہ وہ اداس اور کھوکھلے لہجے میں چیخ اٹھا «میں اس سے محبت کرتا ہوں — میں اس کا دیوانہ ہو رہا ہوں!» اس کے اندر ہر چیز دھک رہی تھی — اس انگارے کی طرح جس پر سے راکھہ کی تہہ کو ہوا کا جھونکا اڑا لے گیا ہو — ایک چھوٹا سا لمحہ گزرا . . . اور اب اس کی سمجھہ میں نہ آ رہا تھا کہ یہ کیونکر ممکن تھا کہ وہ اس کے پہلو میں بیٹھا، اس سے باتیں کرتا رہا ہو اور محسوس نہ کر سکا ہو کہ وہ اس کو پوجتا ہے، اس کے لباس کے ایک ایک ترپن پر فدا ہے اور (نوجوانوں کے الفاظ میں) «اس کے قدموں میں

گرکر جان دے سکتا ھے» — باغ والی اس ملاقات نے سب کچھہ صاف کر دیا— وہ جب اس کے بارے میں سوچتا تو اس کا تصور ستاروں کی روشنی میں بکھرے بالوں کا تصور نہ ہوتا —— اب وہ اسے صرف بنچ پر بیٹھی نظر آتی، جب اس نے یکایک اپنی ٹوپی پیچھے جھٹک دی تھی اور اس کو ایسی اعتماد بھری نظروں سے دیکھا تھا —— اور پھر محبت کا اضطرار، محبت کی پیاس، اس کی رگ رگ میں سرائیت کر گئی — اسے وہ گلاب کا پھول یاد آیا جس کو دو دن سے وہ اپنی جیب میں لئے پھر رہا تھا — اس نے پھول نکالا اور اپنے ہونٹوں کو اتنے زور سے اس پر دبایا کہ خود درد سے تڑپ اٹھا — اب وہ ذرا نہ سوچتا، اب وہ دل ھی دل میں بحث نہ کرتا، غور و فکر نہ کرتا، اور نہ مستقبل کا تصور کرتا — اس نے خود کو ماضی سے کاٹ کر الگ کر لیا تھا اور آگے کی طرف جست لگاتا ہوا بڑھہ رہا تھا — اس نے ان زنجیروں کو ٹور دیا تھا جنھوں نے اسے تنہائی اور کنوارپن کی زندگی کے ساحل سے جکڑ رکھا تھا — وہ بے تحاشا پر انبساط، متلاطم اور منہ زور دھاروں میں کود پڑا —— اسے ذرا پروا نہ تھی — نہ وہ خود سے پوچھہ رہا تھا کہ یہ منہ زور موجیں اسے کہاں بہائے لئے جا رھی ھیں— کہیں اس کی نازک کشتی کسی چٹان سے ٹکراکر پاش پاش نہ ہو جائے — یہ اولینڈ کے آلہا کی جذبات پرور لہریں نہیں تھیں جس نے حال میں اس کے دل پر پھایا رکھا تھا . . . یہ روکے نہ رکنے والی منہ زور موجیں تھیں— یہ لہریں دوڑتی رھیں اور ان کے ساتھہ ساتھہ وہ بہتا رھا —

اس نے کاغذ کا ایک ورق لیا اور —— بغیر کسی دھبے کے اور بغیر قلم روکے یہ سطریں ایک ھی سانس میں لکھہ ڈالیں :

«پیاری جیما !

«تم جانتی ہو کہ میں نے تمہیں کیا مشورہ دینے کا بیڑا اٹھایا تھا— تمہیں معلوم ہے کہ تمہاری ماں کیا چاہتی ہیں اور انہوں نے مجھ سے کیا کرنے کو کہا تھا —— لیکن تم جو نہیں جانتیں اور جو تمہیں بتانے پر اب میں مجبور ہوں، یہ ہے کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں، دل کے ان تمام جذبات، گرمی اور جوش و خروش کے ساتھ تمہیں چاہتا ہوں— اس طرح پہلے میں نے کسی کو نہیں چاہا — یکایک یہ شعلہ میرے دل میں بھڑک اٹھا ہے لیکن یہ شعلہ اتنی شدت سے بھڑکا ہے کہ میں بیان نہیں کر سکتا — جب تمہاری اماں آئیں اور مجھ سے مدد چاہی تو اس وقت تک یہ شعلہ میرے اندر ہی اندر دھواں دے رہا تھا ورنہ ایک ایمان دار آدمی کی حیثیت سے میں وہ فرض ادا کرنے سے انکار کردیتا جو انہوں نے میرے سپرد کیا تھا... اس وقت میں جو اعتراف کر رہا ہوں وہ ایک ایماندار آدمی کا اعتراف ہے۔ یہ جاننا اچھا رہتا ہے کہ آدمی کا واسطہ کس سے ہے —— ہرگز کسی قسم کی غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے — دیکھو، میں تمہیں کسی قسم کا مشورہ نہیں دے سکتا ...میں تم سے محبت کرتا ہوں، تم سے محبت کرتا ہوں، تم سے محبت کرتا ہوں —— اس کے سوا نہ میرے دماغ میں کچھ ہے اور نہ دل میں —

«د — سانن —»

خط تہہ کرکے اس پر مہر لگانے کے بعد، سانن نے پہلے تو سوچا کہ گھنٹی بجاکر ویٹر کو بلائے اور اس کے ہاتھ خط بھجوا دئے — «نہیں اس سے کام نہیں چلیگا — ایمیل سے لے جانے کے لئے کہا جائے؟ لیکن دوکان میں جانا اور دوسرے کارکنوں کے درمیان

اسے ڈھونڈنا کچھہ اتنا ھی بے تکا ھوگا— اس کے علاوہ، رات ھو چکی ھے اور غالباً وہ دوکان سے جا چکا ھوگا—» بہرحال اس طرح سوچتے ھوئے سانن نے اپنی ٹوپی سر پر رکھی اور باھر نکل گیا— وہ ایک نکڑ پر مڑا، اس کے بعد دوسرے پر اور جب اسے ایمیل نظر آیا تو اس کی خوشی کی انتہا نہ رھی— چمڑے کا ایک تھیلا اس کی بغل میں تھا اور ھاتھہ میں کاغذ کا پیکٹ— یہ جیالا لڑکا تیز تیز قدموں سے گھر کی طرف جا رھا تھا—

«واقعی یہ کہاوت سچی ھی معلوم ھوتی ھے کہ ھر عاشق کی قسمت کا اپنا ستارہ ھوتا ھے» سانن نے سوچا اور ایمیل کو پکارا— لڑکا مڑا اور فوراً اس کی طرف دوڑ پڑا—

سانن نے اس کو اپنے جذبات کی نمائش کا موقع نہیں دیا— اس نے اس کو خط تھمایا اور سمجھایا کہ یہ کس کو دینا ھے اور کس طرح ... ایمیل نے غور سے سنا—

«کوئی دیکھے نہیں؟» اس نے اپنے چہرے پر گمبھیرتا اور پراسرار کیفیت طاری کرتے ھوئے پوچھا «میں اور تم خوب سمجھتے ھیں کہ یہ کس چیز کے بارے میں ھے!»

«ھاں میرے دوست» سانن بولا— وہ کچھہ بوکھلایا— لیکن اس نے ایمیل کے گال تھپتھپائے— «...اور اگر اس کا کوئی جواب دیا جائےگا تو تم میرے پاس لاؤگے، ضرور لاؤگے نا؟ میں پورے وقت اپنے کمرے ھی میں ھونگا—»

«اس کی ذرا فکر نہ کرو!» ایمیل نے چہک کر جواب دیا اور رفوچکر ھوگیا— جاتے جاتے وہ مڑمڑکر دیکھہ رھا تھا اور سر ھلا رھا تھا—

سانن اپنے کمرے میں گیا اور موم بتی جلائے بغیر اس نے خود کو صوفے پر گرا دیا، اپنے دونوں ہاتھہ سر کے نیچے رکھہ لئے اور خود کو محبت کے ان احساسات کے حوالے کر دیا جن کا اعتراف اس نے ابھی ابھی کیا تھا — ان جذبات کی تشریح کی کوئی ضرورت نہیں — جس کسی نے محبت کی ہے وہ اس کی نرم‌رو شیرینی سے واقف ہے — اور جس نے اس احساس کا تجربہ نہیں کیا اسے یہ بتانا بیکار ہے —

دروازہ کھلا اور ایمیل کا سر اندر داخل ہوا —

«میں لے آیا» اس نے سرگوشی میں کہا «یہ رہا — جواب!»

وہ اپنے سر کے اوپر کاغذ کا ایک پرچہ اٹھائے ہوئے تھا —

سانن اپنے صوفے سے اچھلا — اس نے ایمیل کے ہاتھہ سے پرچہ جھپٹ لیا — اس کے جذبات اتنا بپھر چکے تھے کہ اب — اس لڑکے کے سامنے بھی جو اس لڑکی کا بھائی تھا — ان جذبات کو چھپانے کی تاب تھی اور نہ شائیستگی کا پاس — اگر اس کے بس میں ہوتا تو محض دکھانے کو ہی سہی وہ ضرور رکھہ رکھاؤ سے کام لیتا اور خود کو سنبھالتا —

وہ کھڑکی پر گیا اور اس نے ہوٹل کے سامنے سڑک کے لیمپ کی روشنی میں یہ سطریں پڑھیں :

«میں التجا کرتی ہوں، میں منت کرتی ہوں — کل دن بھر تم ہمارے گھر نہ آنا، کہیں نظر نہ آنا — یہ میرے لئے ضروری ہے — بالکل لازمی — بعد میں سب طے ہو جائیگا — میں جانتی ہوں تم مجھہ سے انکار نہیں کروگے کیونکہ . . .

«جیما —»

سانن نے یہ خط دوبارہ پڑھا — اس کی لکھائی اس کو کتنی پیاری، کتنی زیادہ خوبصورت معلوم ہو رہی تھی! پھر، ایک لمحہ سوچنے کے بعد وہ ایمیل کی طرف مڑا اور زور سے اس کا نام لے کر پکارا — ایمیل، یہ دکھانے کے لئے کہ وہ ایک معاملہ فہم نوجوان ہے دیوار کی طرف منہ کرکے کھڑا دیوار کرید رہا تھا — اپنا نام سن کر فوراً وہ دوڑتا ہوا اس کے پاس آیا —

«کہو تمہارے لئے میں کیا کر سکتا ہوں؟»

«سنو میرے دوست! کیا تم...»

«موسیو دمتری!» ایمیل نے التجا آمیز انداز میں اس کی بات کاٹی — «تم مجھے «تو» کیوں نہیں کہتے؟»

سانن نے قہقہہ بلند کیا — «اچھا، بہت اچھا! سنو میرے دوست! (ایمیل خوشی سے اچھل پڑا) کیا تم کسی سے یہ کہہ سکتے ہو — تم سمجھ گئے میری مراد کس سے ہے — کہ سب کچھ ویسا ہی ہوگا جیسا وہ چاہتی ہے — (ایمیل نے اپنے ہونٹ بھنچ لئے اور اپنا سر ہلایا) اور تم... تم کل کیا کر رہے ہو؟»

«میں؟ تم کیا چاہتے ہو، میں کیا کروں؟»

«اگر ممکن ہو تو کل صبح سویرے تم میرے پاس آؤ ہم فرانک‌فرٹ کے آس پاس ذرا سیر کرینگے — کہو کیسا رہیگا؟»

ایمیل پھر خوشی سے اچھل پڑا — «میں بھی یہی سوچتا ہوں! اس سے بہتر اور کیا ہو سکتا ہے؟ تمہارے ساتھ سیر کو جانا — کیوں اس سے بڑا معجزہ اور کیا ہو سکتا ہے — بےشک میں ضرور آؤنگا!»

«اور مان لو وہ تمہیں نہ آنے دیں تو؟»

«ارے وہ آنے کیوں نہ دینگی!»

«سنو... نہ کہنا... تم جانتے ہو کس سے... کہ میں نے تمہیں دن بھر کو بلایا ہے—»

«میں کیوں کہتا بھلا؟ میں یونہی تمہارے ساتھہ چلونگا— اس میں رکھا ہی کیا ہے—»

ایمیل نے بڑے شوق سے سانن کو پیار کیا اور چل دیا—

سانن دیر تک کمرے میں ٹہلتا رہا اور بہت رات گئے سویا— اس نے پھر خود کو اپنے دل میں اٹھتی ہوئی میٹھی میٹھی کسک کے سپرد کر دیا، اس نے خود کو دل کے میٹھے میٹھے درد کے حوالے کر دیا— آنےوالی نئی زندگی کے تصور سے اسے مسرت بھی ہو رہی تھی اور ڈر بھی لگ رہا تھا— سانن اس خیال سے انتہائی خوش ہو رہا تھا کہ اس نے کل پورے دن کے لئے ایمیل کو اپنے پاس بلا لیا تھا— وہ اپنی بہن سے بہت ملتا تھا— «وہ مجھے اپنی بہن کی یاد دلائیگا» سانن نے اپنے آپ سے کہا—

لیکن ایک سوال اس کے دماغ پر سب سے زیادہ چھایا ہوا تھا— کل وہ جو کچھہ تھا اس کے مقابلے میں آج وہ بالکل دوسرا آدمی کیوں کر بن گیا تھا؟ اسے ایسا لگ رہا تھا کہ وہ تو ہمیشہ سے جیما کی محبت میں گرفتار تھا —— اور ہمیشہ جیما سے اسے اتنی ہی محبت تھی جتنی کہ آج—

۲۶

اگلی صبح، آٹھہ بجے ایمیل تارتالیا کو ڈوری سے باندھے ہوئے، سانن کے کمرے کے سامنے آن دھمکا— اس کے ماں باپ جرمن ہوتے جب بھی وہ وقت کا اتنا پابند نہ ہو سکتا تھا— اس نے

گھر پر جھانسہ دیا تھا کہ وہ ناشتے سے پہلے سانن کے ساتھہ ٹہلنے جا رہا ہے اور وہاں سے وہ سیدھا دوکان کی راہ لیگا — سانن تو کپڑے بدل رہا تھا اور ایمیل کچھہ سہما سہما سا جیما کے بارے میں، ہیر کلیوبر سے اس کی لڑائی کے بارے میں قصے سنا رہا تھا — لیکن سانن نے سختی بھری خاموشی سے کام لیا — ایمیل نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ وہ خوب سمجھتا ہے کہ اس اہم مسئلے کا ذکر کیوں نہیں چھیڑا جا سکتا — اس نے یہ قصہ خود بخود ختم کر دیا اور اپنے چہرے پر ایک کھوئی کھوئی سی سخت کیفیت پیدا کر لی —

یہ دوست، اپنی اپنی کافی کی پیالی خالی کرنے کے بعد پیدل ہی ہاؤزن کی طرف چل پڑے — یہ چھوٹا سا گاؤں، جو جنگلوں سے گھرا ہوا تھا، فرانک‌فرٹ سے بہت زیادہ دور نہیں تھا — تاؤنوس پہاڑوں کا پورا سلسلہ وہاں سے نظر آتا تھا — دن شاندار تھا — سورج چمک رہا تھا اور دھوپ میں انہیں چلچلاہٹ نہیں محسوس ہو رہی تھی — ہوا ہری بھری پتیوں میں کھیلتی ہوئی سرسرا رہی تھی — دور آسمان کی بلندیوں میں موج در موج تیرتے ہوئے ہوئے باداوں کے چھوٹے چھوٹے سائے خاموشی اور تیزی سے زمین پر پھسل رہے تھے — نوجوانوں نے جلدی ہی شہر کو پیچھے چھوڑ دیا اور تیز تیز اور خوش خوش ہموار اور صاف ستھری سڑک پر چلنے لگے — وہ ایک جنگل میں گئے جہاں وہ کچھہ دیر کے لئے چکر لگاتے رہے — پھر انہوں نے ایک دیہاتی سرائے میں خوب ڈٹ کر کھانا کھایا — اس کے بعد وہ ایک پہاڑ پر چڑھے، نظارے کا خوب لطف اٹھایا اور ڈھلان پر پتھر لڑھکائے اور ان کو

خرگوش کی طرح اچھلتے اور چھلانگ لگاتے دیکھ کر وہ بچوں کی طرح تالیاں بجا بجا کر خوش ہوتے رہے یہاں تک کہ نیچے سے کسی راہ گیر نے گونجتی گرجتی آواز میں ان کو کوسنا شروع کر دیا — وہ سوکھی ہوئی سرخی مائل زرد کائی سے ڈھکی ہوئی زمین کے ایک چھوٹے سے حصے پر لیٹ گئے — پھر وہ بیئر پینے کے لئے ایک دوسری سرائے میں گئے اور اس کے بعد انہوں نے دوڑ اور چھلانگ لگانے کا ایک دوسرا مقابلہ کیا — اچانک انہیں صدائے باز گشت سنائی دی اور پھر انہوں نے گیت گا گا کر اور طرح طرح کی آوازیں نکال کر صدائے باز گشت کا لطف اٹھایا — انہوں نے کشتی لڑی، درختوں کی شاخیں توڑیں اور اپنی ٹوپیوں کو فرن سے سجایا —— اور ناچے گائے بھی — تارتالیا نے اپنے بس بھر ان تمام مشغلوں میں حصہ لیا — یہ ٹھیک ہے کہ اس نے پتھر نہیں لڑھکائے، مگر وہ ان کے پیچھے دوڑا ضرور، جب یہ نوجوان گاتے تو وہ غراتا، یہاں تک کہ اس نے بیئر سے اپنا گلا بھی تر کیا، حالانکہ یہ صاف ظاہر تھا کہ اسے بیئر ذرا نہ جچ رہی تھی — اس کو یہ فن ایک طالبعلم نے سکھایا تھا جو کبھی اس کا مالک تھا — وہ ایمیل کا اتنا فرماں بردار نہ تھا جتنا کہ اپنے مالک پنتالیونے کا اور جب ایمیل نے «بولنے» یا «چھینکنے» کا حکم صادر کیا تو وہ اپنی دم ہلا کر رہ گیا، اس کی زبان منہ سے باہر نکل آئی اور اندر کی طرف مڑ گئی —

دونوں نوجوانوں کو بات کرنے کے لئے بہت کافی مسالہ ہاتھ آ گیا — سیر و تفریح کے شروع میں سانن نے بڑے اور زیادہ دانش مند ہونے کے ناتے «فاتوم» کے موضوع پر، قسمت اور آدمی

کے طبعی رجحان کی اہمیت اور نوعیت پر اور اس کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالی — لیکن جلد ہی گفتگو نے ذرا کم سنجیدہ رخ اختیار کر لیا — ایمیل نے اپنے دوست اور سرپرست سے روس کے بارے میں پوچھنا شروع کیا — اس نے پوچھا کہ وہاں ڈوئل کس طرح لڑا جاتا ہے، کیا وہاں کی عورتیں خوبصورت ہیں، اور کیا روسی پڑھنے میں بہت وقت لگیگا — اس نے پوچھا جب افسر نے اس کی طرف نشانہ باندھا تھا تو اس کو کیسا لگا تھا — اور سانن کی باری آئی تو اس نے اس سے اس کے ابا اور اماں کے بارے میں اور بحثیت مجموعی اس کے خاندان کے معاملات کے بارے میں پوچھا — اور اس کی پوری کوشش کی کہ زبان پر جیما کا نام نہ آئے، حالانکہ اس پورے وقت میں سوائے جیما کے اس کے دماغ میں اور کچھہ نہ تھا — سچی بات یہ ہے کہ وہ ٹھیک ٹھیک اس کے بارے میں نہیں بلکہ آنے والے دن کے بارے میں سوچ رہا تھا، اس پر اسرار دن کے بارے میں جو اس کے لئے ایسی بےبہا، بےنظیر، ایسی شاندار مسرت لانے والا تھا — اسے ایسا لگتا کہ اس کے ذہن کی نگاہوں کے سامنے باربار ایک باریک اور ہلکا سا پردہ ہلنے لگتا ہے —— اور اس حریری پردے کے اس پار —— ایک شاداب چہرہ نظر آتا، پرشباب اور خاموش ملکوتی چہرہ، اس کے ہونٹوں پر ہلکی ہلکی مسکراہٹ پھیلی ہوتی اور ایک بناوٹی درشتی ظاہر کرنے کے لئے پلکیں جھکی ہوتیں — یہ چہرہ جیما کا نہ تھا — یہ تو خود مسرت کا چہرہ تھا — آخر وہ گھڑی آ ہی گئی — پردہ سرک گیا، ہونٹ کھلے، پلکیں اٹھہ گئیں — اس قوت پاک نے اسے دیکھا -- اور اب سب کچھہ سورج کی تابناکی اور درخشانی میں، لازوال سرخوشی اور بےخودی میں کھوکر رہ گیا! جب وہ اس گھڑی

کے بارے میں سوچتا، اس دن کے بارے میں سوچتا تو اس کا دل اس خوشی کی تاب نہ لاکر، بڑھتی ہوئی امید اور جذبات کے ہیجان سے سرشار ہوکر، دھڑکا بھول جاتا —

یہ امیدیں، یہ تمنائیں کسی چیز میں رکاوٹ نہ تھیں — وہ اس کی تمام حرکات وسکنات کے ساتھہ تھیں — وہ راہ میں حائل نہ تھیں — اور ان امیدوں اور تمناؤں نے ایمیل کے ساتھہ ایک دوسری سرائے میں رات کے کھانے کا لطف اٹھانے سے باز نہ رکھا — باربار اس کے دماغ میں یہ خیال کوند جاتا —— کاش لوگوں کو معلوم ہوتا ! ان امیدوں اور تمناؤں نے کھانے کے بعد اسے ایمیل کے ساتھہ مینڈک والا کھیل کھیلنے سے بھی باز نہ رکھا — یہ کھیل وسیع ہرے میدان میں کھیلا گیا اور ٹھیک اس وقت جب وہ تارتالیا کی غراھٹوں کی تال پر، جھکے ہوئے ایمیل کی پیٹھہ پر سے چھلانگ لگانے کے لئے اطمینان سے پیر ہوا میں بلند کر رہا تھا اس کی نظر میدان کے کنارے دو افسروں پر پڑی — ان کو اس نے فوراً پہچان لیا — یہ تو وھی کل والے افسر تھے —— ھیر فون دون‌ھوف اور اس کا گواہ ھیر فون رختر! ان کو دیکھتے ھی وہ کتنا بوکھلایا اور بدحواس ہوا، کوئی مت پوچھے — دونوں نے اپنی ایک ایک آنکھہ پر ایک شیشے والی عینک لگا رکھی تھی — دونوں دانت نکالے ہوئے دیکھہ رہے تھے... سانن کھڑا ہوا، جلدی سے مڑا، کوٹ اٹھایا جسے اتار رکھا تھا اور ایمیل کو اپنے ساتھہ آنے کے لئے کہا — اس نے بھی اپنا کوٹ پہنا اور جلدی جلدی چل دیا —

وہ فرانک فرٹ دیر سے پہنچا —

«وہ مجھے برا بھلا کہینگی — لیکن مجھے پروا نہیں — اج کا دن بہت اچھا کٹا، بہت اچھا —» ایمیل نے سانن سے رخصت ہوتے ہوئے کہا —

جب سانن ہوٹل پہنچا تو اسے جیما کا خط ملا — اس نے اگلے دن ملاقات کا وقت مقرر کیا تھا — سات بجے صبح —— ان پارکوں میں سے ایک میں جن سے فرانک‌فرٹ گھرا ہوا ہے —

اس کا دل دھک سے رہ گیا! وہ خوش تھا کہ اس نے کس کس طرح جیما کی ایک ایک بات پوری کی تھی! اوہ، خدا، اس ناقابل یقین، انوکھی، بے پناہ اور ناگزیر صبح کی آغوش میں اس کے لئے کیا کیا ہے —— اور کیا کیا نہیں ہے!

اس نے جیما کے خط پر اپنی نگاہیں دوڑائیں — صفحے کے آخر میں اس کے دستخط میں، جیما کی خوبصورت «ج» نے اسے جیما کی خوبصورت انگلیوں کی اور اس کے ہاتھ کی یاد دلائی... اسے یاد آیا کہ اس نے ان انگلیوں کو کبھی اپنے ہونٹوں سے نہیں چھوا تھا... «اطالوی عورتیں» اس نے سوچا «لوگوں کے کہنے کے برعکس، منکسر اور رکھ رکھاؤ والی ہیں — خاص طور پر جیما — وہ ایک ملکہ ہے، ایک دیوی... مرمر کی طرح پاک اور اچھوتی...»

لیکن وقت آئیگا — وہ وقت زیادہ دور نہیں...

اس رات فرانک فرٹ میں ایک ہی مسرور آدمی تھا... وہ سویا، لیکن وہ شاعر کی زبان میں اپنے بارے میں یوں کہہ سکتا تھا:

میں سو رہا ہوں... مگر میرا پاسباں دل نہیں سوتا...

دل تو، گرمیوں کے سورج کی کرنوں میں نہائے ہوئے پھول پر بیٹھے پتنگے کے پر کی طرح کانپ رہا تھا —

سانن پانچ بجے سوکر اٹھا، چھہ بجے تک کپڑے بدل کر تیار ہو گیا اور ساڑھے چھہ بجتے بجتے وہ پارک میں ٹہل رہا تھا — یہ پارک گرمیوں کی آرام گاہ کے پاس تھا جس کا ذکر جیمانے کیا تھا —

اب تک صبح پرسکوت، گرم اور سرمئی سرمئی سی تھی — باربار ایسا لگتا کہ بارش ہوگی — لیکن ہتیلی پھیلا کر دیکھنے سے نمی کا احساس نہ ہوتا اور اگر کوئی اپنے کوٹ کی آستین کو خوب غور سے دیکھتا تو البتہ موتیوں جیسی ننھی ننھی بوندیں نظر آتیں — جلد ہی ان بوندوں کا پٹکنا بھی بند ہو گیا — کہنے کو یہ کہا جا سکتا تھا کہ اس سے پہلے کبھی بھی ہوا کے نام کی کوئی چیز موجود نہ تھی — آواز تیرتی نہ تھی بلکہ فضا میں معلق ہو جاتی تھی — دور سفیدی مائل ہلکی ہلکی دھند نظر آ رہی تھی اور ہوا میں میگنونیت اور کیکر کے پھولوں کی بھینی بھینی خوشبو بسی ہوئی تھی —

دوکانیں اب تک بند تھیں مگر سڑکوں پر اکا دکا راہگیر چلتے پھرتے نظر آنے لگے تھے — تھوڑی تھوڑی دیر پر سڑک پر سے اکادکا گاڑی کے پہیوں کی گھڑ گھڑاہٹ سنائی دیتی تھی — پارک میں کوئی بھی ٹہلتا پھرتا نظر نہ آ رہا تھا — ایک مالی آہستہ آہستہ اپنے کھرپے سے راستے کی گھاس کھود رہا تھا اور ایک بوڑھی پھوس عورت کالے لباس میں راستے پر مٹکتی چلی جا رہی تھی — ظاہر ہے کہ سانن کو ایک لمحے کو

بھی اس بڑھیا پر جیما گمان نہ ہو سکتا تھا اور پھر بھی اس کا دل بلیوں اچھل پڑا اور اس کی آنکھیں اس وقت تک اس کالے دھبے کا تعاقب کرتی رہیں جب تک کہ وہ نظروں سے اوجھل نہ ہو گیا —

سات! گرجا گھر کے ٹاور نے سات بجائے —

سانن کے قدم تھم گئے — کیا یہ ممکن ہے کہ وہ نہ آئے؟ اس کے رگ و پے میں ایک برفیلی سی سنسنی دوڑ گئی — ایک لمحے بعد پھر اس کی رگ و پے میں سنسنی دوڑ گئی — لیکن اب کے اس کی وجہ کچھ اور تھی — سانن نے اپنے پیچھے قدموں کی آہٹ اور عورت کے لباس کی سرسراہٹ سنی . . . وہ مڑا — یہ تو وہی تھی!

جیما پارک کے راستے پر اس کے پیچھے پیچھے چلتی رہی — وہ ایک سرمئی لباس اور کالی ٹوپی پہنے ہوئے تھی — اس نے نگاہ اٹھا کر اسے دیکھا اور اپنا سر ایک طرف پھیر لیا — وہ اس کے برابر آ گئی اور تیز تیز قدموں سے آگے نکل گئی —

«جیما!» اس نے اتنا دھیرے سے اس کا نام لیا کہ مشکل سے اس کی آواز سنی جا سکتی تھی —

اس نے آہستہ سے اپنا سر ہلایا اور اسی طرح چلتی رہی — وہ اس کے پیچھے پیچھے چلتا رہا — وہ کچھ ہانپ سا رہا تھا اور اس کے پاؤں مشکل سے اس کا ساتھ دے رہے تھے —

جیما موسم گرما کی آرام گاہ کے پاس سے گزری، سیدھے ہاتھ کو مڑی، ایک چھوٹے سے اتھلے فوارے کے پاس سے گزری جس میں ایک گوریا ٹھاٹ سے ڈبکیاں لگا لگا کر نہا رہی تھی — پھر وہ بنفشئی پھولوں کی لمبی لمبی جھاڑیوں کے جھنڈ کے پیچھے

گئی اور ایک بنچ پر بیٹھہ گئی — یہ ایک خوش نما گوشہ عافیت تھا — سانن اس کے پاس بیٹھہ گیا —

ایک منٹ گزر گیا اور دونوں میں سے کوئی بھی نہ بولا — اس نے اس کی طرف نظر اٹھاکر دیکھا بھی نہیں اور وہ اس کا چہرہ تو نہیں ہاں اس کے ہاتھوں کو دیکھتا رہا جو چھتری کے اوپر ایک دوسرے پر رکھے ہوئے تھے — کہنے کو کیا تھا؟ کون سے الفاظ اس حقیقت سے زیادہ معنی خیز اور بھر پور ہو سکتے تھے کہ وہ دونوں ایک ساتھہ بیٹھے تھے، تنہا، اتنا سویرے اور ایک دوسرے سے اتنا قریب؟

«کیا تم . . . مجھہ سے خفا ہو؟» آخر سانن کے منہ سے نکلا — وہ اس سے زیادہ احمقانہ اور کوئی بات شاید ہی کہہ سکتا تھا، اور اسے اس کا پورا احساس تھا . . . لیکن کم از کم مہر سکوت تو ٹوٹی —

«تم سے خفا؟» اس نے دھرایا — «کس لئے؟ نہیں —»

«اور کیا تم میرا یقین کرتی ہو؟» اس نے کہا —

«تمہارا مطلب ہے جو کچھہ تم نے اپنے خط میں لکھا ہے؟»

«ہاں —»

جیما نے اپنا سر جھکا لیا اور کچھہ نہ بولی — چھتری اس کے ہاتھہ سے پھسل گئی — لیکن اس کے زمین پر گرنے سے پہلے پہلے اس نے جھٹ سے اسے سنبھال لیا —

«اوہ میرا یقین کرو! میں نے جو کچھہ لکھا ہے اس پر یقین کرو!» سانن نے کہا — دفعتاً اس کی سراسیمگی دور ہو گئی اور

اس نے ذرا جذبات کی گرمی کے ساتھہ کہا «اگر دنیا میں سچائی جیسی مقدس اور ناقابل تردید کوئی چیز موجود ہے تو ـــ وہ یہ ہے جیما کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں، دل و جان سے تمہیں چاہتا ہوں!»

اس نے کنکھیوں سے سانن کو دیکھا اور پھر اس کے ہاتھہ سے چھتری پھسل کر گرتے گرتے رہی ـ

«میرا اعتبار کرو، مجھہ پر یقین کرو!» اس نے اس کی طرف اپنے بازو بڑھاتے ہوئے التجا کی لیکن اسے چھونے کی جرأت نہ ہوئی ـ «میں تمہیں کس طرح قائل کروں؟»

اس نے پھر نگاہ اٹھا کر سانن کو دیکھا ـ

«بتاؤ مجھے موسیو دمتری» اس نے کہا «اس دن جب تم مجھے سمجھانے بجھانے آئے تھے تو اس وقت تک نہ جانتے تھے... تم کو محسوس نہ ہوتا تھا...»

«مجھے محسوس ہوتا تھا» سانن نے اشتیاق کے ساتھہ جواب دیا «لیکن مجھے معلوم نہ تھا ـ جس لمحے میری نظر تم پر پڑی اسی وقت سے میں تم سے محبت کر رہا ہوں لیکن فوراً ہی مجھے معلوم نہ ہو سکا کہ تم میرے لئے کیا بن گئی ہو! اس کے علاوہ مجھے معلوم تھا کہ تمہاری منگنی ہو چکی ہے... جہاں تک تمہاری اماں کی درخواست کا تعلق ہے، پہلی بات تو یہ کہ میں کیوں کر انکار کر سکتا تھا؟ اور دوسرے یہ کہ میں نے یہ فرض کچھہ اس طرح ادا کیا کہ تم خود بھانپ لو...»

بھاری بھاری قدموں کی چاپ سنائی دی ـ ایک بھاری بھرکم قسم کا بھلا مانس، موٹے کا ڈوریا تھیلا اپنے کندھے پر جمائے

بنفشئی پھولوں کے جھنڈ کے پیچھے سے نمودار ہوا — کوئی پردیسی تھا — ایک سیاح کی گستاخی بھری نظر سے اس نے اس جوڑے کی طرف دیکھا، زور سے کھانسا اور اپنی راہ لی —

«تمہاری اماں نے» جیسے ہی مسافر کے بھاری قدموں کی آہٹ ختم ہوئی سانن بولا «تمہاری اماں نے مجھ سے کہا کہ تمہارے انکار سے بڑی بدنامی ہوگی، (جیما کی پیشانی پر بل پڑ گئے) اور یہ کہ کسی حد تک اپنی حرکت کی وجہ سے اس ناخوشگوار بات کا ذمہ دار میں تھا — اور . . . نتیجے کے طور پر . . . کسی حد تک مجھ پر یہ ذمہ‌داری عائد ہوتی تھی کہ تمہیں اپنے منگیتر ہیر کلیوبر کو ٹھکرانے سے باز رکھوں . . .»

«موسیو دمتری» اپنے بالوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے جیما نے سانن سے کہا «براہ کرم ہیر کلیوبر کو میرے منگیتر کے نام سے نہ یاد کرو — میں کبھی بھی اس کی بیوی نہیں بنونگی — میں‌نے اس سے انکار کر دیا ہے —»

«اس سے انکار کر دیا؟ کب؟»

«کل —»

«اس کے رو برو؟»

«اس کے منہ پر — اپنے گھر میں — وہ ہم سے ملنے آیا تھا —»

«جیما! کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ تم مجھ سے محبت کرتی ہو؟»

وہ اس کی طرف مڑی —

«کیا میں تم سے محبت نہ کرتی تو یہاں آتی؟» اس نے اپنے ہاتھوں کو بنچ پر گراتے ہوئے سرگوشی میں کہا —

سانن نے بنچ پر پڑے ہوئے بے بس ہاتھوں کو، جن کی ہتیلیاں اوپر کی طرف تھیں، اٹھایا اور ان کو اپنی آنکھوں سے لگایا، اپنے ہونٹوں سے چوما... اور اب وہ پردہ جو کل اس کی آنکھوں میں لہرا رہا تھا، ہٹ گیا — یہ تھی مسرت، یہ خود مسرت کا درخشاں مکھڑا تھا!

اس نے جیما کو دیکھنے کے لئے، نظر بھر کر اور آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے دیکھنے کے لئے، اپنا سر اٹھایا — جیما نے بھی اس کو نظر بھر کر دیکھا لیکن اس کی نگاہیں ذرا نیچی تھیں، جھکی جھکی پلکوں کے نیچے مسرت کے آنسو جھلک رہے تھے — اور اس کے چہرے پر صرف مسکراہٹ نہ تھی، یہ تو ایک قہقہہ تھا، نشاط اور ترنگ میں ڈوبا ہوا ایک ایسا قہقہہ جو سنائی نہ دے —

سانن نے اسے اپنے سینے سے لگانا چاہا لیکن وہ پیچھے کھسک گئی اور اپنا سر ہلایا اس کے چہرے پر اب تک وہی بے آواز قہقہہ تھا — جیسے اس کی مسرت بھری آنکھیں کہہ رہی ہوں «ذرا ٹھہرو!»

«اوہ جیما!» سانن چلایا «کیا میں کبھی سوچ سکتا تھا کہ تو (جس وقت پہلی بار اس کے منہ سے لفظ «تو» نکلا تو اس کا دل ساز کے تار کی طرح لرز کر رہ گیا) مجھ سے کبھی محبت کریگی؟»

«مجھے خود اس کی توقع نہیں تھی» جیما نے آہستہ سے کہا —

«کیا میں کبھی سوچ سکتا تھا» سانن بولتا رہا کہ «فرانک‌فرٹ میں، جہاں میں ایک دو گھنٹے ٹھہرنا چاہتا تھا، مجھے عمر بھر کی مسرت مل جائیگی؟»

«تمہاری عمر بھر کی مسرت؟ سچ، بالکل سچ؟» جیما نے پوچھا —

«میری زندگی بھر کی مسرت، ہمیشہ ہمیشہ کے لئے!»
سانن نے تازہ جوش کے ساتھہ کہا —

یکایک ان کی بنچ سے صرف دو قدم کے فاصلے پر مالی کے کھرپے کے چلنے کی آواز سنائی دی —

«آؤ ہم گھر چلیں» جیما نے سرگوشی میں کہا «ساتھہ ---- چلوگے؟»

اگر اس وقت اس سے کہتی: «سمندر میں کود جاؤ--- کودو گے؟» تو ابھی مشکل سے وہ اپنی بات بھی پوری نہ کر پاتی کہ وہ سمندر کی گہرائیوں میں پہنچ چکا ہوتا —

دونوں ایک ساتھہ پارک سے باہر نکلے اور شہر سے کتراتے ہوئے اور خاموش مضافاتی سڑکوں سے گزرتے ہوئے، گھر کی طرف چل دئے —

۲۸

سانن، جیما کے پہلو میں چل رہا تھا اور ہر چند قدم کے بعد وہ اس سے چند قدم پیچھے رہ جاتا تھا — ایک پل کو بھی اس نے اپنی نظریں اس پر سے نہیں ہٹائیں — وہ برابر مسکرائے جا رہا تھا — گرچہ وہ جلدی میں معلوم ہوتی تھی پھر بھی یکایک رک جاتی تھی — سچی بات تو یہ ہے کہ دونوں، جن میں سے سانن تو جذبات سے زرد ہو رہا تھا اور جیما کا چہرہ گلابی، یوں آگے بڑھہ رہے تھے جیسے خواب میں چل رہے ہوں — چند منٹ پہلے، --- ان دونوں کی رو وں کی سپردگی اتنی بے خود کرنے والی، اتنی نئی جو تھی، اتنی نئی کہ اس سے ڈرسا لگ رہا تھا — ان

کی زندگی اتنی اچانک بدل کر رہ گئی تھی کہ دونوں میں سے کوئی بھی اس کے جادو سے پوری طرح نہیں نکل سکا تھا۔ ان کو بس اتنا معلوم تھا کہ رات کے وقت اچانک ہوا کے طوفان نے ان کو آ دبوچا تھا اور ایک دوسرے کی آغوش میں اٹھا پھینکا تھا۔ چلتے چلتے سانن کو یہ بھی محسوس ہوا کہ جیسے وہ جیما کو ایک دوسری روشنی میں دیکھ رہا ہو۔ ایک ہی لمحے میں اس کو اس کی چال ڈھال میں، اس کے انداز خرام میں کچھ انوکھی باتیں نظر آگئیں ـــ یا خدا ان باتوں میں کتنا بے پناہ حسن، کتنی رعنائی، کتنا بانکپن تھا! اور جیما کو بھی لگ رہا تھا کہ وہ اسے ایک دوسری نظر سے دیکھ رہا ہے۔

دونوں پہلی بار محبت میں گرفتار ہوئے تھے۔ ان کے اندر پہلی محبت کا سارا جادو جاگ رہا تھا۔ پہلی محبت ایک انقلاب کی طرح ہے۔ روزمرہ زندگی کی یک رنگی ایک آن میں درہم برہم ہوکر رہ جاتی ہے، جوانی مورچے پر آجاتی ہے اور مورچے پر شباب کے تابناک پرچم لہرانے لگتے ہیں اور ـــ جو بھی سامنے آئے اس کا خیر مقدم کرتے ہیں ـــ موت ہو یا زندگی ـــ وہ اس کا استقبال گرم جوشی سے کرتے ہیں۔

«کون ہے وہ؟ کیا یہ ہمارا بڈھا ہو سکتا ہے؟» سانن نے اس آدمی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا جو منہ ڈھانپ کر ان کے پاس سے اس طرح گزر گیا جیسے وہ ان کی نظروں سے بچ کر نکل جانا چاہتا ہو۔ مسرت کے تلاطم سے مجبور ہوکر اس کا جی چاہا کہ جیما سے محبت کی باتیں نہ کرے۔ محبت پر تو مہر لگ چکی تھی، وہ تو مقدس چیز تھی۔ اس کا جی چاہا کہ اور چیزوں کے بارے میں باتیں کرے۔

«ہاں یہ پنتالیونے ہے» جیما نے خوش خوش چہکتے ہوئے کہا — «اس نے گھر سے میرا پیچھا کیا ہوگا — کل دن بھر وہ میرے پیچھے پیچھے سایہ بنا رہا... وہ بھانپ گیا ہے —»

«وہ بھانپ گیا ہے!» سانن نے خوش ہوکر دھرایا — ایسی کون سی بات تھی جو جیما کہتی اور اس کا جی خوش نہ ہوتا؟

پھر اس نے جیما سے کہا کہ پچھلے دن کا سارا ماجرا سناؤ —

وہ فوراً جلدی جلدی، گڈمڈ سی کہانی کے تانے بانے بننے لگی — ساتھہ ہی مسکراتی بھی جاتی اور ٹھنڈی ٹھنڈی سانس بھی بھرتی جاتی اور آنکھوں آنکھوں میں سانن کو دل کا پیغام بھی دیتی جاتی — اس نے بتایا کہ پرسوں کی بات چیت کے بعد اس کی ماں کس طرح اس سے کوئی قطعی بات سننے کی کوشش کرتی رہی اور کس طرح اس نے فراؤ لینورے کو ایک دن کا وعدہ کرکے رام کیا، کس طرح اس نے اس تبدیلی پر اصرار کیا — یہ کتنا کٹھن مرحلہ تھا — کس طرح اچانک ہیر کلیوبر نازل ہوا تھا، معمول سے بھی زیادہ سج دھج اور ٹپ ٹاپ کے ساتھہ، کس طرح اس نے روسی پردیسی کی ناقابل معافی چھچھوری حرکت پر اپنے غصے کا اظہار کیا تھا — «اس کا مطلب تمہارے ڈوئل سے تھا — یہ اس کے لئے، ہیر کلیوبر کے لئے کتنا توہین آمیز تھا (یہ ہیر کلیوبر کے اپنے الفاظ تھے) — اس نے مطالبہ کیا کہ تم کو گھر میں آنے کی اجازت نہ دی جائے — 'کیونکہ، اس نے کہا» یہاں جیما نے اس کی آواز اور انداز کی نقل اتاری «'یہ میری بے عزتی ہے، اس سے تو یہ ظاہر ہوا جیسے اگر میں ضروری اور مفید تصور کرتا تو اپنی منگیتر کی حفاظت کے لئے

کمر بستہ ہونے کو تیار نہ ہوتا — کل سارے فرانک فرٹ کو معلوم ہو جائیگا کہ ایک اجنبی میری منگیتر کے لئے ایک افسر سے ڈوئل لڑا — کاھیکو کبھی کسی نے ایسی بات سنی ہوگی! یہ میری عزت پر حملہ ہے!، اور ذرا سوچو ممی نے اس سے اتفاق کیا — لیکن میں نے اس سے اسی آن کہا تم کو اپنی عزت اور شخصیت کے بارے میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، تم کو اپنی منگیتر کے بارے میں ایسی ویسی باتوں پر ذلت محسوس کرنے کی ضرورت نہیں — اس لئے کہ میں اب تمہاری منگیتر نہیں رہی اور کبھی بھی تمہاری بیوی نہیں بنونگی — میں یہ مانتی ہوں کہ اس سے اپنا رشتہ توڑنے سے پہلے میں تم سے بات کرنا چاھتی تھی — لیکن وہ آیا — اور میں ضبط نہ کرسکی — مارے ڈر کے اماں کی تو چیخ نکل گئی — لیکن میں دوسرے کمرے میں گئی اور میں نے اس کی انگوٹھی لاکر واپس کر دی —— تم نے شاید دیکھا نہیں دو دن پہلے ھی میں نے اس کی انگوٹھی اتار دی تھی — اس کو بہت رنج ہوا لیکن وہ اتنا بیکار اور خودفریب آدمی ہے کہ اس نے زیادہ نہیں کہا اور دم دباکر چلتا ہوگیا — بے شک مجھے اماں سے بہت کچھہ سننا پڑا، اور ان کا دکھہ دیکھہ کر مجھے دلی تکلیف ہوئی اور میں نے یہاں تک سوچا کہ شاید میں نے بڑی جلد بازی سے کام لیا ہے — لیکن تم جانو، مجھے تمہارا خط مل چکا تھا اور اس سے پہلے بھی میں جان گئی تھی...»

«کہ میں تم کو چاھتا ہوں» سانن نے جلدی سے بات پوری کی —

«ہاں... کہ تم مجھے چاھتے ہو —»

جیما مستقل بولتی رہی، بات کا اور چھور ہاتھہ سے جاتا رہتا، مگر وہ اپنی کہانی سناتی رہی — وہ مسکراتی، اپنی آواز نیچی کرتی یا جب کوئی پاس آتا یا پاس سے گزرتا تو وہ یکایک رک جاتی — سانن بے خود سنتا رہا، اس کی آواز سے لطف‌اندوز ہوتا رہا، ٹھیک اسی طرح جیسے پچھلے دن اس کی لکھائی پر اس کا دل نچھاور ہوا جا رہا تھا —

«ممی بہت بدحواس ہیں» جیما نے کہا — اس کے الفاظ لچھے دار انداز میں گڈمڈ گڈمڈ سے ادا ہوئے — «ان کے دماغ میں یہ بات آ ہی نہیں سکتی کہ میں ہیر کلیوبر سے نفرت کرتی ہوں، ان کی سمجھہ میں یہ بات آ ہی نہیں سکتی تھی کہ میں اس سے منگنی پر اس لئے راضی ہوگئی کہ وہ مجھہ سے برابر منت اور التجا کرتی رہی تھیں... ان کو شبہہ ہے کہ... میں تم سے، بلکہ یقین ہے کہ تم سے... محبت کرتی ہوں اور جس چیز سے سب سے زیادہ وہ بوکھلائی ہوئی ہیں یہ ہے کہ آخر کل ان کے ذہن میں یہ بات کیوں نہ آئی اور انہوں نے تم سے درخواست کیوں کی کہ مجھے سمجھاؤ بجھاؤ — ایک عجیب درخواست، ہے نا؟ اور اب وہ کہتی ہیں تم بڑے کائیاں ہو اور کہتی ہیں تم نے ان کے اعتماد کا غلط فائدہ اٹھایا اور مجھے خبردار کر رہی ہیں کہ تم مجھے بھی دھوکا دوگے...»

«لیکن جیما» سانن چلایا «ایکن تم نے ان سے نہیں کہا کہ...»

«میں نے ان سے کچھہ بھی نہیں کہا — تم سے بات چیت کرنے سے پہلے مجھے اس کا کیا حق تھا؟»

سانن نے اپنے ہاتھہ پھیلا دئے —

«مجھے امید ھے جیما کہ کم از کم اب تم ان کو سب کچھہ بتا دوگی اور مجھے ان کے پاس لے چلوگی... میں یہ ثابت کرنا چاھتا ھوں کہ میں دغاباز نہیں ھوں —»

اور سانن کے دل میں نیکی اور خلوص کے امڈتے ھوئے جذبات نے تلاطم پیدا کردیا —

جیما نے پھیلی پھیلی آنکھوں سے ٹکٹکی باندھہ کر اسے دیکھا — «کیا تم یہ کہنا چاھتے ھو کہ تم میرے ساتھہ اس وقت ممی کے پاس جانا چاھتے ھو؟ ممی کے پاس... جو یہ اعلان کر رھی ھیں کہ ھمارے درمیان کچھہ بھی نہیں — یہ سب کچھہ بالکل ٹائیں ٹائیں فش ھوکر رہ جائیگا —» ایک لفظ تھا جو جیما زبان پر نہ لایا رھی تھی— ایسا لگتا تھا کہ یہ لفظ اس کے ھونٹوں کو جلائے دے رھا ھے لیکن سانن کو یہ جان کر خود یہ لفظ ادا کرنے میں اور بھی لطف آیا —

«تم سے شادی کرنا — تمہارا جیون ساتھی بننا — اوہ میں اس سے بڑی مسرت کا تصور بھی نہیں کر سکتا!»

اب اس کی محبت، اس کی فراخ دلی اور عزائیم کی کوئی حد نہیں تھی —

جب اس نے یہ کہا تو جیما، جو ایک لمحے کو خاموش کھڑی ھو گئی تھی، پہلے سے بھی زیادہ تیز چلنے لگی... ایسا لگتا تھا کہ وہ اس بے پناہ، اس غیرمتوقع مسرت سے بھاگ رھی ھے، جیسے یہ اس کے لئے ناقابل برداشت ھو —

لیکن یکایک اس کے گھٹنے کانپ گئے — چند قدم آگے اگلے نکڑ سے ایک نئی ھیٹ اور ایک نیا کوٹ ابھرا، اور بالکل تیر

کی طرح چلا — سامنے سے کتے کی طرح سمٹا سمٹایا ہیر کلیوبر چلا آ رہا تھا — پہلے جیما پر اور پھر سانن پر نظر پڑنے کے بعد ایسا معلوم ہوا کہ اندر ہی اندر اسے چھینک سی آ گئی ہو — جب بانکپن کے ساتھہ وہ ان کے پاس پہنچا تو اس کا پر کشش بدن پیچھے کی طرف تن گیا — ایک لمحے کو تو سانن بھونچکا رہ گیا — لیکن ہیر کلیوبر کے چہرے پر نظر پڑتے ہی، جس پر اس چہرے کا مالک، ایک نفرت انگیز حیرت بلکہ ترس کی کیفیت پیدا کرنے کی کوشش کر رہا تھا —— ہاں اس گلابی اور گھٹیا چہرے کو دیکھہ کر دفعتاً سانن کے رگ و پے میں غصے کی لہر دوڑ گئی —— اور وہ آگے بڑھہ گیا —

جیما نے اس کا بازو پکڑ لیا اور پرعزم انداز سے اس کے بازو میں بازو ڈال کر اپنے سابقہ منگیتر کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں — ہیر کلیوبر نے اپنی آنکھیں چھوٹی کر لیں اور ایسا لگا کہ وہ سمٹ کر خود اپنے اندر چھپ جانا چاہتا ہو — وہ ایک طرف کو ہٹ گیا اور دانت بھینچ کر بولا — «ہر الاپ کی تان اسی پر ٹوٹتی ہے!» (Das alte Ende vom Liede!) پھر وہ اسی طرح بانکپن اور لچک کے ساتھہ اپنے راستے پر چل دیا —

«کیا کہا اس بدمعاش نے؟» کلیوبر پر جھپٹنے کے لئے تیار سانن نے پوچھا — لیکن جیما نے اس کو پکڑ لیا اور مڑ کر، اسی طرح اس کے ہاتھہ میں ہاتھہ ڈالے وہ گھر کی طرف چلتی رہی —

دور سے روسیلی کی دوکان دکھائی دی — جیما پھر رک گئی — «Dimitri, monsieur Dimitri» اس نے کہا «ہم اب تک اندر نہیں گئے ہیں، اب تک اماں سے نہیں ملے ہیں... اگر تم اب

بھی اس معاملے پر سوچنے کے لئے وقت چاہتے ہو، اگر . . . تم اب بھی آزاد ہو دمتری — »

جواب میں سانن نے صرف اس کا ہاتھہ زور سے اپنے سینے پر دبایا اور اس کو اپنے ساتھہ کھنچتا ہوا آگے چل دیا —

«ممی» سانن کے ساتھہ فراؤ لینورے کے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے جیما نے کہا «دیکھو میں اصلی منگیتر کو لے آئی تمہارے پاس! »

۲۹

اگر جیما اعلان کرتی کہ وہ اپنی ماں کے لئے ہیضہ یا موت لے کر آئی ہے تو وہ یہ خبر سن کر اس سے زیادہ غم زدہ نہ ہوتی — وہ فوراً کونے میں، دیوار کی طرف منہ کر کے بیٹھہ گئی — اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی، اور دھاڑیں مار مار کر بین کرنے لگی، بالکل روسی کسان عورت کی طرح جو اپنے شوہر یا بیٹے کی لاش کے پاس بیٹھی بین کر رہی ہو — ایک لمحے کو جیما پر ایسا اثر ہوا کہ وہ اپنی ماں کے پاس جا بھی نہ سکی، وہ کمرے کے درمیان دم سادھے کھڑی رہی — جہاں تک سانن کا تعلق تھا وہ بالکل بے قابو ہو گیا — لگتا تھا اب رویا کہ تب رویا — ناقابل تسلی آہ وزاری اور رونے دھونے کا سلسلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا، پورے ایک گھنٹے تک! پنتالیونے نے فیصلہ کیا کہ یہ بہتر ہوگا کہ دوکان کا سڑک والا دروازہ بند کر دیا جائے تاکہ کوئی اجنبی اندر نہ آئے —— خوش قسمتی سے ابھی سویرا تھا — بڈھا خود حیران تھا —— جیما اور سانن نے جس جلد بازی کا مظاہرہ کیا تھا وہ اسے ذرا نہ بھائی

تھی— ساتھہ ھی دل میں وہ ان کے خلاف انگلی اٹھانے کی کوئی وجہ نہیں محسوس کر رہا تھا — وہ کلیوبر سے اتنا بیزار تھا کہ ضرورت پڑنے پر، ان کے کام آنے کے لئے بھی کمر بستہ تھا — ایمیل خود کو اپنے دوست اور بہن کا رازدار تصور کر رہا تھا اور اس کو اس پر فخر بھی محسوس ھو رہا تھا کہ سارا معاملہ اتنے حسن و خوبی سے نبٹ گیا — بس یہ بات اس کی سمجھہ سے باھر تھی کہ فراؤ لینورے اس پر اتنا زیادہ غم کیوں کھا رھی تھی — وہ فوراً اس نتیجے پر پہنچا کہ عورتوں کی کھوپڑی میں عقل ھوتی ھی نہیں سرے سے — سانن کا حال سب سے برا تھا — جب کبھی وہ فراؤ لینورے کے پاس آتا وہ دھاڑیں مارتے ھوئے اپنے ھاتھہ کے اشارے سے اسے ھٹا دیتی اور دور کھڑے کھڑے کئی بار اس کا رونا اور منہ بسورنا بھی اکارت گیا: «میں چاھتا ھوں کہ تم اپنی لڑکی کا ھاتھہ میرے ھاتھہ میں دے دو!» فراؤ لینورے کو سب سے زیادہ کوفت اپنے آپ سے ھو رھی تھی —— آخر ایسی اندھی کیوں کر ھو گئی کہ اسے کچھہ نظر ھی نہ آیا؟ «اگر میرا گیوان بتستا زندہ ھوتا» اس نے آنسو بہاتے ھوئے کہا «تو یہ سب کاھیکو ھوتا!» «خدا کے لئے بات کیا ھے؟» سانن نے اپنے آپ سے پوچھا — «لیکن یہ سب محض بکواس ھے!» اسے جیما کی طرف دیکھنے کی ھمت نہیں ھو رھی تھی اور اسے بھی سانن کی طرف نظر اٹھانے کی جرأت نہ ھو رھی تھی — اس نے، بڑے صبر سے، ماں کی دل جوئی پر اکتفا کیا — ماں نے اس کو بھی شروع میں پرے دھکیل دیا تھا...

آخرکار، رفتہ رفتہ، طوفان کا زور تھما — فراؤ لینورے نے رونا بند کر دیا اور جیما کو اجازت دی کہ وہ اسے کونے سے اٹھا کر،

جہاں وہ گٹھری بنی پڑی تھی، کھڑکی کے پاس کرسی پر لا بٹھائے — اس نے اسے ایک گلاس پانی دیا جس میں سنترے کا رس پڑا ہوا تھا — اس نے سانن کو اپنے پاس آنے کی اجازت تو نہیں دی مگر کمرے میں رہنے دیا (شروع میں وہ مطالبہ کرتی رہی تھی کہ وہ فوراً وہاں سے چلا جائے) — اب وہ بولتا تو اس کی بات نہ کاٹتی — سانن نے طوفان کے تھمنے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پوری لن ترانی سے کام لیا — اس میں شبہہ ہے کہ وہ خود جیما کے سامنے بھی اتنے سچے یقین کے ساتھہ اپنے ارادوں اور جذبات کی داستان سنا سکتا تھا — جذبات انتہائی صادق تھے اور ارادے انتہائی نیک اور پاک — «سیویلیا کے حجام» کے الماویوا کے ارادوں اور جذبات کی طرح! اس کے عزائم کے راستے میں جو دقتیں حائل تھیں ان کو نہ تو اس نے فراؤ لینورے سے چھپایا اور نہ اپنے آپ سے — حقیقت تو یہ ہے کہ دقتیں بہت نمایاں تھیں — یہ درست کہ وہ ایک پردیسی تھا اور حال ہی میں اس سے ان کی جان پہچان ہوئی تھی اور ان کو خود اس کے بارے میں اور اس کے ذریعہ آمدنی وغیرہ کے بارے میں کوئی بات ٹھیک ٹھیک معلوم نہ تھی — لیکن وہ بہت سی شہادتیں پیش کرنے پر آمادہ تھا جن سے ثابت ہو کہ وہ ایک باعزت آدمی ہے کوئی بھکاری نہیں — وہ اس قسم کی ناقابل تردید شہادتیں اپنے ہم وطنوں سے حاصل کر سکتا تھا — اس کو امید تھی کہ جیما اس کے ساتھہ خوش رہیگی اور وہ اپنے گھر والوں سے اس کی جدائی کو اپنے لطف و محبت کی مٹھاس سے خوشگوار بنا لیگا — جدائی، لفظ «جدائی» کا منہ پر آنا تھا کہ سارا بنا بنایا کھیل بگڑتا نظر آیا — فراؤ لینورے سر سے پاؤں تک لرز گئی اور کرسی میں کسمسانے لگی — سانن نے جلدی سے کہا

کہ یہ جدائی صرف عارضی ہوگی اور شاید ممکن ہے اس کی ضرورت بھی نہ پڑے —

سانن کی لن‌ترانی رائیگاں نہ گئی — فراؤ لینورے نے اس کو نظر اٹھاکر دیکھنا شروع کیا — اب تک ان نگاہوں میں دکھہ اور ملامت ضرور تھی مگر کم از کم پہلی سی بیزاری اور برہمی باقی نہ رہی تھی — پھر اس نے سانن کو پاس پھٹکنے اور آکر قریب بیٹھنے کی اجازت دی (جیما اس کے دوسرے پہلو میں بیٹھی تھی) — پھر اس نے سانن کو برا بھلا کہنا شروع کیا —— آنکھوں ہی آنکھوں میں نہیں بلکہ منہ سے — جس سے بجائے خود یہ ظاہر ہو گیا کہ اب اس کا دل ذرا نرم پڑ گیا تھا — اس نے شکوہ و شکائیت کا سلسلہ شروع کردیا لیکن اس کی شکائیت نرم اور ہلکی پڑتی گئی اور اب وہ شکائیت بھی کرتی جاتی اور پوچھہ گچھہ بھی —— کبھی اپنی بیٹی سے اور کبھی سانن سے — اس کے بعد اس کو اپنا ہاتھہ چھونے کی اجازت دی اور فوراً ہی اپنا ہاتھہ نہ کھینچا... پھر اس نے کچھہ اور آنسو بہائے —— لیکن اب یہ آنسو مختلف تھے... پھر وہ افسردگی کے ساتھہ مسکرائی اور اس پر افسوس ظاہر کیا کہ گیوان بتستا ان کے درمیان نہیں، لیکن ابکے پہلے کے مقابلے میں مطلب بالکل الٹ تھا... ایک لمحہ اور بیتا —— اور دونوں مجرم —— سانن اور جیما —— اس کے قدموں میں گھٹنے ٹیکے بیٹھے تھے اور وہ باری باری سے دونوں کے سر پر ہاتھہ پھیر رہی تھی — ایک لمحہ اور —— اور وہ دونوں اس سے لپٹ رہے تھے اور اسے بوسہ دے رہے تھے — ایمیل کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا — وہ دوڑتا ہوا کمرے میں

گھس آیا اور اس گھریلو ٹولی پر آن گرا اور محفل کو درھم برھم کرکے رکھه دیا —

پنتالیونے نے کمرے میں جھانک کر دیکھا، مسکرایا اور ساتھه ھی تیوریاں بھی چڑھائیں اور سڑک والا دروازہ کھولنے کے لئے دوکان کے اندر چلا گیا —

۳۰

فراؤ لینورے نے انتہائی غم و اندوہ سے نکل کر اداسی کا مرحلہ اور اداسی سے نکل کر خاموش بے نیازی کا مرحلہ کافی تیزی سے طے کیا — اور خاموش تسلیم و رضا کو اندرونی طمانیت کا روپ دھارن کرنے میں زیادہ دیر نہ لگی لیکن اس کو محض شائستگی کے خیال سے چھپا یا گیا اور انتہائی ضبط و تحمل سے کام لیا گیا — فراؤ لینورے کو جان پہچان کے پہلے دن سے ھی سانن بھا گیا تھا — لیکن جب اس نے سانن کو اپنا داماد بنانے کے خیال کو اپنا لیا تو اس کو سانن میں کوئی بات نا پسندیدگی کی نظر نہ آئی — لیکن پھر بھی اس نے ضروری خیال کیا کہ کچھه دیر اور اپنے چہرے پر مجروح جذبات اور بیقراری کی کیفیت طاری رکھے — اور پھر پچھلے چند دن کے تمام واقعات اتنے عجیب تھے... ایک سے ایک بڑھه کر! ایک دنیادار عورت اور ماں ھونے کے ناتے فراؤ لینورے نے اپنا فرض تصور کیا کہ سانن سے ھر قسم کی پوچھه گچھه کرے — اور سانن جو صبح جیما سے ملاقات کے لئے نکلا تھا اور جس کے دماغ میں دور دور جیما سے شادی کا خیال نہ تھا، جس کے دماغ میں سرے سے کوئی خیال تھا ھی نہیں اور جو اپنے جذبے

کے طلسم سے کھنچا چلا جا رہا تھا — اب بے دھڑک بلکہ کہنا چاہئے بڑے جوش و خروش سے، ہونے والے بر کا رول ادا کر رہا تھا — اور مستعدی سے تمام سوالوں کا جواب مفصل دے رہا تھا — اپنی تشفی کر لینے کے بعد کہ وہ واقعی طبقہ شرفا کا چشم و چراغ ہے اور اس پر تعجب کا اظہار کرنے کے بعد کہ وہ کوئی شہزادہ نہیں، فراؤ لینورے نے بڑی گمبھیر صورت بنالی اور پہلے ہی سے اس پر جتا دیا کہ وہ بڑی صاف گوئی سے کام لیگی — وہ ایک ماں کے مقدس فرض سے مجبور تھی — اس کے جواب میں سانن نے کہا کہ وہ اس سے اسی کی توقع کرتا ہے — اس نے التجا کی کہ وہ اس سے ذرا مروت نہ برتے —

فراؤ لینورے نے پھر کہا کہ ہیر کلیوبر (اس نے یہ نام ایک ٹھنڈی سانس کے ساتھ، اپنے ہونٹوں کو بھینچتے ہوئے اور ایک لمحے کو جھجکتے ہوئے لیا) جیما کے پہلے منگیتر ہیر کلیوبر کی آمدنی ابھی ہی آٹھ ہزار گلڈن تھی اور یہ رقم ہر سال بڑھتی جائیگی اور — اب وہ یہ جاننا چاہتی تھی کہ سانن کی آمدنی کیا ہے؟

«آٹھ ہزار گلڈن» سانن نے ذرا کھینچتے ہوئے دھرایا — «ہمارے سکے میں اس کا مطلب ہے پندرہ ہزار روبل... میری آمدنی اس سے بہت کم ہے — تولا صوبے میں میری ایک چھوٹی سی جاگیر ہے — اگر اس کی دیکھ بھال اچھی طرح ہو تو اس سے پانچ چھہ ہزار کی آمدنی ہو سکتی ہے، ضرور ہونی چاہئے... اور اگر میں کوئی سرکاری ملازمت کر لوں تو مجھے آسانی سے دو ہزار کی آمدنی ہوگی — »

"ملازمت روس میں!؟" فراؤ لینورے نے کہا — "اس کا مطلب یہ ہوا کہ مجھے جیما سے جدا ہونا پڑیگا!"

"مجھے سفارت خانے کی نوکری مل سکتی ھے" سانن نے بیچ میں لقمہ دیا «میرے تعلقات کچھہ رسوخ والے لوگوں سے ھیں... اور اس کا مطلب ھوگا کہ میں ملک سے باھر رھوں — یا میں بتاؤں ایک کام اور کر سکتا ھوں، اور یہ سب سے بہتر رھیگا — کہ میں اپنی جاگیر بیچ دوں اور اس سے جو روپیہ آئے اسے کسی نفع بخش دھندے میں لگا دوں — مثال کے طور پر، یہ روپیہ تمھاری مٹھائی کی دوکان کو سنبھالنے اور بہتر بنانے میں لگایا جا سکتا ھے —" سانن کو خود معلوم تھا کہ وہ حماقت کی باتیں کر رھا ھے لیکن اس میں ایک عجیب بے پروائی اور من چلا پن پیدا ھو گیا تھا — اس نے جیما کی طرف دیکھا جس نے کاروباری گفتگو کے شروع ھوتے ھی کمرے میں ادھر ادھر ٹہلنا شروع کردیا تھا — وہ کبھی ٹہلتی اور کبھی ٹہلتے ٹہلتے بیٹھہ جاتی — اس نے جیما کی طرف دیکھا اور اس کے سامنے کوئی رکاوٹ رکاوٹ نہ رھی — وہ سب کچھہ طے کر لینے کے تیار تھا، اسی لمحہ اور بہتر سے بہتر ڈھنگ سے — اس کو پریشانی سے بچانے کے لئے وہ سب کچھہ کر سکتا تھا —

"ھیر کلیوبر کاروبار کو بڑھانے اور پھیلانے کے لئے بھی مجھے تھوڑی سی رقم دینا چاھتا تھا" ایک لمحے کو جھجکتے ھوئے فراؤ لینورے نے کہا —

"ممی! خدا کے لئے، ممی!" جیما اطالوی زبان میں چلائی —

"وقت سے یہ چیزیں طے ھو جانی چاھئیں، میری بیٹی!" فراؤ لینورے نے اسی زبان میں جواب دیا —

وہ پھر سانن کی طرف مڑی اور پوچھا کہ روس میں شادی کے قانون کیا ھیں اور کہیں وھاں پروشیا کی طرح کیتھولک سے شادی

کے راستے میں رکاوٹ وغیرہ تو نہیں؟ (اس زمانے میں، ۱۸۴۰ء تک لوگوں کو ملی جلی شادیوں کے سوال پر پروشیائی حکومت اور کیلن کے اسقف اعظم کا جھگڑا یاد تھا—) لیکن جب فراؤ لینورے کو معلوم ہوا کہ روسی طبقہ شرفا کے ایک فرد سے شادی کرنے کے بعد اس کی بیٹی کو نوابوں اور رئیسوں کے طبقوں میں قبول کرلیا جائیگا تو اس نے اطمینان کی سانس لی— "لیکن پہلے تم کو روس واپس جانا پڑیگا، ہے نا؟"

"کس لئے؟"

"کیوں؟ اپنے زار سے اجازت لینے کے لئے اور کیا؟"

سانن نے بتایا کہ یہ کوئی ضروری نہیں... لیکن شاید اسے شادی سے پہلے ایک مختصر مدت کے لئے روس جانا پڑے (جب اس نے یہ الفاظ ادا کئے تو اس کے دل میں ہوک سی اٹھی اور جیما جو اسے دیکھ رہی تھی، اس کے دل کے درد کو تاڑ گئی اور اس کے چہرے پر رنگ آ گیا اور وہ اداس ہو گئی)— اس نے کہا کہ اپنے وطن میں قیام کا فائدہ اٹھاکر وہ اپنی جائداد بیچنے کی کوشش کریگا... بہرحال وہ ضروری روپیہ تو اپنے ساتھ لائیگا ہی...

"میں سوچتی ہوں کتنا اچھا ہو اگر تم میرے کوٹ کے لئے استراخانی سمور بھی لے آؤ؟" فراؤ لینورے نے کہا— "لوگ کہتے ہیں کہ وہاں سمور بے حد خوبصورت اور بے حد سستا ہے—"

"بے شک، بڑی خوشی سے، میں جیما کے لئے بھی لاؤنگا!" سانن چلایا—

"اور میرے لئے مراقشی چمڑے کی ٹوپی جس پر زر کا کام ہو" کمرے میں جھانکتے ہوئے، ایمیل نے بیچ سے نعرہ لگایا—

"اچھا اچھا، میں لاؤنگا... اور پنتالیونے کے لئے جوتیاں —"

"بہت ہو لیا" فراؤ لینورے بولی — "ہم اب سنجیدہ باتوں کے بارے میں گفتگو کر رہے ہیں — ایک اور بات" دنیادار عورت نے کہا — "تم کہتے ہو کہ تم اپنی جاگیر بیچ دوگے — کیا تمہیں اپنے کسانوں کو بھی نہیں بیچنا پڑیگا؟"

سانن کے دل پر ایک گھونسہ لگا — اسے یاد آیا کہ مادام روسیلی اور اس کی بیٹی سے کمیروں کے نظام پر بات چیت کرتے ہوئے، (جس پر اس کا دل، بقول خود، غصے سے بھر جاتا تھا) اس نے بار بار یقین دلایا تھا کہ کوئی طاقت بھی اس کو اپنے کسانوں کو بیچنے پر آمادہ نہیں کر سکتی کیونکہ وہ اس قسم کی لین دین کو اخلاق سوز تصور کرتا تھا —

"میں کسی ایسے شخص کے ہاتھہ اپنی جاگیر بیچونگا جس کو میں کافی خوش حال سمجھتا ہوں" اس نے ذرا رک رک کر کہا "یا شاید ممکن ہے کہ کسان خود اپنی آزادی خرید لینا چاہیں —"

"یہ تو سب سے اچھا ہوگا" فراؤ لینورے نے اتفاق کیا — "آخر، زندہ انسانوں کو بیچنا واقعی..."

*«Barbari!» پنتالیونے نے لقمہ دیا — وہ دروازے میں ایمیل کے پیچھے پیچھے نمودار ہوا اور اپنے جھنڈولے بالوں کو جھٹکتے ہوئے غائب ہو گیا —

"میں اسے پسند نہیں کرتا!" سانن نے اپنے آپ سے

---

* درندگی —

کہا اور جیما کی طرف دیکھا — ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس نے آخری الفاظ نہیں سنے — "خیر کوئی بات نہیں!" اس نے سوچا —

یہ کاروباری بات چیت کھانے کے وقت تک جاری رہی — کھانے کے ختم ہوتے ہوتے فراؤ لینورے بالکل رام ہوگئی — وہ اسے دمتری کہہ کر پکارتی، اسے محبت سے انگلی ہلا ہلا کر دھمکاتی اور کہتی کہ تم نے جو چرکا دیا ہے اس کا انتقام لونگی — اس نے اس کو اپنے خاندان کے متعلق سوال و جواب کے ذریعہ ایک مفصل وغط سننے پر مجبور کیا اس لئے کہ "یہ بڑا اہم تھا" اور اس بات پر اصرار کیا کہ روس میں شادی جس طرح انجام پاتی ہے اس کی ریت رسم کے بارے میں پورا پورا حال بتاؤ —— اور یہ سوچ سوچ کر وہ دم بخود ہو ہو گئی کہ جیما شادی کے وقت ایک سفید عبا پہنیگی اور اس کے سر پر ایک سنہرا تاج رکھا جائیگا —

"وہ اتنی حسین جو ہے، رانی ہے رانی" اس نے مادرانہ غرور کے ساتھہ کہا "سچ تو یہ ہے کہ دنیا کی کوئی ملکہ بھی اس کی گرد کو نہیں پہنچتی!"

"دنیا میں کوئی دوسری جیما نہیں!" سانن چلایا —

"یہی وجہ ہے کہ اس کا نام جیما ہے!" (اطالوی زبان میں جیما ہیرے کو کہتے ہیں) —

جیما جھک کر اپنی ماں کو چومنے لگی... ایسا لگا کہ اب جاکر وہ آزادی سے سانس لے رہی ہے جیسے اس کے کندھوں سے ایک بھاری بوجھہ ٹل گیا ہو —

اور سانن نے ایک بےخود کر دینے والی مسرت کا ریلا محسوس کیا، اس خیال پر اسے ایک طفلانہ مسرت کا احساس ہوا کہ وہ سپنے جو اس نے ان ہی کمروں میں بیٹھہ کر دیکھے تھے اب حقیقت کا روپ دھارن کر رہے تھے؛ سچ مچ حقیقت بنتے جا رہے تھے — اس کا دل سرخوشی و سرمستی کے جذبات سے اس طرح لبالب تھا کہ اس کا جی چاہا کہ سیدھا دوکان میں چلا جائے — اس کا دل مچل رہا تھا کہ چند دن پہلے کی طرح وہ پھر کاؤنٹر کے پیچھے جاکر کھڑا ہو. . . "جانتے ہو مجھے ایسا کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہے! میں اب سی خاندان کا چشم و چراغ ہوں!"

اور وہ واقعی کاؤنٹر کے پیچھے کھڑا ہو گیا اور گاہکوں کی مانگ پوری کرنے لگا، مطلب یہ کہ اس نے دو چھوٹی چھوٹی لڑکیوں کے ہاتھہ ایک پاؤنڈ مٹھائی بیچی یا یوں کہئے کہ ان کو پورے دو پاؤنڈ مٹھائیاں دیں اور ان سے پیسے لئے ایک پاؤنڈ کے —

کھانے کی میز پر وہ اپنی باضابطہ منگیتر جیما کے پہلو میں بیٹھا — فراؤ لینورے اب تک اپنے کاروباری سوالوں پر بات چیت کر رہی تھی — ایمیل جی کھول کر ہنستا اور سانن کے ساتھہ روس جانے کے لئے اس کی ناک میں دم کرتا رہا — طے ہوا کہ سانن دو ہفتے میں روس روانہ ہوجائیگا — صرف پنتالیونے کے چہرے پر قدرے اداسی چھائی ہوئی تھی — اس پر فراؤ لینورے نے اس کی ٹانگ بھی لی: "اور تم تھے اس کے گواہ!" پنتالیونے نے منہ بنایا —

اس پورے وقت میں جیما نے بہت کم بات چیت کی لیکن اس کا چہرہ اس سے پہلے اتنا دلآویز اور تابناک نظر نہ آیا تھا — کھانے کے بعد جیما نے سانن سے ایک لمحے کو باغ میں چلنے کے لئے کہا

اور اس بنچ کے پاس رکتے ہوئے جہاں دو دن پہلے وہ چیریاں چن رہی تھی بولی "مجھ سے خفا نہ ہونا دمتری، لیکن ایک بار پھر میں کہنا چاہتی ہوں کہ تم خود کو مجبور تصور نہ کرو..."

اس نے جیما کو جملہ پورا کرنے کا موقع نہ دیا—

جیما نے منہ دوسری طرف پھیر لیا—

"اور جو کچھ ممی نے کہا — تم جانتے ہو، وہ مذہب وغیرہ کے بارے میں — تو دیکھو!.."

اس نے اپنی گردن میں لٹکتی ہوئی یاقوت کی صلیب کو پکڑا اور اتنے زور سے جھٹکا دیا کہ کڑی ٹوٹ گئی اور اس نے صلیب اس کے ہاتھ میں تھما دی—

"اگر میں تمہاری ہوں تو تمہارا عقیدہ — میرا عقیدہ ہے!"

جب دونوں گھر کے اندر واپس آئے تو سانن کی آنکھیں نم تھیں— شام تک سب کچھ اپنے ڈھرے پر آ گیا— انہوں نے ترستے کا کھیل بھی کھیلا—

۳۱

اگلی صبح سانن بہت تڑکے جاگ گیا— وہ انسانی انبساط کے نقطۂ عروج پر تھا— لیکن اس چیز نے اس کی نیند نہیں اڑائی— اس سوال نے اس اہم اور بنیادی سوال نے — کہ کس طرح جاگیر جلد از جلد اور فائدے کے ساتھ بیچی جائے، اس کے دل کا چین چھین لیا تھا اور نیند حرام کر دی تھی— اس کے دماغ میں طرح طرح کے منصوبے گڈمڈ ہو رہے تھے لیکن اب تک کوئی راہ نہیں سوجھی تھی— وہ تازہ ہوا کھانے اور دماغ کا بوجھ ہلکا کرنے کے لئے باہر نکل گیا— وہ ایک مکمل منصوبے کے ساتھ جیما کے سامنے پوری ثابت قدمی سے آنا چاہتا تھا—

یہ آگے آگے کس کا ہیولا نظر آ رہا ہے — بھاری بھر کم، موٹے موٹے بدن ہاتھہ کا، لیکن خوش پوش اور ہر قدم پر ذرا ڈولتا ہوا سا؟ آخر اس نے جھنڈولے موم جیسے نرم بالوں سے گھری ہوئی یہ گدی پہلے کہاں دیکھی تھی اور یہ سر جو لگتا تھا کہ کندھوں پر یونہی دھرا ہوا ہے، نرم اور موٹی پشت اور یہ گدگدے سے گول گول ہاتھہ؟ کیا یہ ممکن ہے کہ یہ اس کا اسکول کا پرانا ساتھی پولوزوف ہو جو پچھلے پانچ برس سے اس کی نظروں سے اوجھل تھا؟ سانن نے اس کو جا لیا اور آگے بڑھنے کے بعد پلٹ کر دیکھا . . . چوڑا چوڑا سا زرد چہرہ، سور جیسی چھوٹی چھوٹی آنکھیں، سنہری پلکیں اور بھویں، چھوٹی سی چپٹی ناک، موٹے موٹے ہونٹ جو ایک دوسرے سے چپکے ہوئے معلوم ہوتے تھے، گول صاف شفاف دھلی ہوئی ٹھوڑی — اور اس کے چہرے کی پوری کیفیت — جھلاہٹ، کاہلی اور بے اعتمادی سے بھری ہوئی — کیوں، یہ تو وہی تھا، ایپولیت پولوزوف!

"لو پھر میری قسمت کا ستارہ عروج پر ہے؟" سانن کے دماغ میں کوند گیا —

"پولوزوف! ایپولیت سیدورچ! کیا یہ تم ہی ہو؟"

ہیولا رک گیا، چھوٹی چھوٹی آنکھیں اٹھیں، ایک لمحے کو خاموشی رہی، آخر چپکے ہوئے ہونٹ کھلے اور ایک کھرجدار آواز گونج گئی:

"دمتری سانن؟"

"ہاں وہی ناچیز!" سانن چلایا اور اس نے پولوزوف کا ایک ہاتھہ دبایا جو بھورے دستانے کے اندر اسی طرح بے جان رہا

جیسا کہ اس کے گدگدے پہلو میں لٹکتا نظر آ رہا تھا — "کیا تم یہاں بہت دنوں سے ہو؟ تم آئے کہاں سے؟ تم کہاں ٹھہرے ہوئے ہو؟"

"میں کل ویسبادن سے آیا" پولوزوف نے بہت آہستہ لہجے میں جواب دیا "میں اپنی بیوی کے لئے کچھ خریداری کر رہا ہوں اور آج ہی ویسبادن واپس جا رہا ہوں —"

"اوہ ہاں! تمہاری تو شادی ہو گئی! اور وہ بھی، لوگ کہتے ہیں، ایک زور دار حسینہ سے!"

پولوزوف نے آنکھیں پھیرلیں "ہاں، لوگ کہتے ہیں —"

سانن ہنسا — "دیکھتا ہوں کہ تم ویسے ہی ٹھس کے ٹھس رہے جیسے تم اسکول کے زمانے میں تھے —"

"اور میں بدلتا کیوں؟"

"لوگ یہ بھی کہتے ہیں" سانن نے "کہتے ہیں" پر ذرا زور دیتے ہوئے کہا "کہ تمہاری بیوی بڑی مال دار ہے —"

"ہاں لوگ یہ بھی کہتے ہیں —"

"اور کیا تم خود یہ نہیں جانتے ایپولیت سیدورچ؟"

"دیکھو بھائی میرے دمتری... پاولووچ؟ ہاں پاولووچ! میں اپنی بیوی کے معاملات میں دخل نہیں دیتا —"

"تم دخل نہیں دیتے؟ کسی معاملے میں نہیں؟"

پولوزوف نے پھر اپنی نظریں دوسری طرف پھیرلیں — "نہیں یار کسی معاملے میں نہیں — وہ — اپنی ڈگر پر چلتی ہے اور میں — اپنی ڈگر پر —"

"تم اس وقت کہاں جا رہے ہو؟" سانن نے پوچھا —

"اس وقت میں کہیں نہیں جا رہا ہوں — میں سڑک پر کھڑا ہوں اور تم سے باتیں کر رہا ہوں — جب ہم بات چیت ختم کرلینگے تو میں واپس اپنے ہوٹل جاؤنگا اور ناشتہ کرونگا — "

"کیا میں تمہارے ساتھہ چل سکتا ہوں؟"

"تمہارا مطلب ہے ناشتے پر؟"

"ہاں — "

"ضرور چلو، کسی کے ساتھہ کھانے میں زیادہ لطف آتا ہے — تم بہت زیادہ باتونی تو نہیں ہو؟ ایں؟"

"نہیں میرا خیال ایسا نہیں ہے — "

"تو پھر آؤ — "

پولوزوف آگے بڑھا اور سانن اس کے ساتھہ ساتھہ چلنے لگا — سانن نے اپنے آپ سے پوچھا — پولوزوف کے ہونٹوں پر پھر مہر لگ گئی تھی اور وہ صرف خرخرا رہا تھا اور ہلتا ڈولتا چل رہا تھا — ایسے بھس بھری کھوپڑی والے آدمی نے ایک مالدار اور حسین بیوی کیوں کر پھانس لی؟ وہ خود نہ تو امیر تھا، نہ اس میں عقل اور چالاکی کا ایسا کوئی جوہر تھا — اسکول میں اس کو ایک بیوقوف، کاہل لڑکا سمجھا جاتا تھا، سونے کا انتہائی شوقین اور پیٹو — اس کا نام ہی پڑ گیا تھا "پیٹو" — اس کی وضاحت نہیں ہو سکتی!

"اور اگر اس کی بیوی واقعی اتنی دولت مند ہے — لوگ کہتے ہیں کسی قسم کے ٹھیکیدار کی بیٹی ہے — تو پھر وہ میری جاگیر کیوں نہیں خرید سکتی؟ وہ کہتا ہے اسے اپنی بیوی کے معاملات سے کوئی سروکار نہیں، لیکن یہ ناممکن ہے! اور میں ایک معقول اور کم قیمت پتاؤنگا — کیوں نہ قسمت آزمائی کی جائے؟ شاید اس

کا مطلب یہ ہو کہ میری قسمت کا ستارہ عروج پر ہے... چلو! میں قسمت آزمائی کرونگا!"

پولوزوف سانن کو فرانکفرٹ کے ایک بہترین ہوٹل میں لے گیا — یہ بتانا فضول ہے کہ یہاں اس نے سب سے نفیس کمرہ لے رکھا تھا — تمام میزوں اور کرسیوں پر گتے کے ڈبوں، لکڑی کے بکسوں اور گٹھریوں کا انبار لگا ہوا تھا... "یار یہ سب ماریا نکولائونا کے لئے ہے!" (ماریا نکولائونا پولوزوف کی بیوی کا نام تھا —) اپنی ٹائی ڈھیلی کرکے کراہتے ہوئے پولوزوف ایک کرسی میں دھنس گیا "یہ گرمی!" پھر اس نے ہیڈ ویٹر کے لئے گھنٹی بجائی اور زور دار لذیذ ناشتے کا آرڈر دیا — "ایک بجے تک میری گاڑی تیار کرنے کے لئے کہو! سنا تم نے ٹھیک ایک بجے!"

ہیڈ ویٹر تعظیماً جھکا اور غلامانہ مسکراہٹ کے ساتھ غائب ہو گیا —

پولوزوف نے اپنے ویسٹ کوٹ کے بٹن کھول لئے — وہ جس طرح بھوؤں کو اٹھا رہا تھا، نتھنوں کو پھڑکا اور ناک کو سکیڑ رہا تھا، اس سے صاف ظاہر تھا کہ اس کے لئے اس وقت بات کرنا ایک ناقابل برداشت بوجھ ہوگا — وہ ایک اضطرابی کیفیت کے ساتھ اس کا منتظر تھا کہ دیکھیں سانن اس کی اپنی زبان ہلانے پر مجبور کرتا ہے یا نہیں — بات چیت جاری رکھنے کی ذمہ داری اپنے اوپر لیتا ہے یا نہیں —

سانن نے اپنے دوست کے موڈ کو تاڑ لیا اور اس کو اپنے سوالات سے ستانے سے باز رہا اور اس نے کم سے کم ضروری باتیں پوچھنے پر اکتفا کیا — اس کو معلوم ہوا کہ پولوزوف اولان (واقعی وردی

کے چھوٹے جیکٹ میں اس کا حلیہ قابل دید ہوتا ہوگا) میں دو برس فوجی خدمات انجام دے چکا ہے، تین برس پہلے اس کی شادی ہوئی اور اب ایک برس سے زیادہ ہوا کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھہ پردیس میں ہے "جو ویسبادن میں کسی قسم کا علاج کرا رہی ہے—" وہاں سے ان کا ارادہ پیرس جانے کا تھا — سانن کو اس کے ماضی اور مستقبل کی زندگی کے بارے میں اس سے زیادہ جاننے کی ٹوہ نہ تھی — وہ سیدھے سیدھے اپنے مطلب کی بات پر آ گیا اور بتایا کہ اس کا ارادہ اپنی جاگیر بیچنے کا ہے —

پولوزوف نے اس کی بات خاموشی سے سنی اور اس دوران میں وہ باربار اس دروازے کی طرف دیکھتا رہا جس سے ناشتہ آنے والا تھا — ہیڈ ویٹر اپنے دو ماتحت بیروں کے ساتھہ اندر آیا اور کئی پلیٹوں میں کھانے کی چیزیں لایا جن پر چاندی کے خوان پوش پڑے ہوئے تھے —

"کیا تمہاری جاگیر تولا صوبے میں ہے؟" پولوزوف نے میز پر بیٹھتے ہوئے اور اپنی قمیص کے کالر میں کھانے کا رومال اٹکاتے ہوئے پوچھا —

"ہاں — "

"یفریموف ضلع . . . میں جانتا ہوں — "

"تم الکسیئیوکا کو جانتے ہو؟" سانن نے بھی میز پر بیٹھتے ہوئے کہا —

"ہاں ہاں میں جانتا ہوں — " پولوزوف نے املٹ اور تروفل کا ایک پورا نوالہ منہ میں ٹھونستے ہوئے کہا — "میری بیوی — ماریا نکولائونا — کی ایک جاگیر اس کے پڑوس میں ہی ہے . . . ویٹر

بوتل کا کاگ اڑاؤ! زمین اچھی ہے، لیکن تمہارے کسانوں نے ساری لکڑیاں کاٹ لی ہیں — تم اسے بیچنا کیوں چاہتے ہو؟"

"مجھے روپے کی ضرورت ہے، بھائی میرے — میں اسے سستی ہی بیچ دونگا — ہاں لیکن تم ہی کیوں نہیں خرید لیتے؟"

پولوزوف شراب کا پورا گلاس چڑھا گیا، رومال سے ہونٹ خشک کئے اور پھر شور مچاتے ہوئے کھانا چبانے میں محو ہو گیا —

"ہوں" اس نے آخر کہا — "میں جاگیریں نہیں خریدتا — روپیہ نہیں! ذرا مکھن بڑھانا — ممکن ہے میری بیوی خرید لے — تمہیں اس سے بات کرنی چاہئے — اگر تم بہت زیادہ نہ مانگو تو شاید وہ خرید ہی لے — لیکن یہ جرمن بھی کیسے گدھے ہیں! یہ بھی نہیں جانتے کہ مچھلی کس طرح پکائی جاتی ہے! تم جانو اس سے آسان اور کوئی کام نہیں اور پھر بھی رٹ لگاتے نہیں تھکتے 'مادر وطن کو ضرور متحد ہونا چاہئے!'، ویٹر یہ کوڑا اٹھا کر لے جاؤ یہاں سے —"

"کیا تم یہ کہنا چاہتے ہو کہ تمہاری بیوی... سارا انتظام کرتی ہے، خود ہی ہر چیز کی دیکھ بھال کرتی ہے؟" سانن نے پوچھا —

"اوہ، ہاں — ہاں یہ کٹلٹ البتہ مزیدار ہیں — ذرا چکھو تو — میں تم سے کہہ چکا ہوں، دمتری پاولووچ، کہ میں اپنی بیوی کے کسی معاملے میں ٹانگ نہیں اڑاتا اور تم سے پھر کہتا ہوں —"

پولوزوف زور زور سے منہ میں بھرا ہوا نوالہ چباتا رہا —

"ہوں... لیکن میں اس سے کس طرح بات کروں ایپولیت سیدورچ؟"

"اس سے آسان بات اور کیا ہو سکتی ہے دمتری پاولووچ — ویسبادن چلے جاؤ— یہاں سے دور نہیں — ویٹر کیا تمہارے پاس انگریزی رٹی کی چٹنی نہیں ؟نہیں؟ جانور! ہاں بس وقت برباد نہ کرو— ہم پرسوں جا رہے ہیں — آؤ تمہارے گلاس میں شراب انڈیل دوں میں —— یہ پھول کا رس ہے رس —— ہاں یہ سرکہ نہیں —"

پولوزوف کا چہرہ سرخ اور گرم ہو گیا — اس کا چہرہ صرف کھانا کھاتے یا پیتے وقت روشن ہو جاتا تھا —

"میں واقعی نہیں جانتا کہ کیا کروں؟" سانن بڑبڑایا —

"کیا تمہیں بیچنے کی اتنی جلدی ہے؟"

"یار یہی تو بات ہے، مجھے جلدی ہے!"

"اور کیا تمہیں ایک بڑی رقم کی ضرورت ہے؟"

"ہاں — میں . . . میں کس طرح بتاؤں تمہیں؟ میرے سر میں شادی کرلینے کا سودا سمایا ہے — "

پولوزوف نے شراب کا گلاس، جس کو وہ اپنے منہ سے لگائے ہوئے تھا، میز پر رکھا دیا —

"شادی!" اس نے کھرجدار آواز میں کہا، ایک ایسی آواز میں جو مارے حیرت کے بھاری ہو گئی تھی— اس نے اپنے دونوں گول گول ہاتھ اپنے پیٹ پر باندھ لئے — "یکایک؟"

"ہاں . . . بہت جلدی — "

"تمہاری منگیتر، ظاہر ہے کہ روس میں ہوگی؟"

"نہیں، وہ روس میں نہیں ہے — "

"تو پھر کہاں ہے وہ؟"

"یہاں فرانک فرٹ میں — "

"اور وہ ہے کون؟"

"وہ ایک جرمن ہے، مطلب یہ کہ وہ اصل میں اطالوی ہے— وہ فرانک‌فرٹ کی رہنے والی ہے— "

"کیا اس کے پاس دولت ہے؟"

"بالکل نہیں — "

"اس کا مطلب یہ ہے کہ تمہاری محبت نے بہت زور باندھ رکھا ہے؟"

"بڑے مسخرے ہو تم — بےشک محبت شدید ہے — "

"اور اسی کے لئے تمہیں روپیے کی ضرورت ہے ؟ "

"کیوں . . . ہاں اسی کے لئے — "

پولوزوف نے اپنی شراب گلے سے اتاری، منہ صاف کیا، انگلیاں پانی میں ڈبوئیں، ان کو بڑی احتیاط سے رومال پر پونچھا اور ایک سگار اٹھا کر جلایا — سانن اس کو خاموشی سے دیکھتا رہا —

"اور کوئی راستہ نہیں" پولوزوف‌نے اپنا سر پیچھے کی طرف جھٹکتے ہوئے اور منہ سے دھوئیں کے بہت ہی باریک چھلے اگلتے ہوئے بولا — "جاؤ اور میری بیوی سے ملو— وہ اگر چاہے تو وہ تمہاری ساری مصیبتیں دور کر سکتی ہے — "

"لیکن میں ملوں کیوں کر؟ تم کہتے ہو کہ تم پرسوں چل دوگے — "

پولوزوف نے آنکھیں بند کر لیں —

"میں بتاؤں تمہیں " اس نے اپنے ہونٹوں کے درمیان سگار کو گھماتے ہوئے اور ایک ٹھنڈی سانس کھینچتے ہوئے کہا — "جاؤ اپنے گھر، اور جہاں تک جلدی ہو سکے اپنی چیزیں سمیٹو اور واپس

آجاؤ یہاں — میں ایک بجے جا رہا ہوں، میری گاڑی میں بہت کافی جگہ ہے — میں تمہیں اپنے ساتھ لے چلونگا — یہ سب سے اچھا رہیگا اور اب میں ذرا سوؤنگا — میرے بھائی، مجھے ہمیشہ کھانے کے بعد سونا پڑتا ہے — فطرت مطالبہ کرتی ہے اور میں فطرت سے نہیں لڑتا — اور تم بھی خلل نہ ڈالنا — "

سانن نے ایک لمحے کو سوچا —— اور دفعتاً اپنا سر اٹھایا: اس نے فیصلہ کر لیا تھا!

"اچھا! میں تیار ہوں ——تمہارا شکریہ! میں یہاں ساڑھے بارہ بجے پہنچ جاؤنگا اور ہم ایک ساتھ ویسبادن چلینگے — مجھے امید ہے کہ تمہاری بیوی ناراض نہ ہوگی — "

لیکن پولوزوف تو خراٹے بھی لینے لگا تھا — "مجھے نہ ستاؤ!" بڑبڑاتے ہوئے اس نے بےچینی سے ٹانگیں ہلائیں اور جلد ہی ایک طفلانہ نیند میں کھو گیا —

سانن نے آخری بار اس کے بھاری جسم پر، اس کے سر، اس کی گردن، اس کی ابھری ہوئی ٹھوڑی پر نظر ڈالی جو سیب کی طرح گول تھی، اور ہوٹل سے باہر نکل گیا اور تیز تیز قدموں سے روسیلی کی دوکان کی طرف چلنے لگا — جیما کو آمادہ کرنا ضروری جو تھا —

۳۲

جب وہ دوکان پہنچا تو وہاں اسے جیما اور اس کی ماں ملیں — فراؤ لینورے جھکی ہوئی، فٹے سے، کھڑکیوں کے درمیان کی جگہ ناپ رہی تھی — سانن کو دیکھتے ہی وہ کھڑی ہوگئی اور خوش ہوکر اس کا خیرمقدم کیا — لیکن اس میں تھوڑی سی بوکھلاہٹ بھی شامل تھی—

"جب سے تم نے کل وہ سب کچھہ کہا ہے" وہ بولی "میرے دماغ میں دوکان کو بہتر بنانے کےلئے بھانت بھانت کے خیال آ رہے ہیں — میں نے سوچا کہ یہاں شیشے کے خانوں والی دو الماریاں جما دی جائیں — جانتے ہو آج اس کا فیشن ہو گیا ہے — اور پھر . . . "

"خوب، بہت خوب!" سانن نے بات کاٹ کر کہا "ان سب باتوں کے بارے میں ضرور سوچنا چاہئے . . . لیکن ادھر آؤ، مجھے کچھہ کہنا ہے — " اس نے اپنا ہاتھہ فراؤ لینورے اور جیما کی طرف بڑھایا اور ان کو پچھواڑے والے کمرے میں لے گیا — فراؤ لینورے ڈر گئی اور اس کے ہاتھہ سے فٹہ گر گیا — جیما بھی شروع میں سہم سی گئی مگر سانن پر ایک نظر ڈالنے کے بعد اس کے دل کو ڈھارس بندھہ گئی — اس کے چہرے سے، جو گرچہ سنجیدہ تھا، ایک پر مسرت عزم جھلک رہا تھا —

اس نے ان دونوں سے بیٹھنے کے لئے کہا — وہ خود ان کے سامنے کھڑا رہا — اس نے اپنے بازوؤں کو ہلاتے ہوئے اور بالوں کو سہلاتے ہوئے سب کچھہ بتا دیا — پولوزوف سے اپنی ملاقات، اپنے ویسبادن کے دورے اور جاگیر کے بیچنے کے امکان کے بارے میں — "تم سوچ نہیں سکتیں میں کتنا خوش ہوں!" اس نے آخر میں کہا "حالات نے کچھہ ایسا پلٹا کھایا ہے کہ اب شاید روس جانا بھی ضروری نہ رہے — اور ہم توقع سے کہیں پہلے شادی کی تقریب ادا کر سکیں — "

"کب جانا ہے تمہیں ؟ " جیما نے پوچھا —

"آج ہی — ایک گھنٹے کے اندر — میرے دوست نے ایک گاڑی کرائے پر لے لی ہے — وہ مجھے اپنے ساتھہ لے جائیگا — "

"کیا تم ہمیں خط لکھوگے ؟"

"ایک لمحہ ضایع کئے بغیر ! جیسے ہی اس خاتون سے میری بات ہوگی ـــ میں تمہیں لکھونگا ـ"

"تم کہتے ہو، وہ بہت مال دار ہے ـــ وہ عورت ؟" دنیادار فراؤ لینورے نے پوچھا ـ

"بے پناہ دولت ہے اس کے پاس ! اس کا باپ لکھ پتی تھا ـــ اور وہ ساری دولت اس کے لئے چھوڑ گیا ـ"

"سب اس کے لئے ؟ اچھا تو یہ تمہاری قسمت ہے ـ لیکن دیکھو اپنی جاگیر بالکل اونے پونے نہ بیچ دینا ـ ثابت قدمی اور عقل مندی سے کام لینا ـ جذبات میں مت بہہ جانا ! میں جانتی ہوں کہ تم جلد از جلد جیما کے دولہا بننے کو بے قرار ہو . . . لیکن خبردار! یہ یاد رکھنا کہ تمہیں جاگیر کا جتنا زیادہ ملیگا اتنا ہی زیادہ تمہارے لئے ـــ اور تمہارے بچوں کے لئے بہتر ہوگا ـ"

جیما نے شرماکر منہ پھیرلیا اور سانن نے ہاتھہ ہلاکر کہا "تم، میری سوجھہ بوجھہ پر بھروسہ کرسکتی ہو فراؤ لینورے! میں مول تول کرنا نہیں چاہتا ـ میں ایک مناسب قیمت بتا دونگا اور اگر وہ اس کو قبول کرلے تو چشم ما روشن، دل ما شاد ـ ورنہ پھر وہ اپنا راستہ لے اور میں اپنا ـ"

"کیا تم اس خاتون کو جانتے ہو؟" جیما نے پوچھا ـ

"کبھی دیکھا نہیں اسے ـ"

"اور تم واپس کب آؤگے ؟"

"اگر اس پورے ہنگامے کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا تو پرسوں ـ اگر معاملہ اچھی طرح چل نکلا تو شاید مجھے ایک دو دن رکنا

پڑنے — بہر حال، میں ایک لمحہ بھی برباد نہیں کرونگا — تم جانو میں اپنا دل یہاں چھوڑے جا رہا ہوں — لیکن دیکھو تو میں یہاں گپ کرتا رہا ہوں اور مجھے روانہ ہونے سے پہلے ہوٹل بھی جانا ہے . . . آؤ تم مجھے اپنا ہاتھہ دو کہ شگون اچھا ہو فراؤ لینورے — ہم روس میں ہمیشہ ایسا ہی کرتے ہیں — "

"دایاں یا بایاں ؟ "

"بایاں ہاتھہ دل سے قریب ہے — میں پرسوں واپس آجاؤنگا — تاج کے ساتھہ یا بےتاج — میرا دل کہہ رہا ہے : میں فتح یاب لوٹونگا ! خدا حافظ، میری اچھی عزیزو ! "

اس نے فراؤ لینورے کے گلے میں ہاتھہ ڈالا اور بوسہ دیا لیکن اس نے جیما سے کہا کہ ذرا اپنے کمرے میں چلو — اسے اس سے کوئی بہت ہی ضروری بات کہنی تھی . . . اور سچ یہ ہے کہ وہ صرف اسے تنہائی میں الوداع کہنا چاہتا تھا — فراؤ لینورے بھانپ گئی اور یہ جاننے کی کوشش نہیں کی کہ یہ اہم بات ہے کیا —

سانن اس سے پہلے کبھی بھی جیما کے کمرے میں نہیں گیا تھا — جب اس نے دہلیز کے اندر قدم رکھا تو اس کے اندر محبت کا سارا جادو، اس کا شعلہ، اس کی سرمستی و بے خودی، اس کی تمام شیریں سرا سیمگی بیدار ہو گئی اور اس کے دل میں دھڑک اٹھی . . . اس نے جذبات کے ساتھہ چاروں طرف دیکھا اور اس دلربا حسینہ کے قدموں میں گر پڑا اور اپنا چہرہ اس کی کمر میں چھپا لیا —

"کیا تم میرے ہو؟" جیما نے سرگوشی کرتے ہوئے پوچھا "تم جلدی لوٹ آؤگے؟"

"میں تمہارا ہوں . . . میں لوٹ آونگا—" اس نے ہانپتے ہوئے کہا—

"میری جان، میں تمہارا انتظار کرتی رہونگی—"

چند منٹ بعد سانن اپنے ہوٹل کی طرف تیز تیز قدموں سے بھاگا جا رہا تھا— اسے پنتالیونے کا پتہ بھی نہ چلا جو اس کے پیچھے پیچھے دوکان کے دروازے تک آیا تھا اور اب اپنے ملے دلے کپڑوں اور بکھرے ہوئے بالوں کے ساتھہ کھڑا پکار پکار کر، اور اپنا ہاتھہ اٹھا اٹھا کر کچھہ کہہ رہا تھا جیسے اسے دھمکی دے رہا ہو—

سانن ٹھیک پون بجے پولوزوف کے سامنے آن دھمکا— ایک گاڑی، جس میں چار گھوڑے ختے ہوئے تھے فوراً ہی ہوٹل کے سامنے آکر رکی— سانن کو دیکھہ کر پولوزوف نے صرف اتنا کہا "تو تم نے فیصلہ کر لیا" اپنی ہیٹ اوڑھی، اورکوٹ اور جوتوں پر برساتی جوتے پہنے، اپنے کانوں میں روئی کے پھائے ٹھونسے (حالانکہ گرمیوں کا سا موسم تھا) اور نکل کر برساتی میں آیا— اس کے حکم کی تعمیل میں ویٹروں نے اس کی خریداری کا ان گنت سامان گاڑی میں ڈال دیا تھا اور جہاں پولوزوف کو بیٹھنا تھا، اس کے چاروں طرف ریشمیں تکیئے، تھیلے اور بنڈل جما دئے تھے، کچھہ کھانے کا سامان اس کے قدموں میں رکھہ دیا تھا اور ایک بکس کوچبان کی جگہ پر باندھہ دیا تھا— ان خدمات کے لئے پولوزوف نے ہاتھہ کھول کر بخشش دی اور غل مچاتے ہوئے گاڑی میں سوار ہوا اور دربان نے پیچھے سے نہایت عاجزی اور نرمی کے ساتھہ اسے دھکیل کر چڑھنے میں مدد دی— اس نے خود کو اپنی جگہ پر جما لیا، اور بہت سے پیکٹوں

کو اپنے چاروں طرف آرام سے رکھہ لیا، ایک سگار نکالا اور سلگایا اور تب جاکر اس نے سانن کو دیکھا جیسے کہنا چاہتا ہو کہ "تم بھی اندر آ جاؤ!" سانن اس کے پہلو میں بیٹھہ گیا — پولوزوف نے گھوڑ سوار چوکیدار کے ذریعہ کوچبان سے کہلوایا کہ اگر اسے بخشش کی تمنا ہے تو پھر ذرا ڈھنگ سے گاڑی ہانکو — گاڑی کا زینہ بجا، دروازہ بند ہوا اور گاڑی چل پڑی —

۳۳

آج کے زمانے میں، ریل گاڑی کے ذریعہ فرانکفرٹ سے ویسبادن جانے میں ایک گھنٹے سے بھی کم وقت لگتا ہے — اس زمانے میں ڈاک کی اکسپریس گاڑیاں بھی یہ فاصلہ تین گھنٹے میں طے کرتی تھیں — کم از کم پانچ مرتبہ گھوڑے بدلے جاتے تھے —

ممکن ہے کہ پولوزوف اونگھہ رہا ہو یا شاید وہ یونہی ہونٹوں کے درمیان سگار دبائے ہل ڈول رہا تھا — مشکل سے اس نے ایک آدھہ بات کی ہوگی — اس نے ایک بار بھی کھڑکی سے باہر جھانک کر نہ دیکھا — رنگا رنگ خوش نما مناظر سے اسے کوئی دلچسپی نہ تھی اور اس نے بےدھڑک اعلان کر دیا کہ قدرتی مناظر تو اس کے لئے زہر ہیں — سانن نے بھی بات چیت نہ کی — اس نے بھی اپنا وقت قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہونے میں نہیں ضائع کیا — اسے اور بہت سی دوسری چیزوں کے بارے میں سوچنا تھا — اس نے خود کو بالکل خیالات اور یادوں کے بیچ دھارے میں چھوڑ دیا — ہر چوکی پر پولوزوف ٹھیک ٹھیک کرایہ ادا کرتا، اپنی گھڑی کا وقت وہاں کی گھڑی سے ملاتا اور گھوڑ سوار کوچبان کو اس کے جوش و خروش

اور خدمت کے مطابق جی کھول کر انعام و اکرام دیتا — جب آدھا راستہ طے ہو گیا تو اس نے تھیلے سے دو سنترے نکالے، اچھا والا اپنے لئے چنا اور دوسرا سانن کی طرف بڑھا دیا — سانن نے غور سے اپنے ہم سفر کو دیکھا اور بے تحاشہ قہقہہ لگانے لگا —

"کس بات پر ہنس رہے ہو تم ؟" پولوزوف نے اپنے چھوٹے چھوٹے سفید ناخنوں سے احتیاط کے ساتھہ سنترے کا چھلکا اتارتے ہوئے پوچھا —

"میں ؟" سانن نے جواب دیا — "میں اپنے اس سفر پر ہنس رہا ہوں — "

"کیا بات ہے اس میں ؟" پولوزوف نے سنترے کی ایک ہلالی پھانک منہ میں ڈالتے ہوئے پوچھا —

"یہ اتنا عجیب معلوم ہوتا ہے — میں نے کہا کل تک تم میرے وہم و خیال میں اسی قدر تھے جتنا کہ شہنشاہ چین —— اور آج میں تمہارے ساتھہ گاڑی میں بیٹھا تمہاری بیوی کے ہاتھہ جس کے بارے میں مجھے کچھہ بھی معلوم نہیں اپنی جاگیر بیچنے جا رہا ہوں — "

"آدمی کچھہ نہیں جانتا" پولوزوف نے کہا — "اور ذرا عمر پالو تو پھر تمہیں کسی چیز پر حیرت نہیں ہوگی — مثال کے طور پر تم ایک اردلی افسر کی حیثیت سے گھوڑے پر سوار، میرا تصور کر سکتے ہو؟ لیکن میں ایک اردلی افسر تھا اور وہ عظیم ڈیوک مخائل پاولووچ حکم چھانٹتا "اس موٹے جمعدار کو دلکی دوڑاؤ! اور تیز دوڑاؤ! اور تیز!"

سانن نے اپنے سر کے پیچھے کھجایا۔

"ایپولیت سیدورچ ذرا بتاؤ تو سہی تمہاری بیوی کیسی ہے؟ اس کا مزاج کیسا ہے؟ مجھے کچھ تو اس کے بارے میں معلوم ہو۔"

"اس کے لئے مجھے تیز دوڑنے کا حکم دینا بہت خوب تھا" پولوزوف نے غیر متوقع تیزی کے ساتھ کہا "لیکن میں؟.. میں خود سوچتا: عہدے اور فوجی نشانوں کو سات سلام! مجھے ان کی ضرورت نہیں! اوہ میری بیوی؟ وہ تمام انسانوں کی طرح انسان ہے — ہاں تمہیں وہ اونگھتے ہوئے نہ دیکھ پائے — اسے یہ بات ذرا نہیں بھاتی — اصل چیز ہے کہ بات کرتے رہو — اس کو ہنسنے کا سامان فراہم کرتے رہو — اس کو اپنی محبت کا قصہ سناؤ — اور اسی قسم کی چیز... لیکن اس کو ذرا دلچسپ بناکر پیش کرنا... ہاں —"

"دلچسپ؟"

"کیوں — ہاں، کیا تم نے یہ نہیں بتایا تھا کہ تمہیں محبت ہو گئی ہے اور تم شادی کرنا چاہتے ہو؟ بس اس کے بارے میں اسے سب کچھ بتانا —"

سانن کو یہ بات بری لگی "اس میں تمہیں تفریح کی کیا بات معلوم ہوتی ہے؟"

پولوزوف نے صرف اپنی آنکھیں گول گول کرکے گھمائیں — سنترے کا رس رال کی طرح اس کی ٹھوڑی سے ٹپک رہا تھا —

"کیا تمہاری بیوی نے تمہیں اپنا سامان خریدنے کے لئے فرانکفرٹ بھیجا تھا؟" سانن نے ذرا رک کر پوچھا —

"ہاں اسی نے بھیجا تھا ــ"

"اور وہ سامان کس قسم کا تھا ؟"

"کھلونے، اور کیا ــ"

"کھلونے؟ کیا تمہارے بچے بھی ہیں ؟"

پولوزوف، سانن سے کافی کھسک گیا ــ

"کیا؟ کیوں میرے بچے کیوں ہوتے؟ عورت کے بناؤ سنگار کی چیزیں . . . ڈھکوسلے، ــــ ٹھاٹ باٹ اور آرایش کی چیزیں، تم نہیں جانتے !"

"اور تم اس قسم کی چیزوں کو سمجھتے ہو؟"

"ہاں سمجھتا ہوں ــ"

"لیکن کیا تم نے یہ نہیں کہا تھا کہ تمہیں اپنی بیوی کے معاملات سے کوئی سروکار نہیں؟"

"میرا مطلب اس کے دوسرے قسم کے معاملات سے تھا ــ یہ تو ٹھیک ہے ــ میں اس قسم کے کام اس لئے کرتا ہوں کہ اس سے بہتر کام کرنے کو ہے نہیں ــ میری بیوی میرے ذوق پر بھروسہ کرتی ہے ــ مول تول کرنے میں تو میں یکتا ہوں یکتا ــ"

پولوزوف کی آواز میں لڑکھڑاہٹ پیدا ہونے لگی تھی ــ وہ تھک گیا تھا ــ

"اور کیا تمہاری بیوی بڑی مال‌دار ہے ؟"

"وہ مال دار ضرور ہے ــ لیکن زیادہ تر وہ اپنا روپیہ خود ہی رکھتی ہے ــ"

"جہاں تک مجھے نظر آتا ہے تم کسی قسم کی شکائت نہیں کر سکتے ــ"

"میں اس کا شوہر ہوں، ہے نا؟ میں سنہرا موقع کیوں ہاتھہ سے جانے دوں؟ اس کے علاوہ میں اس کے لئے بہت کارآمد ہوں — میں ایک خزانہ ہوں — میں ایک بہت ہی آرام دہ میاں ہوں — "

پولوزوف نے ریشمیں رومال سے منہ پونچھا — "مجھہ پر ترس کھاؤ!" وہ التجا کرتا ہوا معلوم ہو رہا تھا "اب مجھے ایک لفظ بھی کہنے پر مجبور نہ کرنا! تم جانتے ہو میرے لئے یہ کتنا دشوار ہے ! "

سانن نے اس کو اپنے حال پر چھوڑا اور خود اپنے سپنوں میں کھو گیا —

ویسبادن کے جس ہوٹل کے سامنے گاڑی جا کر رکی وہ محل سے کم نہ تھا — اس کے اندر سے گھنٹی کے بجنے کی آواز آئی اور ساتھہ ہی ایک غلغلہ سا اٹھا — دیکھنے میں بڑے باعزت قسم کے لوگ، لمبے لمبے کالے کوٹ پہنے ہوئے بڑے پھاٹک کے آس پاس نظر آئے — ایک دربان نے جس کی سونے کی پیٹی چمک رہی تھی، گاڑی کا دروازہ ایک خاص شان سے کھولا —

پولوزوف ایک فاتح اور غازی کی شان سے اترا اور ایک خوشبودار زینے پر چڑھنے لگا جس پر غالیچہ بچھا ہوا تھا — ایک شخص، جو اسی طرح خوش پوش تھا اور جس کا چہرہ روسی تھا، لپکتا ہوا اس کا خیر مقدم کرنے کو بڑھا — یہ اس کا خدمتگار تھا — پولوزوف نے اس سے کہا کہ آئندہ وہ ہمیشہ اس کو اپنے ساتھہ لے جائیگا کیوں کہ پچھلے دن فرانکفرٹ میں اسے رات بغیر گرم پانی کے گزارنی پڑی تھی — خدمتگار کے چہرے پر ڈر سے ہوائیاں اڑنے لگیں

اور وہ بڑے اشتیاق سے جھٹ اپنے مالک کے برساتی جوتے اتارنے کے لئے جھک گیا —

"کیا ماریا نکولائونا گھر پر ہیں؟" پولوزوف نے پوچھا —

"جی حضور — مادام لباس تبدیل فرما رہی ہیں — وہ کاؤنٹس لاسونسکایا کے ساتھہ کھانا کھانے جا رہی ہیں — "

"اوہ، وہ! ایک منٹ رکنا — وہاں گاڑی میں کچھہ چیزیں ہیں تم خود ہی ساری چیزیں اٹھا لاؤ — اور تم دمتری پاولووچ" اس نے کہا "تم اپنے لئے ایک کمرہ لے لو اور چالیس پنتالیس منٹ میں میرے پاس آؤ — تم کھانا میرے ساتھہ ہی کھاؤگے — "

پولوزوف ہلتا ڈولتا چلا گیا اور سانن نے ایک سستا پھسٹا کمرہ کرائے پر لے لیا — وہاں اس نے ہاتھہ منہ دھویا اور تھوڑی دیر آرام کیا — اس کے بعد وہ اس کشادہ سے سوٹ میں واپس آیا جہاں عالی جاہ (Durchlaucht) شہزادہ فون پولوزوف قیام فرما تھے —

اس نے، اس "شہزادے" کو، بڑے سے کمرے کے بیچوں بیچ ایک زرق برق مخمل کی آرام کرسی میں دراز پایا — سانن کا بلغمی دوست نہا چکا تھا اور اب ساٹن کے ایک شاندار گاؤن میں ٹھاٹ سے بیٹھا تھا — اس کے سر پر ایک سرخ ٹوپی تھی — سانن اس کے پاس گیا اور چند منٹ تک خاموشی سے اس کا جائیزہ لیتا رہا — پولوزوف بت بنا بے حس و حرکت بیٹھا تھا — نہ تو اس نے سانن کی طرف اپنا سر پھیرا، نہ بھویں اٹھائیں اور نہ منہ سے ایک آواز نکالی — حقیقت یہ ہے کہ سارا انداز بڑا شاہانہ تھا — سانن ایک دو منٹ تک گھورتا رہا اور وہ اب اس مقدس خاموشی کو توڑنے ہی والا تھا کہ یکایک دوسرے کمرے کا دروازہ کھلا اور ایک جوان اور خوبصورت عورت

دہلیز پر نمودار ہوئی — وہ سفید ریشمیں لباس میں تھی، جس پر سیاہ جھالر ٹنکا ہوا تھا، اس کی انگلیوں میں ہیرے کی انگوٹھی اور گردن میں ہیرے کا ہار جگمگا رہا تھا — یہ تھی خود ماریا نکولائونا پولوزووا — اس کے سفیدی مائل گھنے بھورے بال، چہرے پر پڑے ہوئے تھے — اس نے چوٹیاں تو بنا لی تھیں لیکن ابھی جوڑا بننا باقی تھا —

۳٤

"اوہ معاف کیجئے گا!" اس نے کچھہ بوکھلاہٹ اور کچھہ تمسخر کے ساتھہ مسکراتے ہوئے، اور ساتھہ ہی ایک چوٹی کی پھنگل کو اٹھاتے ہوئے اور اپنی بھوری چمکتی ہوئی آنکھوں کو سانن پر جماتے ہوئے کہا — "میں نہیں جانتی تھی کہ تم یہاں ہونگے —"

"سانن، دمتری پاولووچ — میرا بچپن کا دوست" پولوزوف نے کہا — اس نے اب بھی نہ اپنا سر ہلایا اور نہ اٹھایا — بس ذرا سا سانن کی طرف اشارہ کر دیا —

"ہاں، میں جانتی ہوں . . . تم نے بتایا تھا — خوشی ہوئی تم سے مل کر — لیکن میں تم سے یہ کہنا چاہتی تھی ایپولیت سیدورچ . . . وہ میری کنیز کچھہ ایسی حماقت کر رہی ہے کہ کیا بتاؤں — "

"تمہارے بال سنوارنے ہیں نا؟"

"اگر تمہیں اعتراض نہ ہو تو . . . معاف کرنا —" ماریا نکولائونا نے پہلے کی طرح مسکراتے ہوئے اور سانن کی طرف سر ہلاتے ہوئے دہرایا — وہ جلدی سے مڑی اور دروازے میں غائب ہو گئی اور اپنے پیچھے، ایک حسین گردن، دل آویز شانوں اور نہائت لطیف و نازک کمر کا گریزاں گریزاں سا تصور چھوڑ گئی —

پولوزوف، ہلتا ڈولتا اور سوچتا ہوا اٹھا، اور اسی دروازے سے اندر چلا گیا —

سانن کو اس میں ذرا بھی شبہہ نہ تھا کہ خاتون خانہ کو اس کا اچھی طرح علم تھا کہ وہ "شہزادہ پولوزوف" کے سیلون میں موجود ہے اور وہ محض اپنے بالوں کا حسن دکھانا چاہتی تھی جو واقعی قاتل تھے— سانن دل ہی دل میں مادام پولوزووا کے اس ہتکنڈے پر خوش ہوا —— اگر وہ مجھے متاثر کرنا چاہتی ہے، اگر وہ اپنے حسن کا جادو مجھ پر چلانا چاہتی ہے، تو شاید اس کا مطلب یہ ہے کہ جاگیر کا دام چکانے میں زیادہ دردسر نہیں پیدا کریگی! اس کا دل جیما کے خیال سے اتنا زیادہ معمور تھا کہ دنیا بھر کی عورتیں اس کے لئے کوئی حیثیت نہ رکھتی تھیں، وہ ان کو آنکھ اٹھاکر بھی نہ دیکھتا — اس بار بھی اس نے صرف یہ سوچنے پر اکتفا کیا "لوگوں نے جو کہا تھا کہ یہ عورت ایک قیامت ہے تو سچ ہی کہا تھا ! "

اگر اس وقت اس کے دماغ پر اس بےخودی کا عالم طاری نہ ہوتا تو اس کا ردعمل کچھ اور ہوتا —— ماریا نکولائونا پولوزووا جو شادی سے پہلے کولشکینہ تھی ایک نہائت ہی اچھوتی شخصیت کی مالک تھی — اس وجہ سے نہیں کہ وہ ایک بے مثال حسینہ تھی —— یقینی اس کے چہرے میں گنوارو پس منظر کی چھاپ کو بھانپ لینے میں ذرا دشواری نہیں ہو سکتی تھی — اس کی پیشانی ذرا نیچی تھی، ناک موٹی اور اوپر کو اٹھی ہوئی — اور نہ تو اسے اپنی جلد کی نزاکت اور ہاتھوں اور پیروں کی خوبصورتی اور کشش کا غرہ ہو سکتا تھا — لیکن اس میں دھرا کیا تھا؟ وہ کوئی

ایسی حسینہ نہیں تھی جسے پشکن نے "حسن کی دیوی" کا نام دیا تھا ـــ ایسی دیوی جس کو کوئی دیکھے تو بس دیکھتا رہ جائے ـ یہ رعنائی اور دلبری اس کی زوردار جنسی کشش تھی ـــ روسی اور خانہ بدوش خون کا دو آتشہ ـــ جس کو دیکھتے ہی وہ ٹھٹک کر رہ گیا اور وہ بھی خوشی سے ـ

مگر سانن، جیما کی موہنی صورت کی پناہ میں تھا، جیسا کہ پہلے زمانے کے شاعروں نے کہا تھا ـ

دس منٹ کے بعد، ماریا نکولائونا، اپنے شوہر کے ساتھہ دو بارہ نمودار ہوئی ـ وہ سانن کے پاس گئی ـ اس کے طرز خرام ہی میں وہ بات تھی جس نے پرانے زمانے میں پتہ نہیں کتنوں کے ہوش و حواس پر بجلیاں گرائی تھیں اور ان کو دیوانہ بنا دیا تھا ـ اسی قسم کے ایک دیوانے نے کہا تھا کہ "وہ عورت تمہارے پاس کچھہ اس انداز سے آتی ہے جیسے اپنے دامن میں تمہاری زندگی کی ساری مسرتیں بٹورے لئے چلی آ رہی ہو"ـ اس نے سانن کے قریب پہنچ کر اپنا ہاتھہ بڑھایا اور روسی زبان میں ایک ایسی آواز میں بولی جس میں بیک وقت چمکار بھی تھی اور ایک ان کہی بات بھی "تم میرا انتظار کروگے، ہے نا؟ میں جلد ہی واپس آجاؤنگی ـ"

سانن تعظیماً جھکا لیکن ماریا نکولائونا دروازے کے پردے کے پیچھے گلیارے میں پہنچ چکی تھی اور جاتے جاتے اور غائب ہوتے ہوتے اس نے اپنے کندھے پر سے ایک بار پھر پلٹ کر دیکھا اور مسکرائی اور اپنے پیچھے وہی دلربا اور پرکشش تاثر چھوڑ گئی ـ

جب وہ مسکراتی تو اس کے رخساروں میں، ایک نہیں، دو نہیں، تین تین موہنیاں پیدا ہو جاتیں اور اس کی آنکھیں اس کے

ہونٹوں سے زیادہ مسکراتیں، وہ اس کے پھیلے ہوئے سرخ رسیلے ہونٹ جن کے بائیں کنارے پر دو تل پہرہ دے رہے تھے —

پولوزوف ہلتا ڈولتا کمرے میں آیا اور ایک بار پھر آرام سے اپنی کرسی میں ڈٹ گیا — وہ ہمیشہ کی طرح خاموش تھا لیکن اس کے نرم نرم اور وقت سے پہلے جھریوں سے بھرے ہوئے گالوں کے درمیان ایک عجیب قسم کا نیم تبسم پر پھڑ پھڑا رہا تھا—

وہ خاصا عمر رسیدہ نظر آ رہا تھا حالانکہ وہ سانن سے صرف تین سال بڑا تھا —

اس نے اپنے مہمان کی خاطر تواضع جیسے پر تکلف انداز سے کی وہ بڑے سے بڑے پیٹو کی طبیعت سیر کرنے کے لئے کافی تھا لیکن سانن کو اس کا سلسلہ کبھی نہ ختم ہونے والا اور پریشان کن معلوم ہوا — پولوزوف نے آہستہ آہستہ کھایا ''جذبے، سمجھداری اور خاصی تند ہی کے ساتھہ'' جیسا کہ پڑھنے والوں سے لوگ کہتے ہیں — وہ بڑی توجہ سے اپنی پلیٹ پر جھکا ہوا تھا اور ہر لقمے کو منہ میں رکھنے سے پہلے وہ اسے سونگھہ ضرور لیتا تھا — اس نے اپنا منہ شراب سے صاف کیا اور پھر شراب کا گھونٹ گلے سے اتار لیا اور اس کے بعد اپنے ہونٹ چاٹے... لیکن جب بھنا ہوا گوشت لایا گیا تو یکایک اس نے بولنا شروع کر دیا —— اور باتیں بھی کس چیز کے بارے میں کیں؟ مرینون بھیڑ کے بارے میں جس کا پورا غول کا غول وہ خرید لینا چاہتا تھا —— اس نے اس کا ذکر بڑی تفصیل، بڑے پیار اور چاؤ سے کیا — بات بات پر کہتا کہ یہ بھیڑیں کتنی بھولی، کتنی معصوم اور ننھی ننھی سی ہوتی ہیں — جب وہ قریب قریب کھولتی ہوئی کافی کا ایک پورا پیالہ پیٹ میں انڈیل

چکا (اس نے کئی بار ویٹر کو گلوگیر جھنجلاہٹ کے ساتھہ یاد دلایا تھا کہ کل اسے ٹھنڈی کافی ملی تھی — ''برف کی طرح ٹھنڈی کافی!'') اور اپنے پیلے پیلے اور ٹیڑھے ٹیڑھے دانتوں سے ہوانا سگار کا کوٹا کتر چکا تو اپنی عادت کے مطابق اونگھہ گیا اور سانن کو اس سے بڑی خوشی ہوئی — وہ کمرے میں ٹہلنے لگا — اس کے قدموں کی چاپ موٹے قالین میں ڈوب کر رہ گئی — وہ جیما کے ساتھہ مستقبل کے خواب دیکھنے لگا اور اس خوش‌خبری کے بارے میں سوچنے لگا جو وہ جاکر جیما کو سنائیگا — لیکن پولوزوف، بقول خود، معمول سے پہلے اٹھہ گیا — وہ صرف ڈیڑھہ گھنٹے سویا تھا — اس نے ایک گلاس برف کا پانی پیا اور سات اٹھہ چمچے مربہ، خالص روسی مربہ اڑایا جو اس کا خدمتگار ''کیئف'' کے ایک مرتبان میں لایا تھا — اس نے کہا کہ وہ اس پرلطف چیز کے بغیر زندہ ہی نہیں رہ سکتا — اس کے بعد اس نے اپنی بھاری بھاری پپوٹوں والی آنکھیں سانن کی طرف اٹھائیں اور اسے ''دوراکی''* کھیلنے کی دعوت دی — سانن خوشی سے تیار ہوگیا — ورنہ وہ ڈر رہا تھا کہ کہیں پولوزوف پھر اپنے بھیڑ کے بچوں اور بھیڑوں وغیرہ کا ذکر نہ لے بیٹھے — میزبان اور مہمان ڈرائنگ روم میں چلے گئے، ویٹر تاش کے پتے اٹھا لایا اور کھیل شروع ہوا — ہاں وہ پیسے کی بازی نہیں کھیل رہے تھے —

جب ماریا نکولائونا کاؤنٹس لاسونسکایا کے یہاں سے واپس آئی تو اس نے ان دونوں کو اس معصوم وقت گزاری میں منہمک پایا —

---

* احمق — تاش کا ایک پرانا کھیل =

اس نے تاش کی میز اور تاش کے پتوں کو دیکھ کر زور سے قہقہہ بلند کیا — سانن اپنی جگہ سے اچھلا لیکن وہ چلائی: "چالو رہے چالو رہے —— میں کپڑے بدل کر آتی ہوں تمہارے پاس!،، وہ اپنے کپڑے سرسراتی اور دستانے اتارتی ہوئی وہاں سے چل دی —

اور وہ واقعی بہت جلد واپس آگئی — اس نے اپنا لطیف لباس اتار دیا تھا اور اب سرخ رنگ کا ایک ڈھیلا ڈھالا ریشمیں گاؤن پہن لیا تھا جو کمر پر ایک پیٹی سے بندھا ہوا تھا — وہ اپنے شوہر کے پاس بیٹھ گئی اور اس وقت تک بیٹھی رہی جب تک کہ اس کو ''احمق،، کا نعرہ لگانے پر مجبور نہ ہونا پڑا — اس نے کہا ''بس کافی ہو گیا میرے موٹومل! (لفظ موٹومل پر سانن نے ماریا نکولائونا کی طرف دیکھا، لیکن وہ صرف خوش خوش مسکراتی رہی — اس نے طراری سے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں، اور اپنی ساری موھنیوں کی آنکھہ مچولی سی مچا دی —) بس کافی ہو گیا، میں دیکھہ رہا ہوں کہ تم نیند کے ماتے ہو رہے ہو — میرا ہاتھہ چومو اور چل دو — میں اور موسیو سانن تھوڑی سی بات چیت کرینگے —،،

"مجھے نیند نہیں آ رہی ہے" پولوزوف نے اپنے بھاری بھرکم جسم کو اٹھاتے ہوئے اپنی آواز کو کھینچ کر کہا "لیکن تم چاہتی ہو تو میں چلا جاؤنگا اور تمہارے ہاتھہ کو بوسہ بھی دونگا — "

اس نے ہتیلی اوپر کرتے ہوئے اپنا ہاتھہ اس کی طرف بڑھایا اور اس پورے وقت میں وہ مسکراتی ہوئی سانن کو گھورتی رہی —

پولوزوف نے بھی اس کی طرف دیکھا اور اس کو شب‌بخیر کہے بغیر وہاں سے چلا گیا —

"آؤ اور اب سب کچھ بتاؤ اس کے بارے میں!" ماریا نکولائونا نے بڑے چاؤ سے کہا اور کہنیاں میز پر جماکر دونوں ہاتھوں کے ناخنوں کو ایک دوسرے پر بجانے لگی — "کیا لوگ ٹھیک کہتے ہیں کہ تم شادی کرنے والے ہو؟"

ماریا نکولائونا نے بولتے ہوئے اپنا سر ایک طرف جھکا لیا تاکہ سانن کی آنکھوں میں اچھی طرح گھور کر دیکھے اور تھاہ پائے —

۳۵

اگر اس آزادی اور بےتکلفی میں اسے اپنے منصوبوں کے سلسلے میں ایک اچھا شگون نظر نہ آتا تو غالباً وہ مادام پولوزووا کی طرف سے اس بے تکلف طرز عمل پر حیران اور پریشان ضرور ہوتا — ویسے اس میدان میں وہ کوئی اناڑی نہیں تھا اور ہر قسم کے لوگوں سے شانہ رگڑ چکا تھا اور گھاٹ گھاٹ کا پانی پی چکا تھا — "میں خاتون کی من ترنگ کو ذرا ہوا دونگا" اس نے فیصلہ کیا اور اسی طراری سے جواب دیا جس طراری سے سوال کیا گیا تھا "ہاں میں شادی کر رہا ہوں — "

"کس سے؟ پردیسی لڑکی سے؟"

"ہاں —"

"تم اس سے بہت زیادہ دنوں سے تو واقف نہ ہونگے، کیوں؟ کیا تم اس سے فرانکفرٹ میں ملے؟"

"بالکل — "

"اگر اجازت ہو تو پوچھوں وہ ہے کون؟"

"ضرور پوچھو — وہ ایک حلوائی کی بیٹی ہے — "

ماریا نکولائونا نے آنکھیں پھاڑ دیں اور تیوریاں چڑھا لیں —

"واہ بہت خوب" اس نے آہستہ سے کہا "ایک لاجواب بات! میں تو سوچنے لگی ہوں کہ اب تمہارے جیسے نوجوان نظر نہیں آسکتے — ایک حلوائی کی لڑکی ! "

"میں سمجھا، اس پر تم کو حیرت ہو رہی ہے" سانن نے بھرم کے ساتھہ کہا "پہلی بات تو یہ کہ میں کسی قسم کا تعصب نہیں رکھتا . . . "

"پہلی بات تو یہ کہ اس پر مجھے ذرا حیرت نہیں ہوئی" ماریا نکولائونا نے بات کاٹتے ہوئے کہا "میں بھی کسی قسم کا تعصب نہیں رکھتی — میں خود ایک کسان کی بیٹی ہوں — ہاں میں ایک کسان کی بیٹی ہوں ! تو یہ رہا! جس چیز پر مجھے حیرت اور مسرت ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ میں ایک ایسے شخص سے مل رہی ہوں جو محبت سے خوف زدہ نہیں ہے — "تم اس پر جان چھڑکتے ہو، ہے نا؟"

"ہاں —"

"کیا وہ بہت حسین ہے؟"

سانن کو اس سوال سے کچھہ دھکا سا لگا. . . لیکن اب قدم پیچھے ہٹانے کا وقت نکل چکا تھا —

"جیسا کہ تم جانتی ہو ماریا نکولائونا" اس نے شروع کیا "ہر عاشق یہی سوچتا ہے کہ اس کی محبوبہ سے بڑھہ کر کوئی نہیں — لیکن میری منگیتر —— سچ مچ حسینہ ہے— "

"واقعی! کیا انداز ہیں اس کے ؟ اطالوی ؟ کلاسیکی ؟ "

"ہاں اس کے نقوش بڑے سجل ہیں — "

"کیا تمہارے پاس اس کی کوئی تصویر ہے ؟"

"نہیں" (ان دنوں فوٹوگرافی ناپید تھی اور ابتدائی فوٹوگرافی کا رواج اب شروع ہو رہا تھا —)

"اس کا نام کیا ہے ؟ "

"اس کا نام ہے —— جیما ! "

"اور تمہارا نام کیا ہے ؟ "

"دمتری — "

"اور تمہاری ولدیت؟"

"پاولووچ —"

"سنو" ماریا نکولائونا نے اسی نرم لہجے میں کہا "مجھے تم پسند ہو دمتری پاولووچ — مجھے یقین ہے کہ تم ایک بھلے آدمی ہو— لاؤ تم اپنا ہاتھہ دو مجھے— آؤ ہم دوست بن جائیں ! "

اس نے سانن کا ہاتھہ اپنی مضبوط، سفید اور خوبصورت انگلیوں سے زور سے دبایا — اس کا ہاتھہ سانن کے ہاتھہ سے ذرا سا چھوٹا تھا لیکن اس کا ہاتھہ سانن کے ہاتھہ سے زیادہ گرم، چکنا اور ملائیم تھا اور اس میں زیادہ جان تھی —

"کیا خیال ہے تمہارا، بتاؤ اس وقت، ابھی ابھی میرے دماغ کو کیا سوجھی ہے؟"

"کیا؟"

"تم ناراض تو نہیں ہونگے مجھہ سے، نہیں ہونگے نا؟ تم کہتے ہو کہ وہ تمہاری منگیتر ہے — لیکن کیا واقعی... یہ بالکل لازمی تھا ؟ "

سانن کی تیوریاں چڑھہ گئیں — "میں تمہاری بات سمجھہ نہیں سکا ماریا نکولائونا — "

ماریا نکولائونا نے سر کے ایک جھٹکے سے بالوں کی آگے لٹکتی ہوئی ایک لٹ کو پیچھے پھینکتے ہوئے جو اس کے گال کو گدگدا رہی تھی، ایک بے آواز قہقہہ بلند کیا — "واقعی یہ محبوب ہے، واقعی!" وہ نیم افسردگی اور نیم کھوئے کھوئے انداز میں بڑبڑائی "ایک شہریار! اور اب اس کے بعد ان کی باتوں پر کیسے یقین آئے جو کہتے ہیں کہ اب دنیا میں آدرش‌وادی نہیں رہے —"

ماریا نکولائونا ٹھیٹھ روسی لب و لہجے میں گفتگو کر رہی تھی، خالص ماسکو کا انداز کلام، شرفا کے حلقوں کا لب و لہجہ نہیں بلکہ وہ لب و لہجہ جس میں سدھارن لوگ بولتے ہیں —

"غالباً تمہاری پرورش گھر پر ہوئی ہے، پرانے ڈھرے پر، کسی خداترس خاندان میں؟" اس نے کہا — "روس کے کس حصے کے رہنے والے ہو تم؟"

"تولا صوبے کا —"

"تو ہم، ہم وطن ہیں — میرے والد... تم جانتے ہونگے کہ میرے والد کون تھے؟"

"ہاں، میں جانتا ہوں —"

"وہ تولا میں پیدا ہوئے تھے —— وہ تولا کے چشم و چراغ تھے — بہت خوب... (ماریا نکولائونا نے جان بوجھ کر یہ الفاظ متوسط طبقے کے لب و لہجے میں ادا کئے —) آؤ اب ہم کاروباری بات شروع کریں —"

"کیا مطلب ہے تمہارا... کاروباری بات شروع کریں؟ اس سے کیا مراد ہے تمہاری؟"

ماریا نکولائونا نے آنکھیں سکیڑ لیں — "ہاں تم یہاں آئے ہو کس غرض سے؟ (جب وہ آنکھیں سکیڑتی تھی تو ان میں رحم‌دلی اور کچھہ کچھہ طنزیہ انداز پیدا ہو جاتا تھا — جب وہ ان کو پھیلاتی تھی تو ان میں، ان کی چمکتی ہوئی سرد گہرائیوں میں کچھہ سنگ‌دلی اور مجرمانہ سی کیفیت جھلکنے لگتی تھی — اس کی بھویں، موٹی اور ذرا کمان کی طرح تنی ہوئی اور رات جیسی کالی بھویں ہی اس کی آنکھوں میں ایک خاص حسن جگاتی تھیں —) تم چاہتے ہو کہ میں تمہاری جاگیر خرید لوں، ہے نا؟ تم شادی کے لئے روپے کے حاجت‌مند ہو؟ کیا یہ سچ نہیں ہے؟"

"ہاں — "

"اور کیا تمہیں بہت سارے روپے کی ضرورت ہے؟"

"میں شروع میں تو چند ہزار فرانک سے کام چلا سکتا ہوں — تمہارے شوہر میری جاگیر جانتے ہیں — تم ان سے مشورہ کر سکتی ہو، میں بہت زیادہ قیمت نہیں مانگونگا — "

ماریا نکولائونا نے سر آہستہ سے بائیں سے دائیں طرف ہلایا — "اول تو یہ ہے" اس نے ہر ہر لفظ الگ الگ ادا کرتے ہوئے اور انگلیوں سے سانن کے کوٹ کی آستین کو چھوتے ہوئے کہا "میں اپنے شوہر سے صلاح مشورہ کرنے کی عادی نہیں ہوں، سوائے کپڑوں کے سلسلے میں —— اس کام میں اس کا جواب نہیں — اور دوسرے تم یہ کیوں کہتے ہو کہ تم کم دام مانگوگے؟ میں تمہاری اس کیفیت کا فائدہ نہیں اٹھانا چاہتی کہ تم اس وقت شدید محبت میں گرفتار ہو اور کوئی بھی قربانی دے سکتے ہو. . . میں تمہاری قربانیاں قبول نہیں کرونگی — کیا؟ کیا میں تمہارے . . .

کیا کہا تھا تم نے؟ کیا میں تمہارے جذبات کو سہارا دینے کے بجائے تمہارا سب کچھ چھین لوں؟ یہ میری عادت نہیں — وقت پڑنے پر میں بےرحم بن جاتی ہوں — لیکن دوسرے ڈھنگ سے — "

سانن یہ نہ سمجھ سکا کہ وہ اس پر ہنس رہی ہے یا سنجیدگی سے کہہ رہی ہے اور وہ اپنے آپ سے کہتا رہا "تمہاری طرف سے ہوشیار رہنا چاہئے، میری جان!"

ایک ملازم، ایک روسی سماوار کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا اور ایک طشت میں چائے کا سٹ، ملائی، رسک اور دوسری لذیذ چیزیں لایا اور اسے سانن اور مادام پولوزووا کے درمیان والی میز پر رکھہ کر غائب ہو گیا —

اس نے سانن کے لئے ایک پیالی میں چائے انڈیلی — "مجھے امید ہے کہ تمہیں میری انگلیوں پر کوئی اعتراض نہ ہوگا؟" ماریا نکولائونا نے اس کی پیالی میں شکر کی ایک ٹکیہ اپنی انگلیوں سے ڈالتے ہوئے کہا، حالانکہ اس کے پاس ہی میز پر ایک چمٹا رکھا ہوا تھا —

"نہیں واقعی!.. اتنے سلونے ہاتھہ..."

اس نے جملہ ختم نہیں کیا اور چائے کا پہلا گھونٹ اس کے گلے میں پھنس کر رہ گیا اور اس پورے اثنا میں وہ اسے سیدھی نظروں سے ٹکٹکی باندھے گھورتی رہی —

"میں نے اپنی جاگیر کی کم قیمت کا ذکر اس لئے کیا کہ" اس نے اپنی بات کا سلسلہ شروع کیا "میں نے سوچا کہ چونکہ تم پردیس میں ہو اس لئے تمہارے پاس ممکن ہے کہ نقدی زیادہ نہ ہو — اس کےعلاوہ میں محسوس کرتا ہوں کہ ان حالات میں ایک

جاگیر کا بیچنا ذرا غیر معمولی بات ہے — اس کو پیش نظر رکھنے پر خود کو مجبور پاتا ہوں — "

سانن خود اپنی دلیلوں کے جال میں پھنستا جا رہا تھا اور ماریا نکولائونا خاموشی سے ہاتھہ باندھہ کر اپنی کرسی میں پیچھے کی طرف ٹیک لگا کر بیٹھہ گئی اور اس کی صاف شفاف سیدھی نگاہیں اس کے چہرے پر جم گئیں — آخر اس نے بولنا بند کر دیا —

"کوئی پروا نہیں، کہے جاؤ، کہے جاؤ" اس نے یوں کہا جیسے اسے سہارا دے رہی ہو — "میں سن رہی ہوں —— تمہارا بات کرنا مجھے اچھا لگتا ہے — بولو، بولو — "

سانن نے اپنی جاگیر کی تفصیل بیان کرنا شروع کی — اس نے بتایا کہ اس میں کتنے ایکڑ زمین ہے، ٹھیک کہاں پر زمین واقع ہے، اس کے اقتصادی وسائل کیا ہیں اور اس سے منافع حاصل کرنے کا کیا طریقہ ہے . . . اس نے خود گھر کے خوش نما اور دلکش محل وقوع کا ذکر بھی کیا — اور ماریا نکولائونا زیادہ سے زیادہ انہماک سے اسے گھورتی رہی اور اس کا چہرہ زیادہ سے زیادہ دمکنے لگا — اس کے ہونٹ اتنا آہستہ آہستہ ہلتے کہ ان پر مسکراہٹ نہ ابھرتی — وہ اپنا نچلا ہونٹ کاٹ رہی تھی — آخرکار اسے عجیب بےموقع سا محسوس ہوا اور وہ دوسری بار خاموش ہو گیا —

"دمتری پاولووچ" ماریا نکولائونا نے کہا —— اور کچھہ سوچتے ہوئے ذرا رک گئی . . . "دمتری پاولووچ" اس نے دوہرایا . . . "دیکھو، تمہاری جاگیر خریدنا میرے لئے منافع بخش رہیگا اور ہمارے درمیان معاملہ طے ہو جائیگا — لیکن تمہیں مجھے دو دن —— ہاں دو دن کا وقت دینا چاہئے — کیا تم سمجھتے ہو کہ تم اپنی منگیتر سے دو

دن کی جدائی برداشت کر لوگے؟ میں اس کے بعد تمہاری مرضی کے خلاف تمہیں نہیں روکونگی — میں تم سے وعدہ کرتی ہوں — لیکن اگر تم ابھی فوراً پانچ چھہ ہزار فرانک قرض چاہو، تو —— میں بڑی خوشی سے تمہیں دے سکتی ہوں اور ہم بعد میں طے کر لینگے — "

سانن اٹھہ کھڑا ہوا — "ماریا نکولائونا میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ ایک ایسے آدمی کی مدد کرنے پر آمادہ ہو گئیں جو آپ کے لئے قریب قریب اجنبی ہے — لیکن اگر آپ اسے بالکل لازمی سمجھتی ہیں تو میں دو دن آپ کے فیصلے کا انتظار کرنے کو ترجیح دونگا —— میں دو دن یہاں ٹھہرونگا — "

"مجھے اس کی ضرورت ہے، دمتری پاولووچ — کیا یہ تمہارے لئے بہت مشکل ہوگا؟ بہت؟ بتاؤ —"

"میں اپنی منگیتر سے محبت کرتا ہوں، ماریا نکولائونا اور اس سے جدائی میرے لئے آسان نہیں ہے —"

"تم لاجواب آدمی ہو!" ماریا نکولائونا نے ٹھنڈی سانس لی — "میں وعدہ کرتی ہوں کہ میں تم سے زیادہ انتظار نہیں کراؤنگی — کیا تمہارا جانا ضروری ہے؟"

"بہت دیر ہو چکی ہے" سانن نے کہا —

"اور تمہیں اپنے سفر کے بعد اور خاص طور پر میرے شوہر کے ساتھہ دوراکی کھیلنے کے بعد آرام کی ضرورت ہے — ہاں بتاؤ —— کیا تم میرے شوہر، ایپولیت سیدورچ کے بڑے گہرے دوست ہو؟"

"ہم ایک ساتھہ اسکول میں پڑھتے تھے — "

"اور کیا وہ اس وقت بھی ایسا ہی تھا — "

"کیسا؟" سانن نے پوچھا —

یکایک ماریا نکولائونا ہنسی اور ہنستی رہی یہاں تک کہ اس کا منہ لال ہو گیا — اس نے رومال منہ پر رکھا، کرسی سے اٹھی اور ڈگمگاتی ہوئی سانن کے پاس گئی جیسے تھکی ہوئی ہو — اس نے اپنا ہاتھ سانن کی طرف بڑھایا —

وہ جھکا اور دروازے کی طرف بڑھا —

"سنتے ہو — کل صبح سویرے یہاں آ جانا؟" اس نے سانن کو آواز دی — اس نے کمرے سے نکلتے ہوئے پلٹ کر دیکھا، وہ پھر کرسی میں دھنس گئی تھی اور انگڑائی لے رہی تھی — اس کے گاؤن کی ڈھیلی آستینیں کندھوں تک نیچے ڈھلک آئی تھیں اور اس وقت یہ نہ ماننا ناممکن تھا کہ ان بانہوں کی پرواز کے انداز میں، اس کے پورے پیکر کے انداز میں، ایک ہیجان پرور حسن تھا —

۳۶

آدھی رات کے بہت دیر بعد تک سانن کے کمرے میں چراغ جل رہا تھا — وہ میز پر بیٹھا "اپنی جیما" کو خط لکھ رہا تھا — اس نے جیما کو سب کچھ بتایا — اس نے اس کی خاطر پولوزوف اور اس کی بیوی کا نقشہ کھینچا — لیکن سب سے زیادہ خود اپنے احساسات کا ذکر کیا اور خط اس وعدے پر ختم کیا کہ تین دن میں اس سے ملیگا!!!(یہاں پر اس نے استعجاب کے تین نشان بنائے تھے) — وہ یہ پروانہ لے کر دوسری صبح سویرے ہی ڈاک خانے گیا اور اس کے بعد وہ کورھاس باغ میں ٹہلنے کے لئے گیا — وہاں بینڈ بج رہا تھا — اس وقت تک وہاں اکادکا لوگ آئے تھے — وہ بینڈ کی جگہ کے سامنے کھڑا ہو گیا اور "رابرت لے دائبل" کا ایک نغمہ سننے لگا،

پھر کافی پی اور بڑے راستے سے کٹتی ہوئی روش پر مڑ گیا اور ایک بنچ پر بیٹھ کر سوچنے لگا —

کسی نے ایک زنانی چھتری سے اس کے کندھے کو تیز ٹھوکا دیا — یہ ٹھوکا ہلکا اور لطیف نہ تھا — وہ چونک گیا... اس کے سامنے ماریا نکولائونا کھڑی تھی — وہ باریک سرمئی اور سبز لباس پہنے ہوئے تھی، اس کے سر پر سفید ریشمیں جالی کی ٹوپی تھی، اور ہاتھوں میں سویڈ کے دستانے — وہ گرمیوں کی صبح کی طرح گلابی اور تروتازہ تھی، لیکن بےفکری کی نیند کا نشہ اب تک اس کی حرکات و سکنات اور نگاہوں میں باقی تھا —

"صبح مبارک!" اس نے کہا — "میں نے آج صبح تمہیں بلانے کو آدمی بھیجا مگر تم باہر نکل چکے تھے — میں نے ابھی ابھی اپنا دوسرا گلاس ختم کیا ہے — لوگ مجھے یہاں پانی پینے پر مجبور کرتے ہیں، خدا جانے کیوں... مجھ سے زیادہ صحت مند و توانا اور کون ہو سکتا ہے؟ اس لئے مجھے پورے ایک گھنٹہ ٹہلنا پڑتا ہے — کیا تم میرا ساتھ دوگے؟ اور تب ہم کافی پیئینگے — "

"میں اپنے حصے کی کافی پی چکا ہوں" سانن نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا "لیکن تمہارے ساتھ ٹہل کر مجھے خوشی ہوگی — "

"تو اپنا بازو دو مجھے... ڈرو مت —— تمہاری منگیتر یہاں نہیں ہے، وہ تمہیں نہیں دیکھیگی — "

سانن زبردستی مسکرایا — ہر بار جب ماریا نکولائونا جیما کا نام لیتی تھی تو اسے ایک ناخوشگوار احساس ہوتا تھا — لیکن وہ تسلیم و رضا کے ساتھ جلدی سے اس کی طرف جھک گیا... ماریا نکولائونا کا ہاتھ بڑی آہستگی اور نرمی سے اس کے بازو پر گرا اور

اندر پھسل گیا اور ایسا لگا کہ اس کا بازو سانن کے بازو سے چمٹا ہوا ہے —

"آؤ اس طرف" اس نے اپنی کھلی چھتری کو ایک کندھے پر رکھتے ہوئے کہا — "میں اس پارک سے خوب مانوس ہوں — میں تمہیں اس کے تمام حسین گوشوں میں لے چلونگی — ہاں دیکھنا (اسے یہ دو لفظ بہت پسند تھے) ہم اب خرید و فرخت کی بات نہیں کرینگے — ہم ناشتے کے بعد اس پر ڈٹ کر بات چیت کرینگے — اب میں چاہتی ہوں کہ تم مجھے اپنے بارے میں سب کچھ بتاؤ. . . تاکہ مجھے معلوم ہو کہ مجھے کس سے معاملہ کرنا ہے — اور اس کے بعد اگر تم چاہوگے تو میں تمہیں اپنے بارے میں بتاؤنگی — منظور؟"

"لیکن ماریا نکولائونا، تمہیں اس سے کیا دلچسپی ہوگی کہ. . ."

"بس! بس! تم مجھے غلط سمجھے — میں تمہیں رجھانے کی کوشش نہیں کر رہی ہوں — " ماریا نکولائونا نے اپنے شانے ہلائے — "جیسے میں تمہیں رجھانے کی کوشش ہی تو کرونگی —— ایک ایسے آدمی کو جس کی منگیتر ہے اور ایسی جو زمانۂ قدیم کے مجسمے کی طرح حسین ہے! لیکن تمہارے پاس مال ہے —— اور میں سوداگر ہوں — اور میں تمہارے مال کے متعلق سب کچھ جاننا چاہتی ہوں — آؤ اب مجھے بتاؤ اس کے بارے میں! میں صرف یہ نہیں جاننا چاہتی کہ میں کیا خرید رہی ہوں، بلکہ میں یہ بھی جاننا چاہتی ہوں کہ میں کس سے خرید رہی ہوں — یہ میرے والد کا اصول تھا — اچھا، شروع کرو. . . تم اپنے لڑکپن کا زمانہ چھوڑ دو اور یہ بتاؤ کہ تم

کب سے پردیس میں ہو— اور اب تک تم کہاں تھے؟ لیکن اتنا تیز نہ چلو، کوئی جلدی نہیں — "

"میں یہاں اٹلی سے آیا ہوں جہاں میں نے کئی مہینے قیام کیا — "

"ایسا لگتا ہے کہ ہر اطالوی چیز تمہارا دل لبھا لے گئی ہے — تعجب ہے کہ تمہیں وہاں کوئی نہیں ملا! کیا تم آرٹ کے رسیا ہو؟ تصویروں کا شوق ہے؟ یا تمہیں موسیقی کا زیادہ چاؤ ہے؟"

"میں آرٹ سے محبت کرتا ہوں. . . میں ہر حسین چیز سے محبت کرتا ہوں — "

"اور موسیقی سے؟"

"موسیقی سے بھی — "

"مجھے موسیقی ذرا نہیں بھاتی — البتہ مجھے صرف روسی گیت پسند ہیں، اور وہ بھی گاؤں میں، موسم بہار میں —— تم جانو، گیت اور ناچ ایک ساتھ. . . لال لال چھینٹ کے لباس، عورتوں کی پیشانی پر لٹکتے ہوئے موتیوں کے ہار، چراگاہوں میں تازہ تازہ دوب، دھوئیں کی بو —— اس پر میرا جی مر مٹتا ہے! لیکن میرے بارے میں تو بات نہیں ہونی چاہئے — اپنے بارے میں بتاؤ مجھے. . . "

تھوڑی تھوڑی دیر پر سانن کو دیکھتے ہوئے ماریا نکولائونا آگے چلتی رہی — وہ لمبی تھی اور دونوں کے چہرے ایک دوسرے کے برابر تھے —

سانن نے اس کو اپنی زندگی کے بارے میں بتانا شروع کیا —— شروع میں جھجک جھجک کر، بے ربط طریقے سے، لیکن بعد میں اس موضوع پر پورے رنگ پر آتے ہوئے وہ بالکل باتونی بن گیا — ماریا

نکولائونا کو دوسروں کی بات سننے میں کمال حاصل تھا — وہ خود اتنی صافگو نظر آتی تھی کہ دوسرے بھی انجانے طور پر بڑی صافگوئی پر اتر آتے تھے — اس میں وہ بات تھی جسے کارڈینل ریتس نے le terrible don de la familiarité کہا تھا — سانن نے اس کو اپنے سیر و سفر کا حال سنایا، پیٹرس برگ میں اپنی زندگی کے بارے میں اور اپنی جوانی کے حالات کے بارے میں بتایا... اگر ماریا نکولائونا شائستہ اداب رکھنے والی ایک مجلسی خاتون ہوتی تو ہرگز وہ اتنی صفائی سے نہ بولتا — لیکن وہ خود کو اچھا بتاتی تھی اور کہتی تھی کہ وہ کسی قسم کا تکلف برداشت نہیں کر سکتی — بالکل اسی رنگ میں اس نے خود کو سانن کے سامنے بھی پیش کیا — ساتھ ہی یہ "بھلی عورت" اس کے پہلو میں بلی کی طرح اس کے بازو پر ایک ذرا جھکی ہوئی اور اس کے چہرے کو گھورتی ہوئی چل رہی تھی — اس کے پہلو میں وہ ایک جوان عورت کی شان سے چل رہی تھی —— جس میں ایک ناقابل برداشت کشش اور دیوانہ بنا دینے والی دل ربائی تھی —— وہ لطیف اور سحر انگیز کشش جو ہم جیسے کمزور بندوں کے لئے جان لیوا ثابت ہوتی ہے — دیوانہ بنا دینے والی کشش سلاف خون کا طرۂ امتیاز ہے اور ان میں بھی صرف ان لوگوں کا طرۂ امتیاز ہے جن کا خون خاندانی نہیں بلکہ جن کے خون میں ملاوٹ ہے —

سانن اور ماریا نکولائونا ایک گھنٹے سے زیادہ بات چیت کرتے اور ٹہلتے رہے — وہ ایک بار بھی نہیں رکے بلکہ پارک کے ختم نہ ہونے والے راستوں پر چلتے رہے، چلتے رہے — کبھی وہ ڈھلانوں پر پڑھتے، کبھی بے تحاشہ مناظر کے حسن کا لطف اٹھاتے چلتے — کبھی

ڈھلانوں پر سے اترتے اور گہری پرچھائیوں میں کھو جاتے — وہ مستقل ہاتھہ میں ہاتھہ ڈالے رہے — سانن کو کبھی کبھی ایک چبھن محسوس ہوتی — وہ کبھی بھی اتنی دیر تک جیما کے ساتھہ نہیں ٹہلا تھا، اپنی پیاری جیما کے ساتھہ — اور اس عورت نے اس کو اپنی مٹھی میں کر رکھا تھا — اور وہ اس کے ساتھہ ساتھہ چل رہا تھا — اور بس!

"کیا تم تھک گئیں؟" اس نے کئی بار پوچھا —

"میں کبھی نہیں تھکتی" اس نے جواب دیا —

تھوڑی تھوڑی دیر پر دوسرے مٹرگشت کرنے والوں سے ان کی مڈبھیڑ ہوتی — ان میں سے تقریباً ہر ایک نے ماریا نکولائونا کو سلام کیا، بعضوں نے محض اخلاقاً اور بعضوں نے خوشامدانہ چاپلو سی سے — ان میں سے ایک سانولے شخص سے، جو انتہائی فیشن‌ایبل لباس میں تھا، اس نے بےداغ دھلی ہوئی فرانسیسی میں کہا «Comte, vous savez, il ne faut pas venir me voir——ni aujourd' hui, ni demain».*

اس نے خاموشی سے اپنی ہیٹ اٹھائی اور اس کی طرف جھک کر سلام کیا —

"کون ہے وہ؟" سانن نے پوچھا — تمام روسیوں کی طرح اسے بھی سوال کرنے کی بری لت تھی—

"وہ؟ ایک فرانسیسی — اس قسم کے بہت سے لوگ یہاں منڈلاتے نظر آتے ہیں... وہ بھی مجھہ سے رومان لڑانے کی کوشش

---

* آپ جانتے ہیں جناب کاؤنٹ، میرے پاس نہ آج آنے کی ضرورت ہے نہ کل —

کرتا ہے — لیکن لو اب کافی کا وقت ہو گیا — آؤ ہم گھر چلیں — مجھے امید ہے کہ اب تمہاری بھوک واپس آگئی ہوگی — میرے بھلے آدمی کے چہرے کی کھڑکیاں بھی اب کھل گئی ہونگی —"

"بھلا آدمی! کھڑکیاں!" سانن نے دل ہی دل میں دوہرایا — "اور کتنی شاندار فرانسیسی بولتی ہے یہ! کتنی عجیب چیز ہے یہ عورت بھی!"

"ماریا نکولائونا نے غلط نہیں کہا تھا — جب وہ اور سانن ہوٹل واپس پہنچے تو وہ "بھلا مانس" یا "موٹومل" اپنی ناگزیر ترکی ٹوپی سمیت، ناشتے کی میز پر براجمان ہوچکا تھا —

"میں تو سمجھا کہ اب تم کبھی واپس نہیں آؤگے!" اس نے منہ گول کرتے ہوئے کہا — "میں تو اب تمہارے بنا ہی کافی پینے والا تھا —"

"پروا نہیں" ماریا نکولائونا نے چمکتے ہوئے کہا — "کیا تم ناراض تھے؟ یہ تمہارے لئے اچھا ہی ہے — ورنہ تم جانتے ہو، تم ٹھٹھر کر رہ جاؤگے — دیکھو، میں تمہارے لئے کیسا مہمان لائی ہوں! فوراً گھنٹی بجاؤ! آؤ ہم کافی پیئیں، دنیا کی بہترین کافی ڈریسڈین کی چینی کی پیالیوں میں اور برف کی طرح سفید میز پوش پر!"

اس نے اپنی ہیٹ اور دستانے ایک طرف اچھال دئے اور تالی بجائی —

پولوزوف نے اپنی گھنی بھوؤں کے نیچے نیچے کنکھیوں سے اسے دیکھا —

"ماریا نکولائونا آخر تم آج چمک دمک کیوں رہی ہو؟" اس نے زیرلب کہا —

"اس سے تمہیں کیا سروکار ایپولیت سیدورچ! تم گھنٹی بجاؤ! دمتری پاولووچ بیٹھ جاؤ اور ازسر نو کافی کا دور چلاؤ! اوہ مجھے اپنا سکہ چلانے میں کتنا لطف آتا ہے — دنیا کی کوئی راحت اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی — "

"بشرطیکہ حکم مانا جائے" شوہر غراتے ہوئے بولا —

"ہاں بےشک! یہی تو وجہ ہے کہ میں اتنی خوش ہوں — خاص طور پر تم سے — میں خوش ہوں، ہوں نا موٹومل؟ اور لو یہ رہی کافی — "

ویٹر جو بڑی سی سینی اندر لایا تھا اس پر تھیٹر کا اشتہار بھی تھا — ماریا نکولائونا اس پر جھپٹ پڑی —

"ڈرامہ!" اس نے برہم ہوکر کہا — "ایک جرمن ڈرامہ! خیر یہ جرمن کامیڈی سے بہتر ہے —" وہ ویٹر کی طرف مڑی — "میرے لئے ایک باکس کا آرڈر دو —— اسٹیج باکس —— یا نہیں . . . * Fremden-Loge بہتر رہیگا — سنا تم نے — مجھے Fremden-Loge ملنا چاہئے ! "

"اور اگر Fremden-Loge جناب شہر کے ڈائرکٹر (seine Excellenz der Herr Stadt-Director) کے لئے بک ہو چکا ہو تو . . . " ویٹر نے یہ کہنے کی ہمت کی —

"جناب عالی کو دس ٹالر دو —— اور کسی طرح باکس میرے لئے حاصل کرو! سنا تم نے؟"

ویٹر نے عجزو انکسار کے ساتھ اپنا سر جھکایا —

---

* بدیسیوں کے لئے تھیٹر کا باکس —

"کیا تم میرے ساتھہ تھیٹر چلوگے دمتری پاولووچ؟ جرمن اداکار تو بھیانک ھیں بھیانک، لیکن تم کہو کہ ضرور چلوگے... چلوگے نا؟ واقعی؟ کتنے اچھے ھو تم! تم تو نہیں جاؤگے موٹومل؟"

"تم جیسا کہو" پولوزوف نے اس پیالی کے اندر ھی اندر کچھہ کہا جس سے ابھی ابھی اس نے اپنے ھونٹ ھٹائے تھے —

"بہتر ھوگا کہ تم گھر پر ھی ٹھہرو — تم تھیٹر میں ھمیشہ سو جاتے ھو اور پھر تم جرمن تو خاک نہیں سمجھتے — میں بتاؤں — تم پٹواری کو جواب لکھہ رکھنا — تم جانتے ھو اپنے مل کے بارے میں — کسانوں کے اناج پیسنے کے متعلق — اس سے کہو کہ میں یہ نہیں چاھتی، میں یہ نہیں ھونے دونگی! یہ تمہاری شام بھر کے لئے ایک مشغلہ ھو جائیگا — "

"بہت اچھا" پولوزوف بولا —

"یہ ٹھیک ھے! تم بہت ھوشیار ڈارلنگ ھو! اور اب حضرات، چونکہ میں نے پٹواری کا ذکر چھیڑ دیا ھے اس لئے اصلی کاروباری بات شروع کی جائے — جیسے ھی ویٹر یہاں سے چیزیں اور برتن وغیرہ اٹھاکر لے جائے تم مجھے اپنی جاگیر کے بارے میں سب کچھہ بتاؤگے دمتری پاولووچ — سب کچھہ! تم جو قیمت چاھتے ھو اور جتنی رقم بطور پیشگی چاھتے ھو — سب کچھہ! ("آخرکار" سانن نے سوچا "خدا کا شکر ھے!") تم مجھے پہلے ھی تھوڑا بہت بتا چکے ھو، مجھے یاد ھے کہ تم نے کتنا خوش ھو ھوکر اپنے باغ کی تفصیل بیان کی — لیکن موٹومل وھاں موجود نہ تھا... اس کو بھی سننے دو ممکن ھے کہ وہ کوئی کار آمد رائے دے سکے — میں چاھتی ھوں کہ شادی کرنے میں تمہاری مدد کروں — دوسرے میں نے تم سے وعدہ

کیا ہے کہ ناشتے کے بعد میں تمہارا معاملہ دیکھونگی اور میں ہمیشہ اپنا وعدہ پورا کرتی ہوں، ہے نا ایپولیت سیدورچ؟"

پولوزوف نے ہاتھہ چہرے پر پھیرا — "اس میں کہنے کو کیا رکھا ہے —— تم کبھی کسی کو دھوکا نہیں دیتیں — "

"اور نہ کبھی دونگی — دمتری پاولووچ، اور جیسا کہ ہم سینٹ میں کہتے ہیں، اب تم اپنے معاملے پر روشنی ڈالو —"

۳۷

سانن نے اپنے "معاملے پر روشنی ڈالنا" شروع کیا —— یعنی اس نے اپنی جاگیر کی تفصیلات دو بارہ بیان کیں — ابکے اس کے قدرتی حسن و دلکشی کا ذکر نہ کیا لیکن بار بار اپنے "اعداد و شمار" کی تصدیق کرانے کے لئے پولوزوف کا حوالہ دیتا رہا — لیکن پولوزوف صرف ڈکار لیتا اور سر ہلاتا رہا اور صرف خدا جانتا ہے اس کا مطلب تائد تھا یا تردید — لیکن ماریا نکولائونا کو اس کی مدد کی کوئی ضرورت نہ تھی — اس نے تجارتی اور نظم و نسق کی ایسی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا جن میں کسی مدد کی گنجائیش نہ تھی — البتہ اس پر حیرانی ضرور ہو رہی تھی — وہ انتظامی امور کے سارے گر جانتی تھی — اس نے بہت ہی گہرے سوالات کئے اور ہر چیز کے بارے میں پوچھا — ہر لفظ جو اس کے منہ سے نکلتا ٹھیک نشانے پر بیٹھتا — سانن کو اس قسم کی جرح کی امید نہ تھی اور اس نے خود کو اس کے لئے پہلے سے تیار نہیں کیا تھا — سوال و جواب کا یہ سلسلہ ڈیڑھہ گھنٹے تک جاری رہا — سانن کے احساسات اس مجرم کے تھے جو ایک پتلی سی بنچ پر، ایک سخت اور تیز فہم جج

کے سامنے بیٹھا ہو — "کیوں یہ تو پوری جرح ہے جرح!" وہ بہت ہی بددلی کے ساتھہ دل ہی دل میں بڑبڑایا — ماریا نکولائونا برابر ہنستی رہی جیسے وہ اسے مذاق سمجھہ رہی ہو لیکن اس سے سانن کی کوفت میں کمی نہیں ہوئی — اور جب گفتگو کے دوران یہ بات کھلی کہ وہ "زمین کے از سر نو حصہ بخرا کرنے" اور "کاشت" جیسے الفاظ کے معنی ٹھیک ٹھیک نہیں جانتا تو اسے واقعی پسینہ آ گیا . . .

"بہت اچھا!" ماریا نکولائونا نے آخرکار فیصلہ کن انداز میں کہا — "میں اب تمہاری جاگیر کو جانتی ہوں . . . جتنی اچھی طرح تم خود جانتے ہو — فی کس تمہاری قیمت کیا ہے؟" (اس زمانے میں جیسا کہ معلوم ہے جاگیر کی قیمت اس پر کام کرنے والے کسانوں کی تعداد کے مطابق ہوتی تھی —)

"کیوں . . . میں سمجھتا ہوں کہ . . . مجھے پانچ سو روبل سے کم نہیں مانگنا چاہئے" سانن مشکل سے کہہ سکا — (اوہ پنتالیونے، پنتالیونے تم کہاں ہو؟ یہ پھر وہ لمحہ ہے جب تمہیں کہنا چاہئے — Barbari!)

ماریا نکولائونا نے چھت کی طرف نظریں اٹھائیں جیسے سوچ رہی ہو —

"کیوں نہیں؟" اس نے کچھہ رک کر کہا — "یہ مجھے قابل قبول قیمت معلوم ہوتی ہے — لیکن میں نے دو دن رکنے کے لئے کہا ہے اور تمہیں کل تک انتظار کرنا پڑیگا — میں سمجھتی ہوں کہ معاملہ پٹ جائیگا اور تب تم بتانا کہ تمہیں پیشگی کے طور پر کتنا چاہئے — اور اب —basta cosi!* یہ دیکھہ کر کہ سانن کچھہ

* بس کافی ہے!

مخالفت کرنے والا ہے، وہ بولی — "ہم نے مال وزر کی گھٹیا باتیں بہت کر لیں . . . à demain les affaires!* دیکھو میں تمہیں چھٹکارا دونگی — (یہاں اس نے اپنی پیٹی میں رکھی ہوئی چھوٹی سی گھڑی پر ایک نظر ڈالی جس پر مینا کا کام تھا) . . . تین بجے تک . . . ہاں تم کو کچھ آرام کا موقع ضرور دینا چاہئے — جاؤ، جاکر رولیت کھیلو — "

"میں جوا نہیں کھیلتا" سانن بولا —

"واقعی ؟ لیکن تم تو یکتائے زمانہ ہو! میں خود جوا نہیں کھیلتی، ہاں — پیسہ یوں پھینکنا حماقت ہے — لیکن کاسینو جاؤ اور وہاں چہرے دیکھو اور آنکھ سینکو — وہاں تمہیں عجیب و غریب چہرے نظر آئینگے — وہاں ایک بوڑھی عورت ہے — وہ مکٹ پہنتی ہے اور اس کے مونچھیں ہیں — وہ ایک عجوبہ ہے — ایک شہزادہ ہے — وہ بھی بہت دلچسپ ہے — شاہانہ قد و قامت اور عقابی ناک — جب کبھی وہ ایک ٹالر کی بھی بازی لگاتا ہے تو گریبان کے اندر ہاتھ ڈال کر صلیب کا نشان بناتا ہے — رسالے پڑھو، ذرا ٹہلو گھومو، مختصر یہ کہ جو کچھ بھی تمہارا جی چاہے کرو . . . لیکن تین بجے میں تمہارا انتظار کرونگی . . . de pied ferme** — ہم ٹھیک وقت سے کھانا کھائینگے — یہ مہمل جرمن سات بجے شام کو ہی کھیل شروع کر دیتے ہیں — " اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا — «Sans rancune, n'est — ce pas?»***

---

* یہ کام کل پر چھوڑو!

**پکی بات —

*** تم مجھ سے خفا تو نہیں، ہونا؟

"چھوڑو، ماریا نکولائونا، کیوں، میرے دل میں تمہاری طرف سے برائی کیوں پیدا ہو؟"

"میں نے تمہیں ستایا جو ہے — ذرا رک جاؤ، ابھی اور باقی ہے!" اس نے اپنی آنکھوں کو میچتے ہوئے کہا اور اس کی ساری موھنیاں دھکتے ہوئے گالوں پر مسکرانے لگیں — "خدا حافظ!"

سانن جھکا اور باھر نکل گیا — ایک چھکتے ہوئے طربناک قہقہے نے اس کا پیچھا کیا اور گزرتے ہوئے، آئینے میں اسے یہ نقشہ نظر آیا: ماریا نکولائونا نے اپنے شوھر کی ترکی ٹوپی کھنچ کر آنکھوں پر ڈال دی تھی اور وہ بےبسی میں دونوں ھاتھہ ھوا میں مار رہا تھا —

۳۸

سانن نے خود کو اپنے کمرے میں اکیلا پاکر اطمینان کا گہرا سانس لیا! ماریا نکولائونا نے سچ کہا تھا تم کو آرام کی ضرورت ہے —— ان تمام نئی دوستیوں، ملاقاتوں، گفتگو سے آرام — ایک ایسا آرام جو اس دھوئیں کو دور کر سکے جو اتنی غیر عورت کے ساتھہ غیر ضروری بے تکلفی کی بدولت چپکے چپکے اس کے دل و دماغ میں سرائت کر گیا تھا — اور یہ سب کیسے وقت میں ہو رہا تھا! قریب قریب اس دن کے اگلے ھی دن جب اس پر انکشاف ھوا تھا کہ وہ جیما کی چاھت میں گرفتار ہے اور جب جیما سے اس کی منگنی ھوئی تھی — اس کے دوسرے دن ھی — یہ تو کفر ہے کفر! دل ھی دل میں اس نے اپنی پاک اور معصوم فاختہ سے ھزاروں معافیاں مانگیں حالانکہ خود کو مجرم ٹھہرانے کے لئے اس کے پاس کوئی ٹھوس وجہ موجود نہ تھی — اس نے اس

صلیب کو ہزار بار چوما جو اس کی فاختہ نے اسے دی تھی — اگر اسے اس معاملے کے جلدی اور اپنے حق میں انجام پانے کی امید نہ ہوتی جو اسے کشاں کشاں ویسبادن کھینچ لایا تھا تو یقینی وہ بے تحاشا اپنے پیارے فرانک‌فرٹ کی طرف بھاگتا، اس پیارے مکان کی طرف بھاگتا جو اب اس کے لئے اپنا گھر بن گیا تھا — وہ اپنی جیما کی طرف بھاگتا اور ان پیروں پر گر جاتا جن کی وہ پرستش کرتا تھا... لیکن اب کوئی چارہ نہ تھا! اب تو اسے اس زہر کے پیالے کا اخری قطرہ بھی پینا پڑیگا — کپڑے پہننے ہونگے، کھانا کھانے کے لئے باہر جانا پڑیگا اور اس کے بعد تھیٹر... ہاں بس اسے کل صبح سویرے ہی جانے دے تو کیا کہنا!

ایک اور بات تھی جو اسے پریشان کر رہی تھی بلکہ اس پر اسے غصہ بھی آ رہا تھا: وہ برابر بڑے چاؤ اور لگن کے ساتھہ، ممنونیت کے بےپناہ جذبے کے ساتھہ جیما کے بارے میں سوچتا، اس کے ساتھہ اپنی زندگی کے بارے میں، اس مسرت و شادمانی کے بارے میں جو مستقبل کے سینے میں چھپی ہوئی اس کا انتظار کر رہی تھی اور پھر بھی یہ عجیب عورت، یہ مادام پولوزووا، برابر اس کے دماغ پر چھائی ہوئی تھی، بلکہ وہ دراتی ہوئی اس کی آنکھوں کے سامنے آ جاتی تھی اور وہ اس کے تصور کو جھٹک کر الگ نہ کر پاتا تھا، اس کی آواز کو، اس کی باتوں کو، نہ بھول پاتا، ہمیشہ اسے اس عجیب خوشبو کا احساس ہوتا، لطیف، تازہ، رچتی اور تیرتی ہوئی خوشبو کا، لالہ کے زرد پھولوں کی خوشبو جیسی مہک کا احساس ہوتا جس کی لپٹیں اس کے کپڑوں سے آتی تھیں — ظاہر تھا کہ وہ عورت اس سے کھیل رہی تھی —

کبھی ایک ہتھکنڈا آزماتی تھی اور کبھی دوسرا— لیکن کیوں؟ وہ چاہتی کیا تھی؟ کیا یہ محض ایک بگڑی ہوئی مال دار عورت کا من موجی پن تھا، ایک ایسی عورت کا من موجی پن جس کو گھٹیا عورت کہا جا سکتا ہے؟ اور وہ اس کا شوہر! کیا چیز ہے وہ بھی؟ آخر بیوی سے اس کا رشتہ کس قسم کا ہے؟ آخر یہ سوالات سانن کے دماغ میں کیوں ابھر رہے تھے؟ موسیو پولوزوف اور اس کی بیوی اس کے ہوتے کون ہیں؟ آخر وہ اس چھائے ہوئے تصور کو اپنے دماغ سے اس وقت بھی نکال باہر نہ کر سکا جبکہ اس کا پورا دل ایک دوسری لڑکی کی طرف لپک رہا تھا، اس لڑکی کی طرف جو گرمیوں کے دن کی طرح درخشاں اور پاک و صاف تھی؟ آخر یہ تصور اس دوسری لڑکی کے خد و خال کے پیچھے پیچھے جو مقدس اور ملکوتی خد و خال تھے کیوں ابھر رہا تھا — لیکن یہ چہرہ پھر بھی ابھر رہا تھا اور اس کے ہونٹوں پر ایک تمسخرآمیز مسکراہٹ تھی — وہ غارت‌گر بھوری آنکھیں، اس کے گالوں کی موہنیاں، وہ ناگن جیسی چوٹیاں — کہیں ان چیزوں نے تو اسے یوں نہیں جکڑ لیا تھا کہ وہ ان کو دھکیل کر الگ نہ کر سکے؟

بکواس! بکواس! کل یہ سب کافور ہو جائیگا اور اس کا کوئی نشان بھی باقی نہ رہیگا... لیکن کیا وہ کل اس کو جانے دیگی؟

وہ بار بار ان سوالوں پر سوچتا رہا اور اب تین بجنے والے تھے، اس لئے اس نے کالا فراک کوٹ پہنا اور پولوزوف کے کمرے میں جانے سے پہلے باغ میں ٹہلنے چلا گیا—

اس کے ڈرائنگ روم میں، اسے کسی سفارت خانے کا سکریٹری بیٹھا ہوا ملا — وہ ایک لمبا تڑنگا، سنہرے بالوں والا جرمن رنگ‌روپ کا آدمی تھا، ایک رخ سے اس کے چہرے کی تراش گھوڑے جیسی معلوم ہوتی تھی — اس کے سر کے پیچھے مانگ نکلی ہوئی تھی (جو اس زمانے میں ایک انوکھی بات سمجھی جاتی تھی) اور. . . یہ دوسرا کون تھا! فون دون‌ہوف اور کون، وہی افسر جس کے ساتھ وہ چند دن قبل ڈوئل لڑا تھا! یقینی اسے یہاں اس سے ملنے کی کوئی توقع نہیں تھی — وہ اس کی طرف جھکا پھر بھی تھوڑی دیر کو اسے کچھ عجیب بے تکا سا لگا —

"کیا تم پہلے مل چکے ہو؟" ماریا نکولائونا نے پوچھا جس کی بوکھلاہٹ کو اس نے تاڑ لیا تھا —

"مجھے ملنے کی عزت حاصل ہو چکی ہے" دون‌ہوف نے ماریا نکولائونا کی طرف جھکتے ہوئے کہا اور مسکراتے ہوئے زیرلب بولا "یہی ہے وہ جس کے بارے میں میں نے تم کو بتایا تھا. . . تمہارا ہم وطن. . . روسی. . ."

"نہیں، واقعی!" اس نے بھی زیرلب کہا اور انگلی ہلاکر اس کو دھمکی دی اور فوراً ہی اس کو اور اس لم‌ٹنگو سکریٹری کو خدا حافظ کہا جو اس کی رعنائیوں کا بری طرح شکار معلوم ہوتا تھا اور جب کبھی وہ اسے دیکھتی منہ کھول کر تکنے لگتا تھا — دون‌ہوف فوراً خوش اخلاقی کے ساتھ اس خاندان کے ایک ایسے دوست کی طرح رخصت ہوا جسے بے کہے ہی یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ اس سے کس بات کی امید کی جا رہی ہے — سکریٹری نے کچھ ہٹ‌دھرمی کی نمائیش کی لیکن ماریا نکولائونا نے زیادہ تکلف دکھائے بغیر اس سے چھٹکارا حاصل کر لیا —

"تم اپنی مالدار خاتون کے پاس جاؤ" اس نے کہا (اس زمانے میں ویسبادن میں دوسرے درجے کی عشق‌باز عورت شہزادی دلی موناکو مقیم تھی) "تم اپنا وقت میرے جیسی نیچی ذات کی عورت کے پاس کیوں گنواؤ؟"

"میری پیاری مادام" بدنصیب سکریٹری نے یقین دلایا "لیکن دنیا بھر کی شہزادیاں..."

لیکن ماریا نکولائونا نے سنگ دلی سے کام لیا —— اور سکریٹری کو خدا حافظ کہہ کر وہاں سے الٹے پاؤں چل دینا پڑا —

ماریا نکولائونا نے زور دار لباس پہن رکھا تھا — ہماری بڑی بوڑھیوں کی زبان میں ایک ایسا لباس "جس سے جسم کے پیچ و خم نکھر آئے تھے اور انگ انگ سے حسن ٹپک رہا تھا" — اس نے ایک گلابی حریری لباس زیب‌تن کر رکھا تھا — اس کی آستینیں * à la Fontanges تھیں اور کانوں میں ہیرے کے آویزے تھے — وہ کھلی جا رہی تھی اور پورے نکھار پر تھی —

اس نے سانن کو اپنے پاس بٹھایا اور پیرس کے بارے میں بات چیت کرنے لگی جہاں اسے چند دن کے بعد جانا تھا — پھر جرمنوں کا ذکر چھیڑ بیٹھی جو اسے بہت بور کرتے تھے، وہ جب عقل مند نظر آنے کی کوشش کرتے تھے تو نرے احمق نظر آتے تھے، جب وہ حماقت کی باتیں کرتے تھے تو وہ ناخوشگوار طور پر چالاک نظر آتے تھے — اور یکایک اس نے دوٹوک —— à brûle pourpoint —— اس سے پوچھ لیا آیا، یہ سچ ہے کہ وہ ایک خاتون کی خاطر اس افسر سے ڈوئل لڑا تھا جو ابھی ابھی وہاں سے رخصت ہوا تھا؟

---

* فنتانژ کی طرح (لودوویک چودھویں کی منظور نظر عورت) —

"تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا؟" بھونچکا ہو کر سانن نے پوچھا —

"دنیا افواہوں سے بھری پڑی ہے دمتری پاولووچ، اور مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ تم حق بجانب تھے، اور تم نے ایک سچے نائیٹ کی آن بان کا مظاہرہ کیا — بتاؤ کیا یہ عورت تمہاری منگیتر تھی؟"

سانن نے خشمگیں انداز میں اپنے ماتھے پر بل ڈال لئے...

"اچھا اچھا، میں نہیں پوچھتی" ماریا نکولائونا نے جلدی سے کہا — "تم اس کے بارے میں بولنا پسند نہیں کرتے تو نہ کرو — مجھے معاف کردو — میں اب یہ نہیں پوچھونگی — خفا نہ ہو!" پولوزوف دوسرے کمرے سے اپنے ہاتھہ میں ایک اخبار لئے ہوئے داخل ہوا — "کیا چاہتے ہو تم؟ کیا کھانا تیار ہے؟" اس نے شوہر سے پوچھا —

"ایک منٹ میں کھانا میز پر لگا دیا جائیگا — اچھا ذرا بوجھو تو اس وقت "شمالی شہد کی مکھی" میں کیا پڑھا ہے — شہزادہ گروموبوئی مر گیا —"

ماریا نکولائونا نے نظر اٹھاکر دیکھا —

"مر گیا؟ کروٹ کروٹ جنت نصیب ہو! ہر سال فروری میں، میری سالگرہ پر" اس نے سانن کی طرف مڑتے ہوئے کہا "وہ میرے تمام کمروں کو سدا بہار کمیلا کی جھاڑیوں سے سجاتا تھا — لیکن اس کے لئے جاڑے میں پیٹرس برگ میں رہنا ذرا گراں گزرتا تھا — اس کی عمر ستر سے اوپر ہوگی؟" اس نے پھر اپنے شوہر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا —

"ہاں اس کے جنازے کی تفصیل اس میں درج ہے — پورا دربار وہاں موجود تھا — اور شہزادہ کووریژکین نے اس موقع کے لئے مرثیہ لکھا"

"واقعی کتنا کرم ہے اس کا!"

"کیا میں تمہیں سناؤں پڑھ کر؟ شہزادے نے اس کو سچا مدبر کہا ہے —"

"نہیں نہیں مت پڑھو! وہ اور مدبر! وہ تتیانہ یورئونا کا شوہر تھا اور بس — آؤ ہم کھانا کھانے چلیں — جینے والے زندوں کے بارے میں سوچتے ہیں — دمتری پاولووچ، اپنا بازو دو!"

کھانا پچھلے دن کی طرح شاندار تھا اور کھانے کا وقت خوشگوار بات چیت میں گزرا — ماریا نکولائونا کو بات چیت کا خوب ڈھنگ آتا تھا... یہ دولت عورتوں میں شاذونادر ہی نظر آتی ہے، خاص طور پر روسی عورت میں! وہ چبا چبا کر بات نہ کرتی اور اس کی ہم وطن عورتیں ہی زیادہ تر اس کا نشانہ بن رہی تھیں — سانن بعض چبھتے ہوئے اور جاندار فقرے پر قہقہہ لگانے لگتا — ماریا نکولائونا کو سب سے زیادہ ریاکاری، چکنے چپڑے محاوروں اور جھوٹ سے نفرت تھی... اور اسے یہ چیز ہر جگہ نظر آتی تھی — وہ خاص طور پر اس گھٹیا ماحول پر اتراتی ہوئی معلوم ہو رہی تھی جس میں وہ پروان چڑھی تھی — اس نے اس سلسلے میں خوب شیخی بگھاری اور اپنے رشتہ داروں اور بچپن کے بارے میں بعض عجیب و غریب قصے سنائے اور خود کو دیہاتی گھامڑ لڑکی کے لقب سے بھی یاد کیا — سانن نے دیکھ لیا کہ

وہ اس عمر میں اپنی عمر کی اکثر عورتوں سے کہیں زیادہ سرد گرم دیکھہ چکی تھی —

اور پولوزوف ڈٹ کر کھاتا رہا، جی بھر کے پیتا رہا— ہاں کبھی کبھار، اپنی بیوی یا سانن کو اپنی زرد اور ظاہری طور پر چندھیائی ہوئی آنکھوں سے دیکھہ لیتا جو دراصل بالکل کھلی ہوئی اور بیدار تھیں — "کتنے پیارے اور ہوشیار ہو تم!" اس کی طرف مڑتے ہوئے ماریا نکولائونا چلاتی— "تم نے فرانک فرٹ میں میرے لئے خریداری کتنی خوبی سے کی! اس پر میں تو تمہاری پیشانی پر بوسہ دے سکتی ہوں، لیکن تم اس قسم کی باتوں سے دل چسپی نہیں رکھتے —"

"ہاں میں دلچسپی نہیں رکھتا" پولوزوف نے چاندی کی چھری سے انناس کاٹتے ہوئے کہا—

ماریا نکولائونا نے میز کو اپنی انگلیوں سے بجاتے ہوئے اس کا جائزہ لیا —

"کیا ہماری بازی قائم ہے؟" اس نے معنی خیز انداز میں کہا — "بےشک —"

"بہت خوب! تم ہار جاؤگے —"

پولوزوف نے اپنی ٹھوڑی باہر نکال دی — "چلو، ماریا نکولائونا، میں سمجھتا ہوں کہ ابکے اپنی خود اعتمادی کے باوجود ہار تمہاری ہوگی —"

"کاہیکی بازی ہے، کیسی بازی؟" سانن نے پوچھا — "کیا میں پوچھہ سکتا ہوں؟"

"اس وقت نہیں" ماریا نکولائونا نے کہا — اور قہقہہ لگایا —

گھڑی نے سات بجائے — ویٹر نے اعلان کیا کہ گاڑی تیار ہے — پولوزوف نے فوراً ہی اپنی بیوی کو خدا حافظ کہا اور واپس آکر اپنی کرسی پر بیٹھ گیا —

"ہاں پٹواری کے نام خط نہ بھول جانا!" ماریا نکولائونا نے ہال سے پکار کر کہا —

"میں نہیں بھولونگا — تم پریشان نہ ہو! میں اپنی بات کا دھنی ہوں —"

۳۹

۱۸۴۰ء میں ویسبادن تھیٹر کی عمارت، ایک گھٹیا قسم کی عمارت تھی اور اس کی کمپنی، اپنی چیخم دھاڑ والی معمولی قسم کی اداکاری اور فرض شناس عامیانہ معمولات میں، اس سطح سے ایک انچ بھی بلند نہیں تھی جس کو تمام جرمن تھیٹروں کا معیار تصور کیا جا سکتا ہے — حال میں اس کی بھرپور مثال کارلس روئے کمپنی تھی جس کے "بےمثل" ڈائرکٹر مشہور ہیر دیوری اینت تھے — اس باکس کے عقب میں، جو "خاتون محترم مادام فون پولوزوف" کے لئے ریزرو تھا، (خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ ویٹر اس کے حاصل کرنے میں کیوں کر کامیاب ہوا، وہ ڈائرکٹر کو رشوت دے کر یہ حاصل کرنے سے تو رہا، کیوں!) ایک پیش دالان تھا جو صوفوں سے آراستہ تھا — باکس میں داخل ہونے سے پہلے ماریا نکولائونا نے سانن سے اس ہلکے سے پردے کو کھینچنے کے لئے کہا جو باکس کو باقی تھیٹر سے الگ کرتا تھا —

"میں نہیں چاہتی کہ لوگ مجھے دیکھیں" اس نے کہا "ورنہ یہاں پروانے ٹوٹ پڑینگے —" اس نے اس کو اپنے پاس اس طرح

بٹھایا کہ اس کی پشت ہال کی طرف تھی تاکہ باکس خالی معلوم ہو—

ارکسٹرا نے "فگارو کی شادی" کی ابتدائی دھن چھیڑی... پردہ اٹھا اور ڈرامہ شروع ہوا—

یہ ان ان گنت خانہ ساز ڈراموں میں سے تھا جن میں مصنف (جس میں فنی صلاحیت سے زیادہ بقراطی ہو) بڑی تن‌دھی اور بھونڈے پن سے، بڑے بےداغ مگر بےجان انداز سے، کسی "زبردست" یا "اہم" تصور کا پرچار کرتا ہے، نام نہاد المناک کشمکش دکھاتا ہے اور ایک ایسی بوجھل کیفیت پیدا کرتا ہے جسے "ایشیائی" کہا جا سکتا ہے — ٹھیک جس طرح سے معمولی ہیضہ اور ایشیائی ہیضہ ہوتا ہے— ماریا نکولائونا آدھے ایکٹ تک تو صبر سے بیٹھی رہی لیکن جب عاشق نے اپنی محبوبہ کی بےوفائی کی اطلاع پانے کے بعد (وہ ایک بھورا فراک کوٹ پہنے ہوئے تھا جس کی آستینیں ڈھیلی اور ہوا سے پھولی ہوئی معلوم ہوتی تھیں اور جس کا کالر مخملیں تھا، ایک دھاری دار ویسٹ کوٹ جس میں موتیوں کے بٹن ٹنکے ہوئے تھے، سبز پتلون جس پر پیٹنٹ چمڑے کی دھاری تھی اور سفید سویڈ کے دستانے) جب عاشق نے اپنے سینے پر مکے مارکر اور تیز زاویے بناتے ہوئے اپنی کہنیاں نکال کر کتے کی طرح بھونکنا شروع کر دیا تو ماریا نکولائونا کے صبر کا پیمانہ چھلک گیا—

"انتہائی دور دراز چھوٹے سے شہر کا بدترین فرانسیسی اداکار بھی مشہورترین جرمن اداکار سے بہتر اور زیادہ فطری اداکاری کرتا ہے!" اس نے غصے میں چلاکر کہا "یہاں آؤ" اس نے اپنے

پاس‌والے صوفے پر ہاتھ مارتے ہوئے سانن سے کہا — "آؤ ہم باتیں کریں —"

سانن نے اس کی تعمیل کی —

ماریا نکولائونا نے نگاہ اٹھاکر اسے دیکھا —

"میں دیکھتی ہوں تم دودھ کی طرح نرم ہو — تمہاری بیوی کے دن اچھے کٹینگے — وہ مسخرا —" اس نے پنکھے سے بھونکتے ہوئے اداکار کی طرف اشارہ کیا جو ایک نجی گھر میں ٹیوٹر کا رول ادا کر رہا تھا "اس مسخرے نے میرے عہد شباب کی یاد تازہ کردی ہے — ایک زمانے میں مجھے ایک ٹیوٹر سے محبت ہو گئی تھی — وہ میرا پہلا . . . نہیں دوسرا محبوب تھا — میں پہلی بار دونسکوئے خانقاہ میں ایک نوکر کے عشق میں گرفتار ہوئی — میں اس وقت بارہ برس کی تھی — میں اس کو صرف اتوار کے اتوار دیکھا کرتی تھی — وہ مخمل کا گاؤن پہنتا تھا، لباس پر عطر چھڑکتا تھا، ہجوم کے درمیان عود دان کے ساتھ جاتا اور عورتوں سے مخاطب ہوکر فرانسیسی میں کہتا "معاف کیجئے" اور کبھی نظر نہ اٹھاتا — اور اس کی پلکیں! اس کی پلکیں اتنی لمبی لمبی تھیں!" ماریا نکولائونا نے اپنی چھنگلی پر انگوٹھا رکھ کر آدھی چھنگلی سانن کو دکھائی — "میرے استاد کا نام تھا — monsieur Gaston ! تم جانو وہ اتنا قابل آدمی تھا، وہ بڑا سخت تھا — وہ سوئٹزرلینڈ کا رہنے والا تھا — اور اس کے چہرے سے اتنی قوت ٹپکتی تھی — اس کے گل مچھے کولتار کی طرح سیاہ تھے، اس کا یک‌رخا نقشہ یونانیوں جیسا تھا — اس کے ہونٹ لگتے تھے کہ پگھلے ہوئے لوہے سے ڈھالے گئے ہیں — میں

اس سے ڈرتی تھی — وہ واحد شخص تھا جس سے مجھے کبھی ڈر لگا ہو — وہ میرے بھائی کا ٹیوٹر تھا — میرا بھائی جو پانی میں ڈوب کر مرگیا — ایک خانہ‌بدوش نے ایک بار بتایا تھا کہ میری موت قتل سے واقع ہوگی، لیکن یہ بکواس ہے — میں اس پر اعتبار نہیں کرتی — کیا تم ایپولیت سیدورچ کا تصور ایک خنجر کے ساتھہ کر سکتے ہو؟"

"خنجر کے علاوہ اور دوسری چیزوں سے بھی آدمی مر سکتا ہے" سانن نے کہا—

"یہ سب بکواس ہے — کیا تم وہمی آدمی ہو؟ میں ذرا بھی وہمی نہیں — لیکن جو ہونا ہوگا سو ہوگا! Monsieur! Gaston ہمارے گھر میں رہتا تھا — اس کا کمرہ ٹھیک میرے کمرے کے اوپر تھا — کبھی کبھی میں رات کو جاگ جاتی تھی اور اس کے قدموں کی آواز سنتی تھی—وہ بہت رات گئے سوتا تھا —— اور میں مارے ڈر کے یا کسی اور احساس سے بدحواس ہو جاتی تھی — میرے والد کو خود تعلیم کی برائے نام شدھہ بدھہ تھی لیکن انہوں نے مجھے اچھی تعلیم دلائی — ذرا سوچو میں لاطینی زبان بھی جانتی ہوں —"

"تم؟ لاطینی؟"

"ہاں —— میں! monsieur Gaston نے مجھے لاطینی پڑھائی تھی — میں نے اس سے "ائنید" پڑھی — بہت ہی بوجھل ہے لیکن اس میں بعض اچھے ٹکڑے ہیں — تمہیں یاد ہے، وہ ٹکڑا جب ڈیدو اور ایناس جنگل میں ہیں...؟"

"ہاں، ہاں مجھے یاد ہے" سانن نے جلدی سے کہا۔ وہ بہت پہلے اپنی ساری لاطینی بھول چکا تھا اور اس کی یاد میں ائنید کا بہت ہی دھندلا دھندلا سا تاثر محفوظ تھا۔

ماریا نکولائونا نے اپنی ترچھی نظر اس کی طرف اٹھائی۔ "لیکن تمہیں یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ میں بہت قابل اور پڑھی لکھی ہوں۔ خدا بہتر جانتا ہے کہ میں نہیں ہوں۔ میں نے کسی چیز میں کمال حاصل نہیں کیا۔ میں مشکل سے لکھ پڑھ سکتی ہوں، واقعی، پیانو بھی بجا نہیں سکتی، نہ تصویریں بنا سکتی ہوں، نہ سلائی پروئی کر سکتی ہوں ـــ کچھ بھی نہیں کر سکتی! میں جو کچھ ہوں وہی نظر آتی ہوں۔ اس سے آگے کچھ بھی نہیں!"

اس نے اپنے بازو پھیلا دئے۔ "میں تم سے یہ سب کیوں کہہ رہی ہوں۔" اس نے اپنی بات جاری رکھی "اول تو اس لئے کہ ان بیوقوفوں کی بکواس نہ سننی پڑے (اس نے اسٹیج کی طرف اشارہ کیا جہاں اب ایکٹر کے بجائے ایکٹرس بھونک رہی تھی، اس کی کہنیاں بھی باہر کی طرف نکلی ہوئی تھیں) اور دوسرے یہ کہ میں تمہاری مقروض ہوں ـــ تم نے کل مجھے اپنے متعلق سب کچھ بتایا تھا۔"

"کیونکہ تم میرے متعلق جاننا چاہتی تھیں" سانن نے کہا۔

ماریا نکولائونا یکایک اس کی طرف مڑی۔

"اور کیا تمہیں یہ جاننے کی خواہش نہیں کہ میں کس قسم کی عورت ہوں؟ لیکن ہاں مجھے تعجب نہیں" اس نے صوفے کے تکیوں پر دوبارہ اڑتے ہوئے کہا۔ "جب ایک مرد شادی کرنے والا ہو اور وہ بھی محبت کے کارن اور ڈوئل کے بعد، تو یقینی

اس کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ وہ دوسری عورتوں کے بارے میں سوچے —"

ماریا نکولائونا ذرا رکی اور اپنے بڑے بڑے دودھ جیسے سفید دانتوں سے پنکھے کے دستے کو کریدنے لگی —

پھر ایک بار سانن کو وہی دھواں اٹھتا اور دماغ پر چھاتا ہوا محسوس ہوا جو پچھلے دو دن سے اس کا دم گھونٹے ڈال رہا تھا —

ماریا نکولائونا اور اس کے درمیان، زیرلب، سرگوشی کے انداز میں باتیں ہو رہی تھیں، اور اس سے اسے جھنجلاہٹ اور کوفت ہو رہی تھی...

یہ سب کچھ کب ختم ہوگا؟ کمزور ارادوں کے لوگ کبھی کسی چیز کو ختم نہیں کرتے بلکہ انجام کا انتظار کرتے رہتے ہیں —

کوئی اسٹیج پر چھینکا — مصنف نے ڈرامے میں، "از راہ مزاح" یا "ایک خاص عنصر" کی حیثیت سے ایک چھینک کا بندوبست بھی کیا تھا — اس کے علاوہ اس ڈرامے میں اور کوئی مزاحیہ عنصر نہیں تھا اور تماشائی جو اس کو بھی غنیمت جان کر سراپا سپاس تھے، ہنس پڑے —

ہنسی سے سانن کو اور بھی جھنجلاہٹ ہوئی —

بعض ایسے لمحے آتے تھے جب اسے بالکل پتہ نہ چلتا کہ وہ برہم ہے یا مسرور، اس کا جی بہل رہا ہے یا اکتا رہا ہے — اوہ، اگر جیما اسے دیکھ لیتی!

"مضحکہ انگیز ہے، ہےنا؟" یکایک ماریا نکولائونا بولی — "ایک آدمی بڑے سکون سے کہتا ہے 'میں شادی کرنا چاہتا ہوں، لیکن کوئی بھی اطمینان سے یہ نہیں کہتا 'میں پانی

میں ڈوبنے جا رہا ہوں —، اور بہرحال —— فرق کیا ہے؟ یہ مضحکہ خیز ہے، ہے نا؟"

سانن نے اکتاہٹ اور جھنجلاہٹ کا ایک طوفان سا امڈتا ہوا محسوس کیا — "بڑا فرق ہے ماریا نکولائونا! بعض لوگوں کے لئے پانی میں کود جانے میں کوئی ایسی خطرناک بات نہیں —— وہ تیر سکتے ہیں — اور تم نے یہ سوال چھیڑا ہے تو عرض ہے کہ... جہاں تک عجیب و غریب شادیوں کا تعلق ہے..."

اس نے اپنی زبان دباتے ہوئے بات ادھوری چھوڑ دی —

ماریا نکولائونا نے پنکھا اپنی ہتیلی پر مارا —

"جو کچھہ تم کہنا چاہتے تھے پورا کرو، دمتری پاولووچ، جو تم کہنا چاہتے تھے اسے پورا کرو — میں جانتی ہوں تم کیا کہنا چاہتے تھے 'تم نے، خاتون من، یہ سوال چھیڑا ہے تو، تم یہ کہنا چاہتے تھے 'تو تمہاری شادی سے زیادہ اور کیا چیز عجیب اور بے تکی ہو سکتی ہے؟ یہ نہ بھولو کہ میں تمہارے شوہر کو بچپن کے زمانے سے جانتا ہوں!، تم یہ کہنا چاہتے تھے —— تم جسے تیرنا آتا ہے!"

"معاف کرنا..." سانن نے کہنا شروع کیا —

"کیا یہ سچ نہیں ہے؟ کیا یہ حقیقت نہیں ہے؟" ماریا نکولائونا نے اصرار کیا — "دیکھو، ادھر دیکھو میری آنکھوں میں، اور بتاؤ میں نے جو کچھہ کہا سچ ہے یا نہیں —"

سانن کی سمجھہ میں نہ آیا کہ کہاں دیکھے — "بہت اچھا — تم اصرار کرتی ہو تو میں کہے دیتا ہوں، یہ سچ ہے" آخر اس کے منہ سے نکلا —

ماریا نکولائونا نے اپنا سر ہلایا — "اچھا تو پھر... ہاں تو کیا تم نے کبھی اپنے آپ سے یہ نہ پوچھا، تم نے جسے تیرنا آتا ہے، کہ ایک عورت جو نہ نادار ہے، نہ احمق اور نہ... ایسی بھولی بھالی ہاں آخر ایک ایسی عورت نے اتنا عجیب و غریب قدم کیوں اٹھایا؟ شاید تمہیں اس سے کوئی دلچسپی نہ ہو، مگر پروا نہیں! میں تمہیں اس کا سبب بتاؤنگی — لیکن ابھی نہیں، جب انٹرول ختم ہوگا — میں ہر وقت ڈر رہی ہوں کہ کوئی اندر نہ آجائے..."

ماریا نکولائونا کے منہ سے یہ بات ابھی نکلی ہی تھی کہ باکس کا دروازہ آدھا کھلا اور ایک چہرہ، ایک سرخ چہرہ، اس کے اندر گھسا — یہ چہرہ پسینے سے چمک رہا تھا، یہ چہرہ جس پر اب تک جوانی تھی، دانت سے محروم تھا، ناک جھکی ہوئی تھی، اور چمگادڑوں جیسے کان لمبی لمبی لٹوں میں گھرے ہوئے تھے — بجھی بجھی بے جان اور ٹوہ لیتی ہوئی آنکھوں پر سونے کی کمانی والی عینک چڑھی ہوئی تھی اور عینکوں پر pince — nez — چہرے نے اندھیرے میں نظریں دوڑائیں، ماریا نکولائونا پر نظر پڑتے ہی، چونک کر دانت نکال دئے اور بار بار اپنا سر خم کیا... ساتھ ہی ڈور جیسی پتلی گردن نظر آئی جو سر کا بار سنبھالے ہوئے تھی —

ماریا نکولائونا نے اس چہرے کی طرف رومال ہلایا — "میں خالی نہیں ہوں! *"Ich bin nicht zu Hause, Herr P..! Ich bin nicht zu Hause...

اس چہرے سے حیرت کے جذبات جھلکنے لگے، اس چہرے

---

* میں گھر پر نہیں ہوں، ہیر پ — میں گھر پر نہیں ہوں!

کے مالک نے ایک زبردست قہقہہ لگایا اور سبکیوں بھری آواز میں لیست کی نقل اتارتے ہوئے، جس کے قدموں پر اس نے کبھی سجدہ ریزی کی تھی، بولا «Sehr gut! Sehr gut!»* اور غائب ہو گیا —

"کون ہے یہ عجیب و غریب مخلوق؟" سانن نے پوچھا —

"وہ؟ ویسبادن کا ایک تنقید نگار — ایک ادبی ناقد، ایک ڈھنڈورچی جو جی چاہے کہہ لو — وہ ایک مقامی ٹھیکہ‌دار کا ملازم ہے — اس لئے اس کا فرض ہے کہ وہ ہر چیز کے گن گائے اور ہر شخص کے بارے میں جوش و خروش کا اظہار کرے، گرچہ حقیقت یہ ہے کہ وہ بہت برا آدمی ہے — میں اس سے ڈرتی ہوں، وہ غضب کا گپی اور باتونی ہے، مجھے یقین ہے کہ وہ ہر شخص سے کہتا پھریگا کہ میں تھیٹر میں موجود ہوں — لیکن خیر چھوڑو، اس سے ہوتا کیا ہے!"

ارکسٹرا والز کی دھنیں بجا رہا تھا، پردہ ہلا اور اٹھ گیا، اور بناوٹی باتوں اور شور و غل سے بھرا ہوا منظر سامنے تھا —

"اچھا" ماریا نکولائونا نے پھر صوفے میں دھنستے ہوئے کہا "چونکہ تمہارے لئے کوئی اور چارہ نہیں اور تم اپنی منگیتر کی قربت کا لطف اٹھانے کے بجائے میرے پہلو میں بیٹھنے پر مجبور ہو... ہاں یوں آنکھوں سے آگ نہ برساؤ، میں تم کو خوب سمجھتی ہوں، اور میں نے تم سے وعدہ کیا ہے کہ جہاں کہیں تم جانا چاہوگے میں تمہیں جانے دونگی — لیکن اب میری داستان سنو — کیا تم جاننا چاہتے ہو سب سے زیادہ مجھے کیا چیز عزیز ہے؟"

---

* بہت خوب! بہت خوب!

"آزادی سانن" نے لقمہ دیا۔

ماریا نکولائونا نے اپنا ہاتھہ اس کے ہاتھہ پر رکھہ دیا۔

"ہاں دمتری پاولووچ" اس نے کہا اور اس کی آواز میں سچا خلوص اور سنجیدگی تھی — "سب سے زیادہ اور سب سے پہلے آزادی — اور براہ کرم یہ نہ سوچنا کہ میں شیخی بگھار رہی ہوں — اس میں کچھہ بھی قابل تعریف بات نہیں —— لیکن ہمیشہ سے میں ایسی ہی رہی ہوں اور ہمیشہ ایسی ہی رہونگی، مرتے دم تک ایسی ہی رہونگی — میں سمجھتی ہوں کہ میں نے اپنے بچپن میں بہت کچھہ غلامی دیکھی ہے اور خود بھی بہت کچھہ دکھہ جھیلا ہے — اور —— اور —— monsieur Gaston، میرے استاد نے میری آنکھیں کھول دیں — شاید اب تم سمجھہ گئے ہونگے کہ میں نے ایپولیت سیدورچ سے کیوں شادی کی، اس کے ساتھہ میں آزاد ہوں، بالکل آزاد، ہوا کی طرح آزاد، ہوا کے جھونکے کی طرح آزاد... اور شادی سے پہلے مجھے یہ معلوم تھا، میں جانتی تھی کہ اس کے ساتھہ شادی کرکے میں اپنی مالک آپ ہونگی—"

ماریا نکولائونا رکی اور اس نے اپنا پنکھا ایک طرف رکھہ دیا —

"تمھیں ایک اور بات بتانے میں کوئی مضائیقہ نہیں —— سوچنے پر مجھے کوئی اعتراض نہیں . . . یہ ایک دلچسپ مشغلہ ہے اور اسی لئے تو ہمیں دماغ ملا ہے، لیکن میں خود اپنے اقدام کے نتائج پر کبھی نہیں سوچتی —— میں ان کے بارے میں کبھی نہیں سوچتی اور مجھے کبھی کسی چیز کا افسوس نہیں ہوتا چاہے نتیجہ جو بھی نکلے —— یہ بیکار ہے — میری زندگی کا نظریہ ہے :

* Cela ne tire pas à conséquence — میں نہیں جانتی کہ روسی زبان میں اسے کیوں کر ادا کروں — یہ بالکل ٹھیک ہے کہ tire à conséquence؟ کوئی بھی اس دنیا میں مجھ سے باز پرس نہیں کریگا، تم جانو —— اور وہاں (اس نے اوپر کی طرف اشارہ کیا) ہاں وہاں، انہیں اپنا معاملہ خود سلجھانے دو — جب جزا سزا کا وقت آئیگا تو اس وقت میں، میں نہیں ہونگی — سن رہے ہو؟ تم بور تو نہیں ہو رہے ہو؟"

سانن سر جھکائے بیٹھا تھا — اس نے اب سر اٹھایا — "میں ذرا بھی اکتا نہیں رہا ہوں ماریا نکولائونا، میں انتہائی تجسس بھری دلچسپی کے ساتھ تمہاری باتیں سن رہا ہوں — لیکن مجھے اس کا اعتراف ہے کہ میں دل میں سوچتا ہوں کہ آخر تم یہ سب مجھے کیوں سنا رہی ہو؟"

ماریا نکولائونا ذرا سا صوفے پر کھسکی — "تم خود اپنے آپ سے پوچھو . . . کیا تم اتنے کند ذہن ہو؟ یا یہ محض خاکساری ہے؟"

سانن نے اپنا سر اور بھی اوپر اٹھایا —

"میں تم سے یہ سب اس لئے کہہ رہی ہوں" ماریا نکولائونا نے اسی طرح پر سکون لہجے میں کہا حالانکہ یہ پرسکون لہجہ اس کے چہرے پر جھلکتے ہوئے جذبات سے ہم آہنگ نہ تھا — "اس لئے کہ تم مجھے بھا گئے ہو — حیران نہ ہو، میں مذاق نہیں کر رہی ہوں، اس لئے کہ میں نہیں چاہتی کہ تم میرے بارے میں ایک ناخوشگوار یاد لے کر جاؤ . . . گرچہ مجھے اس کی ذرا

---

* اس کا کوئی مطلب نہیں —

پروا نہیں — میری مراد ایک غلط تاثر سے ہے — اسی لئے میں تمہیں یہاں پھانس لائی اور اب میں تمہارے ساتھہ اکیلی بیٹھی ہوں اور کھلے دل سے باتیں کر رہی ہوں... ہاں صافگوئی سے— میں جھوٹ نہیں بول رہی ہوں — اور یاد رہے دمتری پاولووچ، میں جانتی ہوں کہ تم ایک دوسری لڑکی کو چاہتے ہو، اور تم اس سے شادی کرنے والے ہو... ہاں تم میری بے غرضی کے ساتھہ انصاف کرنا! لیکن تم اب اس کے جواب میں کہہ سکتے ہو: «cela ne tire pas à conséquence!

وہ ہنسی لیکن اس کی ہنسی ادھوری رہ گئی اور وہ دم سادھہ کر بیٹھہ گئی جیسے خود اپنے الفاظ پر بھونچکا رہ گئی ہو اور اس کی آنکھوں میں، جو عام طور پر اتنی طرب انگیز اور نڈر نظر آتی تھیں، ایک پرچھائیں سی تیر گئی جسے سراسیمگی یا اداسی بھی کہا جا سکتا ہے —

"کیا ناگن ہے! اف کیسی ناگن ہے!" سانن نے سوچا "لیکن کتنی حسین ناگن!"

"ذرا میری دوربین دینا" ماریا نکولائونا نے دفعتاً کہا — "میں دیکھنا چاہتی ہوں — کیا وہ jeune première اتنی ڈراؤنی ہوسکتی ہے؟ تم تو یہ سوچوگے کہ سرکار نے اس کو اخلاقی لحاظ سے رکھا ہے تاکہ جوان لوگ اس کی محبت میں گرفتار نہ ہوں — "

سانن نے اس کو دوربین دی اور اس نے دوربین لیتے ہوئے ایک لمحے کو اس کا ہاتھہ تھامے رکھا —

"اس قدر گمبھیر نہ بنو" اس نے مسکراتے ہوئے سرگوشی کے انداز میں کہا — "دیکھو — کوئی مجھے زنجیروں میں نہیں جکڑ سکتا لیکن میں بھی کبھی کسی کو زنجیروں میں جکڑنے کی کوشش

نہیں کرتی — میں آزادی پر جان دیتی ہوں اور کوئی پابندی قبول نہیں کرتی — اپنی ہی نہیں بلکہ دوسروں کی آزادی بھی مجھے عزیز ہے — اب ذرا کھسک جاؤ اور اب آؤ ہم ذرا تماشہ دیکھیں — "

ماریا نکولائونا نے دوربین کا رخ اسٹیج کی طرف کیا — سانن نے بھی اسی جانب دیکھا — وہ باکس کی نیم تاریکی میں اس کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا اور غیر ارادی طور پر اس کے شہوت انگیز بدن کی گرمی اور خوشبو کو اپنی سانسوں میں بسا رہا تھا اور اسی طرح غیر ارادی طور پر، اپنے دماغ میں ان باتوں کو کرید رہا تھا جو اس نے خاص طور پر پیچھلے چند منٹ میں کہی تھیں . . .

٤٠

ڈرامہ ایک سوا گھنٹے تک چلتا رہا لیکن ماریا نکولائونا اور سانن دونوں نے جلد ہی اسٹیج کی طرف دیکھنا بند کر دیا اور پھر باتوں میں محو ہو گئے — ان کی بات اسی ڈھرے پر چل نکلی جس پر پہلے چل چکی تھی — لیکن ابکے سانن اتنا خاموش نہیں تھا — اندر ہی اندر وہ اپنے اور ماریا نکولائونا کے خلاف بھرا بیٹھا تھا — اس نے اس کو یہ بتانے کی کوشش کی کہ اس کا "نظریہ" کتنا بے بنیاد ہے — گویا اسے نظریوں میں دلچسپی ہی تو تھی! اس نے اس پر بحث شروع کر دی — دل ہی دل میں وہ اس پر کھل اٹھی — اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہتھیار ڈال رہا ہے یا بس اب ڈالنے ہی والا ہے — اس نے کانٹا نگل لیا ہے، وہ پھنس رہا ہے، وہ پگھلتا جا رہا ہے — وہ بحث کرتی رہی، ہنستی رہی، اس کی ہاں میں ہاں

ملاتی رہی اور ایسی بن گئی جیسے کچھہ سوچ رہی ہو، کبھی کبھی وہ جھپٹ پڑتی — اور اس پورے اثنا میں دونوں کے چہرے قریب سے قریب تر آتے رہے، اب سانن کی آنکھیں اس سے کترا نہیں رہی تھیں — ماریا نکولائونا کی آنکھیں اس کے چہرے، اس کے خد و خال کا طواف کر رہی تھیں، وہ جواباً مسکرا رہا تھا، اخلاقاً ہی سہی، مگر مسکرا تو رہا تھا — یہی حقیقت کہ وہ بے سروپا قسم کی ہوائی باتوں پر اور باہمی تعلقات میں ایمانداری کے بارے میں، فرض، محبت اور شادی بیاہ کے تقدس کے بارے میں بحث کرنے لگا تھا، اس کے منصوبوں کے عین مطابق تھا — ہر شخص جانتا ہے کہ اس قسم کی ہوائی باتیں بہترین نقطہ آغاز کا کام کرتی ہیں...

لوگ، جو ماریا نکولائونا کو اچھی طرح جانتے تھے، کہتے تھے کہ جب اس کی تند و تیز اور زوردار طبعیت میں کوئی چیز، نرم و نازک اور انکسار آمیز سی، کنوارپن کی حیا جیسی کوئی چیز اجاگر ہونے لگتی، (لیکن وہ "کوئی چیز" آتی کہاں سے تھی؟) —— تو ہمیشہ صورت حال ایک خطرناک رخ اختیار کر لیتی تھی —

ظاہری طور پر، سانن کے حالات بھی اسی طرف پلٹا کھا رہے تھے — اگر اسے ایک لمحہ بھی سوچنے کا موقع مل جاتا تو اس کا دل خود اپنی نفرت سے بھر جاتا — لیکن اس کو نہ تو سوچنے کا موقع مل رہا تھا اور نہ اپنے آپ سے نفرت کرنے کا —

اور ماریا نکولائونا نے اپنے وقت کا پورا پورا فائدہ اٹھایا — اور یہ سب اس لئے کہ وہ ایک خوش رو نوجوان تھا! بھلا کون کہہ سکتا ہے کہ کیا فائدے کی چیز ہے اور کیا اس کا الٹ؟

ڈرامہ ختم ہو گیا — ماریا نکولائونا نے سانن سے کہا کہ شال اس کو اوڑھا دے اور جب وہ شال کی نرم تہوں کو اس کے شاندار شانوں پر ڈال رہا تھا تو وہ بے حس و حرکت کھڑی تھی — اس نے سانن کا بازو پکڑا اور گلیارے میں نکل گئی — اور قریب قریب اس کے منہ سے چیخ سی نکل گئی — باکس کے دروازے پر ہی دون‌ہوف بھوت کی طرح کھڑا تھا — اور ٹھیک اس کے پیچھے ویسبادن کے تنقید نگار کا بےہنگم ہیولا نظر آ رہا تھا — اس ادبی نقاد کے چمکتے ہوئے چہرے سے تکدرآمیز خوشی کی روشنی سی پھوٹ رہی تھی —

"مادام، اجازت دو کہ میں تمہاری گاڑی تلاش کر لوں" جوان افسر نے کہا اور اس کی آواز میں دبے ہوئے غصے کی تھرتھراہٹ تھی —

"نہیں شکریہ" اس نے جواب دیا "میرا خدمتگار یہ کام کر لیگا — تم وہیں کھڑے رہو جہاں کھڑے ہو!" اس نے سرگوشی کے انداز میں کہا اور سانن کو اپنے ساتھہ کھینچتے ہوئے تیزی سے آگے نکل گئی —

"جاؤ جہنم میں! تم مجھہ سے چپکے کیوں چلے آ رہے ہو؟" دون ہوف نے دفعتاً گرج کر نقاد سے کہا — اس کو کہیں نہ کہیں تو دل کی بھڑاس نکالنی ہی تھی —

«Sehr gut! Sehr gut!» نقاد کہتے کہتے ایک لمحے کو رکا — ماریا نکولائونا کے وردی پوش خدمتگار نے، جو برساتی میں انتظار کر رہا تھا، آنکھہ جھپکتے میں اس کی گاڑی ڈھونڈ نکالی — وہ جلدی سے اس میں سوار ہو گئی اور اس کے پیچھے پیچھے سانن اچھل کر بیٹھہ گیا اور ماریا نکولائونا بے تحاشا قہقہے لگانے لگی —

"تم کس بات پر ہنس رہی ہو؟" سانن نے پوچھا —

"اوہ، معاف کرنا — بس یوں ہی قہقہہ لگانے کی سوجھ گئی — کیا ہو اگر دون‌ہوف کو تم سے دوسرا ڈوئل لڑنا پڑے . . . میری خاطر! کیوں ہوگی نا شاندار بات؟"

"کیا تم اسے اچھی طرح جانتی ہو؟" سانن نے پوچھا —

"وہ لڑکا؟ وہ چھوکرا میری انگلیوں کے اشارے پر ناچتا ہے — پریشان نہ ہو!"

"میں ذرا بھی پریشان نہیں — "

ماریا نکولائونا نے ٹھنڈی سانس لی —

"اوہ میں جانتی ہوں تم پریشان نہیں ہو — لیکن دیکھو! تم اتنے بھلے آدمی ہو، مجھے امید ہے کہ تم میری آخری التجا نہیں ٹھکراؤگے — یہ نہ بھولو کہ میں تین دن میں پیرس جا رہی ہوں اور تم فرانک‌فرٹ واپس جا رہے ہو — کون جانے ہم پھر کب ملیں!"

"کیسی التجا؟"

"میرا خیال ہے کہ تم شہسواری جانتے ہو؟"

"ہاں جانتا ہوں — "

"اچھا تو میں تمہیں کل صبح اپنے ساتھ لے جاؤنگی اور ہم ایک ساتھ شہر سے باہر شہسواری کرینگے — ہمارے گھوڑے شاندار ہونگے — تب ہم لوٹ کر آنے کے بعد اپنا کاروباری معاملہ طے کرینگے — پھر قصہ ختم! حیران نہ ہو، یہ نہ کہو کہ یہ محض سنک ہے، یہ کہ میں پگلی ہوں — ممکن ہے کہ میں پگلی ہی ہوں — لیکن تم بس اتنا کہہ دو: 'میں چلونگا، — "

ماریا نکولائونا نے اپنا چہرہ اس کی طرف گھمایا — گاڑی میں اندھیرا تھا لیکن اس اندھیرے نے اس کی آنکھوں کی چمک کو اور بھی دوبالا کر دیا —

"بہت اچھا، میں چلونگا" سانن نے ایک ٹھنڈی سانس لے کر کہا —

"اوھو ھو!" اس نے سانن کو جلاتے ھوئے کہا — "میں جانتی ھوں تم نے کیوں اس طرح ٹھنڈی سانس لی — تمہارا مطلب ھے — گلے پڑا ڈھول تو بجانا ھی پڑیگا — لیکن نہیں، نہیں! تم بڑے پیارے ھو، بڑے اچھے ھو! میں اپنا وعدہ پورا کرونگی — یہ رھا میرا سیدھا ھاتھہ، بغیر دستانے کے، یہ ھاتھہ ھے کاروباری معاملے کے لئے — یہ ھاتھہ اپنے ھاتھہ میں لو اور اس پر بھروسہ کرو — میں خود بھی ٹھیک نہیں جانتی کہ میں کس قسم کی عورت ھوں — لیکن کم از کم میں ایک ایماندار عورت ضرور ھوں — ایک ایسی عورت جس سے تم سودا کر سکتے ھو — "

اس سے پہلے کہ وہ جان سکے کہ وہ کیا کر رھا ھے، اس نے وہ ھاتھہ اٹھایا اور اس پر اپنے ھونٹ رکھہ دئے — ماریا نکولائونا نے اپنا ھاتھہ نرمی سے کھینچا اور خاموش ھو گئی — اور اس وقت تک ایک لفظ نہ بولی جب تک کہ گاڑی رک نہ گئی —

وہ گاڑی سے اترنے کے لئے اٹھی...آخر یہ کیا تھا؟ یہ محض تسانی کا صور تھا یا اس نے واقعی اپنے گال پر ایک تیز جلتا ھوا لمس محسوس کیا تھا؟

"کل!" ماریا نکولائونا نے زینے پر چڑھتے ھوئے کہا — زینہ چار شاخوں والی شمع دان سے جگمگا اٹھا تھا جس کو ماریا نکولائونا

کی جھلک دیکھتے ہی کمرے کے خدمتگار نے ہاتھہ میں اٹھا لیا تھا — اس کی آنکھیں جھکی ہوئی تھیں — "کل!"

جب سانن اپنے کمرے میں واپس پہنچا تو اس کو اپنی میز پر جیما کا ایک خط ملا — اس کا پہلا جذبہ تو ڈر کا تھا لیکن ایک لمحے بعد وہ خوش ہوا تاکہ اس طرح اپنے خوف کو خود سے چھپا سکے — خط میں بس چند سطریں تھیں — وہ معاملے کے امید افزا آغاز سے خوش تھی، اس نے اس کو صبر و ضبط سے کام لینے کا مشورہ دیا تھا اور آخر میں لکھا تھا کہ گھر میں ہر شخص اچھی طرح ہے اور اس کی آمد کا خوش خوش انتظار کر رہا ہے — سانن کو خط میں قدرے سرد مہری سی محسوس ہوئی — لیکن اس نے اپنا قلم اور کاغذ کا ایک ورق اٹھایا لیکن پھر فوراً ہی اسے پھینک دیا — "میں لکھوں کیا؟ میں کل خود ہی واپس جا رہا ہوں... بہت دیر ہوگئی، اب چل دینا چاہئے!"

وہ فوراً بستر پر دراز ہو گیا اور جلد از جلد سونے کی کوشش کرنے لگا — اگر وہ ذرا جاگتا رہتا تو یقینی وہ جیما کے متعلق سوچنے لگتا لیکن کسی وجہ سے اسے اس کے بارے میں سوچتے ہوئے شرم محسوس ہو رہی تھی — اس کے اندر ضمیر کی آواز گونج رہی تھی — لیکن اس نے خود کو یہ کہہ کر دلاسا دیا کہ خیر کل سب کچھہ ختم ہو جائیگا اور وہ اس سنکی عورت کو ہمیشہ کے لئے خدا حافظ کہیگا اور اس پوری بکواس کو بھول جائیگا!..

کمزور ارادوں کے لوگ، جب اپنے آپ سے باتیں کرتے ہیں تو بڑے زوروں کی ہانکتے ہیں — Et puis... cela ne tire pas à conséquence!*

* عام طور پر اس کا کوئی مطلب نہیں ہوتا!

اسی قسم کی باتیں سوچتے ہوئے، سانن نیند کی آغوش میں چلا گیا — لیکن جب اگلی صبح وہ جاگا تو اس کے خیالات کیا تھے، اس وقت وہ کیا سوچ رہا تھا جب ماریا نکولائونا نے اپنے مرجان کے مٹھہ والے چابک سے اس کے کمرے کے دروازے پر دستک دی اور کمرے کی دھلیز پر نمودار ہوئی؟ اس کی شہسواری کے گہرے نیلے لباس کا لمبا دامن اس کے ہاتھہ پر جھول رہا تھا، اس کی ڈھیلی بندھی ہوئی چوٹیوں بھرے سر پر ایک چھوٹی سی مردانی ٹوپی چپکی ہوئی تھی، اس کے کندھوں پر ایک نقاب الٹی پڑی تھی، اس کے ہونٹوں پر اور آنکھوں میں ایک للکارتی ہوئی مسکراہٹ تھی، جو اس کے پورے چہرے کو سیراب کر رہی تھی —— ہاں جب اس انداز میں سانن نے اس کو دیکھا تو اس نے کیا محسوس کیا؟ ہاں تاریخ اس سوال کے جواب میں خاموش ہے —

"اچھا؟ کیا تم تیار ہو؟" اس کی لطف و انبساط میں ڈوبی ہوئی آواز گونج اٹھی —

سانن نے خاموشی سے اپنے کوٹ کے بٹن لگائے اور سر پر ہیٹ جمائی — ماریا نکولائونا نے ایک کوندتی ہوئی نظر سے اسے دیکھا، سر ہلایا اور دوڑتی ہوئی زینے سے اترنے لگی — اور اس کے پیچھے پیچھے سانن دوڑتا ہوا نیچے اترا —

پھاٹک کے سامنے، سڑک پر، گھوڑے پہلے ہی سے کھڑے تھے — وہاں تین گھوڑے تھے — ماریا نکولائونا کے لئے خوب سدھی ہوئی، سنہرے بھورے رنگ کی گھوڑی تھی، اس کا نکلا ہوا نتھنے والا

حصہ پتلا تھا اور اس کے ہونٹ پھڑک رہے تھے، بڑی بڑی کالی آنکھیں ، ہرن جیسی ٹانگیں، کچھہ ہڈی ہڈی سی، لیکن خوبصورت اور شعلے کی طرح لپکتی ہوئی سی — سانن کے لئے ایک موٹا تازہ، زوردار گھوڑا تھا — وہ سر سے پاؤں تک سیاہ تھا — تیسرا گھوڑا سائیس کے لئے تھا— ماریا نکولائونا بڑے سبک انداز سے اچھلی اور زین پر جم گئی — گھوڑی زمین پر ٹاپ مارنے لگی، ادھر ادھر تڑپی چھڑپی اور اپنی دم کمان کی طرح تان دی اور اپنے بدن کو تاننے اور سکیڑ نے لگی لیکن ماریا نکولائونا (خوب شہسوار تھی یہ عورت!) زین پر چپکی رہی — اسے ابھی پولوزوف کو خدا حافظ کہنا تھا، جو اپنے جنم جنم کی ساتھی ترکی ٹوپی اور کھلے ہوئے ڈرپسنگ گاؤن کے ساتھہ بالکنی میں کھڑا باریک ململ کا رومال ہلا رہا تھا — البتہ اس کے چہرے پر ہلکی سی بھی مسکراہٹ نہ تھی، بلکہ اس کی تیوریاں چڑھی ہوئی تھیں — سانن بھی اپنے گھوڑے پر سوار ہو گیا — ماریا نکولائونا نے چابک سے پولوزوف کو سلامی دی، اور پھر اپنی گھوڑی کی کمان کی طرح تنی ہوئی گردن پر چابک مارا — گھوڑی پیچھے اڑی، پھر اس نے آگے جست لگائی اور سرپٹ آندھی کی طرح دوڑنے لگی، وہ سر سے پاؤں تک لرز رہی تھی اور لگام کی زنجیر کو کاٹ رہی تھی اور گھبرائی گھبرائی سی دانت بجا رہی تھی اور نتھنوں سے آواز نکال رہی تھی — سانن پیچھے پیچھے ماریا نکولائونا کو دیکھتے ہوئے اپنا گھوڑا دوڑا رہا تھا — اس کا نازک، لچکدار جسم، جو بڑی صفائی سے پیٹیوں میں بندھا ہوا تھا (لیکن پٹیاں کسی ہوئی نہیں تھیں) بڑے سبک اور پراعتماد دلکشی کے ساتھہ ہل رہا تھا —

اس نے مڑ کر دیکھا اور نگاہوں نگاہوں میں پکارا — وہ گھوڑے کو تیز دوڑا کر اس کے برابر آ گیا —

"کیوں اچھا لگ رہا ہے نا؟" اس نے کہا — "جدا ہونے سے پہلے میں تم سے کہنا چاہتی ہوں کہ تم بہت پیارے ہو—— اور تم اس پر کبھی نہیں پچھتاؤگے — "

یہ آخری الفاظ ادا کرتے ہوئے اس نے کئی بار سر ہلایا، جیسے وہ ان الفاظ پر زور دینا چاہتی ہو اور ان کی اہمیت کو جتانا چاہتی ہو—

سانن اس کو اتنا خوش دیکھ کر حیران ہو رہا تھا — اس کے چہرے پر وہ مقدس کیفیت تھی جو کبھی کبھی بچوں کے چہرے پر اس وقت نظر آتی ہے جب وہ خوشی سے پھولے نہیں سماتے —

وہ گھوڑوں کو دلکی دوڑاتے ہوئے شہر کے پھاٹک تک گئے لیکن بس شاہراہ پر پہنچنے کی دیر تھی — انہوں نے گھوڑوں کو سرپٹ دوڑانا شروع کر دیا — موسم شاندار تھا، موسم گرما کا ایک خوبصورت دن — ان کے چہروں سے ہوا ٹکرا رہی تھی اور کانوں میں سیٹیاں بجاتی ہوئی خوشگوار شور مچا رہی تھی — وہ خوش تھے — شباب، صحت مند زندگی، اور بے روک تیز رفتار کے احساس نے دونوں کو سرشار کردیا — ہر قدم کے ساتھ یہ احساس بڑھتا گیا —

ماریا نکولائونا نے گھوڑی کی لگام کھینچی اور ایک بار پھر دلکی چلنے لگی — سانن اس کے نقش قدم پر چلنے لگا —

"اوہ!" اس نے دل کی گہرائی اور روحانی کیف کے ساتھ ایک ٹھنڈی سانس لی "یہی ایک ایسی چیز ہے جس کے لئے آدمی زندہ رہ سکتا ہے! جو چاہو وہ حاصل کرنے کے لئے، وہ چیز جو ناممکن معلوم ہوتی تھی—— میرا جام بھر گیا ہے، میرا جام لبالب ہے!"

اس نے اپنی گردن پر ہاتھہ دوڑایا — "اور آدمی خود کو کتنا نیک دل محسوس کرنے لگتا ہے! اب ذرا دیکھو اس وقت میرا دل کتنا نرم پڑ گیا ہے اور مہر و محبت سے بھر گیا ہے! مجھے ایسا لگتا ہے کہ اس وقت میں پوری کائنات کو اپنے بازوؤں میں سمیٹ سکتی ہوں! نہیں نہیں ساری دنیا کو نہیں —— میں "اس کو" گلے نہیں لگا سکتی — " اس نے اپنے چابک سے چیتھڑوں میں ڈھکے ہوئے ایک بڈھے کی طرف اشارہ کیا جو سڑک کے کنارے کنارے رینگتا ہوا چل رہا تھا — "لیکن میں اس کو خوش کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتی — لو یہ لو!" وہ زور سے جرمن زبان میں چلائی اور اپنی تھیلی اس بڈھے کے قدموں میں پھینک دی — ایک چھوٹی سی بھاری تھیلی (اس زمانے میں بٹوے جیسی کوئی چیز نہ تھی) دھم سے سڑک پر گری — راھگیر، حیران حیران سا، رک گیا لیکن ماریا نکولائونا نے زور سے قہقہہ بلند کیا اور اپنی گھوڑی کو سرپٹ دوڑاتے ہوئے آگے بڑھہ گئی —

"کیا تم شہسواری کی اتنی شوقین ہو؟" سانن نے اس کے برابر آتے ہوئے پوچھا —

ماریا نکولائونا نے پھر اپنی گھوڑی کی لگام کھینچ لی —— وہ اس کو روکنے کے کسی اور طریقے کو تسلیم نہ کرتی تھی —

"میں اس کی ممنونیت کے اظہار سے بچنا چاھتی تھی — جو کوئی میرا شکریہ ادا کرتا ہے —— میری راحت کا مزا کرکرا کر دیتا ہے — یہ میں نے اس کے لئے نہیں کیا، تم جانو یہ میں نے اپنی خاطر کیا — اس کو میرا شکریہ ادا کرنے کی جرأت کیوں ہو؟ کیا کہا تم نے؟ میں نے سنا نہیں —"

"میں پوچھنا چاھتا تھا . . . کہ آخر تم آج اتنی خوش کیوں ھو؟"

"سنو!" ماریا نکولائونا نے کہا — پھر یا تو اس نے سانن کا سوال نہیں سنا یا اس کا جواب دینا مناسب نہ سمجھا — "میں اس سائیس کے پیچھا کرنے سے اکتا گئی ھوں، وہ شاید مستقل یہ سوچتا چلا آرھا ھے کہ یہ صاحب لوگ کب گھر لوٹینگے — ھم اس سے کیوں کر چھٹکارا حاصل کریں؟" اس نے جلدی سے اپنی نوٹ بک سے ایک ورق پھاڑا — "کیا میں اسے ایک خط کے ساتھہ شہر واپس بھیج دوں؟ نہیں یہ ٹھیک نہیں ھوگا — اوہ، میں جانتی ھوں! کیا وھاں آگے کوئی سرائے ھے؟"

سانن نے اس طرف دیکھا جدھر اس نے اشارہ کیا تھا —

"معلوم تو ھوتی ھے — "

"خوب! میں اس کو وھاں ٹھہراؤنگی اور کہونگی کہ ھمارے لوٹنے تک بیئر پیو — "

"لیکن وہ کیا سوچیگا؟"

"اس کی ھمیں کیا پروا ھے؟ اور وہ سوچیگا بالکل نہیں، وہ بس بیئر پیئیگا — آؤ، سانن!" (اس نے پہلی بار سانن کے نام سے اس کو پکارا تھا —) "آگے بڑھو! سرپٹ!"

جب وہ سرائے پہنچے تو ماریا نکولائونا نے سائیس کو بلایا اور اپنے مطلب کی بات کہی — سائیس نے جو انگریز نسل کا تھا اور انگریزی مزاج رکھتا تھا، خاموشی سے اپنا ھاتھہ ٹوپی کے سرے تک اٹھایا اور زین سے اچھل کر کود گیا اور لگام پکڑ کر گھوڑے کو ایک طرف لے گیا —

"اب ھم بالکل آزاد ھیں، جیسے ھوا!" ماریا نکولائونا چلائی —

"ہم کہاں چلیں؟ اتر، دکھن، پورب، پچھم؟ دیکھو. . . میں ہنگری کے بادشاہ کی طرح ہوں جس کی رسم تاجپوشی ادا ہو رہی ہو—" (اس نے اپنے چابک سے چاروں سمتوں میں اشارہ کیا—) "یہ سب ہمارا ہے! نہیں، میں تمہیں بتاؤں—— وہاں تمہیں وہ پہاڑ نظر آ رہا ہے—— اور جنگل! آؤ وہاں چلیں، پہاڑوں پر، پہاڑوں پر!"

In die Berge, wo die Freiheit thront!*

وہ گھوڑی کو شاہراہ سے اتار کر اس تنگ اور سنسان راستے پر دوڑانے لگی جو پہاڑوں کی طرف جاتا ہوا معلوم ہوتا تھا— سانن اس کے پیچھے پیچھے گھوڑے کو دوڑا رہا تھا—

٤٢

یہ راستہ جلد ہی ایک پگ ڈنڈی میں بدل گیا اور پھر بالکل غائب ہوگیا— اس کو ایک گڑھے نے کاٹ دیا تھا— سانن نے واپس چلنے کی صلاح دی لیکن ماریا نکولائونا نے کہا "نہیں میں پہاڑوں پر جانا چاہتی ہوں— آؤ ہم سیدھے، بالکل ناک کی سیدھ میں، تیر کی طرح اڑتے چلیں" اس نے اپنی گھوڑی کو گڑھے پر سے تڑپا دیا— سانن نے بھی وہی کیا— گڑھے کے بعد ایک مرغزار آیا— شروع میں تو یہ سوکھا ہوا تھا، اس کے بعد نم اور گیلا گیلا سا حصہ آیا اور آخر میں قریب قریب دلدلوں جیسا— ہر طرف سے پانی رس رہا تھا— ماریا نکولائونا اپنی گھوڑی کو پانی کے گڑھوں اور چھ بچوں میں

---

* پہاڑوں پر جہاں آزادی منڈلا رہی ہے!

دوڑاتی اور ہنستی رہی — وہ باربار کہتی جاتی : "آؤ ہم بچے بن جائیں!"

"کیا تم جانتے ہو کہ چہ بچوں میں شکار کا مطلب کیا ہوتا ہے؟" اس نے سانن سے پوچھا —

"میں جانتا ہوں" سانن نے جواب دیا —

"میرے چچا کتوں کے ساتھہ شکار کیا کرتے تھے —" اس نے اپنی بات کا سلسلہ جاری رکھا — "میں موسم بہار میں ان کے ساتھہ شہسواری کے لئے جایا کرتی تھی — اف کتنا شاندار تھا یہ! اور اب میں اور تم چہ‌بچوں میں کھیل رہے ہیں — لیکن دیکھو! تم ایک روسی ہو اور پھر بھی ایک اطالوی لڑکی سے شادی کرنے کا ارادہ رکھتے ہو؟ اور خیر یہ تمہارا درد سر ہے — یہ کیا؟ ایک دوسرا گڑھا؟ لو وہ مارا!" گھوڑی نے چھلانگ لگائی اور ماریا نکولائونا کے سر سے ہیٹ گر گئی اور اس کی گھونگھریالی لٹیں شانوں پر آ رہیں — سانن اتر کر ہیٹ اٹھانے ہی والا تھا کہ وہ چلائی "اس کو چھوؤ مت! میں خود ہی اسے اٹھا لونگی!" وہ اپنے چابک کے سرے سے اپنی نقاب کو الگ کرتے ہوئے زین سے نیچے جھکی اور واقعی ہیٹ اٹھا لی اور دوبارہ اپنے سر پر جما لی — لیکن اس نے بالوں کو اس کے اندر نہیں سمیٹا اور ایک وحشیانہ طراری اور چیخ کے ساتھہ اپنی گھوڑی کو دوڑاتے ہوئے ہوا سے باتیں کرنے لگی — اس کے پہلو میں سانن بھی اپنے گھوڑے کو سرپٹ دوڑا رہا تھا، اس کے شانہ بشانہ ہی وہ گڑھوں، رکاوٹوں، نالوں پر سے چھلانگیں لگا رہا تھا، کبھی چھلانگ لگاتا، کبھی کودتا، کبھی گھوڑے کو چڑھائی پر دوڑاتا، کبھی اتار پر —— پورے وقت وہ اس کے چہرے پر اپنی نظریں جمائے ہوئے تھا — اور کیا لاجواب چہرہ تھا

یہ! ایک کھلتے ہوئے پھول کی طرح! آنکھیں، پراشتیاق، روشن اور وحشی آنکھیں پھٹی ہوئی تھیں، ہونٹ کھلے ہوئے تھے، پھڑکتے ہوئے پتلے نتھنے بڑے چاؤ سے تازہ ہوا پی رہے تھے — وہ بالکل ناک کی سیدھ میں دیکھ رہی تھی — جیسے اس کی جرأت آزما روح وہ سب کچھ جو اسے نظر آ رہا ہے اپنے اندر سمولیگی — دھرتی، آکاش، سورج، ہوا — اور ایسا لگتا تھا کہ اسے صرف ایک چیز کا افسوس ہے —— اس کے سامنے کافی خطرے نہ تھے جن پر وہ عبور حاصل کر سکتی — "سانن" وہ چلائی "یہ بیورگر کے "لینور" * کی طرح ہے — بس فرق اتنا ہے کہ تم مرے نہیں ہو، ہے نا؟ مرے تو نہیں؟ میں زندہ ہوں!" اس کے وحشیانہ جذبات کھل کھیل رہے تھے — وہ ایک قدیم یونانی "جنگجو عورت" باقی نہیں رہی تھی، وہ ایک دیومالائی جوان شہسوار عورت تھی، آدھی دیوی، آدھی حیوان —— اور دیہاتی علاقے کی پرشکوہ اور ہموار وسعتیں، اس مجنونانہ سرخوشی و سرمتی پر خاموش اور حیران تھیں —

آخر ماریا نکولائونا نے اپنی جھاگ ٹپکاتی ہوئی بے چین گھوڑی کی لگام کھینچی — وہ اس کے بوجھ تلے ذرا لچکی اور سانن کا طاقتور مگر گمبھیر گھوڑا ہانپنے لگا —

"کیوں ہے نا یہ پرلطف اور مسرت انگیز؟" ماریا نکولائونا نے ایک وجدانی مسرت کے ساتھ سرگوشی میں پوچھا —

"ہے!" سانن نے جوش و خروش کے ساتھ جواب دیا — اس کا خون بھی طوفان کی طرح امڈ رہا تھا —

---

* ایک جرمن شاعر اگست بیورگر (۱۷۹۴ء — ۱۷۴۷ء) کا آلہا —

"ذرا انتظار کرو، یہی سب کچھ نہیں ہے!" اس نے اپنا ہاتھ پھیلایا — اس کا دستانہ پھٹ چکا تھا —

"میں نے کہا تھا کہ میں تمہیں جنگل اور پہاڑوں میں لے جاؤنگی — وہ رہے جنگل اور پہاڑ!" ہاں پہاڑ، جن کے سر پر جنگلوں کا تاج سا پھیلتا چلا گیا تھا، ان شہسواروں سے بس کوئی دو سو گز کے فاصلے پر تھا — "دیکھو — یہ ہے راستہ جو وہاں جاتا ہے — ہم ذرا سانس لے لیں پھر چلتے ہیں — آگے! لیکن ہم ٹہلتے ہوئے چلینگے اور گھوڑے ذرا سستا لیں — "

وہ گھوڑے کو آگے بڑھاتے رہے — ماریا نکولائونا نے ایک زوردار جھٹکے سے بال پیچھے پھینک دئے — پھر اس نے اپنے دستانوں کو دیکھا — اور ان کو اتار لیا — "میرے ہاتھ سے چمڑے کی بو آئیگی — " اس نے کہا "لیکن تم اس کی پروا نہیں کروگے، نہیں کروگے نا؟"

ماریا نکولائونا مسکرائی اور سانن بھی مسکرایا — لگتا تھا کہ اس وحشیانہ گھوڑ دوڑ نے ان کو ایک دوسرے سے قریب کر دیا تھا اور ان کو دوست بنا دیا تھا —

"کیا عمر ہے تمہاری؟" اس نے اچانک پوچھا —

"بائیس — "

"نہیں، سچ؟ میں بھی بائیس برس کی ہوں — خوب عمر ہے یہ — اگر دونوں کو اکٹھا کر لو جب بھی بڑھاپا ابھی بہت دور رہ جائیگا — لیکن کتنی گرمی ہو رہی ہے! بتاؤ، کیا میں بہت سرخ ہو رہی ہوں؟"

"سرخ، خشن خاش کی طرح سرخ — "

ماریا نکولائونا نے رومال سے اپنا منہ پونچھا —

"کاش ہم جلدی سے جنگل میں پہنچ جائیں —— وہاں ٹھنڈا ہوگا — ہائے ایسا پرانا جنگل، جیسے پرانا دوست ہو! کیا تمہارا کوئی دوست بھی ہے؟"

سانن سوچنے کے لئے رکا — "ہاں ہیں . . . لیکن بہت زیادہ نہیں - سچے دوست نہیں — "

"میرے سچے دوست ہیں، لیکن وہ پرانے دوست نہیں — میری گھوڑی ہے —— یہ میری اچھی دوست ہے — ذرا دیکھنا کتنی احتیاط سے مجھے اٹھائے اٹھائے چلتی ہے — اوہ یہاں کتنا اچھا لگتا ہے! کیا میں واقعی پرسوں پیرس جا رہی ہوں؟"

"ہاں . . . کیا تم واقعی جا رہی ہو؟" سانن نے دہرایا —

"اور تم فرانک‌فرٹ جا رہے ہو؟"

"میں تو واقعی فرانک‌فرٹ جا رہا ہوں — "

"اوہ —— اچھا، میں چاہتی ہوں تمہیں مسرتیں حاصل ہوں! لیکن آج ہمارا ہے . . . ہمارا اپنا!"

گھوڑے جنگل کے قریب پہنچے اور اس کے اندر گھس گئے — چاروں طرف سے پھیلے ہوئے آرام دہ پرسکون سائے نے انہیں اپنی آغوش میں لے لیا —

"لیکن یہ تو جنت ہے!" ماریا نکولائونا بولی — "آؤ سانن ہم ان پرچھائیوں میں اور اندر تک چلیں!"

گھوڑے، پرچھائیوں میں کھوئے ہوئے، دور تک، اپنے راستے پر چلتے رہے، وہ ہلکے ہلکے جھوم رہے تھے اور زور زور سے سانس

لے رہے تھے — ان کا راستہ اچانک ایک طرف مڑ گیا اور ایک تنگ گھاٹی میں دوڑتا چلا گیا — اس گھنی اور خواب ناک سی فضا میں، اریکا قسم کی گلابی پھولوں والی جھاڑیوں، فرن اور چیڑ اور پچھلے سال کے سڑے ہوئے پتوں کی ملی جلی بو بسی ہوئی تھی — بڑی بڑی بھوری ڈھلواں چٹانوں کی شگافوں میں تیز اور ٹھنڈی ہوا سرسرا رہی تھی — گول گول چٹانیں، جن پر ہری ہری کائی جمی ہوئی تھی، راستے کے دونوں طرف بلند ہوتے چلے گئے تھے —

"رک جاؤ!" ماریا نکولائونا چلائی — "میں اس مخملیں گدے پر بیٹھنا اور آرام کرنا چاہتی ہوں — مجھے اترنے میں ذرا سہارا دو!"

سانن گھوڑے سے اترا اور لپک کر اس کے پاس گیا — وہ اس کے کندھے پر جھکی اور تیزی سے کود گئی اور کائی سے بھرے ہوئے ٹیلے پر بیٹھ گئی — وہ اس کے سامنے دونوں گھوڑوں کی لگام پکڑے کھڑا رہا —

اس نے سانن کے چہرے کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھا...

"کیا تم بھولنا جانتے ہو سانن؟"

پچھلے دن گاڑی میں جو کچھ ہوا تھا سانن کو یاد آگیا —

"یہ ایک سوال ہے... یا ملامت؟" اس نے سوال میں جواب دیا —

"میں نے زندگی میں کبھی بھی کسی کو برا بھلا نہیں کہا ہے — کیا تم جادو پر یقین رکھتے ہو؟"

"کیا مطلب ؟"

"جادو منتر ٹونے پر؟ تم جانتے ہو — ہمارے گیتوں میں کیا گایا جاتا ہے — روسی لوک گیتوں میں؟"

"اچھا یہ مطلب ہے تمہارا؟" سانن نے کھینچ کر کہا—

"ہاں — میں اس پر یقین رکھتی ہوں... اور اس طرح تم بھی کبھی اس پر یقین کروگے — "

"جادو منتر..." سانن نے دھرایا — "سبھی کچھ ممکن ہے — پہلے مجھے اعتبار نہ تھا، لیکن اب ہے — میں خود اپنے آپ کو نہیں پہچانتا — "

ماریا نکولائونا کچھہ سوچتی ہوئی نظر آ رہی تھی — اس نے پیچھے پلٹ کر نظر دوڑائی —

"میں اس جگہ سے مانوس ہوں — سانن دیکھو پلٹ کر، وہ عظیم الشان شاہ بلوط — کیا وہاں لکڑی کی سرخ صلیب ہے؟"

سانن ایک طرف چند قدم ہٹ گیا — "ہاں ہے — "

ماریا نکولائونا چہکی — "اچھا — میں جانتی ہوں، ہم کہاں ہیں — ہم ابھی کھوئے نہیں ہیں — وہ شور کیسا ہے — کوئی لکڑہارا ہے؟"

سانن نے گھنے جنگل میں غور سے دیکھا — "ہاں، کوئی سوکھی ٹہنیاں کاٹ کاٹ کر گرا رہا ہے — "

"مجھے اپنے بال سنوارنے چاہئیں" ماریا نکولائونا نے کہا — "ورنہ وہ مجھے دیکھیگا اور مزے مزے کی الٹی سیدھی باتیں سوچ ڈالیگا — " اس نے اپنی ہیٹ اتاری اور ایک باوقار خاموشی کے ساتھہ اپنی لمبی لمبی چوٹیوں کا جوڑا بنانے لگی — سانن اس کے سامنے کھڑا تھا... ماریا نکولائونا کے لباس کی سیاہ تہوں کے اندر سے جس پر جگہ جگہ کائی چپک گئی تھی، اس کے بدن کے دلکش پیچ و خم، پھوٹے پڑ رہے تھے —

سانن کے پیچھے ایک گھوڑے نے اچانک سرکو جھٹکا دیا — وہ بے اختیار طور پر سر سے پاؤں تک لرزنے لگا — اس کے اندر ہر چیز گڈمڈ ہو رہی تھی، ٹوٹ پھوٹ رہی تھی، اس کے اعصاب ساز کے تاروں کی طرح تنے ہوئے تھے — اس نے یہ سچ کہا تھا کہ اب وہ خود کو بھی پہچان نہ سکتا تھا... اس کو لگ رہا تھا کہ سچ مچ اس پر جادو ہو گیا ہے — اس کا سارا وجود ایک ہی چیز، ایک ہی خیال اور ایک ہی خواہش میں گم تھا — ماریا نکولائونا نے تجسس بھری نظروں سے اسے دیکھا —

"ہاں یہ ہے ڈھب کی بات!" اس نے آخر اپنی ہیٹ پھر سر پر رکھتے ہوئے کہا — "تم بیٹھتے کیوں نہیں؟ یہاں! نہیں ٹھہرو ایک منٹ... بیٹھو مت!.. دیکھو وہ کیا ہے؟"

درختوں کے اوپر اوپر، ایک گھن گرج نے ہوا میں کپکپاہٹ پیدا کر دی —

"کیا یہ کڑکا ہے؟"

"معلوم ہوتا ہے" سانن نے جواب دیا —

"اوہ یہ تو واقعی عید ہے — سچا تہوار! یہ ہے سونے پر سہاگا!" کھوکھلی گھن گرج پھر سنائی دی، اس کی گونج زیادہ تیز ہوگئی اور لرزتی اور غراتی ہوئی کہیں ڈوب گئی — "شاباش Bis!یاد ہے تمہیں کل جو ہم ائنید کے بارے میں باتیں کر رہے تھے؟ وہ بھی جنگل کے اندر ایک طوفان میں پھنس گئے تھے — لیکن ہمیں پناہ ڈھونڈنی چاہئے —" وہ جلدی سے اٹھ کھڑی ہوئی — "ذرا میری گھوڑی قریب لاؤ! اپنا ہاتھ بڑھاؤ — یہ ٹھیک ہے — میں بہت بھاری تو نہیں —"

وہ چڑیا کی سبک روی سے اچھلی اور زین پر جم گئی — سانن بھی اپنے گھوڑے پر سوار ہو گیا —

"کیا اب گھر جا رہی ہو؟" سانن نے جھجکتے ہوئے پوچھا —

"گھر؟" اس نے لگام کو سمیٹتے ہوئے گونجتی ہوئی آواز میں دھرایا — "تم میرے پیچھے آؤ!" اس نے قدرے سختی سے حکم کے انداز میں کہا —

وہ راستے پر گھوڑی کو دوڑانے لگی، صلیب کے پاس سے گزر کر، ترائی میں اتری، چوراہے تک گئی، سیدھے ہاتھ کو مڑی اور ایک بار پھر پہاڑی چڑھائی پر چڑھنے لگی — وہ اس راستے پر، زیادہ سے زیادہ جنگل کے اندر بڑھتی چلی گئی اور ایسا ظاہر ہو رہا تھا کہ اسے معلوم ہے کہ وہ کہاں جا رہی ہے — وہ کچھ نہ بولی اور نہ ایک بار مڑ کر دیکھا، وہ تحکمانہ شان سے بڑھتی رہی، اور سانن نہایت سعادت مندی اور فرماں برداری سے اس کے نقش قدم پر چلتا رہا — اس کے دل میں قوت ارادی کی آخری چنگاری بجھ چکی تھی — بوندا باندی شروع ہوئی اور پھواریں پڑنے لگیں — وہ آگے بڑھنے کے لئے اپنی گھوڑی کو مہمیز لگاتی رہی اور سانن بھی اس سے پیچھے نہ رہا — فر کے ایک نئے درخت کی چھدری چھدری ہری پتیوں سے اسے ایک خستہ حال سی جھونپڑی نظر آئی، جس کی ٹٹی کی دیوار میں ایک نیچا دروازہ تھا — یہ جھونپڑی ایک سرمئی سی اونچی چٹان کے سائے میں تھی — ماریا نکولائونا اپنی گھوڑی کو جھاڑ جھنکاڑ میں سے گزرنے پر مجبور کرتی رہی اور آخر وہ اس جھونپڑی کے سامنے پہنچ کر کود گئی اور سرگوشی کے لہجے میں بولی "ایناس؟"

چار گھنٹے بعد، ماریا نکولائونا اور سانن ، سائیس کے همراہ، جو اپنی زین پر بیٹھا اونگھه رہا تھا، ویسبادن اپنے ہوٹل واپس پہنچے — موسیو پولوزوف اپنی بیوی سے ملا تو اس کے ہاتھه میں پٹواری کے نام خط لکھا ہوا موجود تھا — اس نے ایک سوالیه نظر سے اس کو دیکھا اور اس کے چہرے پر بے اطمینانی کی کیفیت پیدا ہو گئی — "کیا تم یه کہنا چاہتی ہو که میں ہار گیا؟" وہ بڑبڑایا — ماریا نکولائونا نے جواب میں صرف اپنے شانے ہلا دئے —

اور دو گھنٹے بعد، سانن خود اپنے کمرے میں، اس کے سامنے لٹا پٹا اور تباہ و برباد کھڑا تھا —

"کہاں جا رہے تم؟" اس نے پوچھا — "پیرس —— یا فرانکفرٹ؟"

"میں وہیں جاؤنگا جہاں تم جاؤگی اور اس وقت تک تمہارے پاس ہی رہونگا جب تک که تم مجھے نکال نه دو —" اس نے بےبسی میں کہا اور اس کے قدموں پر گر گیا اور اپنے ہونٹ اس کے ہاتھه پر رکھه دئے — اس نے اپنا ہاتھه چھڑایا اور اس کے سر پر رکھه دیا — اور دفعتاً اس نے اس کے بالوں کو اپنی دسوں انگلیوں سے جکڑ لیا — وہ آہسته آہسته نرم بالوں میں انگلیوں کو دوڑاتی اور بالوں کو کھینچتی رہی — وہ سیدھی تنی ہوئی کھڑی تھی ایک فاتحانه مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر ناچ رہی تھی، اس کی پھیلی ہوئی آنکھوں سے جو مارے چمک کے سفید ہو رہی تھیں، سوائے ایک سخت گیر کھوکھلے پن اور فتح کی شان کے اور کچھه نه جھلک رہا تھا — صرف اپنی شکار چڑیا کے گوشت میں چونچ مارتی ہوئی چیل کی آنکھیں ایسی ہوتی ہیں —

جب سانن کو، اپنے خاموش مطالعہ کے کمرے میں کاغذوں کو الٹ پلٹ کرتے ہوئے، یاقوت کی ایک صلیب ملی تو اس کو بس اتنا ھی یاد آیا — ابھی جو واقعات بیان کئے گئے ھیں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے اس کی آنکھوں میں پھر گئے — لیکن جب اس کو وہ لمحہ یاد آیا جب اس نے مادام پولوزووا سے توھین آمیز التجائیں کیں، وہ وقت جب اس نے اپنے آپ کو اس کے قدموں میں ڈال دیا — ھاں جب اس کو اپنے دور غلامی کے آغاز کا وہ لمحہ یاد آیا تو اس نے ان تصورات کی طرف سے اپنا منہ پھیر لیا — اب زیادہ کی اسے تاب نہ تھی — یہ بات نہ تھی کہ اس کی یاد نے جواب دے دیا ہو، نہیں ایسا نہ تھا! وہ جانتا تھا، اچھی طرح جانتا تھا کہ اس کے بعد کیا ہوا تھا لیکن اب بھی، اتنے زمانے بعد بھی، مارے شرم کے اس کا دم گھٹا جا رہا تھا — وہ اپنے آپ سے اس ناقابل، تسخیر نفرت کے احساس سے ڈرتا تھا — وہ جانتا تھا کہ اگر اس نے اس یاد کو الوداع نہیں کہا تو یہ احساس اسے اپنی موجوں میں بہا لے جائیگا اور تمام دوسرے احساسات پر چھا جائیگا — ان ابھرتی ہوئی یادوں سے بھلے ھی اس نے منہ موڑ لیا ہو، مگر ان کو بالکل گھونٹ دینے میں وہ کامیاب نہ ہو سکا — اسے اپنا فضول، آنسوؤں میں ڈوبا ہوا، جھوٹا، ترس اور رحم سے بھرا ہوا خط یاد آیا جو اس نے جیما کو لکھا تھا، ایک ایسا خط جس کا جواب بھی نہ آیا . . . ایسے دھوکے اور دغا بازی کے بعد اس کے پاس لوٹنا —— نہیں، نہیں! ابھی اس میں ضمیر اور عزت کی اتنی چنگاری باقی تھی، جس نے اسے

ایسا کرنے سے باز رکھا! اس کے علاوہ وہ اپنی ساری خود اعتمادی، ساری خودداری کھو چکا تھا — اب اس میں کسی بات کا جواب دینے کی جرأت نہ تھی — سانن کو یہ بھی یاد آیا (اوہ شرم و رسوائی کی کوئی حد تھی!) کہ اس نے کس طرح پولوزوف کے خدمتگار کو اپنا سامان لینے کے لئے فرانکفرٹ بھیجا تھا — وہ کتنا خوف زدہ تھا، اور کس طرح اس کے دماغ میں ایک ہی خیال تھا: کس طرح اور کب پیرس بھاگے، جہاں تک جلد ہو بھاگ کر پیرس میں پناہ لے — کس طرح اس نے، ماریا نکولائونا کے حکم پر، ایپولیت سیدورچ کے دل میں گھر کرنے کی کوشش کی تھی — کس طرح اس نے دون ہوف سے اپنے تعلقات استوار کئے تھے جس کی انگلی میں بھی اس نے ویسی ہی لوہے کی انگوٹھی دیکھی تھی جیسی کہ اس نے سانن کو دی تھی! پھر ان یادوں کا کارواں آیا جو اور بھی زیادہ شرمناک اور بری تھیں — ویٹر نے اس کے ہاتھ میں ایک کارڈ دیا تھا جس پر عالی جاہ ڈیوک اف مودینہ کے موسیقار پنتالیونے چپاتولا کا نام لکھا ہوا تھا — وہ اس بڈھے سے روپوش تو ضرور ہو گیا لیکن گلیارے میں اس کی مڈبھیڑ ہو ہی گئی اور اب تک اس کو، اوپر کی طرف بل کھائی ہوئی سفید لٹوں کے نیچے غصے سے بھرا ہوا وہ چہرہ یاد تھا — بوڑھی آنکھیں انگارے کی طرح دھک رہی تھیں — سانن کے کانوں نے غضبناک چیخیں اور کوسنے سنے تھے: *Maledizione! نہ جانے اسے کتنی غضبناک ملامتیں سنائی دی تھیں: **Codardo! Infame traditore! سانن آنکھیں بند کرتا ہے، سر پھیرتا ہے، بار بار منہ

---

* لعنت ملامت —

** بزدل! ملعون غدار!

موڑتا ھے لیکن وہ اب بھی خود کو سفری گاڑی کی پتلی سی اگلی بنچ پر بیٹھا ھوا دیکھتا ھے — پچھلی آرام دہ سیٹ پر ماریا نکولائونا اور ایپولیت سیدورچ بیٹھے ھیں، چار گھوڑے ایک ساتھہ جتے ھوئے ویسبادن کی سڑکوں پر تیز تیز دوڑ رھے ھیں —— پیرس کی طرف، پیرس کی طرف! ایپولیت سیدورچ ایک ناشپاتی کھاتا ھے جو سانن نے چھیل کر پیش کیا ھے، ماریا نکولائونا اسے اس مسکراھٹ کے ساتھہ دیکھتی ھے جس سے وہ خوب مانوس ھو چکا ھے — یہ ھارا ھوا آدمی اور مالک کی مسکراھٹ ، حکمراں کی مسکراھٹ . . .

لیکن اوہ، خدا، سڑک کے نکڑ پر شہر کے دروازے کے قریب کون نظر آ رھا ھے، کیا پھر پنتالیونے ؟ اور اس کے ساتھہ کون ھے؟ کیا یہ ایمیلیو ھے؟ ھاں ھاں یہ وھی ھے، وھی پرجوش لڑکا جو کبھی اس پر جان دیتا تھا! کچھہ ھی دنوں کی بات ھے اس کا دل اپنے ھیرو کے لئے کس طرح پرستش کے جذبے سے بھر گیا تھا، اور اس کے لئے تو وہ آدرش بن گیا تھا، اور اب اس کا پیلا اور خوبصورت چہرہ——اتنا خوبصورت کہ ماریا نکولائونا کی نظر جم کر رہ گئی اور اس نے کھڑکی سے جھانک کر دیکھا —— اب وہ نیک طینت چہرہ غصہ اور نفرت برسا رھا ھے — وہ آنکھیں —— جن میں جیما کی آنکھوں کی اتنی گہری جھلک ھے —— سانن کو گھور کر دیکھتی ھیں — ھونٹ چپکے ھوئے ھیں — ھونٹ کھلتے ھیں تو صرف گالیاں برسانے کے لئے . . .

اب پنتالیونے اپنا ھاتھہ اٹھاتا ھے اور سانن کی طرف اشارہ کرتا ھے — لیکن کس کو؟ تارتالیا کو جو اس کے پاس کھڑا ھے اور تارتالیا سانن پر بھونکتا ھے اور اس ایماندار کتے کی بھونک میں ایک ناقابل برداشت ملامت چھپی ھوئی ھے — لعنت!

اور پھر — پیرس کی زندگی — اور ساری رسوائیاں، ایک ایسے غلام کا سارا رکیک درد و کرب، جو رقابت دکھانے کا، شکائیت کرنے کا حق نہیں رکھتا اور جو آخر میں ردی دستانے کی طرح پھینک دیا جاتا ھے...

پھر — اپنے وطن کو واپسی، ایک زھرآلود اور تباہ و برباد زندگی، چھوٹی چھوٹی پریشانیاں، تلخ اور بے نتیجہ پچھتاوا اور ایک خلا جو اتنا ھی بے نتیجہ اور تلخ ھے — اس کو جو سزا ملی تھی نظر نہ آتی تھی، لیکن ھمیشہ محسوس ھوتی رھتی تھی، ھر لمحہ، ھر گھڑی — ھلکے ھلکے مگر کبھی ختم نہ ھونے والے درد کی طرح، جیسے وہ بہت بڑا، بےحد و حساب قرض ادا کر رھا ھو لیکن ایک ایک پائی کرکے...

اس کا پیالہ لبالب ھو چکا تھا — بس!

یہ کیوں کر ممکن تھا کہ جیما نے اس کو جو چھوٹی سی صلیب دی تھی زندہ رہ گئی تھی، آخر اس نے یہ صلیب لوٹا کیوں نہ دی تھی، آخر اس کو اس لمحے تک اس کا خیال کیوں نہ آیا؟ وہ دیر تک بیٹھا سوچتا رھا اور اتنے برسوں کے تجربے کے باوجود اس کی سمجھہ میں نہ آ رھا تھا کہ اس نے جیما کو کیوں کر تج دیا، جس کو وہ دل کی گہرائی سے اتنا چاھتا تھا، اتنے جذبے سے، دل کی گرمی سے، اور وہ بھی ایک ایسی عورت کے لئے جس کو اس نے کبھی نہ چاھا — دوسرے دن اس نے تمام دوستوں کو یہ کہہ کر اچنبھے میں ڈال دیا کہ وہ پردیس جا رھا ھے —

سوسائٹی کے لوگ بھونچکا رہ گئے — بھرے جاڑے میں سانن پیٹرس برگ سے جا رہا تھا، جبکہ اس نے ابھی ابھی ایک بہترین مکان کرائے پر لیا تھا اور اسے آراستہ پیراستہ کیا تھا، اور اطالوی اوپیرا سیزن کے لئے ٹکٹ بھی لے چکا تھا، جس میں مادام پتی ، ہاں خود مادام پتی — حصہ لے رہی تھی — دوست و احباب دم بخود رہ گئے — لیکن یہ انسان کے خمیر میں ہے کہ وہ دوسروں کا درد سر زیادہ دیر تک نہیں پالتا اور جب سانن پردیس جانے کے لئے روانہ ہوا تو اسٹیشن پر اسے چھوڑنے کے لئے صرف ایک فرانسیسی درزی حاضر ہوا اور وہ بھی اس امید میں کہ اس کا اپنا بقایا وصول ہوجائے —

pour un saute—en—barque en velours noir, tout à fait chic—*

٤٤

سانن نے اپنے دوستوں سے کہا تھا کہ وہ باہر جا رہا ہے لیکن یہ نہیں بتایا تھا کہ کہاں — آپ فوراً تاڑ گئے ہونگے کہ اس نے سیدھے فرانکفرٹ کی راہ لی ہوگی — ریلوے کا بھلا ہو کہ وہ تین دن کے بعد وہاں پہنچ گیا — ۱۸۴۰ء کے بعد وہ اس شہر میں نہیں آیا تھا — "سفید ہنس" اپنی جگہ پر موجود تھا مگر اب اسے عمدہ ترین ہوٹلوں میں نہیں شمار کیا جاتا تھا — فرانکفرٹ کی خاص سڑک تسیل میں بہت کم تبدیلیاں ہوئی تھیں — لیکن وہاں اب مادام روسیلی کا کوئی نام و نشان باقی نہ تھا، نہ اس سڑک کا کہیں اتہ پتہ تھا جس پر مٹھائی کی دوکان تھی — سانن ،کچھ بیہوشی

---

* کالے مخمل کے جدیدترین وضع کے سمندری کرتے کے لئے!

کے سے عالم میں ان سڑکوں پر گھومتا رہا جن سے وہ اتنا مانوس تھا — لیکن اسے کوئی بھی جانی پہچانی چیز نظر نہ آئی — پرانی عمارتیں غائب ہو گئی تھیں — ان کی جگہ نئی سڑکوں نے لے لی تھیں — اور ان کے کنارے کنارے بڑے بڑے مکانوں اور احاطے والے خوشنما گھروں کا سلسلہ تھا کہ ختم ہونے کو نہ آتا تھا — پبلک پارک کے درخت اور جھاڑیاں، جہاں اس نے جیما کو اپنی محبت کا حال بتایا تھا، بہت گھنے اور لمبے ہو گئے تھے اور اب یہ جگہ اتنی بدلی ہوئی معلوم ہو رہی تھی کہ سانن نے اپنے دل سے پوچھا کہ یہ وہی جگہ ہے یا کوئی اور؟ کیا کروں؟ کہاں اور کس سے پوچھ گچھ کروں؟ تیس برس بیت چکے تھے... اس نے کوئی آسان بیڑا نہیں اٹھایا تھا — اس نے پوچھ گچھ کی بھی تو کیا، کسی نے روسیلی کا نام تک نہ سنا تھا — ہوٹل کے مالک نے مشورہ دیا کہ لائبریری میں معلوم کرو — اس نے کہا کہ وہاں تمام پرانے اخبار مل جائینگے — لیکن ان سے فائدہ کیا ہوگا، ہوٹل کا مالک یہ نہ بتا سکا — انتہائی مایوسی کے عالم میں اس نے ہیر کلیوبر کا پتہ پوچھا — ہوٹل کا مالک اس نام سے اچھی طرح واقف تھا لیکن یہاں بھی اسے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا — اس آن بان کے دوکان دار نے ترقی کی بہت سی منزلیں طے کی تھیں، اور سرمایہ دار بن گیا تھا، پھر اسے بہت خسارہ سہنا پڑا اور دیوالیہ ہو گیا اور انجام کار جیل میں مر گیا — ہاں اس خبر سے سانن کو ذرا دکھ نہ ہوا، وہ اب محسوس کرنے لگا تھا کہ اس کا سفر جنگلی بطخ کی تلاش سے کم نہیں — لیکن ایک دن فرانک‌فرٹ کے ہدائت نامے کی ورق گردانی کرتے ہوئے اس کی نظر پینشن یافتہ میجر فون دون‌ہوف

کے نام پر پڑی (Major v. D.) — اس نے فوراً ایک گاڑی لی اور چل پڑا — حالانکہ کیا ضروری تھا کہ یہ فون دون‌ہوف وھی ھو جس کو وہ جانتا تھا اور اگر وہ وھی ھو بھی تو کیا ضروری تھا کہ وہ روسیلی خاندان کا نشان پتہ جانتا ھو — لیکن ڈوبتے کو تو تنکے کا سہارا چاھئے!

سانن کو پینشن یافتہ میجر گھر پر ملا اور اس نے سفید بالوں والے معمر آدمی کی صورت میں اپنے پرانے حریف کو پہچان لیا — فون دون‌ہوف نے بھی اس کو پہچان لیا اور اس کو دیکھ کر خوش بھی ھوا کیونکہ اس نے اپنے دور شباب اور اس زمانے کے من چلے پن کی یاد تازہ کر دی تھی — سانن کو معلوم ھوا کہ عرصہ دراز ھوا کہ روسیلی خاندان امریکہ میں جابسا، کہیں نیو یارک میں — جیما نے ایک کاروباری آدمی سے شادی کر لی تھی اور فون دون‌ہوف کا کوئی اپنا شناسا تھا جو غالباً اس آدمی کو جانتا تھا اور شاید اس کے پاس اس کا پتہ بھی ھو — اس لئے کہ اس کا امریکہ سے بڑا کاروبار تھا — سانن نے اس کو مجبور کیا کہ وہ جاکر اپنے دوست سے ملے — اور اوہ کیا پوچھنا خوشی کا! فون دون‌ہوف جیما کے شوھر کا پتہ لے آیا — مسٹر جیریمی سلوکم، ۱۰۵، براڈوے، نیو یارک، — لیکن یہ پتہ ۱۸۶۳ء کا تھا —

"آؤ ھم امید کریں" فون دون‌ہوف چلایا "ھماری فرانک‌فرٹ کی سابقہ حسینہ اب تک زندہ ھے اور نیویارک کو چھوڑ کر کہیں نہیں گئی ھے! — ھاں!" اس نے اپنی آواز دھیمی کرتے ھوئے کہا "اور کیا وہ روسی خاتون — وہ جو ویسبادن میں آکر رھی

تھی— تم جانتے ہو، وہ مادام فون بو... فون پولوزوف کیا وہ اب تک زندہ ہے؟"

"نہیں" سانن نے کہا "زمانہ ہوا وہ چل بسی—"

فون دون ہوف نے سر اٹھایا لیکن یہ دیکھ کر کہ سانن ایک طرف ہٹ گیا ہے اور اس کی تیوریاں چڑھ گئی ہیں، وہ ایک لفظ کہے بغیر وہاں سے چلتا ہو گیا—

اسی دن، سانن نے، مسز جیما سلوکم کے نام، نیو یارک ایک خط لکھا جس میں اس نے لکھا کہ وہ یہ خط فرانکفرٹ سے لکھ رہا ہے جہاں وہ صرف اس غرض سے آیا تھا کہ اس کا کھوج لگائے— ظاہر ہے اس کو پورا احساس تھا کہ اسے ذرا حق نہیں کہ اس سے جواب کی امید کرے— وہ جانتا تھا کہ وہ اس کی معافی کا بالکل مستحق نہیں اور اسے صرف اس کی امید تھی کہ وہ اپنے موجودہ مسرت بخش ماحول میں، بہت پہلے ہی اس کے وجود کو سرے سے فراموش کر چکی ہوگی— اس نے لکھا کہ اس نے جیما کو اپنی یاد دلانے کا قصد محض ایک اتفاقیہ واقعے کی بنا پر کیا ہے جس سے اس کے پورے ماضی کی واضح تصویر آنکھوں میں پھر گئی ہے— اس نے اس کو اپنی زندگی کے بارے میں بتایا، تنہا، مسرتوں سے خالی اور بیوی بچے سے محروم زندگی کے بارے میں— اس نے التجا کی کہ میرے اس خط کی غرض سمجھنے کی کوشش کرو، مجھے قبر میں بھی گناہ کے تلخ احساس کے بوجھ تلے دبا رہنے پر مجبور نہ کرو— اس گناہ کے احساس تلے جو ایک زمانے سے دل پر بوجھ

بنا ہوا ہے — گناہ جسے اب تک معاف نہیں کیا گیا ہے — اس نے التجا کی تھی، چاہے چند ہی قلم سہی، اپنے بارے میں اور نئی دنیا میں اپنی زندگی کے بارے میں جہاں وہ اب جا بسی تھی، کچھ ضرور بتائے — "صرف ایک لفظ" اس نے اپنا خط ختم کیا "مجھے لکھ کر تم ایک بڑا نیک کام کروگی جو تمہارے نیک دل کے شایان شان ہوگا اور اپنی زندگی کے آخری لمحے تک تمہارا شکر گزار ہونگا — میں "سفید ہنس" میں ٹھہرا ہوا ہوں" (اس نے ان الفاظ کے نیچے ایک لکیر کھینچ دی) "اور موسم بہار تک تمہارے جواب کا یہاں انتظار کرونگا — "

اس نے خط ڈاک میں ڈالا اور انتظار کے دن کاٹنے لگا — وہ پورے چھ ہفتے ہوٹل میں ٹھہرا رہا — وہ شاذ و نادر ہی کمرے سے نکلتا اور کبھی کسی سے نہ ملتا — کوئی نہ تھا جو روس یا کہیں اور سے اسے خط لکھتا — اور یہ عین اس کی خواہش کے مطابق تھا — اگر کوئی خط آئیگا تو پہلے ہی سے معلوم ہو جائیگا کہ یہ وہی خط ہے جس کی وہ راہ دیکھ رہا تھا — وہ صبح سے شام تک بس پڑھتا رہتا، رسالے نہیں بلکہ سنجیدہ چیزیں، تاریخی کتابیں — مسلسل مطالعہ، سناٹا، سادھوؤں جیسی گوشہ نشینی کی زندگی —— اس کی ذہنی کیفیت سے پوری طرح ہم آہنگ تھی — اس کے لئے بھی وہ جیما کا ممنون تھا — لیکن وہ زندہ تھی یا مردہ؟ کیا وہ جواب دیگی؟

آخرکار اسے امریکی ٹکٹ کے ساتھ ایک خط نیویارک سے ملا — لفافے پر پتہ انگریزی میں لکھا ہوا معلوم ہوتا تھا — وہ لکھائی پہچان نہ سکا اور اس کے دل میں ہوک سی اٹھی — وہ خود کو

فوراً لفافہ چاک کرنے پر آمادہ نہ کر سکا — جب اس نے لفافہ کھولا تو سب سے پہلے اس نے نیچے نام دیکھا: جیما! اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے — یہی بات کہ اس نے اپنا نام بغیر خاندانی لقب کے لکھا تھا، اس کا ثبوت نظر آیا کہ جیما نے اسے معاف کر دیا ہے — اس نے نیلگوں باریک کاغذ کو کھولا اور اس میں سے ایک تصویر گر پڑی — اس نے جلدی سے اسے اٹھایا اور دم بخود رہ گیا: یہ تو خود جیما تھی، جیتی جاگتی جیما ، ویسی ہی شگفتہ اور جوان جیسی تیس برس پہلے اس کو دیکھا تھا! وہی آنکھیں، وہی ہونٹ، وہی مکھڑا — تصویر کی پشت پر لکھا تھا: "میری بیٹی مریاننا" — خط بھی سادہ اور نازک جذبات سے بھرا ہوا تھا — جیما نے سانن کا شکریہ ادا کیا تھا کہ وہ اسے خط لکھنے میں ذرا نہ جھجکا اور اس پر اپنا اعتماد باقی رکھا — اس نے سانن سے یہ نہیں چھپایا کہ واقعی اس کے فرار ہو جانے کے بعد، وہ بڑے غم انگیز لمحے سے گزری لیکن ساتھ ہی اس نے یہ بھی لکھا تھا کہ سانن سے اپنی ملاقات کو وہ اپنی خوش نصیبی سمجھتی رہی اور اب بھی سمجھتی ہے کیونکہ اس ملاقات نے اس کو ہیر کلیوبر کی بیوی بننے سے بچا لیا تھا اور اس طرح، بالواسطہ ہی سہی، یہ ملاقات موجودہ شوہر سے اس کی شادی کی وجہ بنی جس کے ساتھ وہ ستائس برس سے پوری مسرت، خوش حالی اور آرام چین کی زندگی بسر کر رہی ہے — ان کا گھر نیویارک میں ہر شخص جانتا ہے — جیما نے سانن کو یہ بھی بتایا کہ اس کے پانچ بچے ہیں — چار لڑکے اور ایک اٹھارہ سالہ لڑکی، جو اب دلہن بننے والی ہے اور جس کی تصویر اس کے لئے ملفوف ہے — کیونکہ عام رائے یہ ہے کہ وہ بالکل اپنی ماں پر ہے — جیما

نے بری خبر خط کے آخر کے لئے رکھه چھوڑی تھی — فراؤ لینورے نیویارک میں چل بسی تھی جہاں وہ اپنی بیٹی اور داماد کے ساتھه ھی چلی گئی تھی، لیکن اس نے اپنے بچوں کی مسرتیں بھی دیکھیں اور نواسے نواسیوں کو خوب گود بھی کھلایا — پنتالیونے کا ارادہ بھی امریکه جانے کا تھا مگر فرانکفرٹ سے روانه ھونے سے پہلے ھی مر گیا — "ھمارا ایمیلیو، ھمارا پیارا ایمیلیو سسلی میں اپنی مادروطن کی خاطر، ایک شاندار موت مرا — وہ ان "ایک ھزار" جیالوں میں سے تھا جنھوں نے عظیم گاری‌بالڈی کی سرکردگی میں داد شجاعت دی — ھم نے اپنے پیارے بھائی کی موت پر دل خون کیا، لیکن آنسو بہاتے ھوئے ھمیں اس پر ناز ھو رھا تھا، اور ھم ھمیشه اس پر ناز کرینگے اور اس کی مقدس یاد کو کلیجے سے لگا کر رکھینگے — اس کی شاندار اور بے لوث روح تاج شہادت کے شایان شان تھی!" اس کے بعد جیما نے رنج و افسوس کا اظہار کیا تھا که سانن کی زندگی اتنی بری گزری، اس نے دعا کی تھی که اسے آرام چین اور روحانی سکون حاصل ھو — اس نے لکھا تھا که سانن سے دوبارہ مل کر اسے بڑی مسرت ھوگی حالانکه اسے اس قسم کی ملاقات کے ممکن نه ھونے کا احساس تھا —

ھم یه نہیں بیان کرینگے که اس خط کو پڑھتے وقت سانن کے جذبات کا کیا عالم تھا — ایسے جذبات کے اظہار کے لئے موزوں الفاظ موجود نہیں — یه جذبات الفاظ سے زیادہ گہرے اور شدید ھیں اور اتنے نازک که الفاظ کبھی اتنے نازک نہیں ھو سکتے — صرف موسیقی ان جذبات کو اپنے اندر سمو سکتی ھے —

سانن نے فوراً جواب دیا اور ھونے والی دلہن کو ایک تحفه بھیجا — یاقوت کی ایک صلیب جو موتیوں کے گلوبند میں جڑی

ہوئی تھی — اور اس پر یہ عبارت لکھی تھی "مریانا سلوکم کے لئے ایک گمنام دوست کی طرف سے" — اس تحفہ نے جو حد سے زیادہ قیمتی تھا، اس کا دیوالہ نہیں نکالا — اپنے فرانک‌فرٹ کے پہلے سفر کے بعد، اس تیس برس میں، اس نے کافی دولت جمع کر لی تھی — مئی کے شروع میں وہ پیٹرس‌برگ لوٹا، لیکن شاید زیادہ عرصے کے لئے نہیں — خبر گرم ہے کہ وہ اپنی تمام جاگیریں بیچ رہا ہے اور امریکہ کی راہ لینے والا ہے —

بادن — بادن ۱۸۷۱ء

تشریحی نوٹ

۱ — " گریونے گیویلیے "۔— ڈریسڈن کا ایک عجائب گھر، "بیش بہا چیزوں کی گیلری" جہاں ۱۶ ویں —۱۷ ویں صدی کے فن زیورات سازی کے قیمتی نمونے رکھے ہیں — صفحہ ۱۲

۲ — رافیل کی گلاتیا —۔ شہر روم میں فارنیزینا محل میں دیوار پر بنی ہوئی مشہور تصویر "گلاتیا کی فتح" جو عظیم اطالوی مصور رافیل (۱۵۲۰ء — ۱۴۸۳ء) کی بنائی ہوئی ہے — صفحہ ۳۶

۳ — زمانۂ قدیم کی تاریخ پر ایک درسی کتاب جو ۱۹ ویں صدی کے پہلے نصف میں مشہور تھی، اس کے مصنف تسارسکوئے سیلو کی درسگاہ کے پروفیسر ا — ک — کئیدانوف تھے — صفحہ ۱۰۶

۴ — فرائیتاگ — ماسکو میں ۱۸۳۰ء کے زمانے میں برق رفتار گھوڑوں کا ایک مشہور مالک — صفحہ ۱۷۲

۵ — اگیوست باربیئے (۱۸۸۲ء — ۱۸۰۳ء) — فرانسیسی انقلابی شاعر، مشہور دیوان "مخمس" کا مصنف — صفحہ ۱۸۸

۶ — "ماسکو ٹیلی گراف" — ترقی پسند ادبی اور تنقیدی رسالہ (۱۸۳۴ء — ۱۸۲۵ء) — صفحہ ۱۸۸

۷ — بینی دیکتوف و — گ — (۱۸۷۳ء — ۱۸۰۷ء) — روسی شاعر — صفحہ ۲۴۷

پڑھنے والوں سے

بدیسی زبانوں کا اشاعت گھر آپ کا بہت احسان مند ہوگا اگر آپ ہمیں اپنی رائے لکھہ کر بھیجیں کہ اس کتاب کا ترجمہ کیسا ہے، اس کی شکل صورت اور طباعت کیسی ہے اور یہ کہ آپ اور کیا چاہتے ہیں—

ہمارا پتہ : زوبوفسکی بلوار- نمبر ۲۱
ماسکو سوویت یونین

И. С. ТУРГЕНЕВ

ТРИ ПОВЕСТИ

АСЯ
ПЕРВАЯ ЛЮБОВЬ
ВЕШНИЕ ВОДЫ